ششماہی علمی وتحقیقی مجلّہ
ایچ۔ای۔سی سے منظور شدہ

# معارف اسلامی

جلد نمبر 14، شمارہ نمبر 1، جنوری 2015ء تا جون 2015ء

ISSN: 1992-8556

فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ششماہی علمی و تحقیقی مجلہ

# معارف اسلامی

جلد نمبر ۱۴، شمارہ نمبر ۱، جنوری ۲۰۱۵ تا جون ۲۰۱۵

**مجلس ادارت**

پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی

پروفیسر ڈاکٹر عطاء اللہ صدیقی

ڈاکٹر غلام یوسف

ڈاکٹر عزیز الدین زبیغہ

پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود شیخ

پروفیسر ڈاکٹر ساجدہ علوی

پروفیسر ڈاکٹر طاہر منصوری

پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمود اختر

ڈاکٹر عبد العلی اچکزئی

پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد

پروفیسر ڈاکٹر تنویر الزمان

پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال کامران

**سرپرست**

پروفیسر ڈاکٹر شاہد احمد صدیقی (وائس چانسلر)

**مدیر مسئول**

پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی

**مدیر**

ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی، ڈاکٹر خلیل الرحمٰن

**نائب مدیر**

ڈاکٹر محمد سجاد، ڈاکٹر محی الدین ہاشمی، ڈاکٹر زکریا

**مجلس مشاورت**

پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد

پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود

پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت

پروفیسر ڈاکٹر محمد الغزالی

پروفیسر ڈاکٹر اکرم رانا

پروفیسر ڈاکٹر عبد المقصود

پروفیسر ڈاکٹر مستنصر میر

پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق

شعبہ قرآن و تفسیر

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## مجلہ معارف اسلامی میں مقالہ کی اشاعت سے متعلق قواعد

مجلہ معارف اسلامی، اسلامی حدود کے اندر آزادی اظہار کا حامی ہے۔ اس مجلہ میں کسی مضمون کی اشاعت کا یہ مطلب نہیں کہ ادارہ ان افکار و خیالات سے لازماً متفق ہے جو اس میں پیش کئے گئے ہیں۔ ادارہ درج ذیل موضوعات پر بطور خاص اہل علم کی نگارشات کا خیر مقدم کرتا ہے:

۱- مقالہ میں اصالت اور گہرائی پر مبنی تحقیق ہو اور موجودہ علم میں اضافے پر مبنی ہو۔

۲- مقالہ کے حواشی و حوالہ جات اصولِ تحقیق کے مطابق ہوں۔

۳- مقالہ نگار حوالہ دیتے وقت مصنف، کتاب کے ناشر اور مقام اشاعت کے متعلق مکمل معلومات مع صفحہ نمبر اور جلد نمبر وغیرہ فراہم کریں۔ ایک ہی مصدر / مرجع سے دوبارہ حوالہ دیتے وقت اختصارات کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

۴- مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز شدہ اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔

۵- مقالہ کی ضخامت 30 صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

۶- مقالہ نگار اپنے مقالہ کی ہارڈ کاپی اور سافٹ کاپی بھی فراہم کرے۔

۷- مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ یا کسی اور جگہ اشاعت کے لیے نہ دیا گیا ہو۔

۸- مقالہ نگار اپنے مقالہ کا انگریزی میں ملخص Abstract جو کہ ایک صفحے سے زیادہ نہ ہو لازمی طور پر فراہم کرے۔

۹- وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی منظوری سے مقالہ تجزیہ کے لیے منظور شدہ ماہرین میں سے دو ماہرین کے پاس بھیجا جائے گا۔

۱۰- ماہرین سے ایک مہینے کے اندر اندر مقالہ کی جانچ پڑتال کی درخواست کی جائے گی۔

۱۱- مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا۔ نیز اگر کسی مقالہ میں تبدیلی ہوگی تو اس کے لیے بھی مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔

۱۲- مقالہ نگار کو شائع شدہ مجلہ کی 2 کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔

۱۳- مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مقالہ نگار پر ہوگی۔ مجلس ادارت یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔


قیمت فی شمارہ۔/100 روپے          سالانہ بدل اشتراک۔/350 روپے

**پتہ برائے رابطہ:** مدیرِ مجلہ "معارف اسلامی" شعبہ قرآن و تفسیر، فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

بلاک نمبر 12، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/8، اسلام آباد

**فون نمبر:** ۰۵۱-۹۰۵۷۸۷۰          ای میل: a_hameed_k@hotmail.com

**کمپوزنگ و ڈیزائننگ: محمد طیب خان، اسد اقبال**

طباعت: .................... ناشر: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H/8، اسلام آباد

# صاحبانِ نگارش

**ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن**

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، انجنیئرنگ یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

**ڈاکٹر حافظ محمد اسرائیل فاروقی**

چیئرمین، شعبہ علوم اسلامیہ، انجنیئرنگ یونیورسٹی، لاہور

**حافظ محمد اسحاق**

ایم فل ریسرچ اسکالر، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

**ڈاکٹر محسنہ منیر**

ایسوسی ایٹ پروفیسر، لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی، لاہور

**ڈاکٹر فاروق حسن**

اسسٹنٹ پروفیسر، ہیومینیٹیز ڈیپارٹمنٹ، این ای ڈی انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی، کراچی

**غلام حیدر**

لیکچرر شعبہ علوم اسلامیہ، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد

**سمیہ رفیق**

لیکچرر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اسٹڈیز، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ۔۹، اسلام آباد

**ڈاکٹر ذوالفقار علی**

اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز، سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی

**ڈاکٹر میمونہ تبسم**

اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج برائے خواتین یونیورسٹی لاہور، لاہور، پاکستان

**طاہر صدیق بن محمد صدیق**

لیکچرر، دعوہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

**ڈاکٹر سمیع الحق**

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ تفسیر وعلوم القرآن، فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز (اصول الدین)

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

**حافظ محمد طارق**

لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ کالج مری، راولپنڈی

**ڈاکٹر افتخار احمد خان**

لیکچرر شعبہ عربی زبان وادب، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد

**ڈاکٹر حافظ عبد الرحیم**

پروفیسر شعبہ عربی بہاؤالدین زکریایونیورسٹی، ملتان

**سید مقیل حسین**

پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ عربی، بہاؤالدین زکریایونیورسٹی، ملتان

**ڈاکٹر محمد اقبال**

لیکچرر، گورنمنٹ کالج کہوٹہ، راولپنڈی

**جاسم احمد عبداللہ الجاسم**

ایم اے سکالر، کلیہ اسلامی تہذیب، ٹیکنالوجی یونیورسٹی، ملائیشیا

**ڈاکٹر نوراللہ کورت**

ایسوسی ایٹ پروفیسر ریجنل ڈائریکٹر برائے بین الاقوامی تعلقات، ٹیکنالوجی یونیورسٹی، ملائیشیا

**محمد اشرف علی فاروقی**

پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ اسلامی تہذیب، ٹیکنالوجی یونیورسٹی، ملائیشیا

**ڈاکٹر سامیہ مقبول نیازی**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ قانون، کلیہ شریعہ اینڈ لاء، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

**ڈاکٹر محمد فیروزالدین شاہ کھگہ**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اسلامیات یونیورسٹی آف سرگودھا، سرگودھا

**ڈاکٹر غلام حسین**

اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی، راولپنڈی

# فہرست مقالات

## حصہ اردو



| | | |
|---|---|---|
| قرآن میں غیر عربی الفاظ کا تحقیقی جائزہ | ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن<br>ڈاکٹر حافظ محمد اسرائیل فاروقی | ۱ |
| انوار التنزیل واسرار التاویل میں امام بیضاوی کا منہج تفسیر | حافظ محمد اسحاق | ۲۹ |
| خصائص نبوی پر عصری تصنیفی اسالیب کا تحقیقی جائزہ | ڈاکٹر محسنہ منیر | ۴۵ |
| عہد وسطی کے برصغیر میں علم اصول فقہ کا ارتقاء | ڈاکٹر فاروق حسن | ۵۹ |
| بیع عینہ کی حقیقت اور اس کی مروجہ شکلیں | غلام حیدر | ۷۵ |
| علم رسم قرآنی کا تعارف (ایک جائزہ) | سمیہ رفیق | ۸۹ |
| اسلامی ریاست میں غیر مسلم شہریوں کے حقوق وفرائض<br>(فقہی قواعد کلیہ کے تناظر میں خصوصی مطالعہ) | ڈاکٹر ذوالفقار علی | ۱۰۱ |
| تفسیر "احسن التفاسیر" کا منہج اور ممیزات وخصائص (تحقیق وتجزیہ) | ڈاکٹر میمونہ تبسم | ۱۲۳ |



## حصہ عربی



| | | |
|---|---|---|
| أهداف الحوار النبوي ومدى استفادته في عمل الدعوة<br>(نماذج من الأحاديث المختارة في الصحيحين) | طاهر صديق بن محمد صديق | ۱۴۳ |
| آراء الأصوليين في التعارض والترجيح بين الأدلة الشرعية<br>(دراسة وتحليل) | الدكتور سميع الحق<br>حافظ محمد طارق | ۱۷۳ |
| التوكيد في القرآن | الدكتور إفتخار احمد خان | ۱۹۵ |
| التفسير الإشاري و أهم كتبه | الدكتور الحافظ عبد الرحيم<br>السيد مقيل حسين | ۲۰۵ |
| منهج السمين الحلبي في الاستشهاد الصرفي والنحوي في تفسيره"الدر المصون"(دراسة تحليلية) | الدكتور محمد إقبال | ۲۲۹ |

| | | |
|---|---|---|
| دعوة غير المسلمين من خلال العمل المؤسسي(لجنة التعريف بالإسلام بدولة الكويت نموذجا) | جاسم أحمد عبد الله الجاسم<br>الدكتور نور الله كورت<br>محمد اشرف على فاروقي | ۲۵۱ |


## حصہ انگریزی


| | | |
|---|---|---|
| The Contract of Guarantee and Islamic Banking | ڈاکٹر سامیہ مقبول نیازی | ۱ |
| Assessing The Perspective of Oriantalistic Scholarship of Islam | ڈاکٹر محمد فیروزالدین شاہ کھگہ<br>ڈاکٹر غلام حسین | ۱۷ |

# قرآن مجید میں غیر عربی الفاظ کا تحقیقی جائزہ

## Non Arabic Words in the Holy Qura'n (A Research Overview)

ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن☆

ڈاکٹر حافظ محمد اسرائیل فاروقی☆☆

**_Abstract_**

It is very interesting to note that the Holy Qura'n is revealed in Arabic Language. The issue the Holy Text of the Qura'n consists of any non-Arabic word in the Qura'n or not, has been controversial among the Islamic Scholars for a long time. One group of the Scholars claimed that the Holy Qura'n does not comprise any of the non-Arabic words while some others have view that there are few non-Arabic words in the Holy Qura'n and it does not take Qura'n out of being revealed in Arabic because that the Arabic words are in small number which is considered as nothing as compare to Arabic words it the Holy Text.

The Article illuminates views of both side with their arguments and makes an effort to unite both side based upon various arguments by the scholars of contemporary and old time keeping in view that the article validates that Holy Qura'n contains non-Arabic words.

قرآن مجید کثیر الاوصاف کتاب ہے، اس لئے اس کے نام بھی بکثرت ہیں۔ علوم القرآن سے متعلقہ کتب ”البرهان“، ”الإتقان“ وغیرہ میں علمائے کرام نے أسماء القرآن پر روشنی ڈالی ہے جبکہ بعض علماء نے اس موضوع پر مستقل کتب بھی تصنیف کی ہیں۔ اس کی ایک نمایاں مثال صالح بن ابراہیم بلیہی کی کتاب ”الهدى والبيان في أسمآء القرآن“ ہے۔ اس کتاب میں اُنہوں نے قرآن کریم کے ۴۶ نام بالتفصیل بیان کئے ہیں۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور، پاکستان۔

☆☆ چیئرمین شعبہ علومِ اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور، پاکستان۔

" الھدیٰ والبیان في أسماء القرآن" میں قرآنِ مجید کے درجِ ذیل اسماء کا تذکرہ قرآن میں ان کی تعداد سمیت کیا گیا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔منزل و تنزیل | ۱۴۲مقامات | ۲۔ایات | ۱۳۰مقامات |
| ۳۔کتاب | ۷۷آیات | ۴۔قران | ۷۳آیات |
| ۵۔حق | ۶۱آیات | ۶۔ تذکرة و ذکریٰ | ۵۵آیات |
| ۷۔ھدیً | ۴۷آیات | ۸۔ وحی | ۴۵آیات |
| ۹۔صراط مستقیم | ۳۳آیات | ۱۰۔ تبیان،مبین و بینات | ۳۰آیات |
| ۱۱۔صدق ومصدق و تصدیق | ۲۲آیات | ۱۲۔ فصل و مفصل | ۱۸آیات |
| ۱۳۔حدیث | ۱۵آیات | ۱۴۔ رحمة | ۱۵آیات |
| ۱۵۔ قول و قیل | ۱۵آیات | ۱۶۔ نور | ۱۲آیات |
| ۱۷۔کلم و کلمات و کلام | ۱۲آیات | ۱۸۔عربی | ۱۱آیات |
| ۱۹۔ نذیر | ۱۱آیات | ۲۰۔ سوَر | ۹آیات |
| ۲۱۔علم | ۹آیات | ۲۲۔ مبشر و بشری و بشیر | ۹آیات |
| ۲۳۔حکیم ومحکم | ۸آیات | ۲۴۔دین قیم | ۷آیات |
| ۲۵۔ قصص | ۷آیات | ۲۶۔ موعظة | ۵آیات |
| ۲۷۔مبارك | ۴آیات | ۲۸۔ فرقان | ۴آیات |
| ۲۹۔بصائر | ۳آیات | ۳۰۔ شفاء | ۳آیات |
| ۳۱۔بلاغ | ۳آیات | ۳۲۔مثانی | ۲آیات |
| ۳۳۔ نبأ عظیم | ۲آیات | ۳۴۔ مجید | ۲آیات |
| ۳۵۔ روح | ۲آیات | ۳۶۔احسن الحدیث واحسن القصص | ۲آیات |

جبکہ درج ذیل ناموں کا قرآن میں ایک بار ہی تذکرہ کیا گیا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۷۔ منادی للإیمان | ۳۸۔ منادي وإیمان | ۳۹۔قول ثقیل | ۴۰۔قول فصل |
| ۴۱۔حکمة بالغة | ۴۲۔حکم عربي | ۴۳۔ حبل اللّٰہ | ۴۴۔ زبور |
| ۴۵۔ برھان | ۴۶۔ بیان[۱] | | |

اسماءالقرآن میں قرآنًا عربیًّا، حکمًا عربیًّا اور لسانِ عربي بھی ہیں۔ان الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن مجید کی ایک صفت 'عربی' ہے۔جس کے معنی ہیں 'فصیح اور واضح' طور پر بیان کرنے والا۔قرآن کے عربی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ عربی میں ہے۔اس کی زبان ایسی ہے جو فصیح و بلیغ ہے۔اس کے بیان میں کوئی اُلجھاؤ یا ابہام نہیں ہے۔اس کی بات میں کجی یا پیچیدگی نہیں ہے۔وہ اپنی بات کو نہایت وضاحت کے ساتھ پیش کرتا ہے اور اپنا مدعا عمدہ طریقے سے بیان کرتا ہے:

﴿إِنَّا أَنزَلْنَا قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ﴾ (۲)

(بے شک ہم نے یہ عربی قرآن نازل کیا ہے تا کہ تم سمجھو) (۳)۔

یہ عربی قرآن سارا کا سارا ہی عربی زبان میں ہے یا اس میں عجمی زبانوں کے الفاظ بھی موجود ہیں؟ اس سوال کا جواب جاننے سے پہلے چند سطریں تمہیدی طور پر اس حوالے سے ملاحظہ فرمایئے کہ کیا عربی زبان میں نزولِ قرآن کے وقت دوسری زبانوں کے الفاظ موجود تھے۔اگر موجود تھے تو وہ کس حیثیت سے تھے؟

## لغتِ عرب میں عجمی زبانوں کے الفاظ

تمام زبانوں میں یہ طریقہ عام پایا جاتا ہے کہ وہ دیگر زبانوں سے الفاظ لیتی اور دیتی ہیں جس کا مشاہدہ ہر شخص اپنی زبان میں بخوبی کر سکتا ہے۔ایسے الفاظ جن کا چند سال پہلے وجود تک نہ تھا، چند ہی سالوں میں زبان کا حصہ بنتے چلے جاتے ہیں۔اسی طرح عربی زبان میں بھی زمانۂ قدیم سے اب تک غیر عربی الفاظ کا اختلاط ہوتا چلا آ رہا ہے۔ان الفاظ میں سے کچھ کو تو عربوں نے تبدیلی کے بعد عربی اَوزان کے مشابہ ہی بنا لیا اور وہ بالکل عربی الفاظ ہی شمار ہونے لگے جبکہ کچھ الفاظ میں تھوڑی بہت تبدیلی کر کے ان کو عربی زبان کے اوزان اور قواعد کے مطابق استعمال کر لیا گیا۔اس کے باوجود کچھ ایسے اسماء بھی تھے جو جوں کے توں عربی میں مستعمل رہے، ان الفاظ کو مُعرَّب یا دخیل کہا جاتا ہے۔دوسری طرف خود عربی زبان کے الفاظ بھی بکثرت دیگر زبانوں میں منتقل ہوئے۔ چنانچہ عربوں کے دیگر عجمی اقوام سے میل ملاپ، تجارت اور لین دین کی وجہ سے فارسی، یونانی، حبشی، عبرانی، سنسکرت اور ہندی وغیرہ زبانوں میں عربی زبان کے کثیر الفاظ رائج ہو گئے۔

عربی زبان میں استعمال ہونے والے غیر عربی لفظ کو مُعرَّب یا دخیل قرار دیا جاتا ہے۔ بعض نے معرب اور دخیل میں فرق کیا ہے کہ اگر عجمی لفظ عربی زبان میں آنے کے بعد لفظ اور شکل وصورت میں عربی جیسا ہو جائے تو معرب کہلوائے گا بصورتِ دیگر دخیل اور یہ سلسلہ زمانۂ جاہلیت سے لے کر ہمارے زمانے تک بلکہ ہمیشہ چلتا رہے گا (۴)۔

مثال کے طور پر مشہور جاہلی شاعر امرؤ القیس نے ۸۱ ابیات پر مشتمل اپنے 'قصیدہ لامیہ میں رومی زبان کے لفظ کو یوں استعمال کیا ہے۔تشبیب میں کہتا ہے:

مهفهفة بيضاء غير مفاضة ترائبها مصقولة كالسجنجل

(وہ باریک کمر، گورے رنگ اور ہلکے پیٹ کی ہے،اس کا سینہ شیشے کی طرف شفاف ہے)۔

اس شعر میں آنے والا لفظ السجنجل (شفاف شیشہ) رومی زبان کا لفظ ہے[(۵)]۔

جس عجمی لفظ کو عربی تفعیلات (اوزان) کے مطابق عربی زبان میں استعمال کیا جائے، وہ لفظ عربی ہی شمار ہوتا ہے۔ معرب کا معنی ہے جس لفظ کو عربی بنالیا گیا ہو۔عربی بنانے کے عمل کو تعریب کہتے ہیں۔عربی زبان جس حالت میں موجود تھی اسی عربی زبان میں قرآن مجید کا نزول ہوا۔

## قرآن میں غیر عربی الفاظ کے وجود اور عدم وجود پر اختلافات

قرآن میں معرب مفردات کے وقوع میں متقدمین اور متاخرین آئمہ کے اختلافات پائے جاتے ہیں۔بعض علماء و آئمہ معرب الفاظ کی قرآن میں موجودگی کے قائل ہیں۔

## غیر عربی الفاظ کی قرآن میں موجودگی کے قائلین اور ان کے دلائل

اس گروہ کا خیال ہے کہ قرآن مجید میں مختلف عجمی زبانوں کے الفاظ موجود ہیں۔ان کا موقف یہ ہے کہ قرآن مجید اگرچہ عربی زبان میں ہے مگر چند غیر عربی الفاظ کی موجودگی کی وجہ سے قرآن کے عربی ہونے پر کوئی آنچ نہیں آتی۔

اس کی مثال وہ یہ دیتے ہیں کہ اگر عربی قصیدہ میں ایک آدھ لفظ فارسی زبان کا آجائے تو اس کے باوجود وہ قصیدہ عربی ہی کہلائے گا[(۶)]۔

عربی زبان میں معرب مفردات کے وقوع کی ایک دلیل علماء 'عجمہ' بیان کرتے ہیں۔شوکانیؒ (م ۱۲۵۵ھ) لکھتے ہیں:

قرآن مجید میں موجود بہت سے اسماء میں عجمہ منع صرف کی علل میں سے ایک علت ہے اس پر تمام اہل لغت (علمائے نحو) کا اجماع ہے[(۷)]۔

امام سیوطیؒ (م ۹۱۱ھ) عجمی زبان کے الفاظ کے قرآن میں موجود ہونے کی ایک دلیل کے بارے میں لکھتے ہیں:

''یہ کتنی زبردست دلیل ہے کہ نبی ﷺ تمام اقوام عالم کی جانب دعوت حق دینے کیلئے بھیجے گئے تھے اور اللہ تعالیٰ کا اِرشاد ہے:

﴿وَمَا اَرۡسَلۡنٰکَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوۡمِهٖ﴾ (۸) اس واسطے ضروری تھا کہ نبی مبعوث کو جو کتاب دی جائے اس میں ہر ایک قوم کی زبان کے الفاظ موجود ہوں اور ان میں کوئی حرج نہ تھا کہ ان الفاظ کی اصل خاص اس نبی کی قوم میں بجنسہ ایک ہی رہی ہو"(۹)۔

مگر یہ استدلال درست معلوم نہیں ہوتا کیونکہ نبی اکرم ﷺ کی بعثت عامہ علی الاتفاق ان اقوام کے لئے بھی ہے جو تا قیامت پیدا ہوں گی اور ان زبانوں کے لوگوں کے لئے بھی آپ ﷺ بالاتفاق رسول ہیں جو زبانیں نزول قرآن اور بعثت محمدی کے بعد معرض وجود میں آئیں یا قیامت تک پیدا ہوں گی نیز قرآن مجید کے عربی زبان میں نازل کرنے کی وجہ یہ بیان کی گئی تاکہ تم سمجھو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ قُرۡءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ﴾ (۱۰) (ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تاکہ تم سمجھ لو)۔

اب ظاہر ہے کہ یہاں ابتدائی مخاطب عربی ہی ہو سکتے ہیں جن کی زبان میں قرآن نازل کیا گیا۔ ورنہ قرآن میں چند الفاظ مختلف عجمی زبانوں کے ہونے سے تو سمجھ حاصل نہیں ہوئی۔ مولانا مفتی محمد شفیع مذکورہ بالا آیت کے "خلاصہ تفسیر" میں لکھتے ہیں:

ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تاکہ تم (اہل زبان ہونے کی وجہ سے دوسروں سے پہلے) سمجھو (پھر تمہارے واسطے سے دوسرے لوگ سمجھیں) (۱۱)۔

قرآن ساری دنیا کے لئے ہدایت کی کتاب ہے۔ لیکن چونکہ اس کے اولین مخاطب اہل عرب تھے۔ اس لئے ضروری تھا کہ اسے عربی زبان میں نازل کیا جاتا، تاکہ پہلے عرب اس کے مطالب کو خوب سمجھیں پھر دوسرے لوگوں تک ان لوگوں کی زبان میں اسے پہنچائیں (۱۲)۔

غیر عربی الفاظ کے قرآن میں وقوع کی ایک دلیل یہ دی جاتی ہے کہ بعض الفاظ کو عرب نہیں جانتے تھے مثلاً الأب کا معنی عرب نہیں جانتے تھے (۱۳)۔

ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطابؓ منبر پر اسی آیت ﴿فَاکِهَةً وَّاَبًّا﴾ (۱۴) کی تلاوت کی پھر فرمایا: "﴿فاکهة﴾ کو تو ہم جانتے ہیں لیکن یہ ﴿اَبًّا﴾ کیا چیز ہے؟ پھر خود ہی فرماتے ہیں: اے عمر! اس تکلیف میں کیوں پڑو؟ (۱۵)

دوسری روایت میں ہے۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں:

میں نے عمر بن الخطابؓ کو یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سنا:

﴿فَاَنۡۢبَتۡنَا فِیۡهَا حَبًّا وَّعِنَبًا وَّقَضۡبًا وَّزَیۡتُوۡنًا وَّنَخۡلًا وَّحَدَآئِقَ غُلۡبًا وَّفَاکِهَةً وَّاَبًّا﴾ (۱۶)

آپ نے کہا: باقی سب کچھ تو ہم جانتے ہیں مگر یہ "اب" کیا ہے؟ (اس کی واضح کیفیت کیا ہے؟) پھر انہوں نے

اپنی اس لاٹھی کو زمین پر مارا جوان کے ہاتھ میں تھی۔ پھر کہا عمر اس تکلیف میں کیوں پڑو۔اس کتاب میں سے جو کچھ تمہارے لئے واضح ہوجائے اس کی اتباع کرو[۱۷]۔

لیکن درحقیقت کوئی شخص بھی ایسا نہیں ہوتا جو اپنی زبان کے تمام الفاظ کو سمجھتا ہو، یہی وجہ ہے کہ امام شافعیؒ نے فرمایا تھا: ''ولا نعلمه يحيط بجميع علمه إنسان غير نبي ''[۱۸](زبان کا احاطہ نبی کے سوا کسی اور انسان سے نہیں ہوسکتا)۔

اور جہاں تک عربی زبان کا تعلق ہے تو عربی زبان ایک بے حد وسیع زبان ہے اور اس کے متعلق بڑے بڑے جلیل القدر علماء اور زبان دانوں پر بھی کچھ اخفاء رہ جانا بعید از قیاس نہیں۔ چنانچہ ابن عباسؓ پر ''فاطر'' اور ''فاتح'' کے معانی پوشیدہ رہ گئے تھے[۱۹]۔

قرآن مجید میں غیر عربی الفاظ کے وقوع کے بارے میں لکھتے ہیں:

''میں نے غیر عربی الفاظ کے کلام الٰہی میں واقع ہونے کی سب سے قوی دلیل وہ دیکھی ہے جس کو ابن جریر نے صحیح سند کے ساتھ ابی میسرۃ (جلیل القدر تابعی) سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: ''قرآن میں ہر ایک زبان کے الفاظ ہیں'' اور میں اسی قول کو پسند کرتا ہوں پھر ایسا ہی قول سعید بن جبیر اور وہب بن منبہ سے بھی روایت کیا جاتا ہے اور ان تمام اقوال سے یہ اشارہ نکلتا ہے کہ قرآن میں ان الفاظ کے واقع ہونے کی حکمت اس کا علوم اولین وآخرین پر حاوی اور ہر شے کی پیشنگوئی اور خبر دہی کا جامع ہونا ہے لہٰذا ضروری تھا کہ اس میں اقسام لغت اور زبانوں کی طرف بھی اشارہ کیا جاتا اور اس طرح پر قرآن کا ہر شے پر محیط ہونا حد کمال کو پہنچا دیا جاتا۔ چنانچہ اسی لحاظ سے قرآن میں تمام دنیا کی زبانوں سے چوٹی کے شیریں ترین، بے حد ہلکے اور عرب کے کلام میں بکثرت استعمال ہونے والے چٹکلے لئے گئے ہیں۔ میں نے ابن النقیب کی تصریح بھی اپنے اسی مذکورہ بالا قول کی موید دیکھی۔ چنانچہ وہ کہتا ہے:

''دیگر کتب آسمانی اور منزل من اللہ کتابوں پر قرآن کو ایک یہ خصوصیت حاصل ہے کہ دوسری کتابیں جن قوموں کی زبانوں میں نازل کی گئیں ان کی زبان کے علاوہ کسی دوسری زبان کا اس میں ایک لفظ بھی نہیں آیا مگر قرآن تمام قبائل عرب کی زبان پر شامل ہونے کے علاوہ بہت سے الفاظ رومی، فارسی اور حبشی وغیرہ زبانوں کے بھی اپنے اندر موجود رکھتا ہے''[۲۰]۔

معرب الفاظ کے مفردات قرآن میں آنے کی ایک بڑی وجہ اس موقف کے قائلین یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ جن عجمی الفاظ کو قرآن میں استعمال کیا گیا ہے ان الفاظ سے بڑھ کر کوئی دوسرا لفظ فصیح نہیں ہوسکتا تھا۔اسی چیز کو سیوطی نے اپنے موقف کی تائید کے طور پر بیان کیا ہے، لکھتے ہیں: ''میں نے دیکھا کہ الخوینی قرآن میں معرب الفاظ آنے کا ایک اور فائدہ بھی

بیان کرتا ہے۔وہ کہتا ہے''اگر کوئی کہے کہ''استبرق'' عربی زبان کا لفظ نہیں ہے اور غیر عربی لفظ عربی لفظ کے مقابلہ میں فصاحت و بلاغت کی حیثیت سے کم ہوتا ہے۔تو میں اس کا جواب یوں دیتا ہوں اگر تمام دنیا کے فصیح اور زبان آور لوگ متفق ہوکر چاہیں کہ اس لفظ کو ہٹا کر اس کی جگہ دوسرا ایسا ہی فصیح و بلیغ لفظ لے آئیں تو میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ کبھی اپنے اس ارادہ میں کامیاب نہ ہوسکیں گے اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اطاعت اور فرمانبرداری پر آمادہ بناتے وقت اگر ان کو دل خوش کن وعدوں سے توقع نہ بندھائے اور سخت ترین عذاب کی دھمکیوں سے ڈرائے اور دھڑکا نہ دے تو پھر اللہ تعالیٰ کا یہ جوش دلانا حکمت کی بنا پر نہ ہوگا، لہٰذا فصاحت کا خیال رکھتے ہوئے وعدہ اور وعید کا لانا ضروری ہے۔اب دیکھنا یہ چاہئے کہ وہ کون سے وعدے ہیں جن کو عقلمند لوگ پسند کرتے ہیں ان کے توقع میں امرونہی کی تکلیف برداشت کرسکتے ہیں؟

یہ وعدہ چار باتوں میں منحصر ہے اچھے مکانات،لطیف غذائیں،خوشگوار پینے کی چیزیں۔اعلیٰ درجہ کے زرق برق اور بیش بہا کپڑے اور پھر حسین اور عصمت مآب عورتیں یا اسی طرح کی دوسری باتوں کا درجہ ہے جو مختلف طبائع کو پسند ہوتی ہیں۔اس لئے کہ اچھے اور خوش فضا مکانوں کا ذکر کرنا اور ان کے عطا کرنے کا وعدہ فرمانا فصیح شخص کے خیال میں ایک لازمی امر ہے۔اگر وہ اس وعدہ کو ترک کردے تو جس شخص کو عبادت کا حکم دیا جاتا ہے اور اس کے صلہ میں اس سے لطیف غذائیں اور خوشگوار پینے کی چیزیں عطا کرنے کا وعدہ کیا جاتا ہے وہ کہہ سکے گا کہ کھانے پینے کا مزہ وہاں مل سکتا ہے جہاں خوشنما عمارت ہو،پرفضا باغ ہو،ایسا مکان ہو اور اس طرح کی روح پرور ہوائیں چل رہی ہوں ورنہ کسی قید خانہ یا ہوا کے مقام میں نعمت الوان کا ملنا اور زہر کا گھونٹ پینا دونوں باتیں برابر ہیں۔غرضیکہ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے جنت کا ذکر فرمایا اور وہاں اچھے اچھے مکانوں اور باغوں کے عطا کرنے کا وعدہ کیا چونکہ یہ بھی مناسب تھا کہ لباس کی قسم سے اعلیٰ درجہ کی چیز کا ذکر کیا جائے اس واسطے دنیا کا بہترین اور سب سے بڑھ کر نفیس کپڑا حریر (ریشمی کپڑا) مذکور ہوا کیونکہ سونے چاندی کا کپڑا بنا نہیں جاتا اور اس کے ماسوا حریر کے علاوہ دوسری قسم کے کپڑوں میں دبازت اور وزن کی کوئی تعریف نہیں تصور ہوتی بلکہ بسا اوقات ہلکے اور باریک کپڑوں کی قیمت موٹے اور وزنی کپڑوں سے زائد قرار دی جاتی ہے مگر حریر میں جس قدر دبازت اور سنگینی پائی جائے اسی قدر وہ بیش بہا اور عمدہ مانا جاتا ہے۔

بدیں وجہ خود بیان مقرر کا فرض تھا کہ وہ دبیز اور سنگین ریشمی کپڑے کا ذکر کرے تاکہ لوگوں کو شوق دلائے اور امرحق کی طرف بلانے میں کوئی قصور نہ واقع ہوسکتا۔پھر یہ بات بھی ہے کہ اس واجب الذکر شے کا بیان یا تو اسی ایک لفظ کے ذریعے ہوگا جو اس کے لئے صریحا موضوع ہے اور یا کنایۃً دوسرے لفظوں میں اس کا بیان کیا جائے گا لیکن اس میں شک نہیں کہ ایک ہی صریح لفظ کے ذریعہ سے اس کا ذکر کرنا بہتر ہے کیونکہ اس میں اختصار کلام کے علاوہ سمجھ میں آنے کا

بھی پورا فائدہ حاصل ہوسکتا ہےاور یہ لفظ ''استبرق'' تھا چنانچہ اگر فصیح اس لفظ کو ترک کر کے اس کی جگہ کوئی اور دوسرا لفظ لانے کی آرزو کرتا تو وہ کبھی اس ارادہ میں کامیاب نہ ہوسکتا کیونکہ اس کی جگہ پر قائم ہونے والا یا تو ایک ہی لفظ ہوسکتا ہے یا متعدد الفاظ اور کسی عربی شخص کو استبرق کے معنوں پر دلالت کرنے والا اپنی زبان کا ایک لفظ مل ہی نہیں سکتا اس لئے کہ ریشمی کپڑوں کا استعمال اہل عرب نے فارس والوں سے معلوم کیا خود ان کے ملک میں نہ یہ کپڑا بنتا تھا اور نہ عربی زبان میں دیبز اور غفص پارچہ دیبا کے لئے کوئی نام وضع کیا گیا تھا۔ ہاں انہوں نے اہل عجم کی زبان سے اس کپڑے کا جو نام سنا اسی کے تلفظ کو اپنی زبان کے ڈھنگ پر لا کر اسے استعمال کرلیا اور اس ملک عرب میں کمیاب اور نادر الوجود کپڑے کے لئے خاص لفظ وضع کرنے سے بے پرواہ ہوگئے۔ لیکن اگر اس معنیٰ کو ایک سے زائد دو یا کئی ایک لفظوں کے ساتھ ادا کیا جائے تو اس سے بلاغت میں خلل پڑتا ہے اس لئے کہ جس معنیٰ کو ایک ہی لفظ کے ذریعہ ادا کرسکنا ممکن ہو اس کو خواہ مخواہ دو لفظوں میں بیان کرنا بے کار کی طوالت تھی اور یہ امر بلاغت کے اصول سے خارج ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ مذکورہ بالا دلائل اور بیانات سے ثابت ہوگیا کہ ایک فصیح شخص کے لئے موقع ومحل پر لفظ ''استبرق'' کا بولنا ضروری ہے اور اس کو اس کا قائم مقام دوسرا لفظ مل نہیں سکتا اور اس سے بڑھ کر کیا فصاحت ہوسکتی ہے کہ دوسرا اس کا نظیر لفظ ہی نہ مل سکے''(۲۱)۔

لغت حجاز کے علاوہ دیگر عربی لغات کے جو الفاظ قرآن مجید میں آئے ہیں ان کو مختلف علماء نے اپنی کتب میں جمع کرنے کی کوشش کی ہے اسی طرح معرب مفردات کی بھی علماء نے نشاندہی کی ہے بلکہ جلال الدین سیوطی نے تو ان معرب مفردات کو حروف تہجی کی ترتیب سے الاتقان میں جمع بھی کیا ہے جبکہ لغت حجاز میں باقی عربی لغات کے الفاظ کو حروف تہجی (مادہ کے اعتبار سے) کی ترتیب سے ذیل میں ملخصاً بیان کیا جارہا ہے۔ نیز متعلقہ آیات کا حوالہ بھی ساتھ ہی دے دیا گیا ہے۔ جو الفاظ ایک سے زیادہ مرتبہ قرآن میں آئے ہیں ان کے ایک دو حوالوں پر ہی اکتفا کیا ہے۔

قرآن میں حجاز کی زبان کے سوا دوسری عربی لغات کے الفاظ درج ذیل ہیں:

## ا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مآرب | ۱۸:۲۰ | حاجات | الأرآئك | ۵۶:۳۶ | دلہن کا قبہ یا کمرہ |
| امد | ۳۰:۳ | بھول چوک | أمة | ۹۲:۱۶ | صدی |
| إمام | ۷۱:۱۷ | کتاب | اٰناۤء اللیل | ۹:۳۹ | رات کی ساعتیں |

## ب

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لا تبتئس | ۳۶:۱۱ | غم نہ کر | بئیس | ۱۶۵:۷ | شدید |
| ببدنك | ۹۲:۱۰ | تیری زرہ کے ساتھ | المبذرین | ۲۷:۱۷ | فضول خرچ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بردا | ۲۴:۷۸ | نیند | بست | ۵:۵۶ | پارہ پارہ ہوجائے |
| بعل | ۱۲۵:۳۷ | رب | بغیا | ۱۷:۴۵ | حسد سے |
| مبلسون | ۴۴:۶ | ناامید لوگ | بآءو | ۹۰:۲ | مستوجب ہوئے |

## ت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تبرنا | ۳۹:۲۵ | ہم نے ہلاک کردیا | تارة | ۵۵:۲۰ | ایک بار |

## ث

| | | |
|---|---|---|
| ثاقب | ۳:۸۶ | چمکدار |

## ج

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بجبار | ۴۵:۵۰ | مسلط صاحب حکومت | الاجداث | ۷:۵۴ | قبریں |
| جامدة | ۸۸:۲۷ | غبار آلود | جناح | ۲۴:۱۷ | ہاتھ |
| فجاسوا خلال الدیار | ۵:۱۷ | گلی کوچوں کو چھان ڈالا، ہر جگہ پھیل گئے | | | |

## ح

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تحبرون | ۷۰:۴۳ | تم آرام پاتے ہو | الحبك | ۷:۵۱ | راستے |
| حدب | ۹۶:۲۱ | جانب | حرج | ۲:۷ | تنگی |
| حرض | ۶۵:۷ | برانگیختہ کر | حسبان | ۴۰:۱۸ | ٹھنڈک |
| محسور | ۲۹:۱۷ | الگ تھلگ | محشورة | ۱۹:۳۷ | جمع کی گئی |
| حصرت | ۹۰:۴ | تنگ ہوگئے | حضرة | ۷۲:۱۶ | خدام |
| حقبا | ۶۰:۱۸ | ایک زمانہ تک | الاحقاف | ۲۱:۴۶ | ریگزار |
| لأحتنکن | ۶۲:۱۷ | میں ضرور جڑ سے کھود پھینکوں گا | | | |

## خ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خبالا | ۱۱۸:۳ | گمراہی سے | ختار | ۳۲:۳۱ | فریبی |
| خرجا | ۹۴:۱۸ | محصول، لگان | الخراصون | ۱۰:۵۱ | سخت جھوٹے لوگ |
| الخرطوم | ۱۶:۶۸ | سونڈ | اخسئوا | ۱۰۸:۲۳ | نقصان اٹھاؤ |
| خاسئین | ۶۵:۲ | ذلیل، سرنگوں | الخاسرون | ۱۲۱۔۲۷:۲ | ضائع کرنے والے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لا خلاق | ۷۷:۳ | حصہ نہیں ملا | الخلال | ۳۱:۱۴ | ابر |
| خمرا | ۳۶:۱۲ | انگور | خیرا | ۱۸۰:۲ | مال |

## د

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دأب | ۵۴_۵۲:۸ | ملتے جلتے | دحورا | ۹:۳۷ | دھتکار دیئے جانے کے طور پر |
| مدرارا | ۶:۶ | لگاتار | دسر | ۱۳:۵۴ | کیلیں |
| دلوك الشمس | ۷۸:۱۷ | زوال آفتاب | دمرنا | ۱۳۷:۷ | ہم نے ہلاک کر دیا |
| مدينين | ۸۶:۵۶ | جن سے حساب لیا جائے | | | |

## ذ

| | | |
|---|---|---|
| ذنوبا | ۵۹:۵۱ | عذاب |

## ر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ربیون | ۱۴۶:۳ | نامور لوگ | رابیة | ۱۰:۶۹ | سخت |
| رجزا | ۵۹:۲ | عذاب | رجما | ۲۲:۱۸ | گمان سے |
| رجیم | ۱۷:۱۵ | ملعون | یرجو | ۱۱۰:۱۸ | خوف کھاتا ہے |
| مرجوا | ۶۲:۱۱ | حقیر، کم رو | ارجآء | ۱۷:۶۹ | اطراف |
| اراذلنا | ۲۷:۱۱ | ہمارے یہاں کے کمینے | الرس | ۱۲:۵۰ | کنواں |
| رغدا | ۱۱۲:۱۶ | سرسبز و سیر حاصل | مراغما | ۱۰۰:۴ | کشادہ، چوڑ چکلا |
| الرفث | ۱۸۷:۲ | جماع | ترکنوا | ۱۱۳:۱۱ | تم میلان کرو |
| الریحان | ۱۲:۵۵ | رزق | الرھب | ۳۲:۲۸ | ڈر |
| ریع | ۱۲۸:۲۶ | طریق | | | |

## ز

| | | |
|---|---|---|
| زیلنا | ۲۸:۱۰ | ہم نے تمیز دی، فرق بتایا |

## س

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یسٓ | ۱:۳۶ | اے انسان | اسفارا | ۵:۶۲ | کتب |
| مسطورا | ۵۸:۱۷ | لکھا ہوا | مسغبة | ۱۴:۹۰ | بھوک |
| سفه | ۱۳۰:۲ | خسارہ میں ڈالا | سفاھة | ۶۷_۶۶:۷ | جنون |
| السفهاء | ۱۴۲،۱۳:۲ | جاہل لوگ | السقایة | ۷۰:۱۲ | پانی پینے کا برتن |
| سامدون | ۶۱:۵۳ | گانا گانے والے | مسنون | ۳۳،۲۸،۲۶:۱۵ | بدبودار، جس میں سڑ جانے کی بو آنے لگے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سیئ بھم | ۱۱:۷۷ | ان کو مجبور کیا | سور | ۱۳:۵۷ | دیوار |
| تسیمون | ۱۰:۱۶ | تم چراتے ہو | السآئحون | ۱۱۲:۹ | روزہ رکھنے والے |

## ش

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شرد | ۵۷:۸ | نشان عبرت بنادو | شرذمة | ۵۴:۲۶ | ٹکڑی، گروہ |
| شروا | ۲۰:۱۲ | خرید و فروخت کی | شطر | ۱۵۰،۱۴۹،۱۴۴:۲ | جانب |
| شططا | ۴:۷۲ | جھوٹ | شقاق | ۵۲:۴۱ | گمراہی |
| شاکلة | ۸۴:۱۷ | کنارہ | اشمازت | ۴۵:۳۹ | اسکی طرف سے ہٹ گئی |
| شوبا | ۶۷:۳۷ | مرکب | | | |

## ص

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الصرح | ۴۴:۲۷ | گھر | الصاعقة | ۵۵:۲ | موت |
| صغت | ۴:۶۶ | جھکی | صلداً | ۲۶۴:۲ | گردوغبار کے بغیر |
| حیث أصاب | ۳۶:۳۸ | جدھر کا ارادہ کیا | الصور | ۵۱:۳۶ | سینگ۔نرسنگھا |
| صواع | ۷۲:۱۲ | چینی کی چھوٹی پیالی | صیاصی | ۲۶:۳۳ | قلعے |

## ط

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طفقا | ۱۲۱:۲۰ | ان دونوں نے ارادہ کیا | أطوارا | ۱۴:۷۱ | رنگ برنگ |
| طآئف | ۲۰۱:۷ | بھڑکاوا | طائرہ | ۱۳:۱۷ | اس کا اعمال نامہ |

## ظ

بظاهر من القول ۳۳:۱۳ جھوٹ بات کے ساتھ

## ع

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عتیا | ۸:۱۹ | کمزوری | عثر | ۱۰۷:۵ | مطلع ہوا |
| معجزین | ۲۰:۱۱ | اگلے لوگ | معاذیر | ۱۵:۷۵ | پردے |
| یعزب | ۶۱:۱۰ | پوشیدہ رہتا ہے | عزموا الطلاق میں عزموا | ۲۲۷:۱۰ | ثابت کردی، دے دی |
| عصیب | ۱۱:۷۷ | شدید | العضل | ۱۹:۴ | گرفتاری |
| العقود | ۱:۵ | معاہدات | معکوفا | ۲۵:۴۸ | محبوس |
| تعلن | ۴:۱۷ | ضرور زبردستی کرو | العنت | ۲۵:۴ | گناہ |
| تعولوا | ۳:۴ | حق سے تجاوز کرو | عیلة | ۲۸:۹ | فاقہ |

العیناء سفید

## غ

غراما ۶۵:۲۵ آزمائش

اغطش ۲۹:۷۹ تاریک ہوئی رات

غسلین ۳۶:۶۹ انتہائی درجہ حرارت پر کھولتا ہوا پانی

لا تغلوا ۷۷:۵ زیادتی نہ کرو

## ف

یفتننکم ۲۷:۷ تم کو ضرور گمراہ کردیں گے

فجوة ۱۷:۱۸ ایک کنارہ

فرقان ۲۹:۸ نکلنے کی جگہ

ینفضوا ۷:۶۳ چلے جائیں

تفندون ۹۴:۱۲ تم ہنسی اڑاتے ہو

فور ۱۲۵:۳ قصد

فجاجا ۲۰:۷۱ راستے

فافرق ۲۵:۵ فیصلہ کردے

تفشلا ۱۲۲:۳ دونوں بزدل بنو

الافضاء (أفضى) ۲۱:۴ جماع

تفاوت ۳:۶۷ عیب

افیضوا ۱۹۹:۲ چل پڑو

## ق

قبیلا ۹۲:۱۷ ظاہر ظہور

القطر ۱۲:۳۴ تانبا

واقصد في مشيك ۱۹:۳۱ تیزی سے چل

مقیتًا ۸۵:۴ صاحب قدرت

## ک

الکاظمین ۱۳۴:۳ تکلیف میں مبتلا رنجیدہ لوگ

کنود ۶:۱۰۰ ناشکرا

کل ۷۶:۱۶ بوجھ

## ل

ملتحدا ۲۲:۷۲ ملجا

لفیفا ۱۰۴:۱۷ سب کے سب اکٹھے ہوکر

لواردنا ان نتخذ لهوا میں لهوا ۱۷:۲۱ عورت

لینة ۵:۵۹ کھجور کا درخت

لغوب ۳۸:۵۰ تھکن

لواحة ۲۹:۷۴ نہایت سوختہ کردینے والی

لا یلتکم ۱۴:۴۹ تم کو ناقص نہ کرے گا، کمی نہ کرے گا

## م

مریج ۵:۵۰ پراگندہ

مرض ۳۲:۳۳ زنا

وجعلنکم ملوکا میں ملوکا ۲۰:۵ آزاد

المرجان ۵۸،۲۲:۵۵ چھوٹے چھوٹے موتی

املاق ۱۵۱:۶ بھوک

تمیلوا میلاعظیما ۲۷:۴ کھلی کھلی غلطی کرنا

### ن

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نحلة | ۴:۴ | فریضہ | منسأة | ۱۴:۳۴ | لاٹھی |
| ینسلون | ۹۶:۲۱ | نکلتے ہیں | ینعق | ۱۷۱:۲ | شور کرتا ہے |
| ینغضون | ۵۱:۱۷ | جنبش دیتے ہیں | انفروا | ۳۸:۹،۴۱ | جنگ کے لئے نکلو |
| نفقا | ۳۵:۶ | سرنگ | نقبوا | ۳۶:۵۰ | بھاگ نکلے |
| أنکرالاصوات | ۱۹:۳۱ | بدترین آواز | نکص | ۴۹:۸ | رجوع کیا |

### و

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| موئلا | ۵۸:۱۸ | جائے پناہ | وبیلا | ۱۶:۷۳ | شدید |
| یترکم | ۳۵:۴۷ | تم کو ناقص کردے | واجفة | ۸:۷۹ | ڈری ہوئی |
| ودق | ۴۳:۲۴ | بارش | وزر | ۱۶۴:۶ | پوتا |
| لا وزر | ۱۱:۷۵ | کوئی چارہ نہیں | لاشیة | ۷۱:۲ | کوئی وضاحت نہیں |
| الوصید | ۱۱:۷۵ | گھر کے سامنے کا یا اس کے اطراف کا صحن یا چھوٹی ہوئی زمین | | | |
| اقتت | ۱۱:۷۷ | جمع کئے گئے | ولیجة | ۱۶:۹ | ہمراز |

### ہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یهجعون | ۱۷:۵۱ | سونے میں | هضما | ۱۱۲:۲۰ | اَز روئے نقص |
| هلوعا | ۱۹:۷۰ | گھبرا اٹھنے والا | | | |

### ی

أفلم ییأس ۳۱:۱۳ کیا نہیں جانا (۲۳)

ان ایک سو اٹھاسی (۱۸۸) الفاظ میں سے زیادہ تر الفاظ کنانہ، ہذیل، حمیر، جرھم اور ازدشنوءۃ کی لغات کے ہیں۔ باقی الفاظ اہل یمن کی لغت، طی، ہوازن، قبیلہ نخع، عمان، بنی عبس، خثعم، قیس غیلان، بنوسعد العشیر ۃ، کندہ، عذرہ، حضرموت، غسان، مزنیہ، لخم، جذام، بنی حنیفہ، یمامہ، سبا، سلیم، عمارۃ، خزاعۃ، تمیم، انمار، اشعریین، اوس، خزرج، مدین، بلی، ہمدان، بنونصر بن معاویہ، ثقیف اور عک کی لغات کے ہیں (۲۴)۔

سیوطی اور ان کے ہمنوا علماء جو قرآن میں عجمی الفاظ کے وقوع کے قائل ہیں ان کے دلائل میں صحابہ اور ائمہ دین کے وہ اقوال بھی ہیں جن کو محدثین نے کتب حدیث کے ابواب التفسیر میں ذکر کیا ہے، کیونکہ ان میں بعض قرآنی الفاظ کو عجمی زبانوں کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ ذیل میں صحیح بخاری سے چند مثالیں بیان کی جارہی ہیں، ان الفاظ میں سے ایک لفظ ''الجبت'' ہے جس سے متعلق عکرمہؒ نے فرمایا کہ یہ حبشی زبان میں شیطان کو کہتے ہیں (۲۵)۔

فضیل بن عیاض کہتے ہیں ''متکأ'' حبشی زبان میں ترنج کو کہتے ہیں۔ سعید بن جبیر کہتے ہیں ''صواع'' ایک ماپ ہے جس کو ملوک فارسی بھی کہتے ہیں۔ یہ ایک گلاس کی طرح کا ہوتا ہے جس کے دونوں کنارے مل جاتے ہیں۔ عجم کے لوگ اس میں پانی پیا کرتے ہیں (۲۶)۔ امام مجاہد کہتے ہیں: سریانی زبان میں پہاڑ کو "الطور" کہتے ہیں (۲۷)۔ سعید بن جبیر اور ضحاک بن مزاحم کہتے ہیں: حبشی زبان میں "طـــه" کا معنی: ''اے مرد!'' ہے (۲۸)۔ عکرمہ کہتے ہیں: ''هیت لك'' کا حورانی زبان میں معنی ہے ''آجا'' (۲۹) ''المشكوٰة'' کا معنی طاقچہ ہے اس لفظ کو سعد بن عباس یمانی نے حبشی زبان کا لفظ قرار دیا ہے (۳۰)۔ "قسطاس" کے بارے میں مجاہد بن جبر تابعی کہتے ہیں کہ رومی زبان میں عدل کو "قسطاس" کہتے ہیں (۳۱)۔

سیوطیؒ لکھتے ہیں:

''جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمہم اللہ سے بعض قرآنی الفاظ کی تفسیر میں اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ انہوں نے ان پر غیر عربی الفاظ ہونے کا اطلاق کیا ہے...... اس سلسلے میں تاج الدین سبکی (ت ۷۷۱ھ) نے ستائیس الفاظ کو اپنے اشعار میں جمع کیا ہے۔ جن پر حافظ ابوالفضل ابن حجر نے چند اشعار اور بڑھائے جن میں چوبیس نئے الفاظ نظم کئے تھے'' (۳۲)۔

جلال الدین سیوطی نے ان الفاظ کے علاوہ ساٹھ سے زائد الفاظ کو نظم کیا اس طرح ان معرب الفاظ کی تعداد سو سے متجاوز ہوجاتی ہے۔ سیوطی نے ان الفاظ کو حروف تہجی کی ترتیب سے بیان کیا ہے۔ یہ معرب الفاظ حسبِ ذیل ہیں:

اَبَـارِيـقَ، اَبٌّ، اَبْـلَعِيْ، اَخْلَدَ، اَلْاَرَآئِكِ، اَزَرَ، اَسْبَاطٌ، اِسْتَبْرَق، اَسْفَار، إِصْرِىْ، اَكْوَاب، اِل، اَلِيْمٌ، إِنَاهُ، اَوَّاهُ، اَوَّابٌ، اَلْاُوْلٰى، بَطَآئِنُهَا، بَعِيْرٌ، بِيَعٌ، تَنُّوْرُ، تَتْبِيْرًا، تَحْتَ، اَلْجِبْتُ، جَهَنَّمُ، حُرُّمَ، حَصَبُ، حِطَّةٌ، حَوَارِيُّوْنَ، حُـوْبٌ، دَرَسْـتَ، دُرِّيٌّ، دِيْنَارٌ، رَاعِنَا، رَبَّانِيُّوْنَ، رِبِّيُّوْنَ، اَلرَّحْمٰنُ، اَلرَّسُّ، اَلرَّقِيْمُ، رَمْزًا، رَهْوًا، اَلرُّوْمُ، زَنْجَبِيْلَ، اَلسِّـجِلِّ، سِـجِّيْـلٌ، سِـجِّيْنٌ، سَرَادِق، سَرِيًّا، سَفَرَةٌ، سَقَرَ، سُجَّدًا، سِكَرًا، سَلْسَبِيْل، سَنَا، سُنْدُسٍ، سَيِّدَهَا، سِيْـنِيْـنَ، سَيْـنَـآءَ، شَـطْـرًا، شَهْـرٌ، اَلـصِّرَاط، صُرْهُنَّ، صَلَوَاتٌ، طٰهٰ، اَلطَّاغُوْتُ، طَفِقَا، طُوْبٰى، طُوْرٌ، طُوًى، عَبَّـدْتَّ، عَـدْن، اَلْعَرِم، غَسَّاق، غِيْضَ، فِرْدَوْس، فُوْم، قَرَاطِيْسَ، قِسْط، قِسْطَاس، قَسْوَرَةٌ، قِطَّنَا، قُفْل، قُمَّل، قِـنْـطَـارَ، قَيُّوْم، كَافُوْر، كَفِّرْ، كِفْلَيْنِ، كَنْزٌ، كُوِّرَتْ، لِيْنَةٍ، مُتَّكَأً، مَجُوْس، مَرْجَان، مِسْك، مِشْكَاة، مَقَالِيْدَ، مَـرْقُـوْم، مُـزْجَـاةٌ، مَـلَكُوْت، مَنَاص، مِنْسَأَة، مُنْفَطِرٌ، مُهْل، نَاشِئَةَ، نٓ، هُدْنَا، هُوْد، هَوْن، هَيْتَ لَكَ، وَرَآءَ، وَرْدَةٌ، وَزَر، يَاقُوْت، يَحُوْر، يٰسٓ، يَصِدُّوْنَ، يُصْهَرُ، اَلْيَمُّ، اَلْيَهُوْدُ (۳۳)۔

## استدراکات

ان الفاظ کو جو دوسری زبانوں کی طرف منسوب کیا گیا ہے تو اس سے اکثر الفاظ کی بابت یہی معلوم ہوتا ہے کہ قرآن مجید (یا عربی زبان) کے یہ الفاظ دیگر زبانوں میں بھی انہی معانی میں استعمال ہوتے ہیں جن معانی کے لئے قرآن کریم (یا عربی زبان) استعمال ہوئے ہیں جیسے ہماری اردو زبان میں اگر کوئی لفظ اسی معنیٰ میں استعمال ہو جس معنیٰ میں قرآنِ مجید میں استعمال ہوا ہو تو اس سے ہرگز یہ لازم نہیں آتا کہ وہ لفظ عربی زبان کا نہیں۔ کوئی بھی ایسی زبان جس سے انسان ابتداء میں واقف نہ ہو تو اس کو وہ زبان سکھانے کے لئے اگر اسی کی زبان کی مثالیں اسے دی جائیں جس کو وہ جانتا ہے تو دوسری زبان سمجھنا اس کے لیے آسان ہو جاتا ہے۔ مگر ضروری نہیں کہ تمام استعمالات اور اشتقاقات میں مکمل مطابقت موجود ہو۔ نیز علامہ سیوطیؒ نے جن الفاظ کو عجمی الفاظ قرار دیا ہے ان کے بارے میں یہ نہیں کہا گیا کہ یہ عربوں کا کلام نہ تھے اور یہ کہ نہ عرب ان سے واقف تھے [۳۴]۔

مذکورہ بالا فہرست میں بعض الفاظ ایسے بھی ہیں جن کے اشتقاقات نہ صرف عربی زبان بلکہ قرآنِ مجید میں بھی بکثرت مستعمل ہیں مثلاً لفظ ''ناشئة'' اس لفظ کو اس لئے حبشی زبان کا لفظ قرار دیا گیا ہے کہ یہ حبشی زبان میں اٹھنے اور کھڑے ہونے کا مفہوم ادا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ''ناشئة'' کے دیگر اشتقاقات ملاحظہ کرنے سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ یہ لفظ فصیح عربی زبان کا ہے۔ یہ مشتقات'' ناشئة'' کے عربی ہونے کی بیّن دلیل ہیں۔ ن ش أ مادہ (Root) سے بننے والے اٹھائیس الفاظ اٹھنے، اٹھانے، کھڑے ہونے، کھڑے کرنے، زندہ کرنے وغیرہ کے معنیٰ میں قرآن مجید میں آئے ہیں۔ آیاتِ قرآنیہ میں آنے والے چند الفاظ ملاحظہ ہوں: ﴿اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَ یَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا یَشَآءُ كَمَاۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّیَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِیْنَ﴾ [۳۵]، ﴿هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِیْهَا﴾ [۳۶]، ﴿وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْیَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّ اَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ﴾ [۳۷]، ﴿وَ اَنَّ عَلَیْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى﴾ [۳۸]، ﴿وَ لَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ﴾ [۳۹]،[۴۰]۔

علامہ سیوطی نے جن الفاظ کو عجمی الاصل قرار دیا ہے ان میں سے کئی الفاظ ایسے ہیں جن کے عربی الاصل ہونے کی وضاحت صحابہ کرام اور آئمہ دین سے منقول ہے۔ مثلاً ''قسورة'' کے بارے میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''الاسد و كل شديد قسورة'' [۴۱] (شیر نیز ہر سخت اور زور آور چیز کو قسورة کہتے ہیں)۔ عمر بن شرحبیل کہتے ہیں: یمن والوں کی زبان میں'' عرم'' بند کو کہتے ہیں [۴۲]۔ سخت زور کی بارش کو بھی ''العرم'' کہتے ہیں [۴۳]۔ یہاں ''عرم'' کو یمن کی بولی میں بند (Dam) قرار دیا گیا۔ اہلِ یمن کی بولی ظاہر ہے عجمی نہیں بلکہ عربی ہی ہے۔ علامہ سیوطیؒ

نے بھی نوع ۳۷: ''فيما وقع فيه بغير لغة الحجاز''میں جا بجا اہلِ یمن کی لغت کے حوالے دیے ہیں۔

علامہ سیوطیؒ نے قرآنی الفاظ کو عجمی قرار دینے میں مبالغہ آرائی سے کام لیا ہے ورنہ موصوف نے جن الفاظ کو عجمی گردانا ہے ان میں سے کئی الفاظ کا عربی ہونا انہوں نے خود نقل کیا ہے، جیسا اس جدول سے ظاہر ہے جس میں علامہ سیوطی لغتِ حجاز کے علاوہ دیگر زبانوں کے الفاظ جمع کیے ہیں (ان کا ذکر چند صفحات پیچھے گزرا ہے)۔ کچھ الفاظ درجِ ذیل ہیں:

الْأَرَآئِكَ، رِبِّيُّونَ، الرَّسِّ، أَسفَارًا، طَفِقَا، الْعَرِمِ، لِيُنَةٌ، مَرْجَان، مِنسَأَةَ، اور وَزَر۔

حروفِ مقطعات: طٰـہٰ، ںٓ، اور یٰـسٓ کو بھی علامہ سیوطی نے عجمی الفاظ قرار دیا ہے حالانکہ ان کے عجمی ہونے کی کوئی دلیل نہیں سوائے اس کے یہ حروف حبشی، فارسی، اور نبطی زبانوں میں ایسے معانی کے متحمل ہیں جو عوام الناس کے نزدیک واضح مفہوم رکھتے ہیں ورنہ اس بات پر مفسرین کا اتفاق ہے کہ حروفِ مقطعات کا ترجمہ اور حقیقت اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔

## قرآن میں عجمی الفاظ کی موجودگی کے منکرین اور ان کے دلائل

اکثر آئمہ کا موقف ہے کہ قرآن مجید میں عجمی الفاظ موجود نہیں ہیں۔ ان آئمہ میں امام شافعی، ابنِ جریر، ابو عبیدہ، قاضی ابوبکر اور ابنِ فارس رحمۃ اللہ علیہم شامل ہیں۔ اس موقف کے حاملین کا استدلال ان آیاتِ کریمہ سے ہے جن میں قرآن مجید کو عربی کہا گیا ہے اور عجمی ہونے کی نفی کی گئی ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے درجِ ذیل آیاتِ کریمہ سے استدلال کیا ہے: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَ اِنَّـهٗ لَتَـنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ عَـلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ﴾ (۴۴)

(یہ (قرآن) پروردگارِ عالم کا اتارا ہوا ہے، اس کو امانت دار فرشتہ لے کر اترا ہے، تمہارے دل پر (القاء کیا) تاکہ نصیحت کرتے رہو، فصیح عربی زبان میں)۔

اور فرمایا: ﴿ وَ كَـذٰلِكَ اَنْـزَلْـنٰـهُ حُـكْمًا عَرَبِيًّا ﴾ (۴۵) (اور اسی طرح ہم نے اس قرآن کو عربی زبان کا فرمان نازل کیا ہے)۔

اور فرمایا: ﴿وَ كَـذٰلِكَ اَوْحَيْـنَـآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَ مَنْ حَوْلَهَا ﴾ (۴۶) (اور اسی طرح تمہارے پاس قرآن عربی بھیجا ہے تاکہ تو بڑی بستی (مکہ مکرمہ) کے رہنے والوں کو اور جو لوگ اس کے اردگرد رہتے ہیں

ان کوڈراؤ (راستہ دکھاؤ))۔

اورفرمایا: ﴿ حٰمٓ وَ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا ﴾ (۴۷) (حم کتاب روشن کی قسم کہ ہم نے اس قرآن کوعربی بنایا ہے)۔

اورفرمایا: ﴿ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِىْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴾ (۴۸) ((یہ) قرآن عربی (ہے) جس میں کوئی عیب نہیں تاکہ وہ ڈر جائیں)۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

مذکورہ بالا ہر آیت میں اللہ تعالیٰ کی حجت قائم ہوجاتی ہے کہ اس کی کتاب عربی میں ہے (۴۹)۔

وہ آیات جن میں قرآن کے عربی ہونے کا ذکر ہے مذکورہ بالا آیات کے علاوہ درج ذیل ہیں:

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ وَ هٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيْنٌ ﴾ (۵۰) (اور یہ صاف عربی زبان ہے)۔

ارشاد الٰہی ہے: ﴿ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴾ (۵۱)۔(ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیا ہے تاکہ تم سمجھ سکو)۔

اورفرمایا: ﴿ وَ كَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا ﴾ (۵۲) (اور اسی طرح ہم نے اس کو عربی قرآن (کے طور پر) نازل کیا ہے)۔

نیز فرمایا: ﴿ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴾ (۵۳) (اس کتاب کی آیات واضح ہیں (یعنی) قرآن عربی ان لوگوں کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں)۔

﴿ وَ مِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّ رَحْمَةً وَ هٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا ﴾ (۵۴) (اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب رہنما اور رحمت تھی اور یہ کتاب عربی زبان میں ہے اسی کی تصدیق کرنے والی)۔

القران عربی کے الفاظ بعض احادیث مبارکہ میں بھی موجود ہیں (۵۵)۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (قرآن کے عربی ہونے کی) اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کی دو آیات میں اس سے بھی زیادہ تاکید کی۔ اس نے قرآن کے عربی ہونے کے علاوہ اس کے کسی اور زبان میں ہونے کی نفی کی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

﴿ وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ لِسَانُ الَّذِىْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِىٌّ وَّ هٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ

مُّبِيۡنٌ ﴾ (٥٦)(اور ہمیں معلوم ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ اس (پیغمبر) کو ایک شخص سکھا جاتا ہے مگر جس کی طرف (تعلیم) کی نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ صاف عربی زبان ہے)۔

اور فرمایا: ﴿وَ لَوۡ جَعَلۡنٰهُ قُرۡاٰنًا اَعۡجَمِيًّا لَّقَالُوۡا لَوۡ لَا فُصِّلَتۡ اٰيٰتُهٗ ءَاَعۡجَمِيٌّ وَّ عَرَبِيٌّ ﴾ (٥٧)(اور اگر ہم اس قرآن کو عجمی زبان میں)(نازل) کرتے تو یہ کہتے اس کی آیات (ہماری زبان میں) کیوں کھول کر بیان نہیں کی گئیں، قرآن عجمی اور رسول عربی؟ (یہ کیا بات ہوئی؟)(٥٨)۔

سوامی دیانند (بانی آریہ سماج) نے قرآن کے عربی ہونے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو (معاذ اللہ) طرف داری کرنے والا قرار دیا۔ مولانا ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے پہلے الزامی اور پھر آخر الذکر آیت کی روشنی میں تحقیقی جواب لکھا۔ سوامی دیانند نے ستیارتھ پرکاش میں لکھا تھا:

''جس کتاب میں طرف داری کی باتیں پائی جائیں وہ کتاب خدا کی بنائی ہوئی نہیں ہوسکتی۔ مثلاً عربی زبان میں نازل کرنے سے عرب والوں کو اس کا پڑھنا سہل اور دوسری زبان بولنے والوں کو مشکل ہو جاتا ہے اس سے خدا طرف دار ٹھہرتا ہے۔ اور جس طرح کہ خدا نے کل دنیا کے رہنے والے آدمیوں پر نظر انصاف سے سب ملکوں کی زبانوں سے نرالی سنسکرت زبان میں جو کہ سب ملک والوں کے لئے یکساں محنت سے حاصل ہوتی ہے۔ ویدوں کو نازل کیا ہے۔ ایسی ہی زبان میں اگر نازل کرتا تو یہ نقص عائد نہ ہوتا۔ اس کے جواب میں مولانا ثناء اللہ نے لکھا: ''سوامی جی! جس طرح وید آپ کے ملہموں کو بتلائے گئے تھے اسی طرح قرآن بھی مسلمانوں کو سکھایا گیا ذرا مذکورہ بالا منتروں پر غور کیجئے۔ بیشک جس کتاب میں طرفداری کی باتیں ہوں وہ خدا کی نہیں ہوتی۔ مگر یہ تو فرمائیے کہ شودر کے گھر کا پکا ہوا کھانے سے جو آپ منع کر آئے ہیں۔ خواہ کیسا ہی بھلا مانس کیوں نہ ہو (ستیارتھ پرکاش سملاس نمبر ۱۰) یہ کس کتاب کا حکم ہے اور یہ آپ کی طرف داری تو نہیں''۔

محقق جی! عربی زبان میں قرآن کے نازل ہونے کی وجہ تو قرآن نے خود ہی بتلائی ہوئی ہے سنو خدا فرماتا ہے:

﴿وَ لَوۡ جَعَلۡنٰهُ قُرۡاٰنًا اَعۡجَمِيًّا لَّقَالُوۡا لَوۡ لَا فُصِّلَتۡ اٰيٰتُهٗ ءَاَعۡجَمِيٌّ وَّ عَرَبِى ﴾ (٥٩)

(اگر ہم قرآن کو عربی کے سوا کسی اور زبان میں اتارتے تو عربی لوگ کہتے کہ اس کے حکموں کو واضح کیوں نہیں کیا، کلام عجمی اور مخاطب عربی؟)

چونکہ اول مخاطب اس کے عرب کے لوگ تھے۔ اس لئے اس زبان میں نازل ہوا۔ انہوں نے اس کو سمجھ کر دوسرے لوگوں کو سمجھا دیا۔ یہی عین انصاف ہے۔ فرق صرف آپ کی سمجھ کا ہے (٦٠)۔

حافظ ابنِ کثیر (م۷۷۴ھ) لکھتے ہیں:

''قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت، اس کے حکم احکام، اس کے لفظی و معنوی فوائد بیان کرکے اس پر ایمان نہ لانے والوں کی سرکشی، ضد اور عداوت کا بیان فرما رہا ہے جیسے کہ آیت میں ارشاد ہے:

﴿وَلَو نَزَّلْنَا عَلٰی بَعْضِ الْاَعْجَمِیْنَ فَقَرَاَهٗ عَلَیْهِمْ مَا کَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِیْنَ﴾''(۶۱)۔

مطلب یہ ہے کہ نہ ماننے کے بیسیوں حیلے ہیں نہ یوں چین نہ ووں چین، اگر قرآن کسی عجمی زبان میں اترتا تو بہانہ کرتے کہ ہم تو اسے صاف صاف سمجھ نہیں سکتے، مخاطب جب عربی زبان کے ہیں تو ان پر جو کتاب اترتی ہے وہ غیر عربی زبان میں کیوں اتر رہی ہے؟ اور اگر کچھ عربی میں ہوتی اور کچھ دوسری زبان میں تو بھی ان کا یہی اعتراض ہوتا کہ اس کی کیا وجہ؟(۶۲)

ابنِ جریر طبری (م۳۱۰ھ) نے قرآن مجید کے عربی ہونے پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ لکھتے ہیں:

''یہ بات تسلیم شدہ ہے یہ درست نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے کسی سے اس (زبان) کے ذریعے سے مخاطب ہو جس کو مخاطب سمجھتا نہ ہو، وہ اپنے کسی رسول کو لوگوں کی طرف رسالت دے کر انہی کی زبان و بیان میں بھیجتا ہے۔ کیونکہ اگر مخاطب اور مرسل الیہ اس (زبان) کو نہ سمجھتا ہو جس کے ذریعے اس سے خطاب کیا گیا ہے تو مخاطب کی رسالت سے پہلے اور بعد کی حالت ایک جیسی ہی ہوتی ہے تو اس کو رسول کے مخاطب ہونے اور رسالت سے کوئی فائدہ نہ ہوا، وہ پہلے کی طرح ناواقف ہی رہا۔ اللہ تعالیٰ اس سے کہیں بلند و بالا ہے کہ وہ ایسا کلام کرے یا پیغام بھیجے جس سے مخاطب یا مرسل الیہ کو کوئی فائدہ حاصل نہ ہو۔ ہم میں سے بھی کوئی اگر ایسا کام کرے تو یہ نقص اور فضول شمار ہوگا چہ جائیکہ اللہ تعالیٰ کوئی عبث کام کرے۔ اسی لئے اللہ جل جلالہ نے اپنی کتابِ محکم (قرآنِ حکیم) میں فرمایا:

﴿وَ مَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِیُبَیِّنَ لَهُمْ﴾(۶۳)

(ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر اپنی قوم کی زبان بولتا تھا تا کہ انہیں (احکام الٰہی) کھول کھول کر بتا دے)۔

اور اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر حضرت محمد ﷺ سے فرمایا:

﴿وَ مَا اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْکِتَابَ اِلَّا لِتُبَیِّنَ لَهُمُ الَّذِی اخْتَلَفُوْا فِیْهِ وَ هُدًی وَّ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ﴾(۶۴)

(اور ہم نے تم پر جو کتاب نازل کی ہے تو اس لئے کہ جس امر میں ان لوگوں کو اختلاف ہے تم اس کا فیصلہ کر دو اور یہ مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے)۔

جو شخص اس چیز سے ہی جاہل ہو جس سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے تو وہ ہدایت یافتہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ تو ہمارے ان دلائل سے یہ بات واضح ہوئی کہ اللہ جل جلالہ نے اپنے جس رسول کو بھی کسی قوم کی طرف مبعوث کیا تو اس کو

اس کی قوم کی زبان میں مبعوث کیا۔ کسی نبی پر اس نے جو بھی کتاب نازل کی، کوئی بھی پیغام کسی امت کی طرف بھیجا تو انہیں کی زبان میں، ہماری اس ساری بحث سے یہ بات ثابت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب جو ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ پر نازل کی وہ حضرت محمد ﷺ کی زبان میں نازل کی، جب حضرت محمد ﷺ کی زبان عربی تھی تو ثابت ہوا کہ قرآن عربی ہے اور اس کی شہادت خود قرآن نے بھی دی ہے۔......''(٦٥)۔

ابوعبیدہ( م۲۱۰ھ، جو امام شافعی کے معاصر ہیں اپنے زمانے کے چوٹی کے عالم تھے۔) فرماتے ہیں:

"إنما أنزل القران بلسان عربی مبین فمن زعم أن فیه غیر العربیة فقد أعظم القول و من زعم أن كذا بالنبطیة فقد أكبر القول، قال: و معناه أتی بأمر عظیم و ذلك أن القران لو كان فیه من غیر لغة العرب شیء لتوهم متوهم أن العرب إنما عجزت عن الاتیان بمثله لأنه أتی بلغات لایعرفونها"(٦٦)۔

(اس میں کوئی کلام نہیں کہ قرآن عرب کی واضح زبان میں نازل کیا گیا ہے اس لئے جو شخص کہے کہ اس میں غیر عربی زبان کے الفاظ بھی ہیں وہ بلاشبہ بڑی بات (سخت اور بری بات) کہتا ہے اور جو شخص کسی (قرآنی) لفظ کو نبطی زبان کا کلمہ بتاتا ہے وہ سخت بری بات منہ سے نکالتا ہے کیونکہ اگر قرآن میں عربی زبان سے باہر کے بھی کچھ الفاظ ہوتے تو اس سے کسی وہم کرنے والے کو یہ وہم کرنے کا موقع ملتا کہ اہلِ عرب قرآن کے مثل کلام کہہ سکنے سے یوں عاجز رہے کہ قرآن میں ایسی زبانیں آئی تھیں جو اہل عرب کو معلوم ہی نہ تھیں)۔

زرکشی ''معرفة ما فیه من غیر لغة العرب'' کے عنوان کے تحت لکھتے ہیں:

''خوب جان لو کہ قرآن کو اللہ تعالیٰ نے لغت عرب میں نازل کیا ہے، اس کی قراءت وتلاوت عربی زبان میں ہی کی جا سکتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿ اِنَّآ اَنزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا ﴾(٦٧) اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا...... ﴾(٦٨)

یہ آیت اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن میں عربی زبان کے علاوہ اور کوئی زبان نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کو اپنے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے لئے زندہ معجزہ اور آپ کی صداقت کی دلیل قطعی قرار دیا ہے اور بڑے بڑے عربوں کو چیلنج کیا ہے۔ آپ ﷺ قرآن کی آیات کے ذریعے بلغاء، فصحاء اور شعراء کو ترت سوجھا ہوا جواب دیتے ہیں (ان کا مقابلہ کرتے ہیں)۔ اگر یہ لغت عرب کے علاوہ دیگر زبانوں پر مشتمل ہوتا تو آپ کو اس سے کوئی فائدہ نہ ہوتا''(٦٩)۔

قرآن کو جب عربی قرار دیا گیا ہے تو ظاہر ہے کہ قرآن کا لفظ تمام سورتوں اور آیات پر بولا جاتا ہے۔ اسی

طرح تمام الفاظ اور مفردات کو شامل ہے۔صابونی لکھتے ہیں:

''اگر قرآن میں لغتِ عرب کے علاوہ بھی کچھ ہوتا یا کوئی ایسی بات ہوتی جس کو عرب نہ سمجھتے ہوتے یا اس میں غیر عربی (عجمی) الفاظ ہوتے تو مشرکین قرآن پر بانگِ دہل اعتراض کرتے اور اس کو رسول کی عدمِ صداقت کی دلیل کے طور پر پیش کرتے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِیًّا لَّقَالُوْا لَوْ لَا فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ ءَاَعْجَمِیٌّ وَّ عَرَبِیٌّ﴾ (۷۰)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ اگر ہم قرآن کو عربوں کی زبان کے علاوہ کسی زبان میں نازل کرتے اور اس کو عجمی زبان میں اتارتے تو یہ لوگ کہتے کہ اس کی آیات کو واضح کیوں نہیں کیا گیا؟ اس کے الفاظ ہماری عربی زبان میں کیوں نہیں اتارے گئے کہ ہم ان کو سمجھتے اور تدبر کرتے ﴿ءَاَعْجَمِیٌّ وَّ عَرَبِیٌّ﴾ یعنی (کہتے) رسول عربی ہے اور قرآن عجمی؟ یہ کیونکر ہوسکتا ہے۔عربی رسول پر عجمی قرآن کیسے نازل کیا جاسکتا ہے؟''(۷۱)

عظیم سکالر سمیح عاطف الزین ''القرآن عربی'' کے عنوان کے تحت رقمطراز ہیں:

''قرآن کسی بھی ایسے لفظ پر مشتمل نہیں جو غیر عربی ہو، یہ سب کا سب عربی ہے۔اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: ﴿اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا﴾ (۷۲) اور فرمان الٰہی ہے: ﴿بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ﴾ (۷۳) نیز ارشاد الٰہی ہے: ﴿وَ مَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ﴾ (۷۴)

اگر قرآن عربی زبان کے علاوہ کسی زبان پر مشتمل ہوتا تو یہ بات ان آیات سے متضاد ہوتی اور رسول (ﷺ) اپنی قوم کی زبان میں مبعوث نہ قرار دیے جاسکتے تھے۔قرآن کے الفاظ کا مجموعہ بھی قرآن کہلاتا ہے اور اس کے ایک جزء کو بھی قرآن ہی کہا جاتا ہے۔اگر اس کا کوئی حصہ غیر عربی ہوتا تو وہ قرآن میں سے نہیں ہوسکتا تھا۔نیز اللہ تعالیٰ یہ بھی فرماتے ہیں:

﴿وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِیًّا لَّقَالُوْا لَوْ لَا فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ﴾ (۷۵) تو اللہ تعالیٰ نے قرآن کے عجمی ہونے کی نفی کی ہے''(۷۶)۔

امام رازی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

''یہ نقطہ نظر کہ قرآن میں غیر عربی الفاظ بھی ہیں اس کے فاسد اور باطل ہونے کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: ﴿قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا﴾ (۷۷) اور ارشاد الٰہی ہے: ﴿وَ مَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ﴾ (۷۸)۔

بہت سے علماء کا موقف ہے کہ قرآن سارا کا سارا عربی ہے۔اس میں ایک لفظ بھی غیر عربی نہیں کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو

اللہ تعالیٰ نے اس کو عربی کہا ہے وہ درست نہ ہوتا۔ارشادِ الٰہی ہے:
﴿ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا ﴾ (۷۹)۔اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان صحیح نہ قرار پاتا کہ﴿ وَ مَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ﴾ (۸۰)۔ اور نہ یہ ارشادِ الٰہی صحیح ٹھہرتا کہ﴿ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴾ (۸۱) کیونکہ اس طرح تو قرآن غیر عربی الفاظ پر بھی مشتمل ہوتا یعنی اس میں عجمیت بھی ہوتی جس کی اللہ تعالیٰ نے استفہامِ انکاری کے بلیغ ترین الفاظ سے نفی کی ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:﴿ وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْ لَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّ عَرَبِيٌّ﴾"(۸۲)،(۸۳)۔

قرآن کے عربی ہونے کے بارے میں ایک موقف یہ بھی ہے کہ جو لفظ بھی قرآن میں آیا ہے اور اس کو کسی قوم نے استعمال کیا ہے تو وہ اصل میں عربی تھا، دیگر زبان والوں نے اس کو تھوڑا بہت بدل کر استعمال کر لیا۔ابوبکر باقلانی کہتے ہیں: قرآن عربی ہے اس میں کوئی عجمہ نہیں۔قرآن کا ہر لفظ جو کسی دوسری زبان والے نے استعمال کیا ہے تو اس کی اصل عربی ہوگی، دوسروں نے اس میں کوئی تغیر کیا ہوگا جیسے عبرانیوں نے تغیر و تبدل کیا ہے۔وہ کہتے ہیں:"الـــــہ: لاھوت اور ناسك: ناسوت تھا۔لیکن اس موقف پر کوئی دلیل نہیں حقیقت اس کو جھٹلاتی ہے"(۸۴)۔

## خلاصۂ بحث

قرآن مجید کے عربی ہونے یا اس میں بعض الفاظ کے غیر عربی ہونے کے بارے میں مختلف اقوال کے درمیان تطبیق دینے کی بعض علماء نے کوشش کی ہے اور کئی توجیہات پیش کی ہیں۔اس سلسلے میں ابنِ جریر لکھتے ہیں:"ابنِ عباسؓ اور دیگر آئمہ سلف نے الفاظ قرآن کی تفسیر کرتے وقت بعض لفظوں کی نسبت جو یہ بیان کیا ہے کہ وہ فارسی، حبشی، نبطی یا اسی طرح کی اور زبانوں کے الفاظ ہیں تو اس کی توجیہ یہ کی جاسکتی ہے کہ ان الفاظ میں اتفاق سے زبانوں کا توارد ہو گیا یعنی ایک ہی معنیٰ کے واسطے اہلِ عرب، اہلِ فارس اور اہلِ حبش وغیرہ نے ایک ہی لفظ کے ساتھ تکلم کر لیا، اور ابنِ جریر کے علاوہ کسی اور شخص کا قول ہے: نہیں بلکہ وہ الفاظ تو ان خالص اہل عرب کی بول چال میں داخل اور اسی زبان کے تھے جس میں قرآن شریف کا نزول ہوا کیونکہ اہل عرب اپنے سفروں میں دیگر اقوام سے ملتے تھے اور اس وجہ سے ان کی زبان کے بعض اہل عرب کی زبان پر چڑھ جاتے تھے۔پھر ان الفاظ میں سے چند کلمات حروف کی کمی کے ساتھ متغیر کر کے اہل عرب نے ان کو اپنے اشعار اور محاورات میں بھی استعمال کر لیا اور اس طرح پر وہ معرب الفاظ فصیح عربی کلمات کے قائم مقام بن گئے اور ان میں بھی بیان کی صفت (جو عربی زبان کا خاصہ تھی) پیدا ہو گئی پس اسی حد (تعریف) کے

لحاظ سے قرآن کا نزول ان کلمات کے ساتھ ہوا(۸۵)۔

محمد علی الصابونی مختلف اقوال ذکر کرنے کے بعد " الترجیح" کا عنوان قائم کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''صحیح موقف وہی ہے جس کو طبری اور جمہور علماء نے اختیار کیا ہے کہ قرآن سارا کا سارا عربی ہے۔علماء کی پیش کردہ بکثرت نصوص اور ذہن کو اپیل کرنے والے قوی دلائل اسی کی تائید کرتے ہیں (۸۶)۔

اسی موقف کی تائید هل ورد فی القرآن كلمات خارجة عن لغات العرب أو لا؟ کے عنوان کے تحت علامہ قرطبی نے کی ہے (۸۷)۔

بعض علماء نے دونوں قسم کے اقوال کو صحیح قرار دیا ہے (۸۸)۔ دونوں اقوال میں تطبیق کے سلسلے میں ابوعبید قاسم بن سلام کا قول مشہور ہے کہ: میرے نزدیک وہ مذہب درست ہے جس میں دونوں قولوں کی بتمامہ تصدیق ہوتی ہے اور وہ مذہب (رائے) یہ ہے:

''اس میں شک نہیں کہ علماء کے حسبِ بیان ان الفاظ کی اصل عجمی زبانیں ہیں مگر بات یہ ہوئی کہ ان کلمات کے استعمال کی ضرورت اہلِ عرب کو پڑی اور انہوں نے ان کلمات کو معرب بنا کر اپنی زبان سے ادا کرنے کے قابل کر لیا۔ پھر عجمی الفاظ کی صورت سے ان کی صورت بھی بدل کر انہیں اپنی زبان کے الفاظ سے مشابہ بنالیا اور اس طرح یہ کلمات عربی زبان کے جزو ہو گئے چنانچہ جس وقت قرآن کا نزول ہوا ہے اس وقت یہ الفاظ عربی کلام میں ایسے مل جل گئے تھے کہ ان کا امتیاز کرنا مشکل تھا۔لہٰذا اس لحاظ سے جو لوگ ان کو عربی زبان میں شامل بتاتے ہیں وہ بھی اور جو لوگ ان کلمات کو عجمی قرار دیتے ہیں وہ بھی دونوں بجائے خود سچے ہیں (۸۹)۔

نواب صدیق حسن خان قنوجی (م ۱۳۰۷ھ) دونوں قسم کے اقوال میں تطبیق سے متعلق لکھتے ہیں:

"و الجمع أنها لما تكلمت بها العرب نسبت اليهم و صارت بهم لغة" (۹۰)۔

''ان کو جمع اس طرح کیا جائے گا کہ جب عربوں نے ان کلمات کے ذریعے کلام کیا تو یہ ان کی طرف منسوب ہو گئے اور یہ ان کی لغت بن گئے۔''

خطیب شربینی لکھتے ہیں:

" وجمع بعض المفسرين بين القولين بأن هذه الألفاظ لما تكلمت بها العرب و دارت على ألسنتهم صارت عربية فصيحة و إن كانت غير عربية فى الأصل لكنهم لما تكلموا بها نسبت اليهم و صارت لهم لغة و هو جمع حسن" (۹۱)۔

(بعض مفسرین نے دونوں قسم کے اقوال کو جمع کیا ہے۔ جب اہل عرب نے ان کلمات کے ذریعے تکلم کیا اور یہ الفاظ ان کی زبانوں پر گردش کرنے لگے تو یہ فصیح عربی قرار پائے اگرچہ اصل کے اعتبار سے یہ غیر عربی تھے، لیکن جب عرب ان کو بولنے لگے تو یہ ان کی طرف منسوب ہوئے اور ان کی زبان قرار پائے۔ یہ تطبیق بہت خوبصورت ہے)۔

اوپر بیان کردہ ابوعبید قاسم بن سلام کی تطبیق پر الشیخ زفزاف کی تعلیق یوں ہے:

''یہ موقف جو ابوعبید نے ذکر کیا ہے کہ جس میں وہ مذکورہ فریقین کا اختلاف لفظی ٹھہراتے ہیں مگر میں سمجھتا ہوں کہ معاملہ یوں نہیں ہے کیونکہ امام شافعی اور ان کے ہمنوا اس بات سے ناواقف نہ تھے کہ عرب جب کسی عجمی لفظ کو اپنے کلام میں داخل کرتے ہیں تو وہ عربی بن جاتا ہے بلکہ وہ یہ سمجھتے تھے کہ ان الفاظ کو قطعی طور پر عجمی الاصل قرار دینے کی کوئی گنجائش نہیں (۹۲)۔

مذکورہ بالا تمام تر اختلاف کے باوجود یہ بات تو مسلم اور متفق علیہ ہے کہ قرآن مجید میں غیر عربی الفاظ کے قائلین کے نزدیک بھی قرآن کے اکثر الفاظ عربی ہیں، صرف چند الفاظ ہیں جو ان کے نزدیک عجمی ہیں اور ان کا مفہوم بھی وہی معتبر ہے جو عرب سمجھتے تھے۔

# حوالہ جات وحواشی

۱۔ صالح بن ابراهيم بليهى: الهدى والبيان في أسماء القرآن ص:۴۱۔۴۳، ط:۱، ۱۳۹۷ھ، جامعۃ الامام محمد بن سعود الاسلامیۃ سعودی عرب، قرآن کے عربی ہونے کے متعلق آیات کے لیے دیکھیے اس کتاب کے صفحات: ۲۰۳۔۲۰۴۔

۲۔ سورۃ یوسف، ۱۲:۲۔

۳۔ مولانا محمد رفیق چودھری: قرآن کے دامن میں، مکتبہ قرآنیات، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور، ط:۴، ۲۰۰۳ء، ص:۲۵۔

۴۔ مولانا محمد اسماعیل سلفی: شرح المعلقات السبع: البیان الوافی لما فی معلقات السبع من الخوافی، دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ط:۱، ۱۳۹۹ھ/۱۹۷۹ء، ص:۲۲۔

۵۔ ایضاً، ص:۵۰۔

۶۔ جلال الدین السیوطی: التحبیر؛النوع الاربعون: المعرب، دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ص:۲۰۰۔

۷۔ محمد بن علی بن محمد الشوکانی: ارشاد الفحول إلى تحقيق الحق من علم الأصول۔الفصل الرابع فی المعرب هل هو موجود فی القران أم لا، دار المعرفہ، بیروت، ص:۲۸۔

۸۔ سورۃ ابراہیم، ۱۴:۴۔

۹۔ جلال الدین السیوطی: الاتقان فی علوم القرآن، مکتبۃ العلم، اردو بازار لاہور، ۱/۳۲۱۔

۱۰۔ سورۃ یوسف، ۱۲:۲۔

۱۱۔ مولانا مفتی محمد شفیع: معارف القرآن، ادارۃ المعارف، دار العلوم کراچی، ط:۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء، ۵/۳۔

۱۲۔ مولانا عبدالرحمٰن کیلانی: تیسیر القرآن، مکتبۃ السلام وسن پورہ، لاہور، ط:۲۰۰۲ء، ۲/۳۷۷۔

۱۳۔ علی بن محمد الآمدی: الاحکام فی اصول الاحکام، دار الکتاب العربی، بیروت، ط:۱ ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء، ۱/۷۹۔

۱۴۔ سورۃ عبس، ۸۰:۳۱۔

۱۵۔ حافظ عماد الدین ابن کثیر: تفسیر ابن کثیر، نور محمد اصح المطابع وکارخانہ تجارت کتب، آرام باغ کراچی، ۱/۷۔

۱۶۔ سورۃ عبس، ۸۰:۳۱۔

۱۷۔ ابوعبداللہ محمد المعروف حاکم نیشاپوری: مستدرک حاکم، دار الفکر، بیروت، ط:۱۳۹۸ھ/۱۹۷۸ء، ۲/۵۱۴۔

۱۸۔ محمد بن ادریس الشافعی: الرسالۃ، ص:۴۲۔

۱۹۔ الاتقان فی علوم القرآن، ۱/۳۲۰۔

۲۰۔ ایضاً، ۱/۳۲۰۔۳۲۱۔

۲۱۔ ایضاً، ۱/۳۲۱۔۳۲۲۔

۲۲۔ یہ لفظ قرآن میں موجود نہیں۔ یہ لفظ غالبا سیناء ہوسکتا ہے۔ اس لفظ (العیناء) کو الاتقان کے عربی نسخے مطبوعہ مصطفی البابی الحلبی، مصر (طبع ۳) سے بھی دیکھا گیا مگر عربی نسخے میں بھی العیناء ہی لکھا ہوا ہے۔ الاتقان (اردو) میں آمدہ اغلاط مثلاً الوزد (الوزر)، ربع (ریع)، یغتوا (یغنوا)، شرو (شرد)، نخلۃ (نحلہ)، کُلُّ (کَلٌّ)، بتئین (تبتّس)، تئیس (بئیس)، القعود (العقود) وغیرہ الفاظ کی تصحیح مذکورہ بالا عربی طبع سے موازنہ کر کے کی گئی ہے۔ نیز المعجم المفهرس لألفاظ القرآن از محمد فواد عبدالباقی سے بھی رہنمائی لی گئی ہے۔

۲۳۔ دیکھیے الاتقان، ۱/۳۱۴۔۳۱۹۔

۲۴۔ ایضاً۔

۲۵۔ الجامع الصحیح، کتاب التفسیر ۶۵، باب قولہ تعالیٰ: ﴿وَ اِنْ کُنْتُمْ مَّرْضٰٓی اَوْ عَلٰی سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْکُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ﴾۔
۲۶۔ ایضا: باب سورۃ یوسف،۱۲۔
۲۷۔ ایضا: باب سورۃ والطّور:۵۲۔
۲۸۔ ایضاً: تفسیر سورۃ طٰہ:۲۰۔
۲۹۔ ایضاً: تفسیر سورۃ:۱۲، باب۴۔
۳۰۔ ایضاً: تفسیر سورۃ النور:۲۴۔
۳۱۔ الجامع الصحیح، کتاب التوحید والرد علی الجھمیة وغیرھم ۹۸، باب قول اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَ نَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ﴾ الْقِیٰمَةِ ۵۸۔
۳۲۔ التحبیر فی علم التفسیر، ص:۲۰۱،۲۰۲۔
۳۳۔ الاتقان، ص:۳۲۳۔۳۳۰۔
۳۴۔ اس جملہ کی تفصیل کے لئے دیکھیں: ابوجعفر محمد بن جریر طبری: جامع البیان عن تأویل آی القران، دارالمعارف، مصر، ۱۴/۱۔۱۷۔
۳۵۔ سورۃ الأنعام، ۶:۱۳۳۔
۳۶۔ سورۃ ھود، ۱۱:۶۱۔
۳۷۔ سورۃ الأنبیآء، ۲۱:۱۱۔
۳۸۔ سورۃ النجم، ۵۳:۴۷۔
۳۹۔ سورۃ الرحمٰن، ۵۵:۲۴۔
۴۰۔ تفصیل کے لئے دیکھئے: محمد فؤاد عبدالباقی: المعجم المفھرس لالفاظ القران الکریم، مادہ: نشأ، مطبعة دار الکتب المصریة، قاہرہ، ط:۱۳۶۴ھ، ص:۷۰۰۔۷۰۱،
۴۱۔ صحیح بخاری، کتاب التفسیر ۶۵، سورۃ المدثر:۷۴۔
۴۲۔ ایضاً، سورۃ سبأ، ۳۴:۱۶۔
۴۳۔ ایضاً۔
۴۴۔ سورۃ الشعرآء، ۲۶:۱۹۲۔۱۹۵۔
۴۵۔ سورۃ الرعد، ۱۳:۳۷۔
۴۶۔ سورۃ الشوریٰ، ۴۲:۷۔
۴۷۔ سورۃ الزخرف، ۴۳:۱۔۳۔
۴۸۔ سورۃ الزمر، ۳۹:۲۸۔
۴۹۔ الرسالة، ص:۴۶۔۴۷۔
۵۰۔ سورۃ النحل، ۱۶:۱۰۳۔
۵۱۔ سورۃ یوسف، ۱۲:۲۔
۵۲۔ سورۃ طٰہ، ۲۰:۱۱۳۔
۵۳۔ سورۃ حٰم السجدۃ، ۴۱:۳۔
۵۴۔ سورۃ الاحقاف، ۴۶:۱۲۔

۵۵۔ مستدرک حاکم، ۴/۸۷۔

۵۶۔ سورۃ النحل، ۱٦:۱۰۳۔

۵۷۔ سورۃ حم السجدۃ، ۴۱:۴۴۔

۵۸۔ الرسالۃ، ص:۴۷۔

۵۹۔ سورۃ حم السجدۃ، ۴۱:۴۴۔

٦۰۔ ابوالوفا ثناء اللہ امرتسری: حق پرکاش بجواب ستیارتھ پرکاش ص:۳۸۔۳۹، ط:۲۰۰۱ء، نعمانی کتب خانہ، اردو بازار لاہور۔

٦۱۔ سورۃ الشعرآء، ۲٦:۱۹۸۔

٦۲۔ تفسیر ابن کثیر، ۴/۷٦۔

٦۳۔ سورۃ ابراھیم، ۱۴:۴۔

٦۴۔ سورۃ النحل، ۱٦:٦۴۔

٦۵۔ تفسیر طبری، ۱/۱۱۔

٦٦۔ بدرالدین محمد بن عبداللہ زرکشی: البرھان فی علوم القران، دارالمعرفۃ للطباعۃ و النشر، بیروت، ۱/۲۸۷۔۲۸۸۔

٦۷۔ سورۃ یوسف، ۱۲ : ۳۔

٦۸۔ سورۃ فصلت، ۴۱:۴۴۔

٦۹۔ البرھان فی علوم القران، ۱/۲۸۷۔۲۸۸۔

۷۰۔ سورۃ فصلت، ۴۱:۴۴۔

۷۱۔ محمد علی الصابونی: التبیان فی علوم القرآن، مکتبۃ الغزالی دمشق، مؤسسۃ مناھل العرفان، بیروت، ط:۲، ۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱ء، ص:۲۰۳۔۲۰۴۔

۷۲۔ سورۃ الزخرف، ۴۳:۱۔۳۔

۷۳۔ سورۃ الشعرا، ۶۲:۱۹۵۔

۷۴۔ سورۃ ابراھیم، ۱۴:۴۔

۷۵۔ سورۃ فصلت، ۴۱:۴۴۔

۷۶۔ سمیح عاطف الزین: الاسلام و ثقافۃ الانسان، دار الکتاب اللبنانی، بیروت، ط:۷، ۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱ء ص:۵۰۰۔۵۰۱۔

۷۷۔ سورۃ الزخرف، ۴۳:۱۔۳۔

۷۸۔ الدکتور محمد علی الحسن: المنار فی علوم القرآن ص:۱۷، ط:۱، ۱۹۸۳ء، دار الارقم، عمان۔

۷۹۔ سورۃ الزخرف، ۴۳:۱۔۳۔

۸۰۔ سورۃ الشعرا، ۶۲:۵۹۱۔

۸۱۔ سورۃ الشعرا، ۶۲:۵۹۱۔

۸۲۔ سورۃ فصلت، ۴۱:۴۴۔

۸۳۔ المنار فی علوم القرآن، ایضاً، ص:۱۷۔۱۸۔

۸۴۔ ایضاً، ص:۷۔۱۔

۸۵۔ السید محمد الآلوسی: روح المعانی فی تفسیر القران العظیم و السبع المثانی، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۲/۱۷۴۔

۸۶۔ التبیان فی علوم القرآن، ص:۲۰۴۔

۸۷۔ محمد بن احمد الانصاری القرطبی:الجامع لاحکام القرآن،دار الکتاب العربی،مصر،ط:۳،۱۳۸۷ھ/۱۹۶۷ء، ۶۸/۱۔۶۹۔

۸۸۔ ابوالفرج عبدالرحمان بن الجوزی: زاد المسیر فی علم التفسیر (تفسیر ابن الجوزی) ،دار نشر الکتب الاسلامیہ،شیش محل روڈ،لاہور، ط:۱،۱۳۸۵ھ/۱۹۶۵ء ،۱۷۸/۴۔

۸۹۔ البرہان، ۲۹۰/۱،الھدی و البیان فی أسمآء القران،ص:۲۰۶۔۲۰۷۔

۹۰۔ نواب صدیق حسن خان: فتح البیان فی مقاصد القرآن، مطبعة العاصمة،قاہرہ، ۴۳۳/۴۔

۹۱۔ الخطیب الشربینی:تفسیر السراج المنیر،ط:۲،دار المعرفة،بیروت، ۸۸/۲۔

۹۲۔ المنار فی علوم القرآن، ص:۲۰۔

# أنوار التنزيل وأسرار التاويل میں قاضی بیضاوی کا منہج تفسیر

## Exegetical Methodology of Qazi Baizavi in his Tafsir "Anwar al Tanzil wa Asrar al Tawil"

حافظ محمد اسحاق☆

### ABSTRACT

The Anwar al Tanzil wa Asrar al Tawil, is well known tafsir by Qazi Nasir ul Din Abdullah Bin Umar. Qazi Baizavi was born in 585 A.H and died in 685 A.H. He was expert an imperical and septic learnings, he wrote more than twelve books in various branches of Islamic studies. His tafsir is considered one of Tafasir "Bil Ray Al Mahmood(Tafsir based on commended reasoning and Ijtihad). In fact,Qazi Baizavi's work is a precise of Allama Jarullah Zamakhari's Tafsir "Al-Kashaf". Qazi Baizavi has given much importance in his tafsir to diction, grammar, comprechension, and discussions related to fiqh.

The critics have of opinion that Qazi Biazvi reported unauthentic prophetic tradition(Ahadith) at the end of every Surah. It came true while studying his Tafsir. Moreover, he cited many Israe'li Traditions while the interpretaion of verses but with critical analysis. He did not only represented and endorced Iman Shafi'e's Fiqh but he also rejected other school of thoughts particularly "Hanafi School of Thought". For the acknowledgment of his work, it is suffise that his Tafsir has been studied as particular in the Religious Institutes of Sub Continent for the long time of history. Thus, it is need to be known the methodology of Imam Baizavi in his remarkable Tasir.

---

☆ ایم فل ریسرچ اسکالر بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

## قاضی بیضاوی کے حالات زندگی

نام عبداللہ بن عمر بن علی، ابوالخیر اور ناصر الدین لقب ہے لیکن قاضی بیضاوی کے نام سے بہت مشہور ہے (۱)۔

قاضی بیضاوی کی ولادت کے بارے میں مؤرخین خاموش ہیں بعض مؤرخین نے 585ھ بیان کی ہے ولادت شیراز کے قریبی شہر بیضا میں ہوئی ہے (۲)۔

قاضی بیضاوی ایک ایسے خاندان میں پیدا ہوئے ہیں جو علم وفضل اور بزرگی میں بہت شہرت رکھتا ہے۔ قاضی بیضاوی بڑے بڑے علماء کے زیر سایہ پرورش پائی ہے۔ اور زمانہ بچپن ہی سے علوم کے حصول میں مگن ہو گئے۔ (۳) قاضی بیضاوی نے اپنی زیادہ عمر شیراز میں گزاری ہے جہاں پر قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) کے عہدہ پر فائز ہوئے پھر معزول کئے گئے اور تبریز کی طرف چلے گئے یہاں تک کہ وہی پر موت آ پہنچی (۴)۔

قاضی بیضاوی کے والد کا نام شیخ عمر بن محمد بن علی، ابوبکر سعید جو کہ فارس کے قاضی القضاۃ رہے ہیں بہت بڑے عالم اور قاضی تھے۔ قاضی بیضاوی نے اکثر علوم وفنون اپنے والد سے ہی حاصل کئے ہیں جیسا کہ خود فرماتے ہیں:

**"أخذت الفقه عن والدی مولی الموالی الصدر العالی ولی الله الوالی قدوة الخلف وبقیة السلف، امام الملّة والدین أبی القاسم عمر"(۵)۔**

(میں نے فقہ کی تعلیم اپنے والد گرامی، مولی الموالی، بلند منصب ہر فائز، اللہ کے ولی، خلف کی نشانی، سلف کا سرمایہ، ملت اور دین کے امام ابوالقاسم عمر سے حاصل کی)۔

قاضی بیضاوی نے اپنے والد کے علاوہ شیخ محمد بن محمد الکختانی سے علوم حاصل کئے ہیں اور شیخ کختانی نہ صرف استاد بلکہ قاضی بیضاوی کے شیخ ومرشد بھی تھے قاضی بیضاوی جب شیراز چھوڑ کر گئے تبریز گئے تو شیخ کختانی کا دامن تھام لیا اور انکی محبت میں انکے آخری سانس تک رہے اور پھر تبریز کو نہ چھوڑا یہاں تک کہ قاضی بیضاوی کو شیخ کختانی کے ساتھ دفن کیا گیا۔ **ولما تو فی دفن عند قبره(٦)۔**

لیکن حاجی خلیفہ نے شیخ کختانی سے متاثر ہونے کی اور وجہ لکھی ہے فرماتے ہیں جب قاضی بیضاوی کو قضاۃ سے معزول کیا گیا اور جب زیادہ عرصہ ہو گیا تو قاضی بیضاوی نے شیخ محمد بن محمد الکختانی سے سفارش کروانا چاہی تو قاضی ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو شیخ کختانی نے فرمایا۔

''یہ بہت بڑا عالم، فاضل شخص ہے اور امراء کے ساتھ جہنم کی شراکت حاصل کرنا چاہتا ہے یعنی یہ شخص دوزخ کا سجادہ طلب کرتا ہے اور وہ قضاۃ ہے یہ بات سن کر قاضی بیضاوی متاثر ہوئے اس دن سے دنیاوی مناصب کو چھوڑ دیا اور مرتے دم تک شیخ کے ساتھ رہے'' (۷)۔

قاضی بیضاوی کے مشہور تلامذہ میں سے احمد بن الحسن الجار بردی (۸) کمال الدین المراغی (۹) اور زین الدین الھنکی (۱۰) ہیں۔ تاج الدین السبکی نے نقل کیا ہے کہ جب قاضی بیضاوی کو شیراز کی قاضی القضاۃ کے عہدہ سے برطرف کیا گیا تو قاضی نے تبریز کی طرف سفر شروع کیا جب داخل ہوئے تو وہاں پر فضلاء کی ایک مجلس لگی ہوئی تھی۔ قاضی بیضاوی مجلس کے آخر میں بیٹھ گئے۔ تو وہاں پر مدرس نے حاضرین سے ایک نکتہ کا جواب طلب کیا لیکن حاضرین میں سے کوئی بھی جواب نہ دے سکا تو اس پر قاضی بیضاوی جواب دیا تو مدرس حیران ہو گیا۔ تمام حاضرین ششدرہ ہو گئے پاس کھڑے وزیر نے پوچھا تم کون ہو تو فرمایا۔ میں قاضی بیضاوی ہوں اور میں شیراز کے قاضی القضاۃ کا عہدہ مانگنے آیا ہوں تو اس پر وزیر نے انکی بہت عزت کی اور انعامات سے نوازا (۱۱)۔

قاضی بیضاوی نے درج ذیل تصانیف تحریر کی ہیں:

۱۔ انوار التنزیل واسرار التاویل فی التفسیر
۲۔ طوالع الانوار فی علم الکلام
۳۔ منہاج الوصول الی علم الاصول
۴۔ الایضاح فی اصول دین
۵۔ الغایۃ القصویٰ فی درایۃ الفتویٰ
۶۔ شرح لابن حاجب
۷۔ شرح المطالع فی المنطق
۸۔ مختصر فی الھیئۃ
۹۔ شرح الفصول فی الھیئۃ والفلک
۱۰۔ لب اللباب فی علم العراب
۱۱۔ نظام التواریخ (فارسی زبان
۱۲۔ رسالۃ فی موضوعات العلوم
۱۳۔ شرح المصابیح
۱۴۔ شرح المحصول
۱۵۔ شرح التنبیہ (چار جلد)

### وفات

آپ کی وفات تبریز کے مقام پر ۶۸۵ھ کو ہوئی اور بعض نے ۶۹۲ھ کا بھی قول نقل کیا ہے (۱۲)۔

## تفسیر کا تعارف

قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر کا نام "انوار التنزیل واسرار التاویل" رکھا ہے جیسا کہ خود مقدمہ میں لکھتے ہیں۔

"ناویاً أن أسمیه بعد أن أتممه بأنوار التنزیل وأسرار التاویل"(۱۳).

(اس بات کا ارادہ کرتے ہوئے کہ مکمل کرنے کے بعد اسکو "انوار التنزیل واسرار التاویل" کا نام دوں گا)۔

لیکن برزد زبان پر "تفسیر بیضاوی" کے نام سے مشہور ہے "تفسیر بیضاوی" پانچ جلدوں پر مشتمل ہے اور

پاکستان سمیت کئی مقامات سے شائع ہو چکی ہے قاضی بیضاوی نے یہ تفسیر تبریز کے مقام پر مکمل کی ہے (۱۴) تفسیر بیضاوی، تفسیر بالرائے کی مشہور ترین تفاسیر میں سے ہے قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر میں لغت عربی اور اہل سنت کے عقائد کے مطابق تفسیر و تاویل کو جمع کیا ہے اور اگر کسی نے امام فخرالدین رازی کی تفسیر مفاتیح الغیب، علامہ جاراللہ زمخشری کی تفسیر کشاف اور امام حسین بن محمد راغب کی تفسیر کا شائق ہو تو وہ ''انوار التنزیل و اسرار التاویل'' کا مطالعہ کرے اور اسی بات کو حاجی خلیفہ یوں بیان کرتے ہیں:

**''لخص فیه من الکشاف مایتعلق بالاعراب والمعانی والبیان ومن التفسیر الکبیر ما یتعلق بالحکمة والکلام ومن تفسیر الراغب مایتعلق بالا شتقاق وغوامض الحقائق ولطائف الاشارات''(۱۵).**

(تفسیر بیضاوی میں ''کشاف'' سے اعراب، معانی و بیان کی مباحث، ''تفسیر کبیر'' میں حکمت اور کلام کی مباحث اور ''تفسیر راغب'' سے علم اشتقاق، عمدہ حقائق اور لطیف اشارات کی تلخیص کی گئی ہے)۔

تفسیر بیضاوی کی قبولیت عامہ کا اس بات سے بھی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ہر مکتبہ فکر کے مدارس اور علماء تفسیر بیضاوی کو بڑے اہتمام کے ساتھ پڑھتے اور پڑھاتے ہیں تفسیر بیضاوی پر سب سے زیادہ حواشی، تعلیقات لکھے گئے ہیں حاجی خلیفہ نے کشف الظنون میں ۱۵ مستقل حواشی اور ۲۷ نامکمل تعلیمات و حواشی کا ذکر کیا ہے (۱۶)۔ ان حواشی و تعلیمات میں سے جو مستند حواشی مانے جاتے ہیں وہ حاشیہ ملا عبدالحکیم (۱۷) اور حاشیہ الخفاجی ہے (۱۸)۔

## قاضی بیضاوی کا منہج تفسیر

قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر ''انوار التنزیل و اسرار التاویل'' میں روایت اور درایت دونوں کا منہج اختیار کیا ہے اسی وجہ سے تفسیر بالرائے کی اقسام میں سے تفسیر بیضاوی کو تفسیر بالرائے المحمود کا درجہ ملا ہے۔ قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر میں لغت، بلاغت، صرفی و نحوی مباحث کے ساتھ تفسیر بالماثور، اسباب نزول قرأت وغیرہ کا اہتمام کیا ہے اور ساتھ احادیث و صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و تابعین رحمہم اللہ کے اقوال بھی ذکر کئے ہیں جیسا کہ خود مقدمہ میں لکھتے ہیں:

**''و لطالما احدث نفسی بان اصنف فی هذاا لفن کتابا یحتوی علی صفوة ممابلغنی من عظماء الصحابة ، علماء التابعین و من دو نهم من السلف الصالحین و ینطوی علی نکت بارعة و لطائف رائعة استنبطتها انا ومن قبلی من افاضل المتاخرین و اماثل المحققین ویعرب عن وجوه القراء ات المشهورة المعزوة الی الائمة الثمانية المشهورین والشواذ المرویة عن القراء المعتبرین''(۱۹).**

(بہت عرصہ سے میرے دل میں یہ بات کھٹک رہی تھی کہ میں فن تفسیر ایک ایسی کتاب لکھوں جو صحابہ کرام کے اقوال تابعین علماء اور سلف صالحین کے ارشادات پر مشتمل ہو اور اس کتاب میں ایسے عمدہ نکات اور باریک لطائف ہوں جو میں نے متاخرین افاضل اور بے مثال محققین سے جمع کئے ہیں اور اس میں مشہور قرات جو کہ آٹھ مشہور آئمہ کی طرف منسوب ہیں ان کو بیان کیا جائے اور ان شاذ مرویات کو بھی معتبر قراء سے بیان کیا جائے)۔

قاضی بیضاوی کا اپنی تفسیر میں اسلوب یہ ہے کہ کسی بھی سورہ کے ماتحت سورہ کا نام ذکر کرتے ہیں پھر بتاتے ہیں کہ مکی سورہ ہے یا مدنی بعد ازاں سورہ کے نام کی وجہ تسمیہ اور اگر سورہ کے دیگر اور نام ہیں تو انکا بھی ذکر کرتے ہیں۔قاضی بیضاوی سورہ کے آغاز ہی میں سورہ کے سبب نزول کے متعلق روایات ذکر کر دیتے ہیں پھر ان روایات میں تطبیق بھی بیان کر تے ہیں۔قاضی بیضاوی آیات کی تفسیر اپنے اسلوب میں اسطرح کر تے ہیں کہ ابتداء میں قرآن کی موجودہ قرات کی نشاندہی کرتے ہیں، جیسے سورۃ فاتحہ میں فرماتے ہیں:

﴿مَالِكِ يَومِ الدِّينِ﴾ قرأه عاصم و الكسائى ويعقوب(٢٠).

﴿مَالِكِ يَومِ الدِّينِ﴾ کی قرأت امام عاصم، کسائی اور یعقوب کے مذہب کے مطابق ہے۔

قرأت ذکر کرتے وقت مختار اور اصح قرأت کی بھی نشاندہی کرتے ہیں صرفی ونحوی تراکیب کی جتنی بھی ممکنہ صورتیں ہوتی ہیں ذکر کر کے اسی پر بطور استدلال عرب کے محاورات یا اشعار ذکر کرتے ہیں جیسے فرماتے ہیں کہ﴿يَومِ الدِّينِ﴾ کا معنی یوم الجزاء (بدلہ کا دن) ہے اسی پر عرب کا ایک محاورہ پیش کر کے مزید حماسہ کا شعر بھی ذکر کرتے ہیں:

"ومنه كما تدين تدان وبيت الحماسة: ولم يبق سوى العدوودنا هم كما دانوا "(٢١).

(اور اسی مادہ سے ہے کہ جیسا تم کروگے ویسا بدلہ ملے اور حماسہ کا شعر ہے دشمنوں کی صف میں کوئی بھی نہ بچا اور ہم نے ان کو ایسے جزاء دی جیسے انہوں نے دی)۔

قاضی بیضاوی عمومی طور پر صرفی ونحوی ابحاث میں فصاحت اور بلاغت کے نکات بیان کر دیتے ہیں کبھی کبھار الگ بھی ذکر کرتے ہیں، نیز قاضی بیضاوی اس کے بعد فقہی مسائل، آیت سے مستنبط مسائل، عقائد وکلام کے مسائل ذکر کرتے ہیں اور بعض اوقات احکامات کی آیات کی تفسیر میں بھی مسائل فقیہ کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔قاضی بیضاوی، امام فخر الدین رازی کے اسلوب کی طرح تفسیر میں منطق وفلسفہ کی مباحث، طبیعات اور جدید سائنس کے اصول بھی ذکر کرتے ہیں اور سورہ کے آخر میں متعلقہ سورہ کی فضیلت میں امام زمخشری کے اسلوب پر احادیث ذکر کرتے ہیں لیکن ان میں سے اکثر احادیث موضوع اور اسرائیلی روایات ہیں۔ذیل میں قاضی بیضاوی کے منہج کی خصوصیات کا جائزہ لیتے ہیں۔

## تفسیر بالماثور کا اہتمام

قاضی بیضاوی کی ''تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل'' ویسے تو تفسیر بالرائے میں شمار کی جاتی ہے لیکن انہوں نے تفسیر بالرائے کے ساتھ تفسیر بالماثور کا بھی منہج اختیار کیا ہے کئی مقامات پر قرآن کی تفسیر قرآن کے علاوہ احادیث مبارکہ، اقوال صحابہ اور اقوال تابعین کے ساتھ کرتے ہیں، جیسے:

﴿فَتَلَقّٰی آدَمُ مِن رَّبِّهٖ کَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَیۡهِ﴾(۲۲). یہاں ﴿کَلِمَات﴾ کی تفسیر قرآن سے کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''وهی قوله تعالی: ﴿ رَبَّنَا ظَلَمناأنفُسَنَا... ﴾''(۲۳).

(کہ کلمات سے مراد ﴿ رَبَّنَا ظَلَمناأنفُسَنَا... ﴾ کے الفاظ ہیں)۔

تفسیر القرآن بالقرآن کے ساتھ ساتھ تفسیر القرآن بالحدیث کو بھی اپنی تفسیر میں جگہ دیتے ہیں۔ جیسے:

﴿الَّذِینَ آمَنُوۡا وَلَم یَلۡبَسُوۡا اِیۡمَانَهُم بِظُلۡمٍ﴾(۲۴)

(وہ لوگ جو ایمان لے آئے لیکن ظلم کیوجہ سے ایمان ان میں مستقل نہ ہوا)

یہاں قاضی بیضاوی ظلم سے شرک والا معنی حدیث مبارک سے اخذ کرتے ہیں:

**''والمراد بالظلم هاهنا الشرک لماروی أن الآیة نزلت شق ذلک علی الصحابة وقالو أیّنا لم یظلم نفسه؟ فقال علیه الصلوة والسلام:'' لیس ما تظنون انما هوما قال لقمان لابنه یا بني﴿ لَا تُشۡرِکۡ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرۡکَ لَظُلۡمٌ عَظِیۡمٌ﴾(۲۵)**

(ظلم سے مراد یہاں شرک ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ کرام پر یہ بات گراں گذری کہ ہم میں سے کون ہے جو اپنے نفس پر ظلم نہیں کرتا یعنی ہمارا ایمان نہیں ہے تو اس پر رسول کریم نے فرمایا کیا تم کو اس بات کا علم نہیں ہے جو حضرت لقمان نے اپنے بیٹوں کو کہی کہ اے میرے بیٹے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے)۔

اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال سے بھی تفسیر کرتے ہیں جیسا کہ آیت دین میں فرماتے ہیں: کونسی بیع کی کتابت ہو رہی ہے اس پر حضرت عبداللہ بن عباس کا قول پیش کرتے ہیں:

''وعن ابن عباس أن المرادبه السلم وقال لما حرّم الله الربا أباح السلم'' (۲۶).

(حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ یہاں جسکی کتابت کرنا لازمی ہے وہ بیع سلم ہے کیونکہ اللہ نے سود کو حرام قرار اور بیع سلم کو حلال قرار دیا ہے)۔

## ناسخ ومنسوخ آیات کی نشاندہی

قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر میں ناسخ ومنسوخ آیات کی بھی نشاندہی کی ہے اور وہ آیات جن کے ناسخ ومنسوخ ہونے میں اختلاف ہے قاضی بیضاوی اس اختلاف کو بھی زیر بحث لاتے ہیں اور ساتھ ساتھ اپنا نقطہ نظر بھی ذکر کرتے ہیں۔جیسا کہ قران مجید میں ہے:

﴿یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الشَّھْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِیْهِ﴾ (۲۷)

(اے محبوب آپ سے لوگ حرمت والے مہینوں میں قتال کا سوال کرتے ہیں)۔

اس آیت کے ماتحت لکھتے ہیں:

**"والأكثر أنه منسوخ بقوله: ﴿فَاقْتُلُوْا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ﴾(۲۸) خلافاً لعطاء وهو نسخ الخاص بالعام وفيه خلاف"**(۲۹).

(اکثر آئمہ کے نزدیک درج بالا آیت،﴿فَاقْتُلُوْا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ﴾ کے ساتھ منسوخ ہے لیکن عطا اس نسخ کے قائل نہیں ہیں اور یہ نسخ الخاص بالعام کی قسم سے ہے اور اس میں اختلاف ہے)۔

## شان نزول کا ذکر

قاضی بیضاوی اپنی تفسیر میں اسباب نزول یا شان نزول کو بھی اہمیت دیتے ہیں۔اکثر آیت کے شروع میں ہی سبب نزول ذکر کر دیتے ہیں۔شان نزول بہت ہی اختصار کے ساتھ اور کبھی کبھی ضعیف صیغہ جیسے قیل، روی، وغیرہ کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔جیسے آیت خمر کے ماتحت لکھتے ہیں۔

**"روی أنه نزل بمكة ............الخ"** (۳۰).

## تفسیر کشاف کی تلخیص

قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر میں حد درجہ کوشش کی ہے کہ علامہ جاراللہ زمخشری کی تفسیر "کشاف" کا خلاصہ بیان کیا جائے چونکہ علامہ زمخشری معتزلہ میں سے ہیں اسی وجہ سے قاضی بیضاوی نے تفسیر "کشاف" کی ان مباحث کی تلخیص کی ہے جن میں معتزلہ کے عقائد کو بیان کیا گیا۔اور پھر معتزلہ کے خاص اور مشہور مسائل کو اتنی تفصیل کے ساتھ بیان نہیں کرتے بلکہ مختصراً ذکر کرتے ہیں۔تفسیر کشاف میں معتزلہ کے عقائد کے بارے میں ہے کہ معتزلہ کا عقیدہ ہے کہ انسان پر جنات وسوسوں کے ذریعے مسلط ہوتے ہیں درج ذیل آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں:

﴿لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا کَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ﴾(۳۱)

(قیامت کے دن نہ کھڑے ہوں گے جیسے کھڑا ہوتا ہے وہ جسے آسیب نے چھو کر مخبوط بنا دیا ہو)۔

فرماتے ہیں:

**"من المس أی الجنون وهذا أیضاً من زعما تهم أن الجنیّ عیه فیختلط عقله ولذلک قیل جن الرجل"** (۳۲).

(مس، جنون کو کہتے ہیں اور یہ بھی معتزلہ کے عقائد میں سے ہے کہ جن، انسانوں کو چھوتے ہیں تو ان کی عقل میں اختلاط کا شکار ہو جاتی ہے (تو گویا کہ وہ بھی جنون میں ہوتے ہیں) اسی وجہ سے کہا گیا ہے فلاں مرد کو جنون ہو گیا)۔

پھر قاضی بیضاوی اپنی تفسیر میں تفسیر ''کشاف'' کا منہج اور طریقہ کار بھی ملحوظ خاطر رکھتے ہیں جیسا کہ زمخشری ہر سورت کے آخر میں اس سورت کی فضیلت پر احادیث ذکر کرتے ہیں اسطرح قاضی بیضاوی بھی احادیث ذکر کرتے ہیں۔ لیکن یہ روایات اکثر موضوع ہیں۔

### قراءت کا ذکر

قاضی بیضاوی اپنی تفسیر میں قرآن مجید کے بارے میں مشہور قرآت کا بھی ذکر کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ قرآت شاذہ بھی ذکر کرتے ہیں قاضی بیضاوی کا تفرد اس بات میں ہے کہ وہ قرأت کے ذکر کرنے میں یہ بھی بتاتے ہیں کہ یہ قرأت کس امام کی ہے اور بعض اوقات مجھول صیغوں کے ساتھ بھی ذکر کرتے ہیں جیسے آیت وضو کے تحت لکھتے ہیں:

**"﴿وَأَرْجُلَكُمْ اِلَی الْکَعْبَیْنِ﴾ نصبه نا فع و ابن عامر و حفص و الکسائی ویعقوب عطفاً علی ﴿وُجُوْهِکُمْ﴾"** (۳۳).

(﴿وَأَرْجُلَکُم﴾ کو نافع، ابن عامر، حفص، امام کسائی اور یعقوب نے ﴿وُجُوْهَکُمْ﴾ پر عطف کی بنیاد پر منصوب قرار دیا ہے)۔

کبھی کبھی قرأت ذکر کر کے اس سے معانی مستنبط کرتے ہیں اور اس کی بنا پر فقہی احکام میں ترجیح بھی ثابت کرتے ہیں (۳۴)۔

### لغوی ابحاث

قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر میں لغوی، نحوی، صرفی، اور علم بلاغت و بیان کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے بعض اوقات تفسیر کا مطالعہ کرنے سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ یہ علم لغت کی کتاب ہے آیات میں مفردات کی تشریح اختصار کے ساتھ کرتے ہیں جیسے:

**"الایمان فی اللغة عبارة عن التصدیق ماخوذ من الأمن"**(۳۵).

(ایمان لغت میں تصدیق کا نام ہے اور یہ امن سے ماخوذ ہے)۔

اس طرح رب کی تشریح کرتے ہیں:

**"الرب فی الاصل مصدر بمعنی التربیة وتبلیغ الشئی الٰی کماله شیاً فشیاً ثم وصف به للمبالغة کالصوم والعدل"** (٣٦).

(رب لغت میں مصدر ہے جسکا معنی تربیت ہے اور تربیت یہ ہے کہ کسی چیز کو اسکے کمال تک آہستہ آہستہ پہنچانا پھر اسکو صوم اور عدل کی طرح مبالغہ میں استعمال کیا گیا)۔

قاضی بیضاوی اپنی تفسیر میں نحوی مباحث کو بہت ہی اہمیت دیتے ہیں۔اعراب کی مختلف حالتیں بیان کرتے ہیں اور ان اعراب سے جو معانی ثابت ہوتے ہیں انکا بھی ذکر کرتے ہیں۔

جیسے فرماتے ہیں:

**﴿الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا﴾** (٣٧) **صفة ثانیة أو مدح منصوباأو مرفوع أو مبتداً خبره﴿ فَلا تَجْعَلُوْا﴾** (٣٨)

(﴿فِرَاشًا﴾ صفت ثانیہ ہے یا منصوب (ارض) کی مدح ہے یا مرفوع ہے یا مبتدا ہے اور اسکی خبر ﴿ **فَلا تَجْعَلُوْا**﴾ ہے۔

## علم بلاغت کا اہتمام

قاضی بیضاوی نے جو سب سے زیادہ جس علم پر زور دیا ہے وہ علم بلاغت ہے اور کوشش کرتے ہیں کہ جو جو نکات علامہ جاراللہ زمخشری نے "تفسیر کشاف" میں بیان کئے ہیں ان کی تلخیص کی جائے۔جب تفسیر کشاف کی تلخیص کی بات کی جائے تو اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ قاضی بیضاوی تو صرف ناقل ہیں بلکہ قاضی بیضاوی بلاغت کے نکات اور تاویل کے اسرار اور رموز کو ایک نئے انداز میں پیش کرتے ہیں۔ذیل میں دونوں مفسرین کا طریقہ ملاحظہ ہو۔قرآن مجید میں ہے:

**﴿ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَا رَیْبَ فِیْہِ﴾** (٣٩)

(یہ وہ کتاب ہے جس میں شک کی گنجائش نہیں ہے)۔

درج بالا آیت میں **﴿لَا رَیْبَ فِیْہِ﴾** کا معنی دونوں مفسرین نے یہ لکھا ہے: **"لیس فیه مجال للشبه ولا مدخل للریبة"** (٤٠).

(اس کتاب میں شبہ کی مجال اور شک کا دخل تک نہیں ہے)۔

جاراللہ زمخشری اور قاضی بیضاوی دونوں کا نقطہ نظر ایک ہے لیکن اسی بات کو زمخشری نے بہت ہی طویل عبارت اور اعتراض و جواب کی شکل میں لکھا ہے کہ تم کیسے کہہ سکتے ہو کہ اس میں شک نہیں ہے۔حالانکہ اس میں شک کرنے والے تو ہیں؟ اور قرآن مجید اس بات پر شاہد ہے لیکن جب اسی بات کو تفسیر بیضاوی میں دیکھا جائے تو اس سے ایک بات یہ واضح

ہوتی ہے کہ قاضی بیضاوی محض ناقل نہیں ہیں بلکہ انہوں نے تفسیر کشاف کی درج بالا عبارت کو اپنے اسلوب اور الفاظ میں تحریر کیا ہے فرماتے ہیں:

”﴿لا رَيۡبَ فِيۡهِ﴾ معناه لو ضوحه وسطوح بر هانه بحيث لا ير تاب العاقل بعد النظر الصحيح فى كو نه و حياً بالغا لحدالاعجاز لا ان احداً لا ير تاب فيه“ (۴۱)۔

(﴿لا رَيۡبَ فِيۡهِ﴾ کا معنی ہے کہ قرآن کے دلائل وبراہین اتنے واضح ہیں کہ جو کوئی عاقل شخص اگر اس میں غور وفکر کرے تو وہ شک نہیں کر سکے گا۔ کیونکہ قرآن تو حدالاعجاز کی انتھاء کو پہنچا ہوا ہے نہ کہ یہ معنی ہے کہ کوئی بھی شک نہیں کرے گا)۔

نیز شک کرنا اور بات ہے، شک کا نہ ہونا اور بات ہے قرآن کی فصاحت یہ ہے کہ اس کتاب میں شک کی گنجائش نہیں ہے نہ کہ کوئی شخص شک بھی نہ کرے۔

## فقہی مسائل کے بارے نقطہ نظر

قاضی بیضاوی نے جامع انداز میں تفسیر لکھی ہے عقائد کے مسائل ہوں یا فقہی مسائل ہوں سب کو ذکر کرنے کی کوشش کی ہے چونکہ قاضی بیضاوی کا فقہی مسلک امام شافعی کے مطابق ہے امام شافعی کے نقطہ نظر تو کبھی کبھی امام شافعی کے نام کی صراحت کے ساتھ لکھتے ہیں۔ کبھی عندنا اور اصحابنا کے ساتھ ذکر کرتے ہیں لیکن قاضی بیضاوی اکثر فقہی مسائل میں ایجاز اور اختصار سے کام لیتے ہیں۔ فقہی مباحث میں طوالت سے کام نہیں لیتے ہیں دیگر آئمہ اور خصوصا احناف کے نقطہ نظر کو بھی ذکر کرتے ہیں لیکن ترجیح امام شافعی کے مسلک کو دیتے ہیں۔ احناف کے مذہب کو کالحنفیۃ، ومذھب ابی حنیفۃ، قال ابو حنیفۃ اور بعض اوقات قیل کے ساتھ بھی ذکر کرتے ہیں۔ اکثر احناف کا نقطہ نظر بیان کرتے ہیں اور دیگر ائمہ کرام کے نقطہ نظر کو بھی اشارۃ اور اختصار کے ساتھ ذکر کرتے ہیں جیسے مسئلہ قروء میں لکھتے ہیں۔

”واصله الا نتقال من الطهر الى الحيض وهو المراد به فى الاية لا نه الدال على براء ة الرحم لاالحيض كما قاله الحنفية“(۴۲)۔

(اصل میں انتقال طہر سے حیض کی طرف ہے اور آیت سے یہی مراد ہے کیونکہ آیت رحم برأت پر دلالت کرتی ہے نہ کہ حیض کی برأت پر جیسا کہ حنفیہ نے کہا ہے)۔

## معتزلی اور اہل سنت کے عقائد کے مابین فرق

قاضی بیضاوی کا شمار اہل سنت والجماعت اشاعرہ علماء میں ہوتا ہے چونکہ وہ بہت سے مقامات پر تفسیر کشاف کی تلخیص پیش کرتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ وہم ہوسکتا تھا کہ قاضی بیضاوی عقائد کے مسائل بھی علامہ جاراللہ زمخشری کی پیروی

کرتے ہونگے لیکن تفسیر بیضاوی کے مطالعہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے قاضی بیضاوی نہ صرف مسلک اہل سنت پر قائم ہیں بلکہ وہ اکثر مقامات پر معتزلہ کے عقائد کی تردید بھی کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ اہل سنت والجماعت کے مئوقف کی برتری بھی ثابت کرتے ہیں جیسے ایمان کی بحث میں لکھتے ہیں:

**"وأمافی الشرع فالتصديق بما علم بالضرورة أنه من دين محمد كالتوحيد والنبوة والبعث والجزاء و مجموع ثلاثة امور اعتقاد الحق ،والا قراربه ،والعمل بمقتضاه عند جمهور المحدثين والمعتزلة والخوارج فمن اخل بالا عتقاد وحده فهو منافق ومن اخل بالاقر فكافر ومن اخل با لعمل ففاسق و فاقاً وكا فر عند الخوارج و خارج عن الايمان غير داخل فی الكفر عند المعتزلة"**(۴۳).

ایمان شریعت میں دین محمدی کے ضروری عقائد کی تصدیق کا نام ہے جیسے توحید، نبوۃ، بعث اور قیامت کے دن جزاء پر اعتقاد رکھنا۔تین چیزوں یعنی حق پر اعتقاد، اقرار اور عمل کرنے کا نام کامل ایمان ہے اور یہ بات جمہور محدثین معتزلہ اور خوارج کے نزدیک ہے اور جس کا صرف اعتقاد نہیں ہے تو وہ منافق ہے اور جسکا اقرار نہیں ہے تو وہ کافر ہے اور جس کا صرف عمل نہیں ہے تو وہ فاسق ہے لیکن عمل نہ ہونے پر خوارج کے نزدیک کافر ہے اور معتزلہ کے نزدیک وہ نہ تو ایمان سے خارج ہے اور نہ ہی کفر میں داخل ہے۔

قرآن مجید کے حادث ہونے سے متعلق معتزلہ کے موقف کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

> **"واحتجت المعتزلة بما جاء فی القرآن بلفظ الماضی علیٰ حدوثه لاستد عائه سابقة المخبر عنه واجيب با نه مقتضى التعلق وحدوثه لا يستلزم حدوث الكلا م كما فی العلم"** (۴۴).
>
> (معتزلہ نے اس بات سے دلیل پکڑی ہے کہ قرآن میں جو ماضی کے صیغے آئے ہیں وہ قرآن کے حدوث پر دلالت کرتے ہیں کیونکہ لفظ ماضی مخبر عنہ کے گذرنے پر دلالت کرتا ہے اس بات کا یہ جواب دیا گیا ہے کسی چیز کا تعلق یا حادث ہونا کلام کے حادث کو ہونے کو مستلزم نہیں ہے)۔

## اسرائیلی روایات کے بارے میں موقف

قاضی بیضاوی بنیادی طور پر ایک مفسر ہیں اور ساتھ ساتھ علوم عقلیہ میں بھی مہارت تامہ حاصل تھی لیکن قاضی بیضاوی کو حدیث میں وہ دسترس حاصل نہیں تھی جو ایک محدث یا حافظ حدیث کو ہوتی ہے اسی وجہ سے "تفسیر بیضاوی" میں قاضی صاحب سے حدیث کے معاملہ میں تسامح ہوا ہے ایک طرف تو قاضی بیضاوی اسرائیلی روایات ذکر کرتے ہیں اور پھر

دوسری طرف سورتوں کے آخر میں موضوع احادیث بطور فضائل ذکر کرتے ہیں لیکن دوران تفسیر قاضی بیضاوی بہت ہی کم تعداد میں اسرائیلی روایات ذکر کرتے ہیں اور عمومی طور پر اس مقام پر اسرائیلی روایات ذکر کرتے ہیں جہاں اسرائیلی روایات اور قرآن کے قصص میں مطابقت ہو اور پھر اکثر مقامات پر اسرائیلی روایات روی، قیل وغیرہ جیسے ضعیف الفاظ کے ساتھ ذکر کرتے ہیں جیسے قرآن مجید میں ہے:

﴿فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيۡهِمۡ أَرۡبَعِينَ سَنَةً يَتِيهُونَ فِي الۡأَرۡضِ﴾ (۴۵)

([بیت المقدس] کی زمین ان پر چالیس برس تک حرام کی گئی تاکہ وہ بھٹکتے پھرے زمین میں)۔

یہاں زمین سے مراد بیت المقدس کی زمین ہے اب اس پر قاضی بیضاوی اسرائیلی روایات ذکر کرتے ہیں:

**"روی أن مو سی سار بعده بمن بقی من بنی اسرائیل فتح اریحاء وقام بها ما شا ء الله ثم قبض وقیل انه قبض فی التیه ولما اخبر هم بانیوشع بعده نبی وان الله سبحانه أمره بقتال الجبابرة فساربهم یوشع"**(۴۶).

(روایت کیا گیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے بچ جانے والوں کو لے کر چلے اریحاء کو فتح کیا پھر وہاں رہے جو اللہ نے چاہا پھر انکو موت آگئی۔ اور یہ بھی کی گئی ہے کہ تیہ میں انکی روح قبض ہوئی پھر بنی اسرائیل کو خبر دی گئی کہ حضرت یوشع ان کے بعد نبی ہیں اور اللہ تعالی نے جبارین کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے پھر یوشع ان کو لے چل پڑے)۔

اسی طرح ھاروت وماروت جو دو فرشتے ہیں ان کے بارے میں روایت ذکر کرتے ہیں:

**"وقدروی انهما مثلا بشرین ور کب فیهما الشهوة فتعرضا لا مرء ة یقال لها الزهرة فحملتها علی المعاصی والشرک"**(۴۷).

(روایت ہے کہ ان دونوں فرشتوں کو انسانی شکل دی گئی پھر ان پر شہوت کا غلبہ ہو گیا تو وہ ایک زہرہ نامی پر عاشق ہو گئے تو اس عورت نے ان فرشتوں کو گناہ اور معصیت پر ابھارا)۔

بلا شبہ قاضی صاحب نے اسرائیلی روایات نقل کی ہیں لیکن پہلی بات تو ہے کہ ان کے ہاں یہ بہت ہی کم تعداد میں ہیں نیز خود ہی انکے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جیسا کہ محمد حسین ذہبی لکھتے ہیں:

**"والبیضاوی مقل جداً من ذکر الروایات الاسرائیلیة وهو یصدر الروایة بقوله روی او قیل ........اشعار منه بضعفها"** (۴۸).

(بیضاوی اسرائیلی روایات بہت ہی کم تعداد میں ذکر کرتے ہیں اور اسرائیلی روایات کو روی یا قیل کے ساتھ ذکر

کرتے ہیں جو ان کے ضعیف ہونے کا اشارہ ہے)۔

## موضوع روایات کا ذکر

علامہ زمخشری نے سورۃ کے اختتام پر اسی سورۃ کی فضیلت میں احادیث ذکر کی ہیں۔ چونکہ قاضی بیضاوی نے ''تفسیر کشاف'' کا منہج اختیار کیا ہے تو قاضی بیضاوی نے بھی زمخشری کے منہج کے مطابق سورۃ کے اختتام پر ضعیف اور موضوع احادیث ذکر کر دی ہیں جیسے سورۃ فاتحہ کے اختتام پر ذکر کرتے ہیں۔

**ان النبی ﷺ کا ن اذا قرء ﴿وَلَا الضَّآلِّيْنَ﴾ قال: آمین ورفع صوته** (۴۹).

لیکن اس سے یہ مطلب بالکل نہ لیا جائے کہ قاضی بیضاوی سورت کے اختتام پر سب کی سب احادیث موضوعہ ذکر کرتے ہیں بلکہ وہ اس مقام پر احادیث صحیحہ سے بھی استدلال کرتے ہیں جیسا کہ درج ذیل حدیث کو امام بخاری روایت کرتے ہیں:

**''من قرء الآیتین من آخر سورۃ البقرۃ فی لیلۃ کفتاہ''** (۵۰).

(جس نے رات کو سورہ بقرہ کی آخری دو آیات پڑھیں وہ اس کے لیے کافی ہیں)۔

## نتائج تحقیق

۱۔ قرآن مجید شریعت اسلامیہ کا بنیادی واولین ماخذ ہے۔ بے شک قرآن فہمی کے لئے تفسیر بیضاوی ایک عمدہ تفسیر ہے۔

۲۔ قاضی بیضاوی نے علامہ جاراللہ زمخشری کی تفسیر کی تلخیص کرنے کی کوشش کی ہے لیکن زمخشری کے معتزلی عقائد کی سخت مخالفت کی ہے۔

۳۔ قاضی بیضاوی کا منہج تفسیر واسلوب بہت ہی عمدہ ہے۔ تفسیر بیضاوی علم وادب کا سرمایہ ہے۔ قاضی بیضاوی نے قرآن کے وجوہ اعجاز کو نئے انداز میں پیش کیا ہے۔

۴۔ قاضی بیضاوی نے سورتوں کی فضیلت میں موضوع روایت نقل کی ہیں۔ شاید اسکی وجہ یہ بھی ہو کہ قاضی بیضاوی کو علوم حدیث میں مہارت تامہ حاصل نہیں تھی۔

۵۔ قاضی بیضاوی نے مسلک شافعی کی پیروی کرتے ہوئے دیگر آئمہ اور خصوصاً احناف کا رد کیا ہے۔

# حواشی وحوالہ جات

۱۔ سیوطی،عبدالرحمٰن بن ابی بکر(متوفی ۹۱۱ھ)، بغیة الوعاة فی طقات اللغوین والنحاة،المکتبۃ العصریہ،لبنان، ۵۰/۲۔

۲. خفاجی،شہاب الدین احمد محمد(متوفی۱۰۹۶ھ) حاشیة الشهاب علی تفسیر البیضاوی ،دارصادر بیروت،۲/۱۔

۴۔ علی، محیی الدین،مقدمة الغایة القصوىٰ،دارالاصلاح لطبع والنشر والتوریع سعودیہ،سن ندارد، ۵۸/۱۔

۵۔ بیضاوی، ناصرالدین عبداللہ بن عمر(متوفی ۶۸۵ھ)،الغایة القصوى،ج۱۸۴/۱۔

۶۔ بیضاوی، الغایة القصوىٰ، ۶۲/۱،۶۳۔

۷۔ حاجی خلیفہ،مصطفیٰ عبداللہ(متوفی ۱۰۶۷ھ)، کشف الظنون،مکتبہ المثنی بغداد،۱۹۴۱ء،۱۱۰/۴۔

۸۔ نام:فخرالدین احمد بن الحسن الشافعی الجاربردی ہے تبریز کے رہنے والے تھے قاضی بیضاوی سے علم حاصل کیا۔وفات ۷۴۶ھ ہے (ابن عماد،شذرات الذہب فی اخبارمن ذہب،دارالافاق الجدیدة بیروت لبنان،۱۴۸/۶)۔

۹۔ پورانام:عمربن الیاس بن یونس المراغی،ابوالقاسم ہے۶۴۳ھ کوآذربائیجان میں پیداہوئے قاضی بیضاوی سے المنہاج اور غایة القصوى کی سماعت کی۔ (ابن حجر،الدرالکافیة فی اعیان المائة الثامنة،دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباددکن بھارت۱۳۴۹ھ، ۱۵۶/۳)۔

۱۰۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے ذکر کیا ہے کہ زین الدین الهنکی قاضی بیضاوی کے شاگرد رہے ہیں(ابن حجر،الدرالکافیہ، ۳۲۲/۲)۔

۱۱۔ السبکی،تاج الدین عبدالوھاب بن تقی(متوفی۷۷۱ھ)،طبقات الشافعیة الکبرىٰ،دارالھجر للطباعة والنشر والتوزیغ ۱۴۱۳ھ، ۱۵۸/۸۔

۱۲۔ حاجی خلیفہ،مصطفیٰ بن عبداللہ، کشف الظنون،دارالفکر بیروت۱۹۹۰ء،۱۸۶/۱، زرکلی،خیرالدین بن محمود(متوفی ۱۳۹۶ھ)،الاعلام،دارالملایین بیروت۱۹۸۰ء،۱۱۰/۴۔

۱۳۔ بیضاوی،ناصرالدین عبداللہ بن عمر،متوفی ۶۸۵ھ، انوار التنزیل و اسرار التاویل،داراحیاءالتراث العربی بیروت ۱۴۱۸ھ، ۲۳/۱۔

۱۴۔ ابن عاشور،فاضل،التفسیر و رجاله،دارالثقافة الدوحہ قطر،۱۹۹۴ء،ص:۱۰۷۔

۱۵۔ ایضاً،ص۵۵۔

۱۶۔ (۱) حاشیہ فوجوی (۲) حاشیہ ابن التجید (۳) حاشیہ القاضی (۴) حاشیہ السیوطی (۵) حاشیہ الکرمانی (۶) حاشیہ الشروانی (۸) حاشیہ صبغۃ اللہ (۹) حاشیۃ القرامانی (۱۰) حاشیۃ الایدینی (۱۱) حاشیہ الصادقی (۱۲) حاشیہ لنخجوانی (۱۳) حاشیہ السروری (۱۴) حاشیۃ المولی (۱۵) حاشیۃ الحسام الماضی۔ان حواشی کے علاوہ دیگر تعلیقات ہیں( حاجی خلیفہ،کشف الظنون، ج ۱۔ص: ۱۸۶تا۱۹۳)

۱۷۔ ملاعبدالحکیم سیالکوٹی برصغیر پاک وہند کے مشہورترین علماء میں سے ہیں۔ان کا نام عبدالحکیم بن شمس الدین متوفی ۱۰۶۸ھ ہے ان کی بہت سی تالیفات ہیں۔(صلاواتی،یسین،ڈاکٹر،الموسوعة العربیة المیسرة ،ج۵،ص۲۱۲۳)۔

۱۸۔ حاشیہ خفاجی،احمد بن محمد بن عمرالمعروف شہاب الدین حفاجی کا ہے ولادت مصر ۹۷۷ھ اور وفات ۱۰۶۹ھ ہے حاشیہ شہاب کا پورا

نام ''عناية القاضی کفاية الراضی علی شرح البيضاوی'' (حاجی خلیفہ، کشف الظنون، ج ا ص ۱۸۸)۔

۱۹۔ بیضاوی، انوار التنزیل، ج ا ص ۲۳

۲۰۔ ایضا، ج ۱/۲۸۔

۲۱۔ ایضا، ۱/۲۸۔

۲۲۔ سورۃ البقرہ، ۲: ۳۷۔

۲۳۔ بیضاوی، انوار التنزیل، ۱/۳۷، سورۃ الاعراف، ۷: ۲۳۔

۲۴۔ سورۃ الانعام، ۶: ۸۲۔

۲۵۔ سورۃ لقمان، ۳۱: ۱۳، بیضاوی، ۱/۱۷۰۔

۲۶۔ بیضاوی، انوار التنزیل، ۱/۱۶۴۔

۲۷۔ سورۃ البقرہ، ۲: ۲۱۷۔

۲۸۔ سورۃ التوبۃ، ۹: ۵۔

۲۹۔ بیضاوی، انوار التنزیل، ۱/۱۳۷۔

۳۰۔ ایضا، ۱/۱۳۷۔

۳۱۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۷۵۔

۳۲۔ بیضاوی، انوار التنزیل، ۱/۱۶۲۔

۳۳۔ ایضا، ۲/۱۱۷۔

۳۴۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: ایضا، ۱/۱۳۹۔

۳۵۔ ایضا، ۱/۳۷

۳۶۔ ایضا، ۱/۲۸۔

۳۷۔ سورۃ البقرہ، ۲: ۲۲۔

۳۸۔ انوار التنزیل، ۱/۵۵۔

۳۹۔ سورۃ البقرہ، ۲: ۲۔

۴۰۔ انوار التنزیل، ج ۱/۳۶، زمخشری، محمود بن عمر (متوفی ۵۳۸ھ)، الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل، دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۷ھ، ۱/۳۴۔

۴۱۔ انوار التنزیل، ۱/۳۶

۴۲۔ ایضاً، ۱/۱۴۱۔

۴۳۔ ایضا، ۱/۳۷۔

۴۴۔ بیضاوی، انوار التنزیل، ج ا ص ۴۱۔

۴۵۔ سورۃ المائدہ، ۵: ۲۶۔

۴۶۔ بیضاوی،انوار التنزیل، ۱۲۲/۲۔

۴۷۔ ایضا، ۷۹/۲،۷۸

۴۹۔ ایضا، ۱۲۲/۲، یہ موضوع روایت ہے۔

۵۰۔ بخاری،محمد بن اسماعیل،صحیح البخاری،رقم الحدیث ۴۷۲۲، ج ۴،ص ۱۹۱۴،مکتبہ الیمامہ دمشق ۱۹۸۷ء۔

# خصائصِ نبویؐ پر عصری تصنیفی اسالیب کا تحقیقی جائزہ

## Research Review of The Contemporary Authoring Styles on Khasais e Nabavi(Prophet Muhammadﷺ's Characteristics)

ڈاکٹر محسنہ منیر☆


### *ABSTRACT*

The life of Prophet(ﷺ) is the complete and comprehensive role model for human being. He possesses Qura'nic Characteristics. He has some distinguish attributes those nobody else has in the human history.

To convey the personality of Prophet(ﷺ) to the offspring, likewise the old scholars, Many scholars of modern time wrote books on the different aspect of characteristic of Prophet(ﷺ)with the diversity of methodologies. Some focused on collecting His(ﷺ)attributes wherever they found in the books without critical analysis of traditions, while the others tried to sift the Prophetic Traditions and collect the authentic of them. Some authors paid attention to present attributes in dialectic method whereas the others formed them on scientific way. It is noteable here that orientalists also worte on the topics whethe in positive or in negative form.

The article is an effort to point out the contemporary work done by the scholars in collecting the characteristics of Holy Prophet(ﷺ).Moreover, it draws the attention towards the qualities and problems of the work done on the topic, as it recomends that the topic should be dealt and presented with the authentic and basic sources. All it is analyzed briefly.


---

☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر، لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی، لاہور، پاکستان۔

رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ، آپؐ کی ذاتِ مبارک، آپؐ کی نبوت و بشریت خاص کمال کا درجہ رکھتی ہے جس کو احاطۂ تحریر و تحقیق میں لانے کا فریضہ امتِ محمدیہؐ نے خوب انجام دیا ہے۔ خصائصِ نبویؐ کو تحریر میں لانے کا مسلمہ اسلوب یہ ہے کہ ان کے بارے میں قرآن و روایاتِ صحیحہ میں سے اخذ کرنا لازم ہے۔ اس طرح جو نقشہ ترتیب پائے گا وہ ہی امتِ محمدیہ اور جملہ انسانیت کے لیے اس باب میں حقیقی منہج ہوگا۔ یہ اُسلوب بیان اختیار کرنے کا مقصد اولین سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ٹھیک ٹھیک آئندہ نسلوں تک پہنچانا ہے۔ دوسرا مقصد سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت سے آگاہ ہونا اور عامۃ الناس کو اس سے آگاہ کرنا ہے۔ تیسرا مقصد اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اہم فریضہ کا درک حاصل کرنا ہے۔

من حیث المجموع خصائص کبریٰ جو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ہیں وہ ان جملہ امور و معاملات میں شامل ہیں جن کا مکمل ادراک محدود انسانی عقل کے لیے ناممکن ہے کیونکہ اس باب میں بہت کچھ امورِ غیبیہ و عجیبہ کا دخل ہے۔ اس بنا پر اس مضمون پر قلم اٹھانے میں احتیاط لازم ہے۔

قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں جو انداز اختیار فرمایا ہے احوالے سے سورۃ النجم میں یوں فرمایا ہے:

﴿وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی o مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰی o وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی﴾(۱)

یہ جامع بیان ان خصائص کا عنوان ہے جن سے خالقِ حقیقی نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو متصف فرمایا ہے۔

دیگر خصائص میں سے ایک اس آیت مبارکہ میں بیان فرمایا گیا ہے: ﴿اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ﴾(۲) ایک اور مقام پر فرمایا: ﴿عَسٰی اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا﴾(۳) نیز فرمایا: ﴿وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ﴾(۴) اور یہ کہ: ﴿وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ﴾(۵)

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**"أعطيت خمسا لم يعطهن أحد قبلي: بعثت الى الأحمر والأسود، ونصرت بالرعب ميسرة شهر و جعلت لى الأرض مسجدا وطهورا واحلت لي الغنائم ولم تحل لبني كان قبلي، واعطيت الشفاعة، وانه ليس من بنى الا وقد سأل شفاعته وإنى اخرت شفاعتي فجعلتها لمن مات لا يشرك بالله شيئا"(٦).**

ایک اور جگہ فرمایا:

**"فضلت على الأنبياء بست: أعطيت جوامع الكلم، ونصرت بالرعب، وأحلت لي الغنائم، وجعلت لى الارض مسجدا وطهورا وأرسلت الى الخلق كافة و ختم بي النبيون"(٧).**

ایک اور حدیث ہے:

**"أنا أول شفيع فی الجنة لم يصدق نبی من الأنبياء من صدقت و ان من الانبياء نبيا ما يصدقه من أمته الا رجل واحد"(٨).**

مذکورہ بالا آیات واحادیث میں رسول اللہ ﷺ کے خصائص کبریٰ بیان کیے گیے ہیں۔اسی طرح قرآن مجید اور روایات صحیحہ میں رسول اللہ ﷺ کے خصائص جو بیان کیے گئے ہیں ان کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ موضوع شخصیت نبوی ﷺ کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے ۔اس اہمیت کے پیش نظر اوائل دور کے علماء کرام نے خصائص نبویہ پر جو کتب تحریر کیں ان میں اخذ روایت کے اصولوں کو بھی مدنظر رکھا۔ان میں سے چند کتب کے نام درج ذیل ہیں:

**شرف المصطفیٰ....محمد بن ابراهيم نيشاپوریؒ**

**دلائل النبوة ...... ابو دائود السجستانیؒ (م۲۷۵ھ)**

**اعلام النبوة ...... ابن قتيبة الدينوریؒ (م۲۷۶ھ)**

**دلائل النبوة...... ابو نعيم اصفهانیؒ (م۴۳۰ھ)**

**دلائل النبوة ......البيهقیؒ (م۴۵۸ھ)**

**غاية السول فی خصائص الرسول ﷺ.... ابن الملقنؒ (م۸۰۴ھ)**

**خصائص الكبریٰ ......السيوطیؒ (م۹۱۱ھ)** شامل ہیں۔

ان کتب کے مطالعے کے ساتھ ساتھ مختلف ادوار میں شائع ہونے والی کتب کے جائزے سے مختلف انداز و اسالیب تحریر سامنے آتے ہیں۔جن میں صحیح وغلط اسالیب کا فیصلہ ان میں روایات کو شامل کرنے کے اصولوں کی روشنی میں بھی لگایا جاسکتا ہے اور اسلام کے بنیادی عقیدہ رسالت کو مدنظر رکھ کر بھی ہوسکتا ہے۔دورِ جدید میں بھی سیرت رسول ﷺ پر ان گنت اوراق رقم کیے گئے ہیں۔ان میں سے خصائص و معجزات نبویؐ پر درج کتب کی طویل فہرست ہے۔خصائل نبوی ﷺ بھی اس دور کا خاص مضمون ہے جس کے تحت سنت نبوی کے مختلف گوشوں کو امت کے سامنے لایا گیا ہے۔

جدید دور میں خصائص وامتیازاتِ رسول ﷺ پر بنیادی طور پر دو انداز میں کتب تحریر کی جارہی ہیں:

۱۔ مستقل کتب

۲۔ ضمنی تذکرہ

مستقل کتب میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پاک کے ان پہلوؤں کو اہمیت دی گئی ہے جو عمل کے ساتھ

مخصوص ہیں۔

کلامی انداز

جدید دور کے علمی رجحانات نے عالمی تبدیلیوں، سیاسی عروج و زوال اور معاشی سوچ کے زاویوں سے کافی حد تک اثر قبول کیا ہے۔ یہ اثر سیرت کی تحریر میں بھی پایا جاتا ہے۔ مسلمانوں کے زوال کے ساتھ اس میں مبالغہ، جارحانہ پن، شدتِ تحریر اور کلامی انداز شامل ہوگیا۔ علامہ شبلیؒ نعمانی کی تصنیف سیرۃ النبیؐ جس کی جلد سوم سید سلیمان ندویؒ نے تحریر کی تھی اس کی ایک مثال ہے۔ یہ کتاب جس دور میں تحریر کی گئی وہ فی الحقیقت برصغیر پاک و ہند میں مسلمانوں کے زوال کا دور تھا۔ اس کتاب میں علمی و کلامی انداز سے خصائص نبویؐ پر اظہار خیال کیا گیا ہے۔ یہ دور سائنسی ترقی کے آغاز کا دور تھا۔ جدید علوم میں عقل کو امام بنایا جا چکا تھا۔ اس لیے عقل کی تسکین کا سامان معجزہ کی حقیقت، نبوت و رسالت کی حقانیت اور رسول پاک ﷺ کی ذات مبارکہ سے خاص امتیازات کے بیان میں بھی کیا گیا(۹)۔

سیرۃ المصطفیٰ، محمد ادریس کاندھلویؒ کی تالیف ہے۔ اس کتاب میں معجزات و خصائص نبوی ﷺ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس کا انداز متکلمانہ ہے جس میں لادینیت سے مرعوب ذہن کو مخاطب کیا گیا ہے۔ جدید اسالیب سیرت میں سے یہ اُسلوب نمایاں ہے۔ اسی اُسلوب کو اختیار کرنے والوں کا مقصد ابلاغ کے ساتھ ساتھ دفاع بھی ہے۔ محمد ادریس کاندھلوی ایک مقام پر تکمیلِ دین کے مضمون کے بیان میں یوں رقم طراز ہیں:

> ''اور قیامت تک کے لیے دنیا کو ایک ایسا کامل اور مکمل دستور (یعنی شریعت) دے گئے جو ان کے دین اور دنیا کی اصلاح و فلاح کا کفیل ہے اور اس کے حقائق و دقائق اور اسرار و حکم کو دیکھ کر دنیا حیران ہے، قیامت تک پیش آنے والے واقعات کا حکم شریعت محمدیہؐ سے معلوم ہوسکتا ہے۔ علماء یہود و نصاریٰ کے پاس کوئی شریعت ہی نہیں جس کو سامنے رکھ کر علماء امت اور فقہاء ملت کی طرح فتویٰ دے سکیں۔ اس وقت نصاریٰ کے پاس شریعت کا کوئی علم نہیں جس کی رو سے وہ فتویٰ دے سکیں ہاں نصاریٰ کے پاس صنعت و حرفت اور کاری گری کے علوم و فنون ہیں۔ حکمرانی اور جہاں بانی اور عدل عمرانی کے متعلق ان کے پاس کوئی آسمانی قانون نہیں کہ جس کی رو سے وہ دنیا میں عدل و انصاف کے ساتھ حکومت کر سکیں۔ مغربی اقوام کے پاس جو دستور ہے وہ چند اہل فکر کے افکار اور خیالات کا نتیجہ ہے۔ شریعتِ اسلامیہ کی طرح آسمان سے نازل شدہ کوئی قانون ان کے پاس نہیں''(۱۰)۔

مذکورہ اُسلوب کی ایک اور مثال محمد رشید رضا کی تصنیف ''الوحی المحمدی'' ہے۔اس میں بھرپور انداز سے دفاعی وکلامی اُسلوب اختیار کیا گیا ہے۔

''العقل والعلم البشری لا یغنیان عن هدایة الرسل'' کے عنوان کے تحت کتاب کے صفحہ ۳۹ پر انھوں نے لکھا ہے:

> ''نعم لکل ذلک أصل یثبته التاریخ الماضی، ویشهده العصر الحاضر. ولکن بین هدایة الأنبیاء و حکمة الحکماء و علومهم فروقا فی مصدر کل منهما، وفی الثقة بصحته، وفی الإذعان لحقیقه وفی تأثیره فی أنفس جمیع طبقات المخاطبین فحکمة الحکماء وعلومهم آراء بشریة ناقصة...... فلا یکون لها تأثیر الإیمان وإسلام الإذعان والتعبد.''(۱۱)۔

## خصائل نبوی کا بیان

خصائلِ نبویؐ کے بیان کے حوالے سے ایک مفید کام ڈاکٹر محمد عبدالحئی کا ہے۔جس کا عنوان ''اسوۂ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم'' ہے۔اس تصنیف میں شخصیتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے عملی گوشوں کو احتیاط سے درج کیا گیا ہے۔عام فہم انداز میں عامۃ المسلمین کے لیے خصائص نبویؐ کے اس پہلو کو جس کا تعلق اتباع کے ساتھ خاص ہے، مرتب کیا گیا ہے(۱۲)۔یہ اور اس انداز پر تحریر کردہ کتب وقت کی ضرورت ہیں۔ایسی کتب ہر زبان میں تحریر کی جانی چاہئیں تاکہ پیغام رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت اس دور میں محسوس کی جا سکے۔

عربی تصانیف میں سے اس انداز پر تحریر کردہ ایک کتاب طٰہٰ عبداللہ العفیفی کی ''من صفات الرسول صلی اللہ علیه وسلم الخِلقیة والخُلقیة'' ہے(۱۳)۔

جدید دور اخلاقی زبوں حالی کا دور ہے۔اخلاقیات کو ناپنے کے پیمانے جاہلیت سے مشابہ ہو چکے ہیں۔لادینیت کے اخلاقی تصور نے غلبہ حاصل کر لیا ہے جس کا نتیجہ جدید نسل بے پناہ مسائل کی صورت میں دیکھتے ہوئے زندہ ہے۔جدید اخلاقی مسائل کا حل یقیناً اخلاق واسوۂ محمدیؐ کو اپنانے میں ہے۔اس حقیقت کے پیش نظر جدید سیرت نگاروں نے خصائلِ نبویؐ پر کتب تحریر کی ہیں۔ان کتب کا انداز علمی اور حکیمانہ ہے۔ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی کی تصنیف ''تجلیاتِ رسالت'' اس کی ایک مثال ہے۔اس کتاب میں معلم اخلاق، ہادی کامل صلی اللہ علیہ وسلم کے انقلاب آفریں پیغام کی عملی شکل کو اجاگر کیا گیا ہے۔آپؐ کی ذات پاک سے مخصوص صفت آپؐ کا تمام جہانوں کے لیے نبی ہونا ہے۔اس نکتے کی وضاحت عہد جدید کے تناظر میں ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی یوں کرتے ہیں:

''حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ ''للعالمین نذیرا'' عالمی نبی ہیں۔اس لیے آپ ؐ کا پیغام بھی ارشاد خداوندی کے مطابق عالمی ہے اور پوری نوع انسانی کے لیے، چونکہ انسانی زندگی بہت سے شعبوں پر محیط ہے اور آپ ﷺ کا پیغام انسانی زندگی کے ہر شعبے اور موثر پر رہنما اصول پیش کرتا ہے اس لیے زندگی کی وسعتوں کے حوالے سے آپ ﷺ کے پیغام کی وسعتوں کو سمیٹنا ممکن نہیں'' (۱۴)۔

اسی طرح ایک منفرد کتاب ''پیغمبر اسلام ﷺ اور اخلاق حسنہ'' ہے جس میں سیرت طیبہ کے بیان میں مستند حوالوں سے مدد لی گئی ہے۔حافظ زاہد علی نے اس کتاب کو گہری توجہ کے ساتھ ترتیب دیا ہے۔اس کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر علمی گفتگو بھی شامل کی گئی ہے (۱۵)۔

### عقیدت کے اظہار کا اسلوب

جامع صفات وکمالات، منبع رشد وہدایت، پیغمبر اعظم وآخر ﷺ کی امت کی خوش بختی ہے آپ ﷺ کا اس دور میں مبعوث ہونا۔آپ ﷺ کی امت آپ ﷺ کی منفرد شخصیت سے عشق کا لازوال جذبہ رکھتی ہے۔ چنانچہ خصائص و امتیازات نبویؐ پر تحریر کیا جانے والا زیادہ تر ادب مصنفین کے ذاتی جذبات کے اظہار سے خالی نہیں ہے۔یہ اُسلوب تحریر بذاتِ خود تحریر کا ایک شاہکار ہے۔محمود شلبی کی تحریر یہاں بطورِ نمونہ درج کی جاتی ہے:

''شخصية رسول الله صلى الله عليه وسلم ماذا أعنى بذلك المسمى؟ أعنى به الوقوف فى خشوع أمام أعظم من مشى على ظهرها و لم أشعر فى حياتى بالخوف يملأ فى والرعب يحتاجنى مثل شعورى وأنا أحاول تلك المحاولة الانتحارية ذلك أن شأن رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس امر سهلا ولا هو بالميسور الدخول إلى أنواره فان الخلق جميعا مستويات بلغة عصرنا أو مقامات بلغة أهل الوصال والوصول وقد أوتى رسول الله صلى الله عليه وسلم أعلى المستويات وأرفع المقامات بنص قول الله تعالى ﴿عَسٰى أنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْداً﴾ مقاما يحمدك فيه الأولون والآخرون'' (١٦)۔

### غیر محتاط اسلوب تحریر

شخصیۃ الرسول ﷺ کے بیان میں قلم نے مبالغہ کا انداز بھی اپنایا ہے۔جس کی تائید میں نقل کردہ روایات واقوال کے جائزے سے مصنفین کی بے پروائی اور عدم احتیاط کی نشان دہی بھی ہوتی ہے۔کثرت سے تحریر کردہ کتب جن میں

معجزات وخصائص نبویؐ کا بیان ہے ان میں اس رجحان کی حوصلہ شکنی عموماً کم ہی کی گئی ہے جس کے نتیجے میں عوام نے جب چاہا اور جیسے چاہا اس نازک اور لطیف موضوع پر کثرت سے لکھا جس پر برگزیدہ علماء وخواص کے قلم بھی اعتماد نہیں رکھتے۔

اس غیر محتاط اُسلوب تحریر کے رد میں ایک کتاب ''خصائص المصطفیٰ صلی الله علیه وسلم بین الغلو والجفاء'' تالیف کی گئی ہے جو صادق بن محمد بن ابراہیم کی تحقیق ہے (۱۷)۔

اس میں درج ذیل نکات کی نشان دہی کی گئی ہے جن کے بارے میں مصنفین افراط وتفریط کا شکار ہو گئے ہیں۔

۱۔ خصائص نبویؐ کے بارے میں فقہی بحثیں

۲۔ اختصاص نبویؐ کے بارے میں فلسفیانہ کلام

۳۔ امتیازات نبویؐ کے ضمن میں متصوفانہ اُسلوب

۴۔ بشریتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق غلو یانہ افکار

۵۔ ضعیف وموضوع روایات پر انحصار اور صحیح روایات سے لاعلمی۔

مذکورہ نکات وہ ہیں جن میں مصنفین نے خصائص وامتیازات نبویؐ کے بیان میں لغزش کھائی ہے اس کا حل قرآن، سنت اور سلف صالحین کے فہم وادراک کے اتباع میں ہے جو درست ہے۔

اس مختصر بیان کے بعد ان مستقل تصانیف کا ذکر کیا جاتا ہے جو خصائص ومعجزات نبویؐ پر عہد جدید میں عمدہ اضافہ ہیں۔ ان میں حمدی الدمراش کی کتاب ''معجزات الرسول ﷺ'' (۱۸)، صلاح الدین محمود السعید کی ''معجزات الرسول ﷺ'' (۱۹)، مصطفیٰ مراد کی کتاب ''الخبر الیقین فی معجزات النبی الامین ﷺ'' (۲۰)، عبد العزیز الثعالبی کی تصنیف ''معجز محمد رسول اللہ ﷺ'' (۲۱) اور عبد الحلیم محمود کی تصنیف ''دلائل النبوۃ ومعجزات الرسول ﷺ'' (۲۲)، صالح بن احمد رضا کی ''الاعجاز العلمی فی السنۃ النبویۃ ﷺ'' (۲۳) محمد ہارون معاویہ کی تصنیف ''خصوصیات مصطفیٰ ﷺ'' (۲۴) وغیرہ شامل ہیں۔

مستقل تصانیف کے تحریری رجحانات میں سے ایک کا تعلق اُمت کے گروہی نظریہ سے بھی ہے۔ اس کے تحت مصنفین نے اپنے پیش رووں کے افکار کی تائید میں کتب تحریر کی ہیں۔ کم فہم اشخاص اس حوالے سے لغزش کا شکار بھی ہوتے ہیں اور ذاتی رائے کا بے لاگ اظہار بھی کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کو نشانہ تنقید بھی بناتے ہیں اور دینی حمیت کو پس پشت بھی ڈالتے ہیں۔ ایسے رجحان کی اصلاح کی ضرورت پر بھی توجہ مرکوز کرائی جاتی ہے۔

## مدلل انداز تحریر

ضمنی کتب میں خصائص نبویؐ پر مشتمل آیات کی وضاحت میں کتب تفاسیر، شروحِ حدیث اور سیرۃ النبیؐ پر تصانیف میں موجود ابواب شامل ہیں۔ فی الحقیقت یہ حصہ بے حد قدر وقیمت کا حامل ہے کیونکہ تفاسیر، شروحِ حدیث

اور کتبِ سیرت تحریر کرنا علماء وخواص کا کام ہے۔ان کے اندازِ تحریر میں پائی جانے والی علمیت سے استفادہ بے حد مفید ہوتا ہے۔ ماضی قریب کے مفسر سید احمد حسنؒ محدث دہلوی کی ایک تحریر بطور نمونہ یہاں نقل کی جاتی ہے جس میں انہوں نے مقام محمود کی وضاحت یوں کی ہے:

''معتبر سند سے مسند امام احمدؒ اور ترمذیؒ میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا کہ مقام محمود سے کیا مراد ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ وہ مقام ہے جو خدا کی طرف سے تمہارے نبی ﷺ کو شفاعت کی دعا کرنے کے لیے ملا ہے'' (۲۵)۔

مفسرین وشارحین کا انداز مرتبے کے لحاظ سے بلند ہوتا ہے۔ان کی جانب سے مبالغہ آمیز تحریر کم ہی منظر عام پر آتی ہے۔ خصائص و امتیازات کا مضمون خاص علمی مضمون ہے۔اس کی سمجھ کے لیے کتب مفسرین وشارحین سے استفادہ مفید ہے۔

تحفۃ الاحوذی شرح الترمذی میں عبدالرحمٰنؒ مبارک پوری نے حدیث:

''مثلی و مثل الأنبیاء کرجل بنی دارا فأکملها......''

میں لفظ ''لبنة'' کی وضاحت یہ فرمائی ہے:

''قیل المشبه به واحد والمشبه جماعة فکیف صح التشبیه؟ وجوابه أنه جعل الأنبیاء کرجل واحد لأنه لا یتم ما أراد التشبیه إلا باعتبار الکل، وکذلک الدار لا تتم إلا باجتماع البنیان.'' (۲۶)۔

## مستشرقین کا اندازِ بیان

الحاد اور سائنسی ترقی کے دور میں مستشرقین اور جدیدیت سے مرعوب مصنفین نے شخصیت نبویؐ کا جائزہ لیتے ہوئے عقل کے معیارات کا سہارا لیا ہے۔جدید لادینی عقل مذہب کے معجزاتی پہلو سے انکار کرتی ہے۔وہ تحقیق کے جدید انداز متعارف کراتی ہے اور اپنے انداز سے مختلف پہلوؤں سے سیرت کا جائزہ لیتی ہے۔جدید دور کی مستشرق Karen Armstrong کی تصانیف اس کی مثال ہیں جن میں رسول پاک ﷺ کو دنیاوی لحاظ سے کامیاب منتظم کے طور پر بیان کیا ہے (۲۷)۔

سیرت کے عملی واخلاقی پہلوؤں کے خصائص کو مستشرقین نے خوب سراہا ہے مگر بعض حضرات نے تنقید بھی کی ہے۔مسلمان سیرت نگاروں نے ان کی تنقید اور ان کی طرف سے کیے جانے والے اعتراضات کا جواب دیا ہے یہ جواب

جدید سائنسی انداز تحقیق کی طرز پر بھی دیا گیا ہے جو امتیازی انداز رکھتا ہے۔اس ضمن میں ایک کتاب جبال محمد بیوبن "Jabal Muhammad Buaben" کی ہے جس میں انھوں نے جدید مستشرقین کے اسالیب پر تفصیلی بحث کی ہے۔ انھوں نے عدم تعصب، عدم جذباتیت اور مقصدیت کو مذہب خصوصاً اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطالعے کی بنیاد کو اہم قرار دیتے ہوئے لکھا ہے:

"In the study of Islam and certainly of the Prophet (PBUH) this observation should be taken seriously, otherwise the real Muhammad might be missed(۲۸).

اس اُسلوب بیان سے مطابقت رکھتا ہوا اُسلوب ڈاکٹر عبدالقادر جیلانی کے پی ایچ ڈی کے تحقیقی مقالے کا ہے۔جس میں انھوں نے مستشرقین کی طرف سے شخصیۃ الرسول ﷺ پر کیے گئے حملوں کا جائزہ پیش کیا ہے۔وہ لکھتے ہیں:

''قرآن نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کو مومنوں کے لیے اسوۂ حسنہ قرار دیا کیونکہ ان کی ذات گرامی مجسم اخلاق قرآنی تھی۔لیکن چونکہ مغرب نے ہزار سال سے زیادہ کذب بیانی کی تھی اس لیے یہ کذب اس طرح ان کے رگ و ریشے میں بس گیا تھا کہ جب اسلام کی حقیقت ان کے سامنے آئی تو اسے بھی جھٹلانے لگے۔انھوں نے جہاں اس بات کو تسلیم کیا کہ متعصب مغربی، اسلام کی تصویر میں غلط رنگ اور بھدے نقوش عمداً استعمال کرتے ہیں وہیں یہ بھی کہنے سے باز نہ آئے کہ یہ مثالی کردار سیرت اور مغازی کی مدد سے ترتیب دیا گیا ہے۔اس تجسیم میں احادیث کا ہاتھ ہے جن کے ذریعے کردار کے اہم پہلو نمایاں کیے گئے ہیں۔مغربی سکالرز نے خصوصیت کے ساتھ احادیث کا تنقیدی مطالعہ کیا۔انھوں نے اس میں تاریخیت کی تلاش کی اور پھر یہ حکم لگا دیا کہ بیشتر احادیث نا قابل اعتبار ہیں۔شاید اس لیے کہ مغربی تصور کی تائید نہیں کر سکتیں۔ رسول اللہ ﷺ کے بارے میں وہ جب کوئی واقعہ پڑھتے ہیں تو منطق کے بل پر کوئی نہ کوئی اعتراض پیدا کر لیتے ہیں''(۲۹)۔

اس ضمن میں ایک اور گراں قدر کام ظفر علی قریشی کا ہے جنھوں نے مغربی تنقید نگاروں کے دعووں کا مدلل جواب تحریر کیا ہے۔اپنی کتاب " Prophet Muhammad (PBUH) and his Western Cristics" کی پہلی جلد میں وہ منٹگمری واٹ کے تاریخ سیرت پر حملوں کا جواب اس انداز سے دیتے ہیں:

" Watt has made it out as if it was all a question of some economic or political considerations which weighed with both sides. This is a gross distortion of history by givinig simple matters of facts of history a wrong and standing twist just to 'float' his fantastic hypotheses and foist 'motives' on the head of the Prophet where there was no soon for such worldly aggrandiscment"(۳۰).

## سائنسی طرز تحقیق کا استعمال

سائنسی طرز تحقیق پر تحریر کردہ ظفر علی قریشی کی یہ تصنیف ہے جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ مسلمان ذہن جو جدید انداز و علوم کی معرفت حاصل کرتا ہے وہ حقائق تخصصات نبویہؐ پر قلم زنی اس طرز پر کرتا ہے جو ارتقائی تبدیلیوں کا احاطہ کرے۔اس کا درک حقیقتِ تخصصاتِ نبویہؐ پر مزید گہرا ہو جاتا ہے۔اس کا قلم پر اعتماد ہو کر صفحۂ قرطاس پر رواں ہوتا ہے۔

ایسا کام سیرت نگاروں میں منفرد مقام رکھتا ہے۔ اس کی ایک مثال دار السلام کی شائع کردہ تصنیف "When the Moon Split" ہے جس کے مؤلف سیف الرحمٰن مبارک پوری ہیں اور اس کا انگریزی ترجمہ تبسم سراج، مائیکل رچرڈسن اور بدر اعظم آبادی نے کیا ہے۔ یہ کتاب جا بجا نقشوں، خطاطی، تصاویر اور حوالہ جات سے پر ہے(۳۱)۔

قدیم و جدید اسالیبِ تحریر کا اوپر نمونہ پیش کیا گیا ہے۔ یہاں بالاختصار قدیم و جدید اسالیب کے مشترک و منفرد پہلوؤں کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔میرے پیش نظر البیہقی (م ۴۵۸ھ) کی تالیف "دلائل النبوۃ" اور محمود الشلبی کی " شخصية الرسول صلى الله عليه وسلم " ہے اس مختصر جائزے سے معلوم ہوتا ہے کہ قدیم و جدید سیرت نگار پیغمبر اعظم ﷺ کے خصائص کے بیان میں ادب و احترام، دلکش پیرایۂ بیان، اختصار، گہرے درک اور احتیاط سے کام لیتے ہیں۔کسی طور کلامی بحثوں میں نہیں الجھتے نہ ہی معذرت خواہانہ انداز اختیار کرتے ہیں۔ قدیم و جدید کتب میں انفرادی پہلو کا تعلق جدید سیرت نگاروں کے اختیاری احساسات سے ہے۔دیکھنے میں آیا ہے کہ جدید سیرت نگاروں میں چند رجحانات جو اگرچہ نئے نہیں ہیں ارتقائی طور پر شدید ہو گئے ہیں جن میں تعظیم اور طویل کلامی بحثوں کو شامل کیا جا سکتا ہے۔
من حیث المجموع جدید سیرت نگاری میں خصائص محمدیہؐ پر موجود تحریری سرمایہ قابل قدر ہے۔جس میں پر مغز

نکات پر توجہ مرکوز کرائی گئی ہے۔ برصغیر میں سیرت نگاری کا جو دور انیسویں صدی سے شروع ہوا اس میں لاجواب علمی و تحقیقی کاوشیں سامنے آئی ہیں جو بیسویں صدی تک بے مثال عروج تک چلی گئی ہیں (۳۲)۔

جدید مختلف منفرد اسالیب و رجحانات میں سے اس اُسلوب کا نعم البدل کوئی نہیں ہے جسے ابراہیم نیشاپوری اور دیگر اسلاف نے اختیار کیا ہے۔ جس میں قرآنِ مجید پھر احادیث صحیحہ کو نقل کیا گیا ہے اور پھر ان کے اہم نکات کی وضاحت کی گئی ہے۔ یہ اُسلوب جدید دور میں بھی اختیار کیا گیا ہے۔ وھبۃ الزحیلی کی کتاب ''**شمائل المصطفیٰ صلی الله علیه وسلم**'' اس کی جدید شکل ہے (۳۳)۔

جبکہ ایک کتاب ''تین سو معجزات'' کے عنوان سے احمد سعید نے مرتب کی ہے۔ اس میں قرآن اور حدیث سے استدلال کرتے ہوئے ایک فہرست ضبط تحریر میں لائی گئی ہے (۳۴)۔

قران مجید میں فہم سیرت کے سلسلے میں جو ہدایت ملتی ہے اس کے مطابق اس ضمن میں محض عقل کو رہنما بنانا دانش مندی نہیں ہے۔ اس لیے کہ کفار جنھوں نے اپنی زندگی میں عقل کو مشعل راہ بنایا ان کے بارے میں اس ضمن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿**فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ۝ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ۝ اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ**﴾ (۳۵)۔

> (پس نصیحت فرماتے رہیے کیونکہ آپ اپنے پروردگار کے فضل سے نہ کاہن ہیں اور نہ مجنون۔ کیا یہ (کفار) کہتے ہیں کہ یہ شاعر ہیں اور ہم ان کے متعلق گردشِ زمانہ کے منتظر ہیں۔ (اے رسول) آپ فرما دیجیے کہ تم انتظار کرو اور میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔ کیا ان کی عقلیں ان کو یہی (مہمل باتیں) سکھاتی ہیں یا یہ شریر لوگ ہیں)۔

نقد و تحقیق، استفادہ و اکتساب اور نقل و تجزیہ کے لیے بھی اگر چہ عقل سے کام لینا ناگزیر ہوتا ہے مگر یہاں اشارہ اس عقل کے استعمال کا ہے جو وحی کی رہنمائی سے آزاد ہو۔ وگرنہ شعور و آگہی جس کی جدید سیرت نگاری میں ضرورت ہے اس کو اگر اسلام کے بنیادی اصولوں کے تابع نہ رکھا گیا تو اس میدان میں خاطر خواہ کامیابی نہیں ہوسکتی۔ دور حاضر کا محقق علم و دانش کے حوالے سے بلند تر ہو چکا ہے وہ جدید دور کے تقاضوں کے لحاظ سے اپنی شخصیت کی تعمیر نو کرنا چاہتا ہے۔ اس ضمن میں اٹھنے والے سوالات کا حل بھی طلب کرتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ تحلیلی انداز اور تجرباتی اُسلوب میں سیرت نبوی ﷺ کو پیش کیا جائے کیونکہ اس صورت میں ذات و صفاتِ نبویؐ اور کمالات و اکتسابات حضرتِ اقدس کو ان کے صحیح تناظر و

اسلامی پس منظر میں پیش کیا جاسکتا ہے۔اسی کے ذریعہ رسول اکرم ﷺ کی ذات والا صفات کا علمی دفاع اور اسلام و دین کا مذہبی تحفظ بھی ممکن ہے(۳۶)۔

مگر دینی موضوعات کے معاملے میں عقل کے جارحانہ پن کو آزادی دینا دین کے منافی امور میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ سے سیرت محمدیہؐ کے بیان میں راہنمائی کی دعا ہے۔

# حواشی وحوالہ جات


۱۔ سورۃ النجم، ۵۳:۱-۳۔

۲۔ سورۃ الکوثر،۱۰۸:۱۔

۳۔ سورۃ بنی اسرائیل،۱۷:۷۹۔

۴۔ سورۃ الاحزاب،۳۳:۴۰۔

۵۔ سورۃ الانشراح، ۹۴ : ۴۔

۶۔ بخاری،محمد بن اسماعیل،الجامع الصحیح،کتاب التیمم،موسوعۃ الکتب الستۃ،دارالنشر والتوزیع،۲۰۰۰ء،ص:۲۹۔

۷۔مسلم،امام،حجاج بن قشیری، الصحیح،کتاب المساجد،ص: ۷۵۹،رقم الحدیث: ۵۲۳،موسوعۃ۔

۸۔ الصحیح لمسلم،کتاب الایمان،باب انا اول الناس یشفع فی الجنۃ،ص:۷۱۵،رقم الحدیث: ۳۳۱۲،موسوعۃ۔

۹۔ سیرۃ النبیؐ،۸۳،ناشران قرآن،لاہور،۱۳۹۵ھ ،۳/۶۴۔

۱۰۔ محمد ادریس کاندھلوی،سیرۃ المصطفیٰ (مکمل)،مکتبہ عثمانیہ،لاہور،۱۹۹۲ء، ص:۶۰۰۔

۱۱۔ محمد رشید رضا،الوحی المحمدی،دارالشعب،القاہرہ،۲۰۰۰ء،ص:۳۹۔

۱۲۔ ڈاکٹر عبدالحی،ادارۃ المعارف،کراچی،۲۰۰۰ء۔

۱۳۔ طٰہٰ عبداللہ العفیفی،من صفات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم الخِلقیۃ والخُلقیۃ،دارالمصریۃ اللبنانیۃ،۱۹۹۵ء۔

۱۴۔ بشیر احمد صدیقی،ڈاکٹر،تجلیات رسالت،مکتبہ زاویہ،لاہور،۱۹۹۹ء، ص:۱۷۸۔

۱۵۔ حافظ زاہد علی،خصائص النبی صلی اللہ علیہ وسلم،راحت پبلشرز،لاہور،۲۰۰۳ء۔

۱۶۔ شخصیۃ الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم،۱/۷،۸(مقدمہ)،دارالجیل،بیروت،۱۹۹۳ء۔

۱۷۔ صادق بن محمد بن ابراہیم،خصائص المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بین الغلو والجفاء،ص:۳۲۱،۳۲۲،مکتبۃ الرشید،ریاض،۲۰۰۰ء۔

۱۸۔ حمدی الدمرداش،معجزات الرسولؐ،مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز،المملکۃ السعودیۃ،۲۰۰۵ء۔

۱۹۔ صلاح الدین محمود السعید،معجزات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم،المکتب الثقافی، قاہرہ،۲۰۰۴ء۔

۲۰۔ مصطفیٰ مراد،دکتور،معجزات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم،دارالفجر للتراث،قاہرہ،۲۰۰۲ء۔

۲۱۔ عبدالعزیز الثعالبی،معجز محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم،دارالغرب الاسلامی،طبعۃ الثالثۃ،۱۹۸۶ء۔

۲۲۔ عبدالحلیم محمود،دکتور،دلائل النبوۃ ومعجزات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم،دارالمعارف،قاہرہ،۱۹۹۸ء۔

۲۳۔ صالح بن احمد رضا،الاعجاز العلمی فی السنۃ النبویۃ،مکتبۃ العبیکان،ریاض،۲۰۰۱ء۔

۲۴۔ محمد ہارون معاویہ، خصوصیات مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، دارالاشاعت، کراچی، ۲۰۰۷ء۔

۲۵۔ سید احمد حسن، احسن التفاسیر (تفسیر سورۃ بنی اسرائیل، ۱۶:۷۹)، المکتبۃ السّلفیہ، لاہور، ۱۹۷۳ء، ۵۹/۴۔

۲۶۔ عبدالرحمٰن مبارکپوری، تحفۃ الاحوذی، باب ماجاء مثل النبی، دارالکتب العلمیہ، لبنان، س۔ن، ۱۲۸/۸، رقم الحدیث: ۳۰۲۲۔

۲۷. Karen Armstrong, Muhammad: A Biography of the Prophet,Phoenixpress 19

۲۸. Jabal Muhammad Buaben, Image of the Prophet Muhammad in the West, P.328, Islamic Foundation, Leicester, United Kingdom, 1996

۲۹۔ عبدالقادر جیلانی، ڈاکٹر، پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم اور مستشرقین مغرب کا انداز فکر، ص ۲۶۳، کتاب سرائے، لاہور، ۲۰۰۵ء۔

۳۰. Zafar Ali Qureshi, Prophet Muhammad (PBUH) and his western Critics, P 489, Idara Maarif Islami, Lahore, 1992.

۳۱. Saif ur Rehman Mubarakpuri, When The Moon Split, (Edited and Translated by: Tabassum Siraj, Michael Richardson, Badr Azimabadi), Darussalam, Riyadh, 1415A.H.

۳۲۔ عبد الجبار شاکر، برصغیر میں سیرت نگاری، در مطبوعہ ماہنامہ دعوۃ، دعوۃ اکیڈمی انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، جلد ۱۶، شمارہ ۷-۱۰،۔

۳۳۔ وہبہ الذحیلی الدکتور، شمائل المصطفیٰ ﷺ، دارالفکر۔ دمشق، ۲۰۰۶ء۔

۳۴۔ احمد سعید، تین سو معجزات، دارالاشاعت، کراچی، ۱۹۸۱ء۔

۳۵۔ سورۃ الطّور، ۵۲:۲۹-۳۲۔

۳۶۔ مرتب: عبدالرؤف ظفر (مرتب)، مقالات سیرت نبویؐ، (مقالہ بعنوان سیرت نگاری کا صحیح منہج، ڈاکٹر محمد یسین مظہر صدیقی ندوی)، ۱/۱۷ سیرت چیئر اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، ۲۰۰۵ء۔

# عہدِ وسطی کے برصغیر میں علمِ اصول فقہ کا ارتقاء

# Development of Principles of Jurisprudence in Medieval Sub-Continent

ڈاکٹر فاروق حسن☆


## *ABSTRACT*

The light of Islam reached the Sub-Continent in the life time of the Prophet(ﷺ). Soon afterward companions of the Prophet (ﷺ) is said to have arrived here. The 1st mosque in the Sub- Continent was built in 629AD (8 Hijra), this was the 1st Islamic school too. History of compilation of Usul al fiqh started in the last two decades of 1st Islamic century. Since the beginning of compilation of Usul al fiqh till today, the work has been going on in various languages and regions in different forms poetry & prose, brief & detailed. Ulema of Sub-Continent contributed in their best capabilities with sincerity. They traveled far and wide for seeking knowledge of Usul al fiqh. Some of them returned to the Sub-Continent, later on it so happened that some eager students, thirsty for knowledge of Usul al fiqh came to Sub-Continent. Some Ulema settled in other countries permanently, contributing to this field. Some emperors and kings gave patronage to the scholars which helped in the progress of Usul al fiqh.

The paper discusses the period from the life of the Prophet(ﷺ) up to 10th Century Hijra in chronological order and discusses the written contribution (not oral) of scholars and jurists of Sub-Continet only.


☆ اسسٹنٹ پروفیسر، ہیومینیٹیز ڈیپارٹمنٹ، این ای ڈی انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی، کراچی، پاکستان۔

سرور کونینﷺ کی بعثت کے بعد چند سالوں میں اسلام برصغیر میں داخل ہو گیا تھا شاید برصغیر کی پہلی مسجد اور پہلا اسلامی مدرسہ کیرالہ میں ہو۔فنِ اصول فقہ کی تدوین کی تاریخ پہلی صدی ہجری کے آخری دوعشروں سے شروع ہوتی ہے۔ اس فن پر تدوین کی تاریخ سے عصر حاضر تک مختلف ادوار میں مختلف زبانوں اورعلاقوں میں منظوم ومنثور، مختصرومطول تصنیف وتالیف کا کام ہوتا رہا۔ برصغیر کے علماء وفقہاء بھی بساط کے مطابق انتہائی نیک نیتی اورخلوص کے ساتھ اس علم کی خدمت میں لگے رہے اور گرانقدر خدمات انجام دیں۔ برصغیر کے علماء نے اصول فقہ اور دوسرے دینی علوم کے حصول کے لیے دوسرے ممالک کے اسفار کیئے اور مشائخ سے اکتساب کیا اور کچھ نے دیارِ غیر میں ہی سکونت اختیار کرکے وہیں علم اصول فقہ کی خدمت میں مشغول ہوگئے اور کچھ واپس ہندوستان لوٹ آئے اور بعد میں ایسا بھی ہوا کہ دوسرے ممالک سے تشنگان علم اس فن کو سیکھنے کیلئے برصغیر کا رخ کرنے لگے۔بعض سلاطین وبادشاہوں نے بھی علماء وفقہاء کی پذیرائی کی اور فقہ و اصول الفقہ میں خصوصی دلچسپی لی اس سے بھی اس فن کے فروغ میں مدد ملی اس مضمون میں عہدرسالت مآب ا سے دسویں صدی ہجری تک کے ان علماء وفقہاء کرام کی اصول فقہ میں خدمات کا تاریخ وفات کی زمنی ترتیب کے لحاظ احاطہ کیا گیا ہے جن کا تعلق برصغیر سے تھا اور ان کی کسی تصنیف وتالیف کے بارے میں ہمیں اطلاع ہوسکی۔

بعثت محمدیﷺ کے وقت شمالی ہند پرراجہ ھرشن وردھن (متوفی ۶۴۷ء) کی حکومت تھی وہ ۶۰۶ء میں تخت نشین ہوا اس کی سلطنت میں اسام، سندھ اور ہمالیہ وغیرہ شامل تھے (۱) بیان کیا جاتا ہے کہ راجہ بھوج یا بھوجپال نے شق القمر ہوتے دیکھا جو برصغیر میں اسلام کی آمد کا ابتدائی سبب بنا(۲)۔ اور شاید برصغیر کی پہلی مسجد ''چیرامن پیرامل جامع مسجد'' ہو جو کیرالہ میں( ۶۹۲ء/۸ھ میں) وہاں کے راجہ نے تعمیر کی تھی اور ممکن ہے کہ یہی پہلا دینی مدرسہ ہو (۳)۔ کیرالہ کا راجہ پیرومل جو کچھ مدت تک نبی کریمﷺ کا معاصر مانا جاتا ہے مگر دوسری طرف یہ بھی کہا گیا ہے کہ راجہ پیرول اور اس کے اصحاب و امراء نے تقریباً ۲۱۰ھ(۸۲۵ء) میں اسلام قبول کیا تھا(۴)۔ بہر حال یہ واضح ہے کہ پیغمبر اسلام ا کی بعثت کے بعد چند سال کے اندر ہی اسلام اس برصغیر میں داخل ہوگیا تھا(۵)۔ البلاذری (متوفی ۲۷۹ھ) نے ''فتوح السند'' کے نام سے عنوان قائم کرکے بتایا کہ سندھ کو سرکاری طوپر اسلامی مملکت میں شامل کرنے کی کوششوں کا آغاز سیدنا عمرؓ کے زمانے میں ہوا اور پھر جب سیدنا عثمان غنیؓ نے عہد خلافت میں حکیم بن جبلہ العبدی کی سربراہی میں ایک وفد سمندر کے راستے سندھ وبلوچستان کے حالات کا بنظر غائر جائزہ لیکرواپس گیا تو خلیفہ کو آنکھوں دیکھا حال اس طرح بیان کیا:

''**ماؤها وشل وثمرها دفل ولصها بطل، وان قل الجيش فيها ضاعوا وان كثروا جاعوا**'' (۶)
(پانی کم ، پھل ردی، چور بے باک، چھوٹا لشکر ہوتو ضائع ہوجائے گااور بڑا ہوتو بھوک سے مرجائے گا)۔ ہندوستان میں بھی متعدد صحابہ کرامؓ تشریف لائے(۷)۔ بعثت نبوی کے وقت بہت سے ہندی تاجر اور صنّاع (ہنرمند) عرب کے ساحلی اور انتہائی اندرونی علاقوں میں بھی دکھائی دیتے ہیں(۸)محمد بن قاسمؒ کی (۷۱۲ء) میں برصغیر آمد سے سندھ سرکاری طور پر اسلامی مملکت میں شامل ہوگیا جبکہ اسلام کی آمد عہدرسالت میں ہوچکی تھی اور پھر یہ علاقہ تقریباً تین سو برس تک بالواسطہ اور بلاواسطہ خلفاء یا عربوں کے زیر اثر رہا۔

دوسری صدی ہجری سے لیکر۶۴۴ ھ تک کے وہ اصولیین جن کاتعلق برصغیر سے تھا ان کے بارے میں معلومات حاصل نہیں ہوسکیں کیونکہ بقول اشتیاق حسن ''مسلمانان ہند کے اخبار واحوال تاریخی ادب میں اپنا صحیح مقام حاصل نہیں کرسکے ہیں''(۹) برصغیر میں علمی سرگرمیوں کا اندازہ کئی باتوں سے لگایا جاسکتا ہے مثلاً سندھ، منصورہ (بھکر)ملتان اور ان کے اطرف میں عربی اور سندھی زبانیں بولی جاتیں تھیں اور یہاں عرب موجود تھے اور وہ ہندوستان کی مقامی زبانوں سے واقف تھے(۱۰)۔کشمیر کے راجہ مہروگ بن رائق نے ۲۷۰ھ میں منصورہ کے بادشاہ عبداللہ کولکھا کہ وہ اسلام کی شریعت کے بارے میں بتائے تو عبداللہ نے منصورہ سے ایک عراقی کوجوشاعر تھا اور اس نے ہندوستان میں نشونما پائی تھی اور اہل ہندکی مختلف زبانوں سے واقف تھا اسے کشمیر کے راجہ کے پاس شریعت سکھانے بھیجا اور پھر اسی عراقی نے راجہ کے حکم پر قرآن کا ہندی زبان میں ترجمہ کیا(۱۱)۔ بغدادی سیّاح اصطخری جو یہاں ۳۴۰ھ میں آیا(۱۲) اور ابن حوقل (جن کا زمانہ ۳۵۸-۳۳۱ھ ہے) نے اپنے سفرنامے (۱۳) میں لکھا کہ منصورہ (موجودہ بھکر واقع سندھ) اور ملتان اور ان کے اطراف کی زبان عربی اور سندھی ہے۔ بشاری مقدسی ۳۷۵ھ/۹۸۵ء میں ہندوستان آئے اور دیبل (ٹھٹھہ) کی بندرگاہ کی منظرکشی اس طرح کی ''دیبل (ٹھٹھہ)سمندر کے ساحل پر ہے اکثر غیرمسلم (کفار) ہیں سمندرکاپانی شہرکی دیوراوں سے آکرلگتاہے۔سب سوداگر ہیں ان کی زبان سندھی اور عربی ہے''(۱۴) ۔سندھ کے شہروں میں بھی جہاں عرب نوآبادیاں قائم ہوگئیں تھیں عربی اور سندھی بولی جاتی تھیں ۔ ملتان کو اسلامی ثقافت کے مرکز کی حیثیت رہی اور یہی بات دیبل کے بارے میں بھی صحیح ہے۔جہاں بہت سے مسلم علماء پیدا ہوئے(۱۵)۔سندھ بھی اسلامی ثقافت کا مرکز رہا جہاں امتداد زمانہ کے ساتھ ساتھ بہت سے شعراء ،علمائے دین او رفضلائے علوم وفنون پیداہوئے(۱۶)۔ دوسری طرف جب لاہور بھی فتح نہیں ہواتھا اس زمانے میں بھی سلطان (محمود) کے دربار میں عرب وعجم اور ہند کے فضلاء پہلو بہ پہلو بیٹھتے تھے(۱۷)۔جس وقت التمش دہلی کے تخت

پر بیٹھاتھا اس زمانے میں صدہا علماء ومشائخ وسط ایشیاء کے حالات سے بد دل ہوکر ہندوستان آرہے تھے(۱۸)۔نزہۃ الخواطر میں ہند کے چھٹی اورساتویں صدی ہجری کے متعدد علماء کا تذکرہ ملتاہے جوفن اصول فقہ میں یدطولی رکھتے لیکن ان کی اصول فقہ میں کسی کتاب کی نشاندہی نہیں کی گئی ۔مثلاًمحمد بن عثمان جوزجانی(متوفی ۵۹۰ھ)(۱۹)قاضی شمس الدین صراخی (متوفی ند)(۲۰)مولاناصمصام الدین فرغانی(متوفی ند)(۲۱) مولا نامنہاج الدین ترمذی (متوفی ند)(۲۲)نظام الدین فرغانی (متوفی ۶۴۱ھ بعدہ)(۲۳) قاضی وجیہ الدین کاشانی (متوفی ند) (۲۴) خلیجی عہد (۱۲۹۰ء۔ ۱۳۲۱ء ) اورتغلق عہد (۱۳۲۱ء۔۱۴۱۲ء) میں فقہ واصول فقہ کو زیادہ اہمیت حاصل رہی(۲۵)۔ اس سے اندازہ ہوتاہے کہ دوسری صدی ہجری سے ساتویں صدی ہجری کے وسط تک کے زمانے میں اصول فقہ پریقیناً کام ہواہوگا لیکن ان کی ہمیں اطلاع نہیں ہوسکی۔ہماری محدود معلومات کے مطابق برصغیر کے پہلے اصولی صفی الدین الشافعی ہیں جن کی اصول فقہ پر کتابیں موجود ہیں۔ شیخ صفی الدین محمدؒ بن عبدالرحیم بن محمد الہندی الشافعی (۶۴۴ھ -۷۱۵ھ/ ۱۲۴۶-۱۳۱۵ء) دہلی میں پیدا ہوئے اوردمشق میں وفات پائی۔ وہ ایک پایہ کے فقیہ واصولی اور مذہباًاشعری تھے۔ہندوستان میں اپنے ناناسے تعلیم حاصل کی اورپھروہ حصول علم کے لیے ۲۳ سال کی عمر میں ہندوستان سے باہر نکلے اور یمن پہنچے اس وقت یمن میں الملک المظفر کی حکومت تھی وہ ان کے علم واستعداد سے اتنا متاثر ہواکہ **أکـرمـه وأعـطـاه تسع مـائة دیــنـــار** (۲۶)(اس نے ان کا بڑا اکرام کیااورنوسو اشرفیاں پیش کیں ) اور پھر انہوں نے حجاز ،قاہرہ ، روم ، بقونیہ، سیواس ،قیصرایہ اور دمشق کے علمی اسفار کئے۔ بلادرم میں شارح **الـمـحـصـول للرازی** ، سراج الدین محمد ابوبکر الارموی (۵۹۴ھ-۶۸۲ھ)، صاحب التحصیل کی شاگردی اختیار کرکےفن اصول فقہ میں کمال حاصل کیا ۔عبدالحمید ابوزنیدؒ نے شیخ سراج الدینؒ الارموی کی ’’التحصیل‘‘ کےتحقیقی مقدمہ میں اس کتاب سے مستفید ہونے والےمشہور اصولیین کے ناموں میں صفی الدین ہندی کا بھی تذکرہ کیاہے(۲۷)۔

صفی الدینؒ ہندی کی اصول فقہ میں خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے اصول فقہ میں کتابیں لکھنے پر ہی اکتفانہیں کیا بلکہ عرب شاگردوں کی ایک ایسی جماعت تیارکی جنہوں نےفن اصول فقہ کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیئے۔صفی الدینؒ ہندی کے بعض تلامذہ کے اسماء گرامی وخدمات جنہوں نے اصول فقہ میں خدمات انجام دیں اور انہیں شہرت حاصل ہوئی۔ صدرالدینؒ محمد بن عمربن علی بن عبدالصمد بن عطیہ ، ابن وکیل ، ابن مرحل الشافعی (۶۶۵ھ-۷۱۶ھ/ ۱۲۶۶ء-۱۳۱۶ء)۔ ان کی ولادت ووفات دمیاط میں ہوئی۔صفی الدینؒ ہندی کے یہ شاگرد اپنے زمانے کے واحد شافعی عالم تھے جو شیخ ابن تیمیہ

ؒ سے ہر وقت مناظرہ کرنے پر تیار رہتے شیخ ابن تیمیہ ؒ نے ان کی تعریف کی ہے اور ان کے علمی تفوق کی شہادت دی ہے۔علم اصول فقہ کی طرف ان کی رجحان سازی شیخ صفی الدینؒ ہندی نے کی پھر انہوں نے **كتاب الاشباه والنظائر** اور **شرح الحكام** لعبدالحق تالیف کیں یہ دونوں کتابیں ان کے حدیث ،فقہ اور اصول میں تبحر علمی پر دلالت کرتی ہیں(۲۸)۔ شیخ ابن قیم الجوزیہ حنبلیؒ (متوفی ۷۵۱ھ)۔یہ بھی شیخ صفی الدینؒ ہندی کے تلامذہ کی فہرست میں شامل ہیں۔ شیخ ابن قیمؒ جوزی اصول فقہ میں شہرہ آفاق کتاب "**اعلام الموقعين عن رب العالمين**" کے بھی مصنف ہیں۔ دمشق کے علماء اس ہندی عالم کو کس نگاہ سے دیکھتے تھے اس کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ امام سبکی لکھتے ہیں:" **روى عنه شيخنا الذهبى**" (ہمارے استاد الذہبی ان (صفی الدینؒ) سے روایت کرتے ہیں) یعنی امام صفی الدینؒ ہندی شیخ الذہبی کے بھی استا د تھے(۲۹)۔

**نهاية الوصول الى علم الاصول** اس کتاب کی مختصر تفصیل یہ ہے کہ امام فخر الدین محمد بن عمر رازی (متوفی ٦٠٦ھ) نے "**المحصول فى علم الاصول**" تالیف کی ۔ شیخ صفی الدین نے "**نهاية الوصول الى علم الاصول**" کے نام سے اس کی شرح لکھی جو تین مجلدات پر مشتمل تھی۔ اوراب یہ شرح "**نهاية الوصول فى دراية الاصول**" کے نام سے صالح بن سلیمان الیوسف اور دکتور سعد بن سالم الشریح کی تحقیق کے ساتھ ۸ مجلدات میں **مكة المكرمه ، المكتبه التجاريه** (سنہ ند) سے چھپ چکی ہے۔اس کتاب کی اہمیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ بعد کے اصولیین نے اس کتاب سے خوب استفادہ کیا جیسے امام محمد بن علی الشوکانی (متوفی ۱۲۵۰ھ) نے بہت سے مقامات میں صفی الدین ہندی کی" **نهاية الوصول الى علم الاصول**" سے نقل کیا ہے۔امام شوکانی نے امام رازی کی "**المحصول**" سے بھی بھرپور استفادہ کیا اور کبھی تو ایک ہی وقت میں وہ ایک صفحہ سے بھی زیادہ نقل کر لیتے ہیں جیسا کہ "**حجية الاجماع**"کی بحث میں نظر آتا ہے (۳۰)اس کے علاوہ **الرساله السنيسه فى الاصول** (۳۱) بھی تالیف کیا۔ مناظر احسن گیلانی امام سبکیؒ کا قول نقل کرتے ہیں"**ومن تصانيفه فى علم الكلام الزبده وفى الاصول الفقه النهاية والفائق والرسالة السبعية وكل مصنفاته حسنة جامعة لاسيما النهايه**" (ان کی کتابوں میں سے ایک **زبده** نامی کتاب علم کلام میں ہے اور" **النهاية** "اور"**الفائق**"اصول فقہ میں، "**رساله سبعيه** "بھی ان کی ایک کتاب ہے بہر حال ان کی ساری کتابیں بہت اچھی اور جامع ہیں خصوصاً "**النهايه**")(۳۲)۔امام سبکی کے اس بیان سے یہ پتہ چلتا ہے کہ "**الفائق**" نامی کتاب بھی اصول فقہ میں انہوں نے لکھی تھی۔"**نزهة**

الخواطر“ میں بعینہ یہی عبارت موجود ہے جس کے قائل عبدالحیؒ ہیں اور لکھا ہے ”وصنف فی اصول الدین ”الزبدة“وفی اصول الفقه ”النهاية“ ”والفائق“ والرساله السبعية“(۳۳)۔

عبداللہ بن محمد حسینی شیخ جمال الدین دہلوی (متوفی ۷۵۰ھ) معروف بہ ”نقرہ کار“ کا تعلق بھی برصغیر سے تھا وہ اپنے زمانے کے مشہور عالم واصولی تھے۔انہوں نے صدرالشریعہ الاصغر(متوفی ۷۴۷ھ) کے متن ”التنقیح“ کی شرح لکھی(۳۴) اور پھر زین العابدین قاسم ابن قطلو بغا حنفی (متوفی ۸۷۹) نے اس پر حاشیہ لکھا(۳۵)۔مولانا معین الدینؒ عمرانی دہلوی (متوفی ۷۲۵ھ تا ۷۵۲ھ) سلطان محمد تغلق کے عہد کے مشہور عالم واصولی تھے اور سلطان محمد تغلق نے انہیں شیراز بھیجا تھا تا کہ وہ قاضی عضدالدینؒ صاحبِ مواقف کو ہندوستان آنے کی دعوت دیں۔محمد بن تغلق نے بہت سے صوفیوں اور عالموں کو دولت آباد منتقل کیا تھا(۳۶)۔دہلی کے لوگ ان کی شاگردگی کو فخر سمجھتے تھے(۳۷)۔نزھۃ الخواطر میں اس طرح مذکور ہے”وللعمرانی مصنفات جليلة منها شروح وتعليقات على كنز الدقائق والحسامى ومفتاح العلوم“ (۳۸)(عمرانی کی چند بلند پایہ کتابیں جن میں کنزالدقائق، حسامی، ومفتاح العلوم کی شروح و تعلیقا ت بھی ہیں)اور تذکرة المصنّفین(۳۹) اور حدائق الحنفیہ(۴۰)میں بھی یہی مذکور ہے کہ انہوں نے حسام الدینؒ الاخسیکثی کی کتاب ”المنتخب الحسامی“ پر حاشیہ لکھا تھا۔جبکہ پروفیسر خلیق احمد نظامی کی کتاب کے حاشیہ پر اس طرح مذکور ہے”مولانا معین الدین عمرانیؒ نے تلویح ،حسامی ، کنزالدقائق اور منار کی شرحیں لکھیں صرف حاشیه على التلويح کاایک نسخہ ندوہ کے کتب خانے میں موجود ہے“(۴۱)۔مظہر بقا نے زبید احمد کے حوالے ان کے حاشیہ علی المنار کا بھی تذکرہ کیا ہے(۴۲)۔

سراج الدینؒ ابوحفص عمر بن اسحٰق بن احمد الشبلی الہندی الغزنوی المصری(۷۰۴ھ-۷۷۳ھ /۱۳۰۴ء-۱۳۷۱ء) کی ولادت دہلی میں ہوئی اور مصر میں وفات پائی۔ وہ فقیہ، اصولی، نظار اور متصوف تھے۔ امام وجیہ الدینؒ دہلوی سے تعلیم حاصل کی اور پھر ۷۴۰ھ میں مصر تشریف لے گئے۔ وہاں قاضی عسکر بنائے گئے اور پھر ایک مستقل حنفی قاضی کی حیثیت سے خدمات انجام دینے لگے۔ سلطان حسن کے یہاں اعلیٰ قدرومنزلت رکھتے تھے اپنی زبان اور قلم سے حنفی مذہب کی مدد کرتے تھے۔طاش کبری زادہ نے سراج ہندی کے بارے میں لکھا”كان واسع العلم كثير الاقدام والمهابة“ (۴۳)(ان کا علم بہت وسیع تھا پیش قدمی میں جری تھے جلال وہیبت والے تھے) اصول فقہ میں متعدد کتابیں تالیف کیں مثلاً: زبدة الاحكام فی اختلاف الائمة الاعلام ،اللوامع فی شرح جمع الجوامع، شرح المنار للنسفی فی الاصول، المنیر

الزاهر من الفيض الباهر من شرح المنغی الخبازی فی الاصولیه کتاب ایک جلد میں ہے اور صاحب تاج التراجم کے مطابق یہ دو جلدوں میں ہے ۔اور شرح بدیع النظام (۴۴)۔

اللوامع شرح جمع الجوامع (۴۵) اس کتاب کی مختصر تفصیل یہ ہے کہ ابونصر قاضی القضاۃ تاج الدین عبدالوہابؒ بن علی بن عبدالکافی بن علی بن تمام بن یوسف بن موسی ابن تمام السبکی الشافعی (۷۲۷ھ-۷۷۱ھ / ۱۳۲۷ء-۱۳۶۹ء) نے کتاب ''جمع الجوامع فی اصول الفقه''تالیف کی۔ سراج الدین ہندی نے اس کتاب کی شرح لکھی اور اس کا نام ''اللوامع'' رکھا۔ ''جمع الجوامع'' ایک بہت مشہور اور اہمیت کی حامل کتاب ہے اسی لیے اس پر ۶۰ سے زائد شروح ، حواشی ،تعلیقات وغیرہ لکھے جا چکے ہیں۔ جن کی فہرست لکھنے والوں کی تاریخ وفات کی زمنی ترتیب سے موجود ہے(۴۶)۔ جبکہ شرح المنار للنسفی (۴۷) ابوالبرکات حافظ الدین عبداللہؒ بن احمد بن محمود النسفی حنفی (متوفی ۷۱۰ھ/۱۳۱۰ء) نے منار الانوار فی اصول الفقه تالیف کی یہ اصول فقہ پر ایک مشہور ومتند اول متن ہے۔ اس پر ۳۲ سے زائد شروح ، حواشی ،حواشی علی الشروح ، نظم وتعلیقات لکھی گئیں۔ جن کی فہرست لکھنے والوں کی تاریخ وفات کی زمانی ترتیب کے مطابق موجود ہے(۴۸)۔اورسراج الدینؒ الھندی کی شرح ۳۲ شروح میں سے ساتویں نمبر پر لکھی گئی ہے(۴۹)۔اورشرح المغنی الخبازی کی مختصر تفصیل یہ ہے انہوں نے جلال الدین ابو محمد عمرؒ بن عمر الخبازی الحنفی (۶۱۰ھ-۶۷۱ھ /۱۲۱۲ء-۱۲۷۲ء) کی کتاب ''المغنی فی الاصول'' کی شرح لکھی جو دو مجلدات پر ہے اور اس کا نام ''الزاهر من الفیض الباهر من شرح المغنی الخبازی'' رکھا اس کتاب کا آغاز ان کلمات سے ہوتا ہے''الحمد للّٰه الذی نور قلوب العلماء بنور هدایته وشرح صدورهم بوفور عنایته الخ'' (۵۰) اور'' شرح بدیع النظام''کی مختصر تفصیل یہ ہے: احمد بن علی بن ثعلب ،مظفرالدین ابن الساعاتیؒ حنفی (متوفی ۶۹۴ھ/ ۱۲۹۵ء) نے اصول فقہ میں کتاب ''بدیع النظام'' تالیف کی اس کا دوسرا نام ''نهایة الوصول الی علم الاصول'' ہے۔ یہ ایک بہت اہم کتاب ہے کیونکہ اس میں ابن الساعاتی نے علامہ آمدیؒ شافعی (متوفی ۶۳۱ھ) کی کتاب ''الاحکام'' اور امام بزدوی حنفی (متوفی ۴۸۲) کی ''اصول البزدوی '' کے طریقوں کو یکجا کر دیا۔ انہوں نے ''الاحکام'' کے طریقہ سے قواعد کلیہ کے بیان میں اور'' اصول البزدوی '' سے جزئی فرعی شواہد میں مدد لی جس کا اظہار خود انہوں نے ''بدیع النظام '' کے خطبہ میں کیا ہے۔ ''بدیع النظام'' پر ایک شرح سراج الہندی نے بھی لکھی(۵۱) ''بدیع النظام'' کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر اس پر کم ازکم سات شروح تو ضرور لکھی گئیں جن کی فہرست موجود ہے(۵۲)۔

شیخ یوسفؒ بن جمال حسینی ملتانی حنفی (متوفی ۷۹۰ھ/ ۱۳۸۸ء) کے اسلاف میں سے کوئی مشہد سے آکر ملتان میں بس گئے تھے یہ ملتان میں پیدا ہوئے اور وہیں نشونما پائی ۔ انہوں نے مولانا جمال الدین رومیؒ سے علم حاصل کیا۔دارالملک دہلی میں داخل ہوئے تو سلطان فیروزشاہ نے مدرسہ فیروزیہ میں ان کی تقرری کردی۔ انہوں نے ''منار الاصول للنسفی'' کی شرح لکھی اور اس کا نام ''توجیہ الکلام'' رکھا(۵۳)۔حدائق الحنفیہ میں بھی اسی طرح مذکور ہے (۵۴)۔

سعد الدینؒ بن قاضی بدھن بن شیخ محمد القدوائی خیرآبادی (متوفی ۸۰۲ھ/ ۱۳۹۹ء) نحو، لغت عربیہ، فقہ ،اصول وتصوف میں اعلیٰ مرتبہ پرفائز تھے ان کے والدخیرآباد کے قاضی تھے۔انہوں نے شرح اصول البزدوی (۵۵) اور شرح الحسامی (المنتخب للاخسیکثی) (۵۶) تالیف کیں ۔مختصراً تفصیل یہ ہے کہ سعدالدین بن قاضی خیرآبادی نے حسام الدین محمد بن عمرالاخسیکثی حنفی (متوفی ۶۴۴ھ/ ۱۲۴۷ء) کی کتاب ''المنتخب الحسامی''، پرمحمد بن محمد بن مبین ابوالفضل نوری حنفی کی شرح جوانہوں نے ۶۹۴ھ میں تالیف کی تھی اس پر حاشیہ لکھا تھا۔

جہانگیر سید محمد اشرفؒ بن محمد ابراہیمؒ الحسینی الحسنی السمنانی (متوفی ۸۰۸ھ/ ۱۴۰۵ء) آل سمنان میں سے تھے سمنان میں ولادت ہوئی ان کے والد محمد ابراہیمؒ سمنان کے سلطان تھے(۵۷) انہوں نے چودہ برس کی عمر میں معقولات ومنقولات کی دراست مکمل کر لی تھی ۱۹برس کی عمر میں اپنے والدگرامی کے قائم مقام کی حیثیت سے سمنان میں ذمہ داریاں سنبھال لیں اور ملکی مہمات میں مشغول ہوگئے ۲۳برس کی عمر میں یہ ذمہ داریاں اپنے بھائی کے سپرد کرکے ہندوستان ،عرب اور عراق کے علماء ومشائخ سے اکتساب فیض کیا۔ فقہ واصول میں یدطولی رکھتے بیان کیاجاتا ہے کہ شیخ خیر الدینؒ جواپنے وقت کے جیدعلماء میں شمار کیے جاتے تھے۔ انہوں نے اصول وفقہ کے بعض مسائل پر علمائے وقت سے سوالات کیے تو کسی سے بھی تشفّی بخش جواب نہیں پایا شیخ اشرفؒ جہانگیر سے ملاقات کے بعد ان مسائل کی تشریح چاہی تو انہوں نے ان مسائل کی تشریح اس طرح کی کہ شیخ خیرالدینؒ کو پوری تسلی ہوگئی اور وہ اسی وقت شیخ جہانگیر اشرفؒ کے ہاتھ پر بیعت ہوگئے اور بعد میں ان کے اجل خلفاء میں شمار ہوئے(۵۸)۔انہوں نے کتاب ''الفصول'' تالیف کی جواصول میں ایک مختصر ہے(۵۹)۔

ابوالقاسم احمدؒ بن عمر الزوالی، دولت آبادی، قاضی شہاب الدینؒ بن شمس الدین الھندی (متوفی ۸۴۹ھ

/۱۴۴۵ء) کی ولادت ونشوونما دولت آباد میں ہوئی اور جون پور میں انتقال ہوا۔ سلطان ابراہیم شرقی کی مسجد اور مدرسہ کے جنوبی جانب مدفون ہیں۔ دہلی آکر اس عہد کے ممتاز علماء مثلاً قاضی عبدالمقتدر اور مولانا خواجگی دہلوی وغیرہ سے مختلف قسم کے علوم وفنون کی تعلیم حاصل کی۔ پھر دہلی کو خیرآباد کہہ کر سلطان ابراہیم شرقی کی دعوت پر جون پور پہنچے سلطان نے ان کی بڑی تعظیم وتوقیر کی اور قاضی القضاۃ کے عہدہ پر مامور کیا۔ اپنے زمانے کے صوفی بزرگ اور اصولی حضرت سید اشرفؒ جہانگیر سمنانی جو اصول فقہ میں کتاب ''الفصول'' کے مصنف تھے ان کی خدمت میں حاضر ہوتے رہے شیخ سید اشرفؒ جہانگیر نے ان کے علم وفضل کی بڑی قدر دانی کی (۶۰) وہ علوم عقلیہ ونقلیہ میں نابغہ روزگار اور اپنے زمانے کے جید عالم تھے۔ انہوں نے بہت سی کتابیں لکھیں جن میں شرح وتعلیقہ وغیرہ بھی شامل ہیں۔ نزھۃ الخواطر میں اس طرح مذکور ہے: ''**وله شرح شرح البزدوی فی اصول الفقه الی مبحث الامر صنفه للشیخ محمد بن عیسی الجونپوری**' (۶۱) (اور انہوں نے اصول فقہ میں امر کی بحث تک بزدوی کی شرح لکھی جسے شیخ محمد بن عیسیٰ جون پوری (متوفی ۸۷۰ھ) کیلئے تصنیف کیا تھا) شیخ محمد بن عیسیٰؒ کے حالات زندگی ''نزھۃ الخواطر'' ج۳، ص۱۳-۱۱۲ پر موجود ہیں اس کا ایک خطی نسخہ عبدالکلام آزاد کے پاس تھا اور اب شاید وہ نسخہ مکتبہ آزاد علی گڑھ میں ہو (۶۲)۔

ابوالفضائل سعد الدین عبداللہؒ بن عبدالکریم دھلوی حنفی (متوفی ۸۹۱ھ/ ۱۴۸۵ء) اپنے زمانے کے جید عالم، اصولی اور محقق تھے۔ انہوں نے کتاب'' **افاضة الانوار فی اضائة اصول المنار فی اصول الفقه**'' تالیف کی (۶۳) یہ ابوالبرکات حافظ الدین عبداللہؒ بن احمد بن محمود النسفی حنفی (متوفی ۷۱۰ھ/ ۱۳۱۰ء) کی کتاب ''**المنار**'' کی شرح ہے۔ **المنار** پر لکھی جانے والی ۳۲ سے زائد شروح وغیرہ میں لکھنے والوں کی تاریخ وفات کی زمنی ترتیب کے لحاظ سے دیکھا جائے تو یہ ''**المنار**'' کی سولھویں شرح ہے (۶۴)۔ مناظر احسن گیلانی لکھتے ہیں: ''اسی طرح ساتویں اور آٹھویں صدی کے درمیان دلی کے عالم مولانا سعدالدین محمود بن محمد کا تذکرہ پاتے ہیں جن کی تالیفات میں منار کی شرح ''**افاضة الانوار**'' کا ذکر کیا جاتا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندی نصاب میں اصول فقہ کا یہ مشہور متن یعنی ''**المنار لنسفی**'' بھی داخل تھا بعد کو اسی کی بہترین شرح ملاجیون ہندی نے ''**نورالانوار**'' کے نام سے لکھی جو مصر میں بھی چھپ چکی ہے' (۶۵)۔ مناظر احسن گیلانی کے بیان سے مندرجہ ذیل باتیں عیاں ہوتی ہیں:

۱۔ دلی کے عالم کا نام سعدالدینؒ محمود بن محمد تھا اور ''نزھۃ الخواطر'' میں بھی یہی نام مذکور ہے (۶۶)۔ جبکہ اسمٰعیل باشاؒ اور المراغی نے ان کا نام سعدالدین عبداللہؒ بن عبدالکریم دہلوی بتایا ہے۔

۲۔ ان کا زمانہ ساتویں اور آٹھویں صدی ہجری کے درمیان کے ہے جبکہ اسمٰعیل باشا اور المراغی نے ان کا تاریخ وفات ۸۹۱ھ یعنی نویں صدی ہجری بتایا ہے۔ ''نزھۃ الخواطر'' میں ان کی تاریخ ولادت ووفات بیان کئے بغیر آٹھویں صدی ہجری کے علماء میں ان کا ذکر کیا اور پھر دوسری جگہ دوبارہ ذکر کیا تو تاریخ وفات ۸۹۱ھ ذکر کی۔

۳۔ انہوں نے کتاب ''افــاقــة الانــوار'' تالیف کی جومنار کی شرح ہے جبکہ اسمٰعیل باشاؒ اور المراغیؒ کے مطابق انہوں نے ''افاضة الانوار فی اضاءة اصول المنار'' تالیف کی۔

ہوسکتا ہے کہ لکھنے والوں میں سے کسی کو سہو ہوگیا ہو اور کتابت کی غلطی سے ''افـــــــــاضة'' کے بجائے ''افـــافة'' لکھا گیا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ دو الگ الگ شخص ہوں جن کا زمانہ اور شرح کے نام مختلف ہوں مگر دونوں کا تعلق دلی سے ہو۔ واللہ اعلم

علاء الدین الہ دادؒ بن عبداللہ جونپوری حنفی (متوفی ۹۲۳ھ/ ۱۵۱۷ء) ہندوستان میں پیدا ہوئے اور وہیں وفات پائی اور ان کا شمار افاضل علماء میں ہوتا تھا۔ سلطان سکندر لودھی کے زمانے سے آپ کا تعلق تھا مولانا الہ داد جونپور کے مشہور علماء میں سے تھے فقہ پر متعدد کتابیں لکھیں سلطان سکندر لودھی خود ان کے مکان پر ملاقات کے لیے گیا تھا(۶۷)۔ انھوں نے شرح اصول البزدوی تالیف کی(۶۸) اور حاشیہ علی اصول الشاشی المسمّی ''فصـول الـغـواشی'' لکھیں۔ فصول الغواشی کے مختلف مکتبوں میں نسخے موجود ہیں مکتبہ راجھستان ٹونک ہند میں ۷۸۶ (ت/۸۸۲) اور ۷۸۷ اور ۷۸۸ پر بھی موجود ہے(۶۹)۔

شیخ وجیہ الدینؒ بن نصراللہ عمادالدین گجراتی (متوفی ۹۹۸ھ/ ۱۵۹۰ء) مشرقی گجرات کے قدیمی شہر چانپا نیر میں پیدا ہوئے۔ وہ ایک جید عالم اور اصولی تھے۔ احمد آباد میں ایک عرصہ تک خلق خدا کو تعلیم دینے میں مشغول رہے اور متعدد درسی کتب پر حاشیے اور شرحیں لکھیں وہ اپنے مدرسے کے وسط میں مدفون ہیں بدایونی کے مطابق شاید ہی کوئی درسی کتاب، چھوٹی یا بڑی ہوگی جس کی انہوں نے شرح یا حاشیہ نہ لکھا ہو(۷۰)۔ انہوں نے ''اصـول بـزدوی'' پر حاشیہ اور ''شـرح الـتـلـویح'' پر حاشیہ لکھا تھا(۷۱)۔ سبحۃ المرجان میں ''حـاشـیـة الـتـلـویـح'' کا ذکر ہے(۷۲)۔ سید ابوظفر ندوی نے اس حاشیہ علی التلویح کے ابتدائی کلمات، کتابت اور اس میں شیخ وجیہ کے اسلوب بیان کو مختصراً بیان کیا ہے۔ تصنیف کے تقریباً سوا سو سال کے بعد ۱۱۲۰ھ میں اس کی کتابت ہوئی اس کی ابتداء ان جملوں سے ہوتی ہے: بسـم الـلـه الـرحـمـن الرحيم. رب يسر وتمم بـالـخيـر. الـحمد لله رب العلمين والصلوة على خير خلقه محمد واله واصحابه اجمعين۔ اور اختتامی جملہ یہ ہے هـذا اخـر الـكـتـاب بـعـونـالـمـلـک الـوهاب والحمد لله على اتمامه انه ولى

التوفيق وبيده ازمةالتحقيق ۔طلبہ کی آسانی کے لیے انداز سہل رکھنے کی بھر پور کوشش نظر آتی ہے۔مثلا حقیقت ومجاز کی بحث میں جہاں صاحب تلویح یے لکھا ففیہ نظر،اس نظر کے پیچیدہ مطالب کو شیخ وجیہ حاصل النظر کے عنوان سے بہت سہل عبارت میں تحریر فرماتے ہیں اور پھر اس نظر کا جو جواب دیا جاتا ہے اس کو تحریر کرنے کے بعد حاصل الجواب کے عنوان سے اس کی تشریح فرماتے ہیں۔ سید شریف جرجانی کا اس پر اعتراض نقل کر کے پھر اپنا جواب تحریر فرماتے ہیں (۷۳)۔مظہر بقا نے زبید احمد کے حوالے سے لکھا کہ انہوں نے حاشیہ علی الشرح العضدی علی المختصر لابن حاجب بھی تالیف کیا(۷۴)۔

شیخ ابوبکر قریشی حنفی اکبرآبادی دسویں صدی ہجری کے فقیہ اور اصولی تھے سلطان سکندر بن بہلول کے زمانے میں آگرہ آکر رہائش اختیار کرلی تھی۔ ''نزهة الخواطر'' میں اس طرح مذکور ہے:''وشرح علی اصول البزدوی''(۷۵)( اور انہوں نے اصول البزدوی کی شرح لکھی)۔

## خلاصہ بحث

برصغیر میں اسلام کے آغاز کی کئی تاریخی روایات بیان کی گئی ہیں ان میں یہ بات مشترک ہے کہ اسلام کے آغاز کے آثار عہد رسالت میں نظر آتے ہیں۔متعدد صحابہ کرام بھی تشریف لائے۔ ملتان و سندھ اسلامی ثقافت کے مرکز رہے۔ ابتدائی کئی صدیوں تک بالواسطہ یا بلاواسطہ یہاں عربوں کی حکومت رہی۔مگر بعد میں نو سو برس تک اکثر ایسے حکمران برسراقتدار رہے جن کی زبان فارسی تھی یا وہ اس زبان سے متاثر تھے۔اور پھر یہاں کے لوگوں کے روابط عربی بولے جانے والے ممالک سے اتنے زیادہ نہیں رہے جتنے شمالی افریقہ اور ماوراء النہر کے لوگوں کو میسر آئے مگر کچھ ایسے حکمران بھی آئے جنہوں نے علوم دینیہ اور بالخصوص فقہ و اصول الفقہ میں دلچسپی لی۔ اصول فقہ کی تدوین کی تاریخ پہلی صدی ہجری کے آخری دوعشروں سے شروع ہوتی ہے۔لیکن دوسری صدی ہجری سے لیکر ۶۴۴ ھ تک کے وہ اصولیین جن کا تعلق برصغیر سے تھا ان کی اصول فقہ پر کتابوں کے بارے میں معلومات حاصل نہیں ہوسکیں۔ اورصرف اکیس کتابوں کے بارے میں پتہ چل سکا ان میں سے بھی کچھ ناپید ہیں۔جس سے بظاہر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ شیخ صفی الدین شافعی (متوفی ۷۱۵ھ) برصغیر کے وہ پہلے اصولی تھے جنہوں نے اصول فقہ پر عربی زبان میں نہ صرف شاہکار کتابیں لکھیں بلکہ عربی اور عجمی شاگردوں کی ایسی جماعت تیار کی جوعلم اصول فقہ میں نمایاں مقام رکھتے تھے۔کتابوں کی اطلاع نہ ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ برصغیر کے علمی مراکز میں اصول فقہ پر تصنیف و تالیف کا کام نہیں ہوا ہوگا۔ بلکہ اس بات کا قوی امکان ہے کہ اصول فقہ پر تحریری موادحوادث زمانہ کی نظر ہوگیا۔

# حواشی وحوالہ جات

ا۔ تحقیقات اسلامی ۔ جنوبی ھند میں اسلام کا تعارف، یاسمین شبنم شیروانی، علی گڑھ : پان والی کوٹھی اکتوبر ۲۔ ۱۹۸۵ ء ص:۵۳۔

۲۔ روز نامہ جنگ کراچی ،ڈاکٹر قدیرخان ،مضمون''بھوپال کیرالہ اورشق القمر''بروز بدھ ، ۱۶ربیع الاول ۱۴۳۱ھ،۳مارچ ۲۰۱۰ص:۷، اس کی کچھ تفصیل یہ ہے کہ راجہ بھوج یا بھوجپال نے شق القمر ہوتے دیکھا تو اس واقعہ کی تحقیق کے لیے لوگوں کو ادھرادھر بھیجا جوشخص عرب پہنچااس نے واپس آکرشق القمر کی تفصیلات بتائیں۔راجہ نے کچھ تحائف جن میں پان کے پتے بھی شامل تھے۔ رسول اکرم اکی خدمت (غالبًا اپنے بیٹے ماتادین کے ہاتھ ) بھیجے جس پر آپ انے پان کودافع برص وجزام قراردیا۔آنے والاشخص (غالبًا شہزادہ مع وفد)مسلمان ہوگیا۔ ہندوستانی شہزادے کا نام محی الدین رکھا گیااور ان کا نکاح ایک صحابی کی بیٹی سے ہوا۔ اس نے ہندوستان واپسی آنے پر اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کیا۔ رسول اکرم انے واپسی پر ایک صحابی رسول حضرت عبداللہ ص کو بھی شہزادہ کے ساتھ روانہ فرمایا۔راجہ بھوج ان صحابی رسول کی فراست کو دیکھ کرمسلمان ہوگیا(واللہ اعلم )۔

۳۔ حوالہ سابق آج بھی یہ مسجد ہندوستان کے قصبہ ڈنگلوریا کےقرب وجوار میں ایک ساحل سمندر کےقریب ہے۔

۴۔ تحقیقات اسلامی'' برصغیر میں اشاعت اسلام'' محمد یسین مظہر صدیقی ،علی گڑھ :پان والی کوٹھی جنوری۔مارچ ا۔ ۱۹۸۷ءص: ۵۶ ۔ ۵۷، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ راجہ پیرول کے اسلام قبول کرنے کا واقعہ دوسری صدی ہجری کا ہے اس کی کچھ تفصیل یہ ہے کہ مسلمانوں کی ایک جماعت جولنکا جارہی تھی جو پیرومل کے یہاں ٹہری وہ ان سے بہت متاثر ہوا اورعرب جانے کا ارادہ ظاہرکیا اور روانہ ہوگیا وہاں پہنچ کر بیمار پڑ گیا بچنے کی امید نہ رہی تو اپنے ساتھیوں کو زمینیں عطاکیں اور مالابار واپس جاکر مساجد بنانے کی ہدایت دی اور پھر وہ انتقال کرگیا مزید دیکھیے تحقیقات اسلامی'' مالابار میں اسلام'' احتشام احمد ندوی۔ مدیرسید جلال الدین عمری علی گڑھ :پان والی کوٹھی اپریل۔ جون ۲۰۰۵ءجلد: ۲۴، شمارہ ۲،ص:۳۷۔۴۷۔

۵۔ برعظیم پاک وہند کی ملت اسلامیہ، اشتیاق حسین قریشی ،کراچی ،کراچی یونیورسٹی، شعبہ تصنیف وتالیف(۱۹۹۹ء)مترجم ہلال احمد زبیری ،ص:ا۔

۶۔ **فتوح البلدان ، امام ابوالحسن احمدبن یحی بن جابر البلاذری(متوفی ۲۷۹ھ) بیروت، دارالکتب العلمیہ ۲۰۰۰ء-۱۴۲۰ھص: ۲۵۷۔**

۷۔ برصغیرمیں اسلام کے اولین نقوش ،محمداسحاق بھٹی ۔لاہور،ادارہ ثقافت اسلامیہ۱۹۹۴ء،ص:۴۱-۴۴ اسحاق بھٹی نے ان پچیس صحابہ کرام کے اسماءگرامی کی فہرست بیان کی ہے جو برصغیرتشریف لائے۔

۸۔ برصغیرمیں صحابہ کی آمد، اکبرعلی قادری، لاہور، طہ پبلشرز ۲۰۰۴ء،ص:۱۱۹۔

۹۔ برعظیم پاک وہند کی ملت اسلامیہ، اشتیاق حسین قریشی ، دیباچہ''م''

۱۰۔ نقوش سلیمانی ،سیّدسلیمان ندوی، لاہور اردو اکیڈمی سندھ ۱۹۶۷ء ،ص:۲۵۴۔

۱۱۔ ایضاً۔

۱۲۔ ایضاً،ص: ۲۵۴۔

۱۳۔ ایضاً۔

۱۴۔ ایضاً،ص: ۵۴۴۔

۱۵۔ برعظیم پاک وہند کی ملت اسلامیہ، اشتیاق حسین قریشی ،ص: ۴۸۔

۱۶۔ ایضاً۔

۱۷۔ نقوش سلیمانی ،سید سلیمان ندوی،ص: ۲۵۶۔

۱۸۔ سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات ،خلیق احمد نظامی لاہور، نگارشات ۱۹۹۰ء ،ص: ۱۱۳۔

۱۹۔ نزهة الخواطر وبهجة المسامع والنواظر ،عبد الحی بن فخر الدین الحسنی (متوفی ۱۳۴۱ھ) ہند، رائے بریلی مکتبہ دارعرفات ۱۹۹۱ء-۱۴۱۲ھ ملتان ، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ۱۳۴/۱۔

۲۰۔ ایضاً،ص: ۱۸۰۔

۲۱۔ ایضاً،ص: ۱۸۳۔

۲۲۔ ایضاً،ص: ۲۳۴۔

۲۳۔ ایضاً،ص: ۲۳۸۔

۲۴۔ ایضاً،ص: ۲۳۹۔

۲۵۔ ایشیا کے اردو مجموعہ ہائے فتاوی۔ مجیب احمد۔ اسلام آباد: نیشنل بک فاونڈیشن ۲۰۱۱ءص:۳۱۔

۲۶۔ پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت ،سید مناظر احسن گیلانی ، لاہور، مکتبہ رحمانیہ (سنہ ند)،۲۷۲/۱۔

۲۷۔ التحصيل من المحصول، سراج الدین ابوالثنائی محمود بن ابوبکر بن حامد بن احمد الارموی شافعی (۵۹۴ھ-۶۸۲ھ) بیروت ،مؤسسہ رسالہ ۱۴۰۸ھ- ۱۹۸۸ء،اس پر عبدالحمید علی ابوزنید کا تحقیقی مقدمہ دیکھئے۔

۲۸۔ الفتح المبين فی طبقات الاصوليين، عبداللہ المصطفی المراغی، بیروت محمد امین درج (سنہ ند)۱۱۸/۲۔

۲۹۔ پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت، سید مناظر احسن گیلانی ،لاہور، مکتبہ رحمانیہ (سنہ ند)، ۲۷۳/۱۔

۳۰۔ فن اصول فقہ کی تاریخ، عہد رسالت مآب تا عصر حاضر فاروق حسن کراچی، دارالاشاعت ۲۰۰۶ء،ص:۳۷۳، ارشاد الفحول الی تحقيق الحق من علم الاصول ،محمد بن علی الشوکانی (۱۱۷۳ھ-۱۲۵۰ھ) قاہرہ دارالکتبی (سنہ ند) تحقیق ڈاکٹر محمد شعبان،۴۶۳/۱، اور تحقیقی مقدمہ،۳۴/۱۔

۳۱۔ كشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون ،مصطفی بن عبداللہ القسطنطنی الرومی الحنفی ، ملا کاتب الجلبی ، حاجی خلیفہ(متوفی ۱۰۶۷ھ) بیروت ، دارالفکر ۱۴۰۲ھ-۱۹۸۲ء،۱۹۱۹/۲، هدية العارفين فی اسماء المؤلفين وآثار المصنفين ، اسماعیل باشا بغدادی (متوفی ۱۳۳۹ھ) بیروت دارالفکر ۱۴۰۲ھ-۱۹۸۲ء،۱۴۳/۶، الدرر الكامنة فی اعيان المائة الثامنة ، احمد بن علی بن محمد بن علی بن احمد الکنانی ابن حجر عسقلانی شافعی (۷۷۳ھ-۸۵۲ھ) بیروت،

دارالجیل (سنہ ند) ۱۴/۴-۱۵، الفتح المبین فی طبقات الاصولیین، عبداللہ المصطفی المراغی، بیروت، محمد امین (سنہ ند) ۱۱۶/۲-۱۱۵۔

۳۲۔ پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت، سید مناظر احسن گیلانی، لاہور، مکتبہ رحمانیہ (سنہ ند)، ۲۷۳/۱۔

۳۳۔ نزھۃ الخواطر، عبدالحی، ۱۴۲/۲-۱۴۳۔

۳۴۔ ایضاً، ج:۲، ص:۲۷۔

۳۵۔ کشف الظنون، حاجی خلیفہ ۴۹۹/۱۔

۳۶۔ پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت، سید مناظر احسن گیلانی، ۱۴۶/۱۔

۳۷۔ حدائق الحنفیہ۔ مولوی فقیر محمد جہلمی کراچی: مکتبہ ربیعہ (سنہ ند) ص: ۳۳۲-۳۳۱۔

۳۸۔ نزھۃ الخواطر، عبدالحی، ۱۶۸/۲۔

۳۹۔ تذکرۃ المصنّفین، محمد حنیف گنگوہی کراچی میر محمد کتب خانہ (سنہ ند) ص:۳۱۹۔

۴۰۔ حدائق الحنفیہ۔ مولوی فقیر محمد جہلمی ص: ۳۳۲-۳۳۱۔

۴۱۔ سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات، خلیق احمد نظامی لاہور، نگارشات ۱۹۹۰ء، ص:۳۳۳ کا حاشیہ۔

۴۲۔ اصول فقہ اور شاہ ولی اللہ، محمد مظہر بقا کراچی، بقا پبلیکیشنز (۱۹۸۶ء) ص:۱۷۳۔

۴۳۔ پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت، سید مناظر احسن گیلانی، ۲۷۰/۱۔

۴۴۔ نزھۃ الخواطر، عبدالحی، ج ۲، ص ۹۷-۹۸، الفتح المبین، عبداللہ المصطفی المراغی، ۱۸۸/۲، ۱۶۵، کشف الظنون، حاجی خلیفہ، ۱۹۹/۲، ھدیۃ العارفین فی اسماء المؤلفین وآثار المصنفین، اسماعیل باشا بغدادی (متوفی ۱۳۳۹ھ) بیروت، دارالفکر ۱۴۰۲ھ-۱۹۸۲ء، ۹۰/۵۔ تاج التراجم فی طبقات الحنفی، زین الدین قاسم بن قطلوبغا (متوفی ۸۷۹ھ) بغداد، مکتبہ المثنی ۱۹۶۲ء، ص:۴۸-۴۹۔

۴۵۔ ھدیۃ العارفین، اسماعیل باشا بغدادی، ۹۰/۵، ۷، الفتح المبین، عبداللہ المصطفی المراغی، ۱۸۸/۲۔

۴۶۔ فن اصول فقہ کی تاریخ، فاروق حسن، ص: ۴۴۷-۴۵۵۔

۴۷۔ کشف الظنون، حاجی خلیفہ، ۹۰/۲، ۷، الفتح المبین، عبداللہ المصطفی المراغی، ۱۸۸/۲۔

۴۸۔ فن اصول فقہ کی تاریخ، ص:۳۹۳۔

۴۹۔ ایضاً، ص: ۴۰۳۔

۵۰۔ کشف الظنون، حاجی خلیفہ، ۴۹/۲، ۷، ھدیۃ العارفین، اسماعیل باشا بغدادی، ۹۰/۵، ۷، الفتح المبین، عبداللہ المصطفی المراغی، ۱۸۸/۲۔

۵۱۔ کشف الظنون، حاجی خلیفہ، ۱۹۹۱/۲۔

۵۲۔ فن اصول فقہ کی تاریخ، فاروق حسن، ص: ۳۹۲-۳۹۳۔

۵۳۔ نزھۃ الخواطر، عبدالحی، ۱۸۲/۲-۱۸۳۔

۵۴۔ حدائق الحنفیہ۔فقیر محمد جہلمی کراچی: مکتبہ ربیعہ (سنہ ند) ص:۳۲۶۔

۵۵۔ هدية العارفين، اسماعیل باشا بغدادی،۳۸۵/۵۔اس میں ان کی تاریخ وفات ۸۸۲ھ مذکور ہے۔حدائق الحنفیہ،فقیر محمد۔ لکھنو،مطبع نامی کشور ۱۲۹۷ھ،نویں صدی ہجری کے فقہا۔ معجم الاصوليين،محمد مظہر بقا، مكة المكرّمہ جامعہ ام القری ۱۴۱۴ھ،۱۱۹/۲۔

۵۶۔ نزهة الخواطر،عبد الحی،۳ /۶۰-۶۱ اس میں بھی ان کی تاریخ وفات ۸۸۲ھ مذکور ہے ۔

۵۷۔ بزم صوفیہ،سید صباح الدین عبدالرحمٰن ، اسلام آباد نیشنل بک فاؤنڈیشن ۱۹۹۰ء،ص:۴۳۹۔

۵۸۔ ایضاً،ص: ۴۵۲-۴۵۳

۵۹۔ معجم الاصوليين،محمد مظہر بقا، ۲۷۵/۱ ، نزهة الخواطر،۳ /۱۶-۱۵، اس میں ان کی تاریخ وفات ۸۸۰ھ مذکور ہے۔

۶۰۔ بزم صوفیہ، سید صباح الدین عبدالرحمٰن ،ص:۴۴۶ -۴۴۷ ۔

۶۱۔ كشف الظنون،حاجی خلیفہ،۱۱۶۷/۵ اس میں ان کی تاریخ وفات ۸۴۸ ھ مذکور ہے۔معجم الاصوليين، محمد مظہر بقا، ۱۸۱/۱ (۱۳۱) ،۱۳۵/۲(۳۷۰)۔ معجم المؤلفين تراجم مصنفي الكتب العربية،عمر رضا کحالہ، دمشق،المکتبہ العربیہ ۱۳۷۶ھ-۱۹۵۷،۳۹/۴۔ نزهة الخواطر،عبد الحی،۳/۳۔

۶۲۔ نزهة الخواطر ،عبد الحی ،۳ /۱۶۔

۶۳۔ هدية العارفين ، اسماعیل باشا بغدادی ، ۴۷۰/۵، الفتح المبين ،عبد الله المصطفى المراغي، ج۲/ ۶،فن اصول فقہ کی تاریخ فاروق حسن ،ص: ۵۳۳۔

۶۴۔ فن اصول فقہ کی تاریخ، فاروق حسن کراچی ،ص: ۴۰۴۔

۶۵۔ پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت ،سید مناظر احسن گیلانی، ۱۴۷/۱۔

۶۶۔ نزهة الخواطر،عبد الحی بن فخر الدین الحسنی ۲ /۱۶۱،۱۳۰/۳ ۔

۶۷۔ سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات ،خلیق احمد نظامی لاہور، نگارشات ۱۹۹۰ء،ص:۴۵۹-۴۵۸۔

۶۸۔ سبحۃ المرجان فی اثار ہندوستان ،غلام علی مطبوعہ بمبی ۱۳۰۳ھ ص:۳۴۔

۶۹۔ معجم الاصوليين ،محمد مظہر بقا، ۴۹۴/۱ ۔ نزهة الخواطر ،عبد الحی ۴/ ۳۸۔تذکرۃ المصنّفین،محمد حنیف گنگوہی ، میر محمد کتب خانہ کراچی،(سنہ ند) ص: ۲۱۵-۲۱۷۔

۷۰۔ رود کوثر، شیخ محمد اکرم،لاہور، ادارہ ثقافت اسلامیہ ۱۹۷۹ء،ص: ۳۹۳-۳۹۴

۷۱۔ كشف الظنون ، حاجی خلیفہ، ۴۹۴/۱، نزهة الخواطر ،عبد الحی ،۳۴۳/۴-۳۴۴، تذکرۃ المصنّفین،محمد حنیف گنگوہی ، میر محمد کتب خانہ کراچی ،(سنہ ند)ص: ۲۱۵-۲۱۷۔

۷۲۔ سبحۃ المرجان فی اثار ہندوستان ۔غلام علی مطبوعہ بمبی ۱۳۰۳ھ ص: ۴۵۔

۷۳۔ معارف، شاہ وجیہ الدين علوی ج: ۳۔۳۱، مارچ ۱۹۳۳ء، ذیقعدہ ۱۳۵۱ھ اعظم گڑھ دار المصنفین، ص: ۲۱۴اور دیکھیے: معارف شمارہ: فروری ۱۹۳۳ء،ص: ۱۱۲۔

۷۴۔ اصول فقہ اور شاہ ولی اللہ، محمد مظہر بقا، ص:۱۷۴۔
۷۵۔ نزهة الخواطر، عبدالحی، ۴/ ۱۰-۹۔

# بیع عینہ کی حقیقت اور اس کی مروجہ شکلیں

## Reality of Mohatra Contract & Its Current Forms

غلام حیدر☆

### *Abstract*

*The economic system of Islam does not allow the interest and fraud (cheating). This system does not consider it fair to exploit the compulsions of others. It is our bad luck (misfortune) that the majority of the business community is unaware of the economic teachings of islam. The problem of Bay Aena has assumed the severe form in the society. The majority of the people is ignorant of the real nature of this Bay on one hand, while on the other hand it is also the cause of the spread of selfishness and greed. Through this paper, it has been tried to determine the religious position of Bay Aena in the light of the views of the Islamic Scholars. Moreover, its different forms prevalent in the society have also been analysed.*

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ربا کو حرام قرار دیا ہے۔ علامہ ابن منظور افریقی (م:۷۱۱ھ) ربا کی لغوی تعریف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "زاد و نما"(۱) یعنی زیادتی اور بڑھوتری۔ اصطلاح شریعت میں ایسی زیادتی کو ربا کہتے ہیں جو بغیر کسی مالی معاوضہ کے حاصل کی جائے۔ ابن العربی (م:۵۴۳ھ) احکام القرآن میں لکھتے ہیں:

**"الربا فی الغة الزیادة والمراد فی الآیة کل زیادة لا یقابلها عوض "**(۲).

اس میں وہ زیادتی بھی داخل ہے جو روپیہ کو ادھار دینے پر حاصل کی جائے کیونکہ مال کے معاوضہ میں تو رأس المال پورا مل جاتا ہے جو زیادتی بنام سود یا "انٹرسٹ" لی جاتی ہے وہ بے معاوضہ ہے اور بیع وشرا کی وہ صورتیں بھی اس میں داخل ہیں جن میں کوئی زیادتی بلا معاوضہ حاصل کی جائے۔

---

☆ لیکچرر شعبہ علوم اسلامیہ، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد، پاکستان۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وأحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا﴾ (۳) (اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے)۔

ایک اور مقام پر فرمایا:

﴿يـٰٓأَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِىَ مِنَ الرِّبٰوا انْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ. فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَأْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ﴾ (۴)

(اے ایمان والو: اللہ سے ڈرو اور اگر تم مومن ہو تو (زمانہ جاہلیت کا) باقی ماندہ سود چھوڑ دو۔ اور اگر تم ایسا نہ کرو تو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اعلان جنگ سن لو)۔

محولہ بالا آیات میں اللہ تعالیٰ نے سود کو مطلقاً حرام کیا ہے اور نجی اور کاروباری قرضوں کا فرق نہیں کیا۔

علامہ جلال الدین سیوطی (م: ۹۱۱ھ) ﴿وَذَرُوْا مَا بَقِىَ مِنَ الرِّبٰوا﴾ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

**أخرج ابن جرير و ابن أبى حاتم عن السدى قال: نزلت هذه الاية فى العباس بن عبدالمطلب ورجل من بنى المغيرة كان شريكين فى الجاهلية يسلفان فى الربا الٰى ناس من ثقيف من بنى ضمرة وهم بنو عمر وبن عمير فجاء الاسلام ولهما أموال عظيمة فى الربا (۵)۔**

(امام ابن جریر اور امام ابن ابی حاتم نے اپنی اپنی اسانید کے ساتھ سدی سے یہ روایت بیان کی ہے کہ یہ آیت حضرت عباس بن عبدالمطلب اور بنو مغیرہ کے ایک شخص کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ یہ دونوں زمانہ جاہلیت میں شریک تھے اور انہوں نے ثقیف کے بنو عمرو بن عمیر میں لوگوں کو سودی قرض پر مال دے رکھے تھے۔ جب اسلام آیا تو ان دونوں کا بڑا سرمایہ سود میں لگا ہوا تھا)۔

امام قرطبی ''الجامع لاحكام القرآن'' میں ﴿وَذَرُوْا مَا بَقِىَ مِنَ الرِّبٰوا﴾ کی تفصیل یوں بیان کرتے ہیں:

**"ان الاية نزلت بسبب ثقيف، وكانوا عاهدوا النبى ﷺ على أن مالهم من الربا على الناس فهو لهم، وما للناس عليهم فهو موضوع عنهم، فلما أن جاء ت آجال رباهم بعثوا الٰى مكة للا قتضاء، وكانت الديون لبنى عبدة وهم بنو عمرو بن عمير بن ثقيف، وكانت على بنى المغيرة المخزوميين، فقال بنو المغيرة: لا نعطى شياءً فان الربا قد رفع ورفعوا امرهم الى عتاب بن اسيد، فكتب به الى رسول الله ﷺ، ونزلت الاية فكتب بها رسول الله ﷺ الى عتاب، فعلمت بها ثقيف فكفت" (۶)۔**

(یہ آیت بنو ثقیف کی وجہ سے نازل ہوئی۔ انہوں نے نبی ﷺ سے یہ معاہدہ کیا تھا کہ ان کا جو سود دوسرے لوگوں کے ذمہ ہے وہ انہیں لینے کا حق ہے اور جو دوسرے لوگوں کا سود ان کے ذمہ ہے وہ معاف ہے۔ جب بنو ثقیف کے سود کی ادائیگی کا

وقت آیا تو انہوں نے اپنے مقروضوں سے، جو مکہ میں تھے،سود کے تقاضے کے لئے آدمی بھیجا۔جن کا سود تھا یہ بنوعمرو بن عمیر ثقفی کا بنوعبدہ خاندان تھا۔اور جن سے سود وصول کرنا تھا وہ بنومغیرہ تھے جن کا بنومخزوم قبیلے سے تعلق تھا۔سود کے تقاضے پر بنومغیرہ نے کہا کہ ہم قرض سے زائد کچھ نہیں دیں گے اس لئے کہ سود ختم کر دیا گیا ہے۔اور پھر وہ اپنا معاملہ مکہ کے گورنر عتاب بن اسید کے پاس لے گئے ۔اس پر حضرت عتاب نے نبی ﷺ کو لکھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت حضرت عتاب کو لکھ بھیجی۔بنوثقیف خاموش ہو گئے اور اس پر عمل کرتے ہوئے سود کے تقاضے سے دست کش ہو گئے )۔

## سود سے بچنے کا ایک حیلہ

اگر کوئی شخص سود لیے بغیر کسی کو قرض نہ دینا چاہتا ہو تو بعض علماء نے بیع عینہ کی طرف راہنمائی کی ہے۔اس کی تفصیل یوں ہے کہ اگر کوئی شخص مثلاً زید،عمرو سے ایک ماہ کے لئے سو روپے قرض مانگے اور عمرو بغیر سود لئے اس کو قرض نہ دینا چاہتا ہو تو اس صورت میں حیلہ یہ ہے کہ عمرو سو روپے کی کوئی چیز اس کو ایک ماہ کے ادھار پر ڈیڑھ سو روپے میں فروخت کرے اور دوبارہ وہی چیز سو روپے میں نقد خرید لے۔اس طرح زید کو فی الفور ایک سو روپے مل جائیں گے اور عمرو کو ان سو روپیوں کے عوض ایک ماہ بعد ڈیڑھ سو روپے مل جائیں گے۔اس طرح عمرو کو پچاس روپے کا سود بیع کے عنوان سے مل جائے گا۔

## عینہ کے لغوی اور اصطلاحی معنی

علامہ ابن اثیر (م:۶۰۶ھ) عینہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:''ایک شخص کسی شخص کو،کوئی چیز اس کی معروف قیمت کے عوض مدت معینہ کے ادھار پر فروخت کرے۔پھر اس شخص سے اسی چیز کو قیمت فروخت سے کم قیمت پر خریدے، یہ عینہ ہے''(۷)۔علامہ ابن ہمام نے کہا ہے کہ''اس کو عینہ اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں عین دائن کی طرف لوٹ جاتی ہے''(۸)۔

علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی بیع عینہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

''ایک شخص کسی تاجر سے مثلاً دس روپے قرض مانگتا ہے وہ انکار کرتا ہے پھر اس کو مثلاً پندرہ روپے میں (مدت معینہ کے ادھار پر) ایک ایسا کپڑا فروخت کرتا ہے جس کی معروف قیمت دس روپے ہے تا کہ قرض لینے والا وہی کپڑا اس کو دس روپے میں فروخت کر دے۔اور اس کو پانچ روپیہ زیادہ مل جائیں۔اس کو عینہ اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں قرض دینے سے عین کی طرف اعراض ہے"(۹)۔

بیع عینہ کی مندرجہ بالا تعریفات یہ واضح کر رہی ہیں کہ فریقین سود سے بچنے کے لئے حیلہ اختیار کر رہے ہیں۔

## بیع عینہ کی شرعی حیثیت

حضورا کرم ﷺ کی احادیث،آثارِ صحابہ رضی اللہ عنہم اوراقوال تابعین کی روشنی میں بیع عینہ کی شرعی حیثیت کا تعین کیا جاسکتا ہے۔

امام ابوداؤد سجستانی (م:۲۷۵ھ )روایت کرتے ہیں:

**"عن ابن عمر قال سمعت رسول الله ﷺ يقول: اِذا تبا يعتم بالعينة وأخذ تم اذناب البقر ورضيتم بالزرع وتركتم الجهاد سلّط الله عليكم ذلًّا لاينزعه حتى ترجعوا الٰى دينكم" (١٠)۔**

(حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم بیع عینہ کروگے اور بیلوں کی دُمیں پکڑ کرزراعت پر راضی ہوجاؤ گے اور جہاد چھوڑ دو گے تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت مسلط کردے گا اوراس کواس وقت تک دور نہیں کرے گا جب تک تم اپنے دین کی طرف رجوع نہیں کروگے )۔

مندرجہ بالا حدیث میں حضورا کرم ﷺ نے ذلت کی وعید سنائی ہے اور یہ بیع عینہ کی حرمت کی واضح دلیل ہے۔ اس دلیل پر یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ زراعت کرنے پر بھی یہ وعید ہے پھر چاہیے کہ وہ بھی ممنوع ہوجائے۔حالانکہ وہ ممنوع نہیں ہے۔اس کا جواب یہ ہے کہ زراعت پر راضی ہونے کا مطلب ہے کہ اس میں اس قدر اشغال ہوجائے کہ لوگ جہاد کو چھوڑ دیں۔ نیز یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ دوسری احادیث سے زراعت کا جواز اوراستحسان ثابت ہے۔جبکہ بیع عینہ کا جواز اوراستحسان دوسری احادیث سے ثابت نہیں بلکہ اس کے برعکس اس کی ممانعت میں بکثرت احادیث ہیں۔

امام ابن شیبہؒ روایت کرتے ہیں:

**عن عطاء عن ابن عمر قال: ''نهى عن العينة''(١١)۔**

(عطا کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ نے بیع عینہ سے منع فرمایا)۔

**عن الحكم عن مسروق قال: العينة حرام (١٢)۔**

(حکم کہتے ہیں کہ مسروق نے کہا کہ عینہ حرام ہے )۔

امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المصنف میں درج کرتے ہیں:

**عن طاوس قال: من اشترىٰ سلعة بنظرة من رجل فلايبيعها اِيّاه، ومن اشترىٰ بنقد فلا يبيعها اِيّاه بنظرة(١٣)۔**

(طاؤس کہتے ہیں کہ جس شخص نے کسی شخص سے کوئی چیز ادھار خریدی وہ اس شخص کو وہ چیز نہ فروخت کرے،اور جس شخص نے کوئی چیز نقد خریدی وہ اس شخص کو وہ چیز ادھار فروخت نہ کرے )۔

کنزالعمال میں ہے:

**عن ابن عباس یقول: اذابعتم السرق من سرق الحریر بنسیئة فلا تشتروہ(۱۴)۔**

(حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب تم ریشم کے ٹکڑوں میں سے کوئی ٹکڑا ادھار فروخت کرو تو اس کو مت خریدو)۔

امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانیؒ حضرت عائشہؓ کے حوالے سے ایک روایت نقل کرتے ہیں:

**عن ابی اسحاق عن امرأته قالت : سمعت امرأة ابی السفر تقول سالت عائشة فقلت بعت زید بن ارقم جاریة الی العطاء بثمان مائة درھم وابتعتها منه بست مأة. فقالت لها عائشة: بئس مااشتریت: او بئس مااشتری، ابلغی زید بن ارقم انه قد ابطل جهاده مع رسول الله ﷺ الا ان یتوب قالت: افرایت ان اخذت راس مالی، قالت لا باس من جاءہ موعظة من ربه فانتهی فله ماسلف(۱۵)۔**

(ابو اسحاق کی بیوی بیان کرتی ہیں کہ ابوالسفر کی بیوی نے کہا کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ میں نے وظیفہ ملنے تک کے ادھار پر آٹھ سو درہم کے عوض ایک باندی حضرت زید بن ارقم کو فروخت کی اور چھ سو درہم نقد دے کر وہ لونڈی ان سے خرید لی، حضرت عائشہؓ نے فرمایا تم نے بری چیز خریدی یا فرمایا زید بن ارقم نے بری چیز خریدی، تم زید بن ارقم کو یہ پیغام پہنچا دو کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جو جہاد کیا تھا اس کو باطل کر دیا، الا یہ کہ وہ اس سے توبہ کریں، میں نے کہا یہ بتلایئے کہ اگر میں اپنی اصل رقم واپس لے لوں تو؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کوئی حرج نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: جس شخص کے پاس نصیحت پہنچ گئی اور وہ (سود سے) باز آ گیا تو اس نے جو پہلے لیا ہوا ہے وہ اس کا ہو چکا)۔

حضرت عائشہؓ کی یہ روایت سنن بیہقی اور کنزالعمال میں بھی ہے۔

احادیث، آثار صحابہ رضی اللہ عنہم اور اقوال تابعین رحمہم اللہ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بیع عینہ ایک ناجائز فعل ہے۔ تاہم چونکہ بعض فقہاء اس کے جواز کے قائل ہیں اس لئے یہ ضروری ہے کہ بیع عینہ کے جواز اور عدم جواز کے بارے میں فقہائے اربعہ کے دلائل کا بھی جائزہ لے لیا جائے۔

## بیع عینہ میں فقہاء مالکیہ کا موقف

علامہ ابن رشد مالکی (م: ۵۹۵ھ) لکھتے ہیں:

''جب کوئی شخص مدت معین کے ادھار پر کوئی چیز فروخت کرے پھر اس چیز کو خرید لے تو اس میں نو صورتیں ہیں جن میں سات میں اتفاق ہے اور دو میں اختلاف ہے۔ جن دو میں اختلاف ہے وہ یہ ہیں: مدت معین کے ادھار پر فروخت کرنے کے بعد مدت پوری ہونے سے پہلے اس کو کم قیمت پر خرید لے یا مدت گزرنے کے بعد اس کو زیادہ قیمت پر خریدے۔ امام مالک اور جمہور اہل مدینہ کے نزدیک یہ جائز نہیں ہے''(۱۶)۔

علامہ ابن رشد نے حضرت عائشہؓ کی اس حدیث کا ذکر کیا ہے جس میں انہوں نے حضرت زید بن ارقم کی ام ولد کی ایسی بیع کرنے پر مذمت کی اور حضرت زید بن ارقم کو وعید سنائی۔

## حنابلہ کا موقف

فقہ حنبلی کے معروف مجتہد علامہ ابن قدامہ حنبلی (م:۶۲۰ھ) لکھتے ہیں کہ ’’جس شخص نے ادھار قیمت پر ایک چیز فروخت کی، پھر اس چیز کو کم قیمت پر نقد خرید لیا تو اکثر اہل علم کے نزدیک یہ بیع جائز نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس، حضرت عائشہ، حسن بصری، ابن سیرین، شعبی اور نخعی سے یہی مروی ہے۔ ابوالزناد، ربیعہ، عبدالعزیز بن ابی سلمہ، ثوری، امام اوزاعی، امام مالک، اسحاق اور اصحاب رائے (فقہائے احناف) کا بھی یہی قول ہے‘‘(۱۷)۔

## بیع عینہ میں فقہاء شافعیہ کا موقف

علامہ نووی شافعی (م:۶۷۶ھ) لکھتے ہیں: ’’بیع عینہ ممنوع نہیں ہے‘‘۔ اس کے بعد بیع عینہ کی تعریف کرتے ہیں: ’’ایک شخص دوسرے شخص کو کوئی چیز ادھار فروخت کرے اور وہ چیز اس کو دے دے، پھر اس سے قیمت وصول کرنے سے پہلے کم قیمت نقد دے کر وہ چیز اس سے خرید لے‘‘(۱۸)۔

روضۃ الطالبین کے فاضل محشی شوافع کا رد کرتے ہوئے مسند احمد اور سنن ابوداؤد کے حوالے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی وہ روایت ذکر کرتے ہیں جس میں رسول اللہ ﷺ نے بیع عینہ پر ذلت کی وعید سنائی ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ عینہ حرام ہے(۱۹)۔

امام ابوبکر بیہقی شافعی (م:۴۵۸ھ)، حضرت عائشہؓ کی روایت کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

امام شافعی (م:۲۰۴ھ) فرماتے ہیں کہ ’’اگر یہ روایت ثابت ہو تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ نے وظیفہ ملنے تک کے ادھار کی مذمت کی تھی کیونکہ یہ مدت مجہول ہے اور اس کو ہم بھی ناجائز کہتے ہیں، یہ بات نہیں ہے کہ حضرت عائشہؓ نے بیع عینہ کا رد کیا تھا اور جب صحابہ کا کسی مسئلہ میں اختلاف ہو تو ہم اس قول پر عمل کرتے ہیں جو قیاس کے قریب ہو۔ اور قیاس کے مطابق حضرت زید بن ارقم کا قول ہے، کیونکہ حضرت زید بن ارقم بیع عینہ کو حلال نہ سمجھتے تو یہ بیع نہ کرتے‘‘(۲۰)۔

علامہ ابن ترکمانی حنفی (م:۸۴۵ھ) امام شافعی (م:۲۰۴ھ) کے اس جواب کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

امام شافعی (م:۲۰۴ھ) نے اس حدیث کے ثبوت میں تردد کیا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ عالیہ (اس حدیث کی راویہ) معروفہ ہے۔ اس کا خاوند اور بیٹا دونوں معروف ہیں۔ دونوں امام ہیں اور امام ابن حبانؒ نے ان کا ثقات تابعین میں ذکر کیا ہے اور اس حدیث کے مطابق امام ثوری، امام اوزاعی، امام ابوحنیفہ رحمہم اللہ اور ان کے اصحاب، امام مالک، امام

ابن حنبل اور حسن بن صالح رحمہم اللہ کا مذہب ہے۔ اور استذکار میں ہے کہ شعبی، حکم اور حماد بھی بیع عینہ سے منع کرتے تھے۔

رہا امام شافعی کا دوسرا اعتراض کہ "وظیفہ کی وصولیابی تک" مدت مجہول ہے اور اس وجہ سے حضرت عائشہؓ نے اس بیع کی مذمت کی تھی، سو اس کے جواب میں علامہ ابن ترکمانی حنفی لکھتے ہیں:

ایک جماعت نے یہ ذکر کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ وظیفہ کی وصولیابی تک بیع کو جائز قرار دیتی تھیں۔ امام ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں ذکر کیا ہے کہ امہات المومنین وظیفہ کی وصولیابی تک ادھار پر اشیاء خریدتی تھیں۔ ابوبکر رازی نے کہا اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ حضرت عائشہ نے پہلے عقد (یعنی وظیفہ کی ادائیگی تک کے ادھار پر جو بیع کی تھی) کا کیوں انکار کیا حالانکہ وہ ان کے نزدیک صحیح تھا تو ہم یہ کہیں گے کہ حضرت عائشہؓ کو یہ علم تھا کہ ابو السفر کی زوجہ نے اس پہلی بیع کے سبب سے دوسری بیع کا قصد کیا تھا جیسا کہ لوگ (بیع عینہ میں) کرتے ہیں، اور جب ابو السفر کی بیوی نے کہا یہ بتلائے کہ اگر میں صرف اپنا اصل مال لے لوں تو؟ اور حضرت عائشہؓ نے اس کے جواب میں یہ آیت پڑھی" فمن جاء ہ موعظة من ربہ فانتھیٰ فلہ ماسلف" تو اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ پہلا عقد باقی تھا اور حضرت عائشہؓ نے انکار دوسرے عقد کا کیا تھا اور اگر وہ وظیفہ کی وصولیابی تک ادھار کی وجہ سے پہلے عقد کا انکار کرتیں جیسا کہ امام شافعی کا زعم ہے تو پہلا عقد باقی نہ رہتا (اور پھر اس آیت کے پڑھنے کی کوئی وجہ نہ تھی)'' (۲۱)۔

ملاعلی قاری (م:۱۰۱۴ء) لکھتے ہیں کہ ''علامہ طیبیؒ نے امام شافعیؒ کے جواب میں کہا ہے کہ وظیفہ کی وصولیابی کی مدت کا مجہول ہونا ممنوع ہے، کیونکہ سپاہیوں کو وظیفہ سال میں ایک یا دو بار ملتا ہے اور اس کی مدت زیادہ تر متعین ہوتی ہے اور حضرت زید بن ارقم کے فعل کا قیاس کے مطابق ہونا مشکل ہے۔ علاوہ ازیں حضرت عائشہ کا قول حضرت زید کے فعل پر راجح ہے۔ کیونکہ حضرت عائشہؓ کا قول رسول اللہ ﷺ کے اس ارشاد کے مطابق ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع عینہ کے بارے میں وعید سنائی ہے۔ (آپ ﷺ کا ارشاد پہلے نقل ہو چکا ہے) (۲۲)۔

امام شافعیؒ کے دلائل کا اگر علامہ ابن ترکمانیؒ (م:۸۴۵ھ) اور ملاعلی قاریؒ (م:۱۰۱۴ھ) کے دلائل کے ساتھ تقابل کیا جائے تو امام شافعیؒ کے موقف کی کمزوری اظہر من الشمس ہے۔

**بیع عینہ میں فقہاء احناف کا موقف**

فقہ حنفی کے معروف فقیہہ امام محمد بن حسن شیبانی (م:۱۸۹ھ) لکھتے ہیں۔

**قال ابو حنیفةؒ :'' من اشتری سلعة بنقداو بنسیئة فقبضھا ولم ینقد الثمن حتی باعھا من الذی اشتراھا منہ باقل من الثمن فلا خیر فیہ الی قولہ و کذلک بلغنا عن عائشة ام المؤمنینؓ ان امرأة قالت لھاانی بعت زید بن ارقم جاریة بثمانمائة درھم الی عطائہ واشتریتھا منہ بستمائة درھم**

نـقـدا فـقـالـت عائشة بئس ماشريت بئس ماشريت!ابلغي زيد بن ارقم انه قد ابطل جهاده مع رسول الله ﷺ ان لم يتب الحديث"(۲۳)۔

(امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے نقد یا ادھار قیمت پر ایک چیز خریدی اس چیز پر قبضہ کرلیا اور قیمت ادا نہیں کی حتی کہ وہ چیز اس شخص کو قیمت خرید سے کم پر فروخت کردی جس سے خریدی تھی اس میں کوئی چیز نہیں ہے۔ ہمیں اس طرح یہ حدیث پہنچی ہے کہ ایک عورت نے حضرت عائشہؓ ام المومنین سے کہا میں نے حضرت زید بن ارقم کو وظیفہ کی وصولی تک کے ادھار پر آٹھ سو درہم کے عوض ایک باندی فروخت کی ہے پھر وہی باندی ان کو چھ سو درہم نقد دے کر خرید لی۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: تم نے بری خریداری کی! تم نے بری خریداری کی۔ زید بن ارقم کو میرا یہ پیغام پہنچا دو کہ اگر انہوں نے توبہ نہ کی تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جو جہاد کیا تھا وہ باطل ہو جائے گا)۔

علامہ ابوالحسن مرغینانی (م:۵۹۳ھ) لکھتے ہیں۔

''جس شخص نے ایک ہزار درہم نقد یا ادھار کے عوض ایک باندی خریدی اور اس پر قبضہ کرلیا پھر قیمت ادا کرنے سے پہلے وہ باندی پانچ سو درہم کے عوض اسی بائع کو فروخت کردی تو بیع ثانی جائز نہیں ہے۔ امام شافعی کہتے ہیں کہ یہ جائز ہے، کیونکہ قبضہ کے بعد اس کی ملکیت مکمل ہوگئی اور بائع یا اس کے غیر کو فروخت کرنا دونوں برابر ہیں، اور یہ ایسے ہے جیسے اس نے پہلی قیمت یا اس سے زیادہ قیمت پر یا کسی چیز کے عوض اس کو فروخت کیا، اور ہماری دلیل یہ ہے کہ جس عورت نے آٹھ سو میں غلام خریدنے کے بعد چھ سو میں (اسی بائع کو) فروخت کیا تھا۔ اس عورت سے حضرت عائشہؓ نے فرمایا تم نے بری خریداری کی! تم نے بری خریداری کی! اور زید بن ارقم کو میرا یہ پیغام پہنچا دو کہ اگر انہوں نے توبہ نہ کی تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جو جہاد کیا تھا، وہ باطل ہو جائے گا نیز اس لئے کہ ابھی (پہلے) بائع کی ضمانت میں قیمت نہیں آئی تھی، پس جب مبیع اس کے پاس واپس آگئی تو پانچ سو درہم مہنا کرنے کے بعد اس کو پانچ سو درہم زائد بلاعوض مل گئے''(۲۴)۔

علامہ ابن ہمامؒ (م:۸۶۱ھ) لکھتے ہیں کہ ''اگر حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے یہ نہ سنا ہوتا تو وہ اپنے اجتہاد سے یہ وعید نہیں سنا سکتی تھیں''(۲۵)۔

علامہ بدرالدین عینی حنفی (م:۸۵۵ھ) لکھتے ہیں:

''اس حدیث سے وجہ استدلال یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ نے عدم توبہ کی صورت میں اس عقد کی وجہ سے حضرت زید کے حج اور جہاد کے بطلان کی وعید سنائی اور یہ بات رائے سے نہیں کہی جا سکتی، سو یہ رسول اللہ ﷺ سے سنی ہوئی بات تھی، اور عقد صحیح پر یہ سزا مرتب نہیں ہوتی، اس سے معلوم ہوا کہ یہ عقد فاسد ہے اور بے شک حضرت زید نے حضرت عائشہؓ سے

معذرت کی اور یہ بھی حضرت عائشہؓ کے سماع کی دلیل ہے، کیونکہ امورِ اجتہادیہ میں صحابہ ایک دوسرے کی مخالفت کرتے تھے اور معذرت نہیں کرتے تھے"(۲۶)۔

علامہ ابن ہمام (م:۸۶۱ھ) لکھتے ہیں:

**قال محمد رحمه الله: " هذا البيع في قلبي كأمثال الجبال ذميم اخترعه آكلة الربٰو وقد ذمهم رسول الله ﷺ فقال اذا تبايعتم بالعين واتبعتم اذناب البقر ذللتم وظهر عليكم عدوكم اي اشتغلتم بالحرث عن الجهاد وفي رواية سلط عليكم شراركم فيدعو خياركم فلا يستجاب لكم وقيل اياك والعينة فانها لعينة"** (۲۷) ۔

(امام محمدؒ نے فرمایا کہ یہ بیع میرے دل میں پہاڑوں کی طرح ہے، یہ بیع مذموم ہے جس کو سود خوروں نے گھڑ لیا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے ان کی مذمت کی ہے اور فرمایا کہ جب تم بیع عینہ کرو گے اور بیلوں کی دموں کو پکڑو گے تو ذلیل ہو جاؤ گے اور تم پر تمہارے دشمن غالب آ جائیں گے۔ یعنی جب تم کھیتی باڑی میں مشغول ہو کر جہاد کو چھوڑ دو گے اور ایک روایت میں ہے تم پر برے لوگ مسلط کر دیئے جائیں گے۔ تمہارے نیک لوگ دعائیں کریں گے اور وہ قبول نہ ہوں گی اور ایک روایت میں ہے کہ بیع عینہ سے بچو کیونکہ اس پر لعنت کی گئی ہے)۔

فقہاء حنفیہ نے بیع عینہ کو مکروہ تحریمی قرار دیا ہے۔ علامہ جلال الدین خوارزمی لکھتے ہیں:

**"بيع العينه مكروه ذميم اخترعه اكلة الربٰوا وقد ذمهم رسول الله ﷺ بذلك فقال اذا تبايعتم بالعين واتبعتم اذناب البقر ذللتم وظهر عليكم عدوكم وقيل اياك والعينة فانها لعينة"**(۲۸)۔

(بیع عینہ مکروہ اور مذموم ہے اس کو سود خوروں نے گھڑ لیا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے ان کی مذمت کی ہے اور فرمایا جب تم بیع عینہ کرو گے اور بیلوں کی دموں کو پکڑو گے تو ذلیل ہو جاؤ گے اور تمہارے دشمن تم پر غالب آ جائیں گے اور ایک روایت میں ہے بیع عینہ سے بچو کیونکہ اس پر لعنت کی گئی ہے)۔

امام ابو یوسفؒ (م:۱۸۲ھ) کہتے ہیں کہ "بیع عینہ مکروہ نہیں ہے جائز ہے"(۲۹)۔ امام شافعیؒ اور ابو یوسفؒ کے دلائل میں کوئی فرق نہیں ہے۔

مذکورہ بالا تفصیل کے مطابق امام ابو حنیفہؒ (م: ۱۵۰ھ) کے نزدیک بیع عینہ ممنوع ہے۔ امام ابو یوسفؒ (م:۱۸۲ھ) نے اس کو جائز کہا ہے۔ امام محمدؒ (م:۱۸۹ھ) نے اس کو مکروہ مذموم قرار دیا ہے اور دیگر فقہائے احناف نے امام محمدؒ کے قول کو اختیار کیا ہے۔

عصر حاضر کے ماہر معیشت مولانا محمد تقی عثمانیؒ بیع عینہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

''یہ سود حاصل کرنے کا ایک حیلہ ہے اس لئے حرام اور ناجائز ہے'' (۳۰)۔

## بیع عینہ کی مروجہ شکلیں

اس وقت معاشرے میں بیع عینہ مختلف شکلوں میں رائج ہے اور بدقسمتی سے اس کا رواج روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔ ذیل میں اس کی چند شکلیں بیان کی جاتی ہیں:

### ا۔ زرعی شعبہ

پاکستان کا کل رقبہ 796,095 مربع کلومیٹر ہے (۳۱)۔ جبکہ 63% آبادی دیہات میں رہتی ہے (۳۲)۔ اور یہ لوگ کھیتی باڑی سے وابستہ ہیں۔ پاکستان کا قابل کاشت رقبہ 269,500 مربع کلومیٹر ہے (۳۳)۔ غریب کاشتکار اپنی کم علمی اور جہالت کی وجہ سے کاروباری حضرات کے ہاتھوں استحصال کا شکار ہے۔ فصل کی بوائی سے لیکر پکنے تک آڑھتیوں سے قرضے پر مہنگے داموں کھاد، سپرے، بیج وغیرہ حاصل کئے جاتے ہیں اور اصل قیمت سے کئی گنا زیادہ قیمت کے ساتھ یہ قرضے واپس ہوتے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ کاشتکار اپنی فصل تیار کر کے آڑھتی کے حوالے کر دیتا ہے اور نئی فصل کے لئے پھر اس سے قرض پر مختلف اشیاء حاصل کرتا ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ جب کسی ذاتی ضرورت کے لئے اسے پیسوں کی ضرورت ہو تو آڑھتی سے اس وعدے پر اصل قیمت سے زیادہ پر کھاد یا سپرے وغیرہ خریدتا ہے کہ تین یا چار ماہ بعد پیسے واپس کروں گا اور پھر وہی کھاد یا سپرے وغیرہ اسی آڑھتی کو نقد قیمت پر بیچ کر پیسے حاصل کرتا ہے۔ بیع عینہ کی یہ شکل زرعی علاقوں میں اور خصوصاً جنوبی پنجاب میں عام ہے۔ اس معاملے میں کسی ایک فریق کو مورد الزام ٹھہرانا مناسب نہیں ہوگا۔ فرق صرف یہ ہے کہ ایک طرف جہالت اور منصوبہ بندی کا فقدان نظر آتا ہے اور دوسری طرف عیاری اور خودغرضی نمایاں ہے۔

بڑے زمیندار ضرورت کے وقت زیادہ قیمت پر ٹریکٹر ادھار حاصل کرتے ہیں اور پھر وہیں کم قیمت پر بیچ کر اپنی ضرورتیں پوری کرتی ہیں۔ یہ ایک علیحدہ بحث ہے کہ ان کی ضرورتیں حقیقی ضرورتیں ہوتی ہیں یا نہیں۔

### ۲۔ لیزنگ کا کاروبار

آجکل شہروں میں اقساط پر اشیاء حاصل کرنے کا رجحان عام ہو رہا ہے۔ استری، فین، اور روم کولر سے لے کر انتہائی مہنگی اشیاء تک قسطوں پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اس رواج نے جہاں عوام الناس اور کاروباری حضرات کے لئے سکون و اطمینان اور منافع کے دروازے کھولے ہیں وہیں اس کاروبار نے بیع عینہ کو بھی فروغ دیا ہے۔ شہروں میں یہ مشاہدہ

کیا جاسکتا ہے کہ ایک شخص کو پیسوں کی ضرورت ہے وہ لیزنگ سنٹر سے قسطوں پر موٹر سائیکل حاصل کرتا ہے اور مہنگے داموں خریدنے کے بعد وہیں پر سستی بیچ دیتا ہے۔اس طرح کاروبار کا مالک ایک غیر شرعی حیلے کے ذریعے اپنے لئے سود کو جائز کرلیتا ہے۔اس معاملے میں بھی ذمہ داری کسی ایک فریق پر نہیں ڈالی جاسکتی۔

## نتیجہ بحث

بیع عینہ کے بارے میں امام ابوحنیفہ، امام محمد، امام مالک اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر یہ موقف اختیار کیا کہ یہ ناجائز ہے۔صرف امام شافعیؒ اور امام ابو یوسفؒ نے اس بیع کے جواز کا فتویٰ دیا۔ جواز اور عدم جواز کے دلائل کا تجزیہ کرنے سے عدم جواز کا موقف قرین صواب معلوم ہوتا ہے۔بیع عینہ کی مروجہ شکلوں سے بھی اس بیع کا خود غرضی پر مبنی ہونا واضح ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام الناس کو اسلامی اصول قناعت اور منصوبہ بندی کی طرف مائل کیا جائے تا کہ انہیں استحصال سے نجات حاصل ہو سکے۔

## حواشی وحوالہ جات


۱۔ افریقی، ابن منظور، لسان العرب، داراحیاالتراث العربی، بیروت، ۱۴۰۸ھ، ۱۲۶/۵۔

۲۔ ابن العربی، ابوبکر محمد بن عبداللہ، احکام القرآن، مطبوعہ دارالمعرفۃ، بیروت، ت۔ن، ۳۴۰/۱۔

۳۔ سورۃ البقرۃ ۲ :۲۷۵۔

۴۔ سورۃ البقرۃ ۲: ۲۷۸۔۲۷۹۔

۵۔ سیوطی، جلال الدین، درمنثور، مطبوعہ مطبعہ میمنہ، مصر، ۱۳۱۴ھ، ۳۶۶/۱۔

۶۔ قرطبی، ابوعبداللہ محمد بن احمد، الجامع لاحکام القرآن، دارلکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۴۰۸ھ، ۲۳۴/۲۔۲۳۵۔

۷۔ جزری، محمد بن اثیر، نہایہ، مطبوعہ موسسۃ اسماعیلیان قم، ایران، ۱۳۶۴ھ، ۳۳۳/۳۔۳۳۴۔

۸۔ ابن ہمام، کمال الدین، فتح القدیر، مطبوعہ نوریہ رضویہ سکھر، ت۔ن، ۳۲۴/۶۔

۹۔ ابن نجیم، زین الدین، البحرالرائق، مطبوعہ مکتبہ ماجدیہ، کوئٹہ، ت۔ن، ۲۳۵/۶۔

۱۰۔ ابوداؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابوداؤد، مطبوعہ مطبع مجتبائی، پاکستان، لاہور، ۱۴۰۵ھ، ۱۳۴/۲۔

۱۱۔ ابن ابی شیبہ، ابوبکر عبداللہ بن محمد، المصنف، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی، ۱۴۰۶ھ، ۴۷/۶۔

۱۲۔ ایضاً۔

۱۳۔ صنعانی، عبدالرزاق بن ہمام، المصنف، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۳۹۲ھ، ۱۸۶/۸۔

۱۴۔ برہان پوری، علاؤالدین علی متقی بن حسام الدین، کنزالعمال، مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۵ھ ۱۹۳/۴۔

۱۵۔ صنعانی، المصنف، ۱۸۵/۸۔

۱۶۔ ابن رشد، محمد بن احمد، مالکی اندلسی، بدایۃ المجتہد ونہایۃ المقتصد، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ت۔ن، ۱۰۶/۲۔۱۰۷۔

۱۷۔ ابن قدامہ حنبلی، موفق الدین ابومحمد عبداللہ بن احمد، المغنی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ، ۱۲۷/۴۔

۱۸۔ نووی، یحییٰ بن شرف، روضۃ الطالبین، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۰۵ھ، ۴۱۶/۳۔۴۱۷۔

۱۹۔ حاشیہ روضۃ الطالبین، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، ۱۴۰۵ھ، ۴۱۶/۳۔

۲۰۔ بیہقی، ابوبکر احمد بن حسین بن علی، سنن کبریٰ، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان، ت۔ن، ۳۳۰/۵۔۳۳۱۔

۲۱۔ ابن ترکمانی، علاؤالدین بن علی بن عثمان ماردینی، الجوہر النقی، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان، ت۔ن، ۳۳۰/۵۔۳۳۱۔

۲۲۔ ملا علی بن سلطان محمد القاری، مرقات المصابیح، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ۱۳۹۰ھ، ۶۳/۶۔

۲۳۔ شیبانی، محمد بن حسن، کتاب الحجۃ، مطبوعہ دارالمعارف النعمانیہ، لاہور، ت۔ن، ۴۶/۲۔۴۷۔۴۸۔

۲۴۔ مرغینانی، ابوالحسن علی بن ابی بکر، ہدایہ اخیرین، مطبوعہ مکتبہ شرکۃ علمیہ ملتان، ص: ۵۷۔۵۸۔

۲۵۔ ابن ہمام، فتح القدیر، ۷۰/۶۔

۲۶۔ عینی، بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد، بنایہ شرح ہدایہ، مطبوعہ ملک سنز فیصل آباد، ت۔ن، ۹۸/۳۔

۲۷۔ ابن ہمام، فتح القدیر، ۳۲۴/۶۔

۲۸۔ جلال الدین خوارزمی، کفایہ مع فتح القدیر، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر، ت۔ن، ۳۲۳/۶۔

۲۹۔ ابویوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الآثار، مطبوعہ مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل، ت۔ن، ص:۱۸۱۔

۳۰۔ تقی عثمانی، اسلام اور جدید معاشی مسائل (جلد دوئم)، ادارہ اسلامیات کراچی ۱۴۲۹ھ، ص: ۱۶۳، ۱۶۴۔

۳۱. en.Wikipedia.org/wiki/pakistan.

۳۲. www.tradingeconomics.com/pakistan/rural-population-percent-of-tota
l-population-wb-data.html.

۳۳. www.tradingeconomics.com/pakistan/agricultural-land-percent-of-land
-area-wb-data.html.

# علم رسم قرآنی کا تعارف (ایک جائزہ)

## Introduction of Quranic Orthography (An Overview)

سمیہ رفیق☆

### Abstract

The topic is relating to introduction and historical background of Quranic Orthography. After narrating a brief introduction of Quranic Orthography (ilm-ur-rasam), I have elaborated the characteristics of Quranic Orthography in this Article. In addition, conflicting views of Muslim scholars regarding the subject are also highlighted. As Masahif-e-Usmania are basis of Quranic Orthography, the historical background and other aspects and features of these Masahif are also identified. I have also described few examples of the conflicts between Quranic orthography and Arabic calligraphy.

قرآن حکیم کی خدمت کے بیسیوں میدان اور مطالعہ قرآن کے سینکڑوں عناوین ہیں اور قرآن کریم سے متعلق یہ علمی میدان اور علمی عنوان متعدد تحریکات اور سینکڑوں تالیفات وجود میں لائے ہیں ۔ ان میں سے ایک اہم اور بنیادی میدان ''النص القرآنی'' ( کلماتِ قرآن ) کی مصحف میں کتابت اور اسی کتابت مصحف کے قواعد وضوابط کے بیان کا علمی عنوان ''علم الرسم'' ہے۔

### رسم کا لغوی معنی

عربی زبان میں مادہ ر۔س۔م مختلف معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے جن میں سے ایک معنی ''اثر یا نشان'' کے ہیں۔اسی لئے عربی میں کہا جاتا ہے''رسم الدار : ما کان من آثارھا لاصقا بالأرض ''زمین پر مکان کے جو اثرات باقی رہ گئے ہوں انہیں رسم کہا جاتا ہے۔اور عربی زبان میں''رسم الغیث الدار '' کے الفاظ بھی استعمال ہوتے ہیں۔یعنی زمین پر بارش ختم ہونے بعد جو آثار چھوڑ یتی ہے ان آثار کو''رسم'' کہا جاتا ہے اسی طرح ''رسم'' کے معانی

☆ لیکچرر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اسٹڈیز، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ۔۹، اسلام آباد، پاکستان۔

''النظر والتفرس للشیء'' کسی چیز کی چھان پھٹک کرنے کے لئے بھی آتے ہیں جیسا کہ کہا جاتا ہے: ''ترسم الرسم : نظر الیه'' اور اسی طرح ترسمت کے معانی ہوتے ہیں: ''نظرت الی رسوم الدار'' میں نے گھر کے نشانات کا ملاحظہ غور وحوض سے کیا۔ اسی طرح ''ترسمت المنزل ، ای تأملت رسمه وتفرسته''۔

اگر مادہ ر۔س۔م (علیٰ) کے ساتھ متعدی ہو تو کتابت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: ''رسم کذا ورشم اذا کتب''۔ اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی لکھے۔ ذوالرمۃ کا ایک شعر ابن المنظور الإفریقی نے اس معنی کی تائید میں پیش کیا ہے جو کہ درج ذیل ہے:

**وَدِمْنةٌ هَيَّجَتْ شَوقي مَعالِمُها كأنها بالهد ملات الرواسيم**

اور زمانہ جاہلیت میں کتب کے لیے عرب ''رواسیم'' کا لفظ استعمال کرتے تھے۔ اسی طرح ''ثوب مرسم'' مخطط کپڑے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح ''ناقةٌ رسوم'' کا لفظ اس اونٹنی کے لئے استعمال ہوتا ہے جو ''تؤثر فی الأرض من شدة الوطء'' جو اپنے پاؤں کے زوردار انداز سے زمین پر اپنے قدموں کے نشانات چھوڑ دے۔

''الرسم'' سے مراد ''المرسوم'' یعنی مصدر معنی اسم مفعول ہے(۱)۔ اور اس کے مرادفات الخط، الکتابہ، الزبر، السطر، الرقم، الرشم اور الہجاء وغیرہ ہیں ان میں سے قرآن کریم کی کتابت کے ضمن لفظ ''خط'' سے عموماً خطاطی اور خوشنویسی کا بیان اور اس کی تاریخ مراد لی جاتی ہے اور یہ خطاط اور مؤرخ خط کا میدان ہے۔

## علم الرسم کی اصطلاحی تعریف

جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے کہ خط کا لفظ خطاطی اور خوشنویسی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح ''الهجاء، الرسم'' اور اس کے مشتقات اور ان پر مبنی تراکیب املاء قرآن کے اصول وقواعد کے معنوں میں ایک علم اور ایک فن کے اصطلاحی نام بن چکے ہیں۔ اس علم کی تعریف میں علماء کے مختلف اقوال ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

امام جعبری نے علم الرسم کی تعریف درج ذیل الفاظ میں کی ہے:

**''هُو مخالفته (ای الرسم القیاسی) ، ببدل أو زیادة ، أو فصل ، أو وصل للدلالة علی ذات الحرف أو اصله أو فرعه أو رفع لبس أو نحوه''(۲)۔**

''علم الرسم سے مراد، رسم قیاسی کے ساتھ رسم عثمانی کا اختلاف بیان کرنا، بدل، زیادت یا فصل اور وصل میں اس طرح کہ ان کی دلالت حرف پر ہے یا اس کے اصل اور فرع پر ہے اس طرح کہ ان میں التباس کا ڈر ختم ہو جائے''۔

امام خراز نے اس کی تعریف درج ذیل الفاظ میں کی ہے:

''**علم یعرف به مخالفات خط المصاحف العثمانية لأصول الرسم القیاسی** ''(۳)۔

''وہ علم جس کے ذریعے ہمیں مصاحف عثمانیہ کے خطوط کا رسم قیاسی کے اصولوں کے ساتھ اختلاف کا پتہ چلے''۔

ایک محقق عالم نے اس کی تعریف درج ذیل الفاظ میں کی ہے:

''**علم یُعرَف بِه مخالفة المصاحف العثمانية لأصول الرسم القیاسی** ''(۴)۔

''وہ علم جس کے ذریعے مصاحف عثمانیہ اور رسم قیاسی کے اصولوں میں اختلاف کے بارے میں جانا جائے''۔

شیخ عبدالعظیم زرقانی نے اس کی تعریف میں یوں رقمطراز ہیں:

''**الوضع الذی ارتضاه عثمان . رضی الله عنه . فی کتابة کلمات القرآن و حروفه** ''(۵)۔

''وہ وضع جس کو حضرت عثمان ۔رضی اللہ عنہ۔ نے کلمات وحروف قرآنیہ کی کتابت میں اختیار کیا''۔

ڈاکٹر سالم محیسن نے شیخ عبدالعظیم زرقانی کی ذکر کردہ تعریف کو ہی تھوڑے لفظی تغیر کے ساتھ نقل کیا ہے وہ لکھتے ہیں:

''**وَالرَّسم الإصطلاحی یُقَال له (العثمانی) مَا کتبت به الصحابة . رضوان الله. علیهم اجمعین . المصاحف**''(۶)۔

''رسم اصطلاحی کو رسم عثمانی بھی کہا جاتا ہے اور اس سے مراد وہ رسم الخط ہے جس پر صحابہ کرام نے مصاحف کو لکھا''۔

قاری رحیم بخش نے رسم الخط کی تعریف ان الفاظ میں نقل کی ہے:

''قرآنی کلمات کو حذف وزیادت اور وصل وقطع کی پابندی کے ساتھ اس شکل پر لکھنا جس پر صحابہ کا اجماع ہے اور تواتر کیساتھ نبی کریم۔ ﷺ۔ سے منقول ہے''(۷)۔

مذکورہ بالا تعریفات سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ:

الف۔ پہلی تعریف اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ رسم عثمانی اور قیاسی میں مقامات اور کلمات کا اختلاف موجود ہے۔

ب۔ ڈاکٹر سالم محیسن اور قاری رحیم بخش کی تعریف میں اس بات کی طرف اشارہ ملتا ہے کہ اس رسم الخط پر صحابہ کا اجماع

ہے۔اور یہ رسم الخط تواتر کے ساتھ منقول ہے۔

ج۔ ان تمام مذکورہ تعریفوں کے درمیان نزاع/اختلاف لفظی ہے اوران میں تطبیق دینا ممکن ہے۔

رسم سماعی اور رسم قیاسی یا خط اور رسم الخط کا فرق ہم درج ذیل مثالوں سے سمجھ سکتے ہیں۔

**(العلمین)، (الرحمن)، (الصلحت)، (هؤلاء) ، (من نبائ المرسلین )** ان کلمات کا موجودہ خط تو رسم قرآنی کے موافق ہے کیونکہ ان میں ''الف'' لکھا ہوا نہیں ہے اور ''هؤلاء'' میں ''واؤ'' اور ''من نبائ'' میں ''یاء'' لکھی ہوئی ہے۔اور اگر ان کو درج ذیل طریقہ سے لکھیں:

**(العالمین)، (الرحمان)، (الصالحات)، (هاألاء) ،(من نباء المرسلین )** تو ان کی کتابت گو کہ تلفظ کے مطابق ہے لیکن رسم عثمانی کے بالخلاف ہے۔اسی طرح اگر ان الفاظ کو خط نسخ کی بجائے خط نستعلیق (اردو) میں لکھیں تب بھی اگر الفاظ وحروف میں کمی بیشی نہ ہو تو یہ الفاظ خط کے بدل جانے کے باوجود رسم عثمانی کے موافق ہونگے اور اگر حروف میں کمی بیشی رہ جائے تو پھر رسم عثمانی کے خلاف ہونگے چاہے خط کوئی بھی ہو۔

## رسم عثمانی کی خصوصیات اور فوائد

رسم عثمانی کی خصوصیات میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

۱۔ **حذف:** اس کا مطلب یہ ہے کہ بعض مقامات پر جہاں الف ہونا چاہیے وہاں مصاحف عثمانیہ میں الف کو حذف کر دیا گیا ہے۔جیسے کلمہ: (یآیُّها النَّاسُ ) میں حرف یاء پر اور اسی طرح کلمہ: (ھٰآنتم )
میں ہائے تنبیہ پر الف پڑھا جاتا ہے۔مگر رسم الخط میں تحریر نہیں۔اسی طرح واؤ، لام، یاء اور حذف بدون قاعدہ بھی۔حذف کی مختلف اشکال ہیں۔

۲۔ **زیادت:** زیادت کا مطلب رسم الخط میں کسی کلمہ کا اضافہ کرنا ہے مثلاً کلماتِ قرآنیہ میں ہر اس واؤ کے بعد الف کا اضافہ کر دیا جاتا ہے جو صیغۂ جمع کے بعد واقع ہو یا حکماً جمع ہو۔مثلاً: **(مُلاقوا رَبِّهم ، بنوا اسرائیل ، اولو الألباب )**۔

۳۔ **ابدال:** عربی میں بعض الفاظ کو قاعدہ تفخیم کے مدنظر ان کی اصل کی بجائے ان کو واؤ سے لکھا جاتا ہے تاکہ ان کے لئے خاص احترام کا اظہار ہو سکے جیسے **(الصلاۃ ، الزکاۃ ، الحیاۃ)** کو **(الصلوٰۃ ، الزکوٰۃ، الحیوٰۃ )** کے انداز میں تحریر کیا گیا ہے۔

۴۔ **فصل:** اس سے مراد یہ ہے کہ دو متجانس حروف کو الگ الگ لکھا جائے۔

۵۔ **وصل:** اس کا مطلب یہ ہے کہ حرف ''ان'' مفتوحہ کو حرف ''لا ء'' کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے۔ جبکہ حرف ''لا ء'' اس کے بعد واقع ہو۔ اسی طرح حرف (مِنْ وَعَنْ) کو (ما) کے ساتھ ملا کر پڑھنا چاہیے۔ جبکہ ان کے بعد حرف ''ما'' مذکور ہو (۸)۔

## علم رسم قرآنی کا موضوع

مصاحفِ عثمانیہ کے حروف کا مطالعہ اور اس کی مختلف خصوصیات (حذف، زیادت، فصل اور وصل) وغیرہ (۹)۔

## علم رسم قرآنی کی غرض وغایت

اس کی غرض وغایت یہ ہے کہ جو قراءات رسم مصحف کے موافق ہیں انہیں قبول کیا جائے اور جو اس کے مخالف ہیں انہیں رد کیا جائے (۱۰)۔

## علم رسم قرآنی کے فوائد

علم رسم قرآنی کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ ان میں چند اہم درج ذیل ہیں:

**الف۔** رسم عثمانی میں مختلف قراءات کا لحاظ رکھتے ہوئے کلمات وحروف کی کتابت کی گئی ہے اگر ایک کلمہ میں ایک سے زیادہ قراءات ہوں تو وہ ساری قراءات اس کلمہ کی کتابت سے سمجھ میں آسکیں۔ مثلاً درج ذیل آیت میں ملاحظہ ہو:

﴿إن هٰذَانِ لَسَاحِرَانِ﴾

آیت مذکورہ بالا کو مصحف عثمانی میں یوں لکھا گیا ہے:

**(ان هدں لساحراں)** (۱۱)

بغیر نقط اور اعراب اور بلا تشدید وجزم کے لکھا گیا ہے۔ یہ رسم الخط اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ کلمہ درج ذیل چار طریقوں سے پڑھا گیا ہے اور وہ چاروں قراءات صحیحہ ہیں:

ا۔ امام نافع اور ان کے تلامیذ کی قراءت: نون ''انَّ'' کے تشدید اور ''ہذان'' کے تخفیف کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

۲۔ امام حفص کی قراءت: وہ تخفیف نون ''ان'' اور ''ہذان'' کو الف کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

۳۔ امام أبی عمرو کی قراءت: وہ انّ کے نون کو تشدید کے ساتھ اور ''یا'' اور تخفیف نون کے ساتھ ''ھذین''، پڑھتے ہیں۔

۴۔ امام ابن کثیر کی قراءت وہ ''ان'' کے نون کو تخفیفاً اور ''ہذان'' کے نون کو تشدید کے ساتھ پڑھتے ہیں (۱۲)۔

**ب۔** بعض لغات فصیحہ کی طرف اشارہ کرنے کے لئے بعض کلمات کو رسم قیاسی کے خلاف لکھا گیا ہے۔ مثلاً ھاء تانیث کو بعض مقامات پر تائے مفتوحہ لکھا گیا ہے اور یہ بنی طے کی لغت ہے۔ مثلاً الرحمۃ، اس کلمہ کو پورے قرآن کریم میں ھاء تانیث ہی کی طرح لکھا گیا ہے سوائے سات مقامات کے اور یہ مقامات، بقرۃ، اعراف، ہود، مریم، روم اورزخرف میں ہیں۔ ان مقامات میں اس کو تائے مفتوحہ لکھا گیا ہے۔ مثلا درج ذیل آیت کریمہ میں ملاحظہ ہو:

﴿أُولٰئِکَ یَرْجُونَ رَحْمَتَ اللّٰہِ﴾ (۱۳)۔

اس آیت مبارکہ میں ''الرحمۃ'' تائے مفتوحہ یا تائے طویلہ سے لکھا گیا ہے (۱۴)۔ اسی طرح ان کلمات ''النعمة''، ''آلسنة''، ''المرأة'' اور ''الکلمة'' وغیرہ کو بھی بعض مقامات پر تائے طویلہ سے لکھا گیا ہے۔

**ج۔** بعض کلمات کو قطع و وصل کے ساتھ لکھ کر مختلف معانی پر دلالت کی گئی ہے۔ مثلاً کلمہ ''ام من'' کو پورے مصحفِ عثمانی میں ملا کر لکھا گیا ہے۔ جبکہ چار مقامات میں الگ الگ دونوں کلمات کو لکھا گیا ہے اور قطع و وصل دونوں کے معانی مختلف ہوتے ہیں مثلاً اس آیت میں ملاحظہ کیجیے:

﴿أَمْ مَّنْ یَّکُوْنَ عَلَیْھِمْ وَکِیْلاً﴾ (۱۵)۔

اور دوسری آیت ﴿اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ﴾ (۱۶)۔

پہلی آیت کریمہ میں چونکہ دونوں کلمات کو الگ الگ لکھا گیا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ لفظ ''ام'' ام منقطعہ ہے جو کہ ''بل'' کے معنی میں ہے۔ اور دوسری آیت میں چونکہ ونوں کو ملا کر لکھا گیا ہے۔ جو اس بات کی دلیل ہے کہ ''ام'' دوسری آیت میں ام منقطعہ نہیں ہے (۱۷)۔

**الف۔** بعض اوقات رسم الخط میں ''یا'' یا ''واؤ'' کے اضافہ کے ساتھ بعض الفاظ کو لکھا گیا ہے۔ اور اس کا فائدہ یہ ہے کہ کلمہ کی اصل حرکت َ۔ ِ۔ ُ کا علم ہو۔ مثلا ُ کے لئے ''واؤ'' لکھا گیا مثلاً درج ذیل آیت کریمہ میں ملاحظہ

ہو:

﴿سَأُورِيكُمْ دَارَ الْفَاسِقِينَ﴾(۱۸)۔

اوراسی طرح کسرہ کے لئے ''یاء'' کے اضافے کے لئے درج ذیل آیت کریمہ بطور مثال ملاحظہ ہو:

﴿وَايْتَائِ ذِي الْقُرْبٰى﴾(۱۹)۔

اسی طرح بہت سے کلمات میں حروف حروف اصلیہ سے تبدیل ہوجاتے ہیں مثلاً ''الصلاۃ''، ''الزکاۃ'' کو قرآن حکیم میں واو کے ساتھ ''الصلوٰۃ'' اور ''الزکوٰۃ'' لکھا گیا ہے(۲۰) تاکہ اس بات کا علم ہوجائے کہ ان کلمات میں الف واوَ سے تبدیل ہوکر آیا ہے۔

و۔ قرآن حکیم کو رسم عثمانی کے مطابق لکھے جانے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اس طرح قرآن حکیم تحریف وتبدیل سے محفوظ ہوگیا ہے۔ جبکہ اس سے پہلی آسمانی کتابیں اس سے محفوظ نہ رہ سکیں۔

ھ۔ رسم عثمانی کے رسم قیاسی کے خلاف ہونے کی وجہ سے قرآن حکیم کی تلاوت وقراءت سینہ بہ سینہ منتقل ہوتی رہی ہے اوراس کو صرف خود سے پڑھنے پر اکتفا نہیں کیا گیا۔

علمائے امت کے نزدیک صرف مصاحف پر اکتفا کرنا جائز نہیں بلکہ کسی ثقہ حافظ سے اداء تسلسل اوراس کا تثبت ضروری ہے جیسا کہ سورتوں کی ابتداء میں فواتح سور یا حروف مقطعات (کھیعص، حم عسق، طسم) وغیرہ ہر شخص ان کی صحیح ادائیگی صرف قرآن حکیم کو دیکھ کر نہیں کرسکتا، بلکہ اس کی ادائیگی کے لئے استاد کی ضرورت ہوگی۔ قرآن حکیم کے سینہ بہ سینہ منتقل ہونے کی وجہ سے قرآنِ حکیم کی یہ بھی خاصیت ہے کہ اس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہے اور یہ صرف امت اسلامیہ کی خصوصیات میں سے ہے جن کی وجہ سے وہ باقی تمام امتوں سے ممتاز ہے(۲۱)۔

رسم عثمانی کے توقیفی اورعدم توقیفی ہونے کے بارے میں علماء کی تین آراء ہیں:

ا۔ جس طرح قرآن حکیم توقیفی اور من جانب اللہ ہے اور جس طرح رووس الآیات اور تمام سورتوں کی ترتیب بھی بالاجماع توقیفی ہے اسی طرح جمہور محققین کے نزدیک کلمات قرآنی کے رسمی اوضاع بھی توقیفی ہیں۔ ان محققین میں علامہ شاطبی سرفہرست ہیں ان کا قول ہے کہ:

وکل ما فیه مشهود بسنته

ولم یُصَب من أضاف الوهم والغیرا(۲۲)۔

''قرآن مجید میں جس قدر اوضاع ہیں وہ سب آنحضرت ﷺ کے حکم وسنت سے ثابت شدہ ہیں اس شخص

نے درست بات نہیں کہی جس نے اس رسم کو وہم وتغیر کی طرف منسوب کیا ہے‘‘۔

برہان الدین ابراہیم بن عمر جعبری اپنی تصنیف روضۃ الطرائف فی رسم المصاحف فی شرح العقیلۃ میں یوں رقمطراز ہیں:

’’رسم المصاحف توقیفی وواجب الإتباع بالإجماع وهو مذهب الأئمة الأربعة‘‘(۲۳)۔

’’رسم مصاحف توقیفی ہے اور بالاِ جماع اس کا اتباع واجب ہے اور یہی ائمہ اَربعہ کا مذہب بھی ہے‘‘

رسم مصاحف کے توقیفی ہونے اور اس کے واجب الاِ تباع ہونے میں علماء کے دلائل کافی زیادہ ہیں۔ ان تمام کے احاطہ کے لئے یہ مختصر تحریر ناکافی ہے۔

۲۔ رسم مصاحف کے بارے میں دوسری رائے یہ ہے کہ یہ رسم اصطلاحی ہے توقیفی نہیں۔ سب سے پہلے قاضی ابوبکر الباقلانی (۲۴) نے اس رائے کی تائید کی اور ان کے بعد آنے والے علماء میں ابن خلدون، شیخ احمد بن محمد الدمیاطی (۲۵) اور دیگر علماء شامل ہیں۔

اس قول کے قائلین کے نزدیک چونکہ رسم عثمانی اصطلاحی ہے توقیفی نہیں لہٰذا اس کی مخالفت جائز ہے۔ اور جدید رسم املائی میں قرآن حکیم کی کتابت درست ہے (۲۶)۔

۳۔ تیسری رائے علامہ زرکشی (۲۷) اور عزبن عبدالسلام (۲۸) اور ان کے ہم خیال علماء کی ہے جن کے نزدیک رسم قرآنی توقیفی نہیں ہے لہٰذا عامۃ الناس کے لئے مصاحف کی کتابت انہیں معروف اوضاع واصطلاحات پر کی جانی چاہیے جو ان کے یہاں معروف ومتداول ہیں اور رسم عثمانی پر نہ کی جائے تاکہ جاہل لوگوں میں تلاوت غلط تلفظ میں شائع نہ ہوسکے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ رسم عثمانی کی محافظت بھی کی جائے اور علمائے رسم کی خاطر رسم عثمانی میں بھی مصاحف تیار کئے جائیں (۲۹)۔

## علم الرسم کی تاریخ کا ایک مختصر جائزہ

عربی زبان میں لکھائی کے لئے متعدد الفاظ ہم معنی استعمال ہوتے ہیں مثلاً **الکتابة** ، **الخط** ، **الزبر** ، **السطر** ، **الرقم** ، **الرشم** ، **الرسم** ، **الهجا** ءوغیرہ۔ ان میں سے قرآن کریم کی کتابت کے لئے لفظ خط سے خطاطی اور خوشنویسی اور اس کی تاریخ مراد لی جاتی ہے۔ اور یہ خطاطی کا میدان ہے۔ جبکہ ’’الھجاء‘‘ اور ’’الرسم‘‘ اور اس کے مشتقات اور ان پر مبنی تراکیب ایک خاص فن کی اصطلاح ہیں۔ گزشتہ ادوار میں اس علم کے لئے مختلف الفاظ استعمال کیے جاتے رہے

ہیں۔سب سے پہلے کتابت یا خط، پھر آگے چل کر مختلف عوامل کی بناء پر لفظ ''ہجاء'' کا استعمال شروع ہوا۔اس کے بعد ''ہجاء المصاحف'' یا ''ہجاء مصاحف الأ مصار''، ''ہجاء التنزیل'' وغیرہ۔لفظ ہجاء کے لفظی معنی ہیں حرفوں کے ناموں کی ابتدائی آوازوں سے لفظ بنانا مثلاً بکر کا ہجاء (ب۔ک۔ر) ہے۔اس طرح ہجاء المصاحف کا مطلب ہوا قرآن کے لفظوں کو لکھنے کے لئے ان کے حرفوں کو ترتیب وار گن کر باہم جوڑنے کا طریقہ یا اس کے قواعد۔پانچویں صدی ہجری میں لفظ ''الرسم'' اور ''مرسوم'' کا استعمال شروع ہوا۔مثلا ''رسم المصحف'' یا ''رسم مصاحف الأ مصار''، ''مرسوم المصاحف'' یا ''الرسم المصحفی'' لکھا ہے (۳۰)۔

قلقشندی نے اسے ''المصطلح الرسمی'' اور ''الاصطلاح السّلفی'' لکھا ہے (۳۱)۔گیارھویں بارھویں صدی ہجری سے رسم کے ساتھ حضرت عثمانؓ یا ان کی طرف سے منسوب مصاحف کا نام زیادہ استعمال ہونے لگا۔مثلاً ''رسم المصاحف العثمانیہ'' و ''رسوم مصاحف عثمان'' و ''رسم المصحف الامام'' اور ''الرسم العثمانی'' وغیرہ۔اور اس کے لئے جدید اور جامع اصطلاح ''علم الرسم'' یا ''الرسم'' اختیار کی جارہی ہے۔

اگر ہم علم الرسم کی مذکورہ تعریفات کا جائزہ لیں تو ہمیں پتہ چلتا ہے کہ علم الرسم کی بنیاد مصاحفِ عثمانیہ ہیں اس لئے علم الرسم اور مصاحف کے بارے میں چند امور کا جاننا ضروری ہے۔

۱۔ مصاحف کی تیاری میں سب سے اہم کام حضرت زید بن ثابتؓ کا تھا۔حضرت زید بن ثابت نے ہی عہد نبویؐ میں کتابت قرآن کا فریضہ سرانجام دیا تھا اور جب مصاحفِ عثمانیہ کی کتابت پہلے دور صدیقی میں اور اس کے بعد دور عثمانی میں ہوئی تو اس وقت بھی انہوں نے ہی یہ فریضہ سرانجام دیا تھا اور دور عثمانی میں جب مصاحف کی کتابت ہوئی وہ ۲۵ھ یا ۳۰ھ تھا یعنی نبی کریم ﷺ کی وفات سے ۱۵ تا ۲۰ سال کے اندر اندر اور غار حرا میں پہلی وحی کے نزول سے پچاس سال سے بھی کم عرصے میں سرانجام دیا جاچکا تھا۔اس سے ثابت ہوا کہ حضرت زید بن ثابت یا ان کے ساتھ کام کرنے والی کمیٹی کے دوسرے ارکان نے مصاحف عثمانیہ کی کتابت اسی طریق املاء کے مطابق کی جو اس وقت حجاز خصوصاً مدینہ منورہ میں رائج تھا۔اور یہ طریق املاء یقیناً عہد نبوی میں رائج خط اور املاء سے مختلف نہیں تھا۔

۲۔ مصاحفِ عثمانیہ نقط اور اعجام سے خالی تھے۔اسی لئے ہر نسخہ کے ساتھ پڑھانے والا ایک مستند قاری بھی بھیجا گیا تھا اور ہر پڑھنے والے استاد سے تلقی اور مصاحف عثمانیہ میں سے کسی ایک مصحف کی ہو بہو نقل پر اکتفا کیا تھا۔اور مصاحف عثمانیہ کی اس ہو بہو نقل ہی کو رسم عثمانی کا التزام کہا جاتا ہے (۳۲)۔

۳۔مصاحف عثمانیہ کی یہ تعداد چار سے آٹھ بیان کیا گئی ہے۔دو نسخے مدینہ منورہ میں رہے۔ایک پبلک کے

لئے مسجد نبوی میں رکھا گیا(۳۳)۔اور ایک حضرت عثمانؓ کی ذاتی نگرانی میں رہا جسے ''مصحف الامام'' کہا جاتا ہے۔اس کے علاوہ مکہ مکرمہ، کوفہ، بصرہ اور دمشق ایک ایک نسخہ بھیجا گیا۔انہی مصاحف عثمانیہ کے ایک ایک حرف اور ایک ایک لفظ کا تنقیدی اور تقابلی مطالعہ کر کے علم الرسم کی بنیاد رکھی گئی۔ان میں سے مکہ، مدینہ منورہ، کوفہ، بصرہ، دمشق کے مصاحف کا ذکر علم الرسم کی کتب میں کیا جاتا ہے۔

۴۔صحابہ نے مصاحف کی کتابت اپنے زمانے میں رائج طریقہ املاء کے مطابق ہی کی تھی، اس زمانے میں یہی طریق املاء رائج تھا اور یہی طریقہ تابعین بلکہ تبع تابعین کے دور تک جاری رہا(۳۴)۔اس طرح کہ قرآنی املاء اور عام عربی املاء میں کوئی فرق نہ ہوتا تھا۔

۵۔جب املاء قیاسی کی اصلاح ہوئی اور صرفی ونحوی قواعد کی روشنی میں اس میں اصلاحات وضع کی گئیں تو اس ارتقاء کے نتیجے میں رسم قیاسی میں تغیر رونما ہوا(۳۵)۔تاہم رسم قرآنی کو ان قواعد کے تحت لانے کو قبول نہیں کیا گیا اور قرآن کریم کی کتابت بدستور نقل بمطابق اصل برقرار رکھی گئی۔رسم عثمانی کے اتباع کو برقرار رکھنے کی چند ایک وجوہات درج ذیل ہیں:

۱۔ لوگوں میں اس کے متعلق تبرک اور تقدس پیدا ہو گیا تھا(۳۶)۔

۲۔ کاتبین مصاحف اس کے طریقے سے مانوس ہو گئے تھے۔

۳۔ مصحف کی کتابت میں چونکہ ہو بہو نقل پر انحصار کیا جاتا تھا۔لہٰذا رسم سے انحراف کا سوال کم ہی نکلتا تھا۔

اس طرح علمائے علم رسم اپنی کتب میں رسم قیاسی اور رسم اصطلاحی (عثمانی) میں اختلاف کا ذکر اپنی کتب میں کرنے لگے۔جبکہ اس کے ساتھ ساتھ علاقائی مصاحف کے اختلافات (بعض کلمات کے رسم میں باہمی اختلاف) کا بھی ذکر کرنے لگے۔ ذیل میں رسم قیاسی اور رسم عثمانی کے اختلاف کی چند مثالیں ذکر کی جاتی ہیں:

| رسم قرآنی | رسم قیاسی |
|---|---|
| آلئٰن | الاٰن |
| ایُی | ایَّایَ |
| العلمٰؤُ | اَلُعلماء |
| جِایءَ | جیءَ |
| لشَایءُِ | لِشَیءُِ |

## حواشی وحوالہ جات

۱۔ افریقی ،ابن المنظور،محمد بن مکرم بن علی بن احمدالأ نصاری،المعروف بابن المنظور، لسان العرب ، ط:۱۹۸۸ء، دارإحیاءالتراث العربی، بیروت،لبنان،ج:۵،ص:۲۱۵۔

۲۔ جعبری،برہان الدین ابراہیم بن عمر، خمیلة ارباب المراصد،ص:۵۔

۳۔ خراز،دلیل الحیران شرح مورد الظمآن فی علم رسم القرآن،ص:۴۰۔

۴۔ ابوزیتحار،لطائف البیان،ص:۱۴،۱۵۔

۵۔ زرقانی،عبدالعظیم الشیخ۔مناھل العرفان فی علوم القرآن ۔طبعۃ ثانیۃ ۱۴۱۹ھ/ ۱۹۹۸م،دارإحیاالتراث العربی بیروت،لبنان، ج:۱،ص:۲۵۹۔

۶۔ سالم محیسن، الفتح الربانی فی علاقة القراء ات بالرسم العثمانی،ص:۲۰۱۔

۷۔ رحیم بخش( قاری) الخط العثمانی فی الرسم القرآنی،ادارہ نشر واشاعت اسلامیہ،حسین آگاہی،ملتان،ص:۶۔

۸۔ دانی،أبوعمروعثمان بن سعیدالإ مام۔ المقنع فی رسم مصاحف الأمصار، تحقیق محمد صادق قمحاوی۔مکتبہ الکلیات الأ زہریۃ القاہرۃ،ص:۲۵۔

۹۔ تھانوی،اظہاراحمد، ایضاح المقاصد ، شرح عقیلة اتراب القصائد،ص:۶۔

۱۰۔ دلیل الحیران علی مورد الظمآن،ص:۳۲۔

۱۱۔ سورۃ طٰہٰ،۲۰: ۶۳۔

۱۲۔ دمیاطی،احمد بن محمد البناء، اتحاف فضلاء البشر فی القراء ات الأربعة عشر ، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان، ص: ۳۸۴۔

۱۳۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۱۸۔

۱۴۔ دانی،أبوعمروعثمان بن سعیدالإ مام، المقنع فی رسم مصاحف الأمصار،ص:۸۳،۸۴۔

۱۵۔ سورۃ النساء، ۴:۱۰۹۔

۱۶۔ سورۃ الملک،۶۷: ۲۲۔

۱۷۔ دانی، المقنع،ص:۶۷۔

۱۸۔ سورۃ الاعراف،۷: ۱۴۵۔

۱۹۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۹۰، المقنع فی رسم مصاحف الأمصار،ص:۵۳۔

۲۰۔ المقنع :ص:۷۷۔

۲۱۔ تفصیل کے لئے دیکھئے، مناهل العرفان فی علوم القرآن،ج:۱،ص:۲۶۴،۲۶۵۔

۲۲۔ الشاطبی،عقیلۃ اتراب القصائد،ص:۴۵۔

۲۳۔ الجعبری، روضۃ الطرائف ،ص:۸۔

۲۴۔ تفصیل کے لئے دیکھئے قاضی ابوبکر کی کتاب ''الانتصاربحواله دلیل الحیران، ص:۳۳۔

۲۵۔ شیخ دمیاطی،اتحاف فضلاء البشر،ص:۱۰ملاحظہ کیجیے۔

۲۶۔ دلیل الحیران،ص:۳۳۔

۲۷۔ زرکشی،البرهان فی علوم القرآن،ج:۱،ص:۲۴۔

۲۸۔ نقلاً عن تاریخ المصحف الشریف لعبدالفتاح القاضی،ص:۳۵۔

۲۹۔ زرقانی،مناهل العرفان،ص:۳۷۸،ج:۱اورتاریخ المصحف الشریف،ص:۴۹۔

۳۰۔ ابن خلدون،مقدمہ ابن خلدون،ص:۴۵۔

۳۱۔ قلقشندی، صبح الأعشی فی کتاب الإنشاء،دارالکتب العربیۃ،القاہرۃ، ج:۳، ص:۱۵۔

۳۲۔ سخاوی،علم الدین، الوسیلة الی کشف العقیلة،ص:۶۱۔

۳۳۔ ابن الندیم، الفهرست،ص:۶۰۔

۳۴۔ قاضی،عبد الفتاح ، تاریخ المصحف الشریف،ص:۴۰۔

۳۵۔ مجلة کلیة القرآن الکریم والدراسات الإسلامیة(بالجامعۃ الإسلامیۃ،المدینۃ المنورۃ)العددالاول۱۴۰۲/۱۴۰۲ھ۔

۳۶۔ أیضاً۔

# اسلامی ریاست میں غیر مسلم شہریوں کے حقوق و فرائض
## (فقہی قواعد کلیہ کے تناظر میں خصوصی مطالعہ)

# Rights and Duties of Non-Muslims in the Islamic State
## (A Special Study in the light of Islamic Legal Maxims)

ڈاکٹر ذوالفقار علی ☆


### *Abstract*

The Non-Muslims whom live in the territory of Islamic State are called Zimmis. They are as citizens of the Islamic State as Muslims. This paper shows the rights of the non-Muslims which they have in the Islamic State along with their duties in which they are to be bound to perform positively. In their religious matters, they remain free from any sort of restriction and to be dealt with their own personal laws; however, they are to be bound in public Law of the State like other Muslim citizens. When they obey the public law, then the State is bound to protect their fundamental human rights i.e., right to life, tight to property and right to respect or honor as well. Their religious places are to be protected by the Islamic State. They have right to worship according to their own religion and have right to perform their other rituals. They are not be forced for accepting Islam at any period of life. However, in response of these rights they are to be bound to pay poll tax and if they have land than land tax as well. In these taxes their women, children and clergy men are to be exempted from paying any sort of taxes. If some of them join to the service of the State's Army and Defense ministry then too are be free from all sort of taxes. In criminal matters or in other illegal practices, the public Law is to be applied over them. If they disobey the Law of the Land and become rebel then they are tol be treated as enemies of the State.


---

☆ اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز، راولپنڈی، پاکستان۔

اسلامی ریاست کی بنیاد رسول اللہ ﷺ کے مبارک ہاتھوں ہجرت کے پہلے سال مدینہ منوہ میں ''میثاق مدینہ'' کے انعقاد کے بعد ظہور پذیر ہوئی۔اس میثاق کو اسلامی ریاست کا پہلا دستور بھی کہا جاتا ہے۔اس دستور میں مسلمانوں کے حقوق وفرائض کے ساتھ ساتھ مدینہ منورہ کی حدود میں بسنے والے تمام باشندوں (خواہ وہ مسلمان تھے یا غیر مسلم ) کے بنیادی حقوق اوران کی ذمہ داریوں کا تعین کیا گیا تھا۔اس بنیادی دستاویز کے بعد نہ صرف عہد نبوت ﷺ یا خلفائے راشدینؓ کے ادوار میں بلکہ آئندہ آنے والے وقتوں میں بھی غیر مسلم اقوام کے ساتھ نہ صرف شہریت اختیار کرنے کے نئے معاہدات وجود میں آئے بلکہ ان کے حقوق وفرائض میں بھی تنوع آتا رہا۔قرآن مجید اوراحادیث رسول ﷺ کی بنیادی واصولی رہنمائی کے تناظر میں فقہ اسلامی کی تدوین ہوئی۔فقہائے کرامؒ نے جہاں دیگر شعبوں کے لیے قانونی کام کیا وہاں اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں کے حقوق وفرائض کی نہ صرف جزئیات طے کیں بلکہ ایسے فقہی قواعد کلیہ بھی وضع کیے جن سے عصر حاضر میں بھی قانونی عدالتیں جزئیات کے ناپید ہونے ان سے استفادہ کرتی ہیں۔اس تحقیقی مقالے میں فقہائے کرامؒ کی ان کاوشوں کے تناظر میں یہ جاننے کی کوشش کی گئی ہے کہ آیا اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کی بھی ویسی ہی قانونی حیثیت ہوتی تھی جیسا کہ مسلمانوں کی ہوتی تھی یا اس میں کچھ فرق ہے۔ماضی کی اسلامی ریاست کی شہریت اختیار کرنے کے بعد غیر مسلموں کو کون سے حقوق حاصل ہوجاتے تھے؟ کیا ان کے جان ومال اورعزت وآبرو کے تحفظ کی ذمہ داری عام مسلمانوں کی طرح ریاست پر ہوتی تھی یا ان کے لیے کوئی اور ضابطہ کار ہوتا تھا؟ کیا غیر مسلم شہری اپنی عبادات اوردیگر مذہبی رسومات ادا کرنے میں آزاد ہوتے تھے؟ کیا ریاست کا پبلک لا مسلمانوں اورغیر مسلموں کے لیے یکساں تھا؟ ریاست غیر مسلموں سے کس قسم کے ٹیکس وصول کرتی تھی؟ اوراگر کوئی غیر مسلم ٹیکس نہ دیتا تو کیا ریاست اسے سزا دے سکتی تھی؟ یاوہ کون سے غیر مسلم شہری ہیں جنھیں اسلامی ریاست ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دے دیتی تھی؟ اس قسم کے اور بھی متعدد سوالات ہیں جن کے جوابات تلاش کرنے کے لیے فقہی کتب سے اخذ کردہ قواعد کلیہ اوران کے ضمن میں پائی جانے والی جزئیات جاننے کی یہ سعی کی گئی ہے:

**قاعدہ کلیہ ۱:** **الذمی من أهل دارنا کالمسلم(۱)**

''ذمی ہمارے شہریوں میں سے مسلمان کی مانند ہوتا ہے۔''

## ذمی کا مفہوم

اسلامی ریاست مسلمانوں کے علاوہ اپنی ریاستی حدود میں اگر کسی غیر مسلم باشندے کو شہریت دے کر اس کی جان ومال ،عزت وآبرو اورعقیدے کے تحفظ کی ذمہ داری (ایک مخصوص قسم کے جزیہ ٹیکس کے عوض) اپنے ذمے لے لے تو اس غیر مسلم شہری کو ذمی کہا جاتا ہے(۲) اس بنا پر غیر مسلموں کو بعض اوقات اہل ذمہ یا **اهل العقد** کہا جاتا ہے۔

قانونی اعتبار سے ان اہل ذمہ یا اہل العقد کی تین قسمیں ہوسکتی ہیں:

**i۔معاہدین**

وہ غیر مسلم جنھوں نے ریاست کی شہریت اختیار کرتے وقت مسلمانوں کے ساتھ باہمی مشاورت اور مسلمہ شرائط کے تحت تعلقات کی نوعیت اور جملہ حقوق وفرائض کا تعین کرلیا ہو۔

**ii۔مفتوحین**

وہ غیر مسلم جنھوں سے مسلمانوں سے باقاعدہ جنگ لڑی ہو اور شکست کھانے کے بعد اپنے مذہب پر برقرار رہتے ہوئے اسلامی ریاست کی شہریت اختیار کی ہو۔

**iii۔موادعین**

وہ غیر مسلم جنھوں نے جنگ کے دوران میں بعض شرائط کی بنیاد پر مسلمانوں سے صلح کر لی ہو۔اس لیے انھیں ''اہل صلح'' بھی کہا جاتا ہے۔

مذکورہ بالا تینوں اقسام میں سے ہر ایک غیر مسلم کے لیے اگرچہ ''ذمی'' کا لفظ بولا جاتا ہے،لیکن احکامِ شرعیہ کے اعتبار سے ان میں تھوڑا بہت فرق موجود ہے۔جیسے مفتوحین صرف وہی حقوق لینے کے حق دار ہوتے ہیں جو اسلامی ریاست ان کے لیے اپنی طرف سے طے کردے۔جب کہ اہلِ صلح اور معاہدین وہ حقوق بھی لینے کے حق دار بن جاتے ہیں جو انھوں نے معاہدے کے دوران اسلامی ریاست سے اپنے لیے مخصوص کروالیے ہوں۔جیسے حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں قبیلہ بنو تغلب نے ذمی بننے سے پہلے اپنے لیے بعض مخصوص شرائط منظور کروالیں تھیں(۳)۔

مذکورہ بالا قاعدے کے تناظر میں اسلامی ریاست کی حدود میں مسلمانوں کی طرح غیر مسلموں کو جو حقوق حاصل ہو جاتے ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں:

## جان کے تحفظ کا حق

اسلامی ریاست میں غیر مسلم شہری کو مسلمان کی طرح جو سب سے پہلا حق حاصل ہوتا ہے وہ اس کی جان کی حفاظت ہے۔اسلام کے پبلک لا میں مسلم اور غیر مسلم کی کوئی تفریق نہیں ہے بلکہ تمام شہریوں کو یکساں قانونی حقوق حاصل ہوتے ہیں۔شرعی اعتبار سے بلاوجہ کسی شخص کا قتل ساری دنیا کو قتل کرنے کے مترادف ہے(۴)۔اور اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو قتل کردے یا اس کی آنکھ پھوڑ دے، ناک یا کان کاٹ دے یا دانت توڑ دے یا کوئی اور عضو زخمی کردے تو قصاص میں اس سے بھی اسی طرح کا سلوک روا رکھا جائے گا سوائے اس کے کہ مجروح شخص اس پر رحم کھاتے ہوئے معاف کردے(۵) قانونی طور پر مسلم وغیر مسلم شہری جان کی حرمت کے اعتبار سے برابر ہوتے ہیں۔لہٰذا برابری کے پہلو کو نظرانداز نہیں کیا جاتا(۶)۔

اسی طرح مرد و عورت کی بھی تفریق بھی نہیں کی جاتی ۔صرف مجرم ہی سزا کا مستحق سمجھا جاتا ہے(۷)۔ یہاں زمانہ جاہلیت کی طرز پر کہ جرم کوئی کرے اور سزا کوئی بھرے کا اصول روانہیں رکھا جاتا۔غیر مسلم شہریوں کی جان و مال کے لیے رسول اللہ ﷺ کی خصوصی ہدایات ہیں۔مثلاً آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ جس کسی مسلمان نے غیر مسلم شہری کو بلا وجہ قتل کیا تو وہ جنت کی خوش بو تک نہ سونگھ سکے گا حالاں کہ اس کی خوش بو چالیس سال کی مسافت سے آ رہی ہو گی (۸)۔ایک روایت میں ہے کہ عہد نبوت ﷺ میں ایک مسلمان سے ایک ذمی قتل ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ نے اس کے بدلے میں قاتل کو سزائے موت کا حکم صادر فرمایا(۹)۔اس طرح حضرت عمرؓ نے اپنے عہد خلافت میں اہل حیرہ کے ایک ذمی کے بدلے میں قتل کرنے والے مسلمان کے قتل کا حکم جاری کیا تھا۔اسی طرح حضرت عثمان غنیؓ کے دور میں ھرمزان نامی ذمی کے قتل کے بدلے میں عبید اللہ بن عمرؓ کے قتل کا فیصلہ ہو چکا تھا۔مگر کچھ لوگوں نے اس کے ورثا کو دیت دے کر راضی کر لیا جس بنا پر وہ سزا سے بچ سکے (۱۰)۔ اسی برابری کے اصول پر حضرت علیؓ کا فرمان ہے کہ ” من كان له ذمتنا فدمه كدمنا و ديته كديتنا“(۱۱)(یعنی جب غیر مسلم ہمارے ملک کا شہری بن جائے تو اس کا خون ہمارے خون کے برابر اور اس کی دیت ہماری دیت کی مانند ہو جاتی ہے۔

## مال کے تحفظ کا حق

غیر مسلم شہری کا دوسرا بنیادی حق اس کے مال کا تحفظ ہے۔رسول اللہ ﷺ نے اپنے زمانے میں اہلِ ذمہ سے جزیہ لینے کے لیے ایک صحابیؓ کو رخصت کرنے لگے تو انھیں ارشاد فرمایا کہ” خبردار جو کسی غیر مسلم شہری پر ظلم کیا یا اس کی طاقت سے بڑھ کر اسے تکلیف دی یا اس کا کوئی نقصان کیا یا اس کی رضامندی کے بغیر اس کی کوئی چیز لی، ورنہ قیامت کے دن میں اس کی طرف سے تم سے جھگڑا کروں گا (۱۲)۔“

امام ابن قدامہؒ کے نزدیک غیر مسلم شہریوں کے مال کا تحفظ مسلمانوں کے مال کی طرح ضروری ہے (۱۳)۔ جمہور فقہاء کے نزدیک اگر کوئی مسلمان کسی ذمی کا مال چوری کر لے تو اس کا ہاتھ کاٹا جائے (۱۴)۔اسی طرح اسلامی ریاست میں غیر مسلم شہری کو تجارتی حوالے سے وہ تمام حقوق حاصل ہوتے ہیں جو کسی عام مسلمان کو ہیں۔اس کے مال کو نقصان پہنچانے والے پر تاوان لازم آتا ہے اگر چہ اس کے مال میں سور اور شراب ہی کیوں نہ ہوں (۱۵)۔

## عزت و آبرو کے تحفظ کا حق

غیر مسلم شہری کو اسلامی ریاست میں تیسرا بنیادی حق اس کی عزت و آبرو کے تحفظ کا حق ہے۔اس کی عزت و آبرو کی حرمت مسلمانوں کی عزت و آبرو کی طرح ہے۔مثلاً اگر کوئی مسلمان کسی غیر مسلم عورت سے زنا کا مرتکب ہو تو وہ اسی طرح کا مجرم

تصور ہوتا ہے جیسے کسی مسلمان عورت سے زنا کرنے والا ہوتا ہے اور اس کی سزا بھی ویسی ہی ہے جو کسی مسلمان عورت سے زنا کرنے میں ہوتی ہے(۱۶)۔

**قاعدہ کلیہ۲:** أصل الكفر من أعظم الجنايات ولكنها بين العبد و بين ربّه(۱۷)۔

(کفر کی اصلیت بڑے جرائم سے تعلق رکھتی ہے لیکن یہ معاملہ بندے اور اس کے رب کے درمیان کا ہے)۔

## مذہبی آزادی کا حق

مذکورہ بالا قاعدے کے مطابق مذہبی اعتقادات و معاملات چوں کہ غیر مسلم شہری کی ذاتی زندگی سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ براہ راست اللہ تعالیٰ کی ذات کے سامنے جوابدہ ہوں گے، اس لیے اسلامی ریاست کی حدود میں انھیں مذہبی آزادی حاصل ہوتی ہے اور قبول اسلام کے حوالے سے انھیں مجبور کرنا درست نہیں ہے۔

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ. قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَى﴾(۱۸)

(زبردستی نہیں دین کے معاملہ میں، بے شک جدا ہو چکی ہے ہدایت گمراہی سے)۔

ایک اور آیت مبارکہ میں ہے:

﴿وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِى الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا﴾(۱۹)

(اور اگر تیرا رب چاہتا بے شک ایمان لے آتے جتنے لوگ کہ زمین میں ہیں سارے تمام)۔

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کے ذمے دیگر انبیاء علیہم السلام کی طرح صرف یہ ڈیوٹی اور ذمہ داری لگائی تھی کہ وہ لوگوں تک دین اسلام کا پیغام پہنچائیں اب وہ قبول کریں یا نہ کریں یہ آپ کی ذمہ داری نہ تھی۔ حسب ذیل آیات مبارکہ بھی اس امر کی شاہد ہیں:

﴿فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَاب﴾(۲۰)

(سو تیرا ذمہ تو پہنچا دینا ہے اور ہمارا ذمہ ہے حساب لینا)۔

﴿قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ- وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ﴾(۲۱)

(کہا ہمارا رب جانتا ہے ہم بے شک تمہاری طرف بھیجے ہوئے آئے ہیں اور ہمارا ذمہ یہی ہے۔ پیغام پہنچا دینا کھول کر)۔

شریعت اسلامیہ نے غیر مسلموں کو یہ آزادی دی ہے کہ وہ اپنی مرضی سے اسلام قبول کرنا چاہیں تو ان کی مرضی ہے اور وہ ایسا کر سکتے ہیں مگر ان پر زبردستی اور جبر ہرگز نہ کیا جائے گا۔

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ﴾(۲۲)

(اور کہہ سچی بات ہے تمہارے رب کی طرف سے پھر جو کوئی چاہے مانے اور جو کوئی چاہے نہ مانے)۔

﴿إِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ إِمَّا شَاكِرًا وَّإِمَّا كَفُوْرًا﴾(۲۳)

(ہم نے سمجھائی راہ، یا حق مانتا ہے اور یا ناشکری کرتا ہے)۔

قرآن مجید کے بعد رسول اللہ ﷺ کی سیرت پاک کا مطالعہ کیا جائے تو اس سے بھی یہ بات واضح طور پر معلوم ہوتی ہے کہ ہجرت مدینہ کے بعد یہودی قبیلوں کے ساتھ ان کے اپنے مذہب پر رہتے ہوئے ''میثاق مدینہ'' ایسا معاہدہ کیا اور کسی کو اسلام لانے پر مجبور نہیں کیا تھا۔ اس بنا پر فقہ حنفی کے ممتاز سکالر الجصاصؒ لکھتے ہیں:

'' من دخل فی الذمة لم یجز اکراهه علی الاسلام''(۲۴)

(جو غیر مسلم عقد ذمہ میں داخل ہو تو اسے اسلام پر مجبور کرنا جائز نہیں ہے)۔

ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:

**''لاتکرهوا احداً علی دخول فی دین الاسلام فانه بین واضح جلی دلائله و براهینه لایحتاج الی ان یکره احد علی الدخول فیه''**(۲۵).

(دین اسلام میں داخل ہونے کے لیے کسی پر جبر نہ کیا جائے کیوں کہ اسلام اپنے دلائل و براھین میں واضح تر ہے اور یہ ایسا محتاج بھی نہیں ہے کہ اس میں شامل کرنے کے لیے کسی پر جبر سے کام لیا جائے)۔

الغرض اسلامی ریاست کی غیر مسلموں سے متعلق مذکورہ بالا مذہبی رواداری قرآن وسنت کی نصوص پر مشتمل ہے۔ جسے بالائے طاق رکھ کر کسی بھی دور کی اسلامی حکومت کا قانون سازی کرنا ممکن نہیں ہے۔

**قاعدہ کلیہ۳: الذمی ملتزم أحکام الإسلام فیما یرجع الی المعاملات**(۲۶)

(دنیاوی معاملات میں ذمی اسلامی قوانین پر عمل پیرا ہونے کا پابند ہے)۔

## ریاست کا قانون اور اس کی پابندی

دنیا کے تمام جمہوری ممالک کی طرح اسلامی ریاست میں دو قسم کے قوانین نافذ ہوتے ہیں۔

۱۔ شخصی قانون (Private law)

۲۔ عمومی قانون (Public law)

شخصی قانون کا دائرہ کار عام طور پر اعتقادات، عبادات، مناکحات اور حلت و حرمت ایسے مسائل پر محیط ہوتا ہے جب کہ ملکی

قانون کے مطابق میں ریاست کے سیاسی، انتظامی، فوجداری اور عدالتی معاملات شامل ہوتے ہیں۔

مذکورہ بالا قاعدے کی رو سے دنیاوی معاملات سے متعلق غیر مسلم شہری کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو ریاست کے دیگر شہریوں کو حاصل ہوتے ہیں اور فرائض کی ادائیگی کے معاملے میں وہ ملکی قانون کا پابند ہوگا۔ جس کی مختصراً وضاحت حسب ذیل ہے:

## قانون شہریت کی پابندی

عام طور پر غیر مسلم کو اسلامی ریاست میں اس وقت شہریت دی جاتی ہے جب وہ باقاعدہ طور پر ریاستی پالیسی اور اس کی طے شدہ شرائط کے مطابق درخواست دے۔ اگر درخواست میں کسی قسم کا قانونی سقم نہ ہو تو الشیبانیؒ کے نزدیک اسے اتھارٹی کی طرف سے رد نہیں کیا جانا چاہیے اور شہریت دے دینی چاہیے (۲۷) شہریت دیئے جانے کے بعد قانونی طور پر غیر مسلم اور اسلامی ریاست کے مابین شہریت کا معاہدہ طے پاتا ہے جس کی خلاف ورزی قانوناً جرم شمار ہوتی ہے۔ اس معاہدے کے تحت اسلامی ریاست غیر مسلم اور اس کے بیوی بچوں کی حفاظت کی ذمہ داری لیتی ہے جس کے عوض سال گزرنے پر اس پر جزیہ ٹیکس واجب الاداء ہو جاتا ہے (۲۸)۔ اگر کوئی غیر مسلم بلا وجہ ٹیکس نہ دے تو الکاسانیؒ کے بقول اس کے جان و مال اور عزت و آمرو کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہوگی نہ ہی ذمہ داری کا معاہدہ برقرار رہے گا (۲۹)۔

## فوجداری مقدمات

عقد ذمہ کے بعد اگر کوئی غیر مسلم جرائم میں ملوث پایا جائے تو اس پر اسلامی ریاست کے پبلک لا (Public law) کے مطابق مقدمہ قائم کیا جائے گا اور اسے ویسی ہی سزا دی جائے گی جیسے کسی عام مسلمان شہری کو دی جاتی ہے۔ مثلاً اگر کوئی مسلمان کسی غیر مسلم کی چوری کرے یا غیر مسلم کسی مسلمان کی تو قانون کی نظر میں دونوں برابر کے مجرم ہوں گے۔ قاضی ابو یوسفؒ لکھتے ہیں کہ اگر کوئی غیر مسلم کسی مسلمان عورت کو زنا پر مجبور کرے تو ہمارے فقہائے احناف کے قول کے مطابق اس پر پر ویسے ہی حد لاگو ہوگی جیسے کسی عام مسلمان پر لاگو ہوتی ہے (۳۰)۔ قاضی ابو یوسفؒ خلفائے راشدینؓ کے دور کا ایک واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ایک غیر مسلم نے ایک مسلمان عورت کو زنا پر مجبور کیا جس کا مقدمہ ابو عبیدہؓ کی عدالت میں درج ہوا جس کی سماعت کے دوران آپؓ نے اسے ڈانٹتے ہوئے فرمایا: "**ماعلی هذا صالحنا کم ،فضربت عنقه**" (۳۱) (کیا ہم نے تم سے اس لیے مصالحت کی تھی (کہ تم زنا کرتے پھرو) پھر اس کی گردن مار دی گئی)۔ ایسا ہی ایک قول حضرت عمرؓ سے متعلق بھی نقل کیا گیا ہے (۳۲)۔ اسی طرح اگر غیر مسلم شہری کسی مسلمان پر تہمت لگائے تو اس پر بھی حد جاری ہوگی (۳۳)۔

## قانون شہادت

اسلامی ریاست کی عدالت میں جس طرح کسی حربی کی شہادت کو مسلمانوں کے خلاف قبول نہیں کیا جاتا ایسے ہی اگر کوئی حربی کسی غیر مسلم شہری کے خلاف شہادت دے تو اسے بھی قبول نہ کیا جائے گا(۳۴)۔البتہ اہل ذمہ میں سے کوئی شخص کسی غیر مسلم شہری کے خلاف شہادت دے تو اسے قبول کر لیا جائے گا کیوں کہ:"شهادة اهل الذمة حجة على الذمي" (۳۵)ذمی کے خلاف دیگر اہل ذمہ کی شہادت قابل حجت ہے۔ جہاں تک مسلمانوں کے خلاف ذمی کی شہادت کا معاملہ ہے تو اسے قبول نہیں کیا جائے گا کیوں کہ اسلامی قانون کے مطابق شہادت کا معاملہ مسلمانوں کے دینی معاملات سے تعلق رکھتا ہے۔اس لیے ذمی کی شہادت قبول نہیں ہوتی۔ جیسے کوئی ذمی کسی پانی کے نجس ہونے کی خبر دے تو اسے قبول نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ پانی کے پاک یا نجس ہونے کا معاملہ مسلمانوں کے دینی معاملات سے تعلق رکھتا ہے(۳۶)۔

## زمین کی آبادکاری

اسلامی ریاست میں غیر آباد زمین اگر کوئی غیر مسلم شہری آباد کر لے تو وہ اس کی ایسے ہی جائز ملکیت تصور کی جائے گی جیسے کسی عام مسلمان شہری کی تصور کی جاتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ایسی زمینوں سے متعلق ارشاد ہے:"من احياء ارضاً مواتاً فهي له"(۳۷)(جو کوئی (مسلم و غیر مسلم) غیر آباد زمین کو آباد کرے تو وہ اسی کی شمار ہوگی)۔فقہاء میں سے امام ابوحنیفہؒ نے اسے حکومت کی اجازت سے مشروط کیا ہے تاکہ کسی قسم کے جھگڑے کا احتمال پیدا نہ ہو(۳۸)۔قاضی ابو یوسف لکھتے ہیں کہ ہمارے نزدیک ایسی غیر آباد زمین اسی شخص کی تصور کی جائے گی جو اسے آباد کرے۔اس کے علاوہ کوئی شخص اس کی ملکیت کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔خواہ وہ خود اسے کاشت کرے یا کسی دوسرے سے کاشت کروائے یا ٹھیکے پر دے،اس میں نہر نکالے یا کسی اور مفید کام میں لائے کیوں کہ اب یہ اسی کا حق ہے۔البتہ اگر وہ عشری زمینوں کے قریب ہو تو عشر اور اگر خراجی زمینوں کے قریب ہو تو اسے خراج دینا ضروری ہوگا(۳۹)۔امام احمد بن حنبلؒ بھی ایسی زمین کی آبادکاری پر غیر مسلم شہری کو مسلمان کی مانند اس کا مالک قرار دیتے ہیں(۴۰)۔

## سمندر سے نکالی جانے والی اشیاء کا حکم

اسلامی ریاست کا کوئی بھی شہری خواہ وہ مسلم ہو یا غیر مسلم سمندر سے جو بھی اشیاء نکالے تو ریاست اس سے 20% ٹیکس لینے کی حقدار ہوتی ہے خواہ وہ ہیرے جواہرات ہوں یا مچھلی کا شکار ہو۔امام ابوحنیفہؒ اور ابن ابولیلیٰؒ، قاضی ابی یوسفؒ مذکورہ بالا دو چیزوں کے علاوہ دیگر سمندری چیزوں کو ٹیکس سے مستثنا قرار دیتے ہیں(۴۱)۔قدیم زمانے میں شاید یہی دو کارآمد چیزیں عام طور پر سمندر سے نکالی جاتی ہوں گی جن سے عام لوگ مستفید ہوتے تھے اس لیے بقیہ چیزوں کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا تھا۔ جب کہ دور حاضر میں سمندر سے گیس اور تیل ایسی مفید اور مہنگی چیزیں بھی نکالی جاتی ہیں

جن کا بین الاقوامی سطح پر کاروبار ہوتا ہے۔ لہذا عصر حاضر میں ایسی ملٹی نیشنل کمپنیوں سے 20% ٹیکس لیا جائے تو درست معلوم ہوتا ہے۔

اس سلسلے میں حضرت عمرؓ کا ایک فرمان بڑی حد تک واضح ہے جس میں آپؓ فرماتے ہیں کہ:

"فیما أخرج اللّٰہ من البحر الخمس" (۴۲) (یعنی جو چیز بھی اللہ تعالیٰ نے سمندر سے نکالی ہو اس پر خمس [20% ٹیکس] ہے)۔

## تجارتی ٹیکس کی ادائیگی

فقہائے اسلام کے نزدیک اسلامی ریاست کی حدود میں اہل ذمہ اگر تجارت کریں اور ان کا مال تجارت ایک خاص حد (۴۳) سے تجاوز کر جائے تو ان پر نصف عشر (5%) کے حساب سے ٹیکس لگایا جائے گا جس کی ادائیگی ان پر لازم ہوگی، جب کہ مسلمانوں پر یہ شرح ڈھائی فیصد ہی رہے گی (۴۴)۔ تجارتی ٹیکس کی یہ شرح اگرچہ قدیم دور میں اسلامی یاست کی حدود میں رائج رہی ہے لیکن یہ شرح کسی نص پر مبنی مستقل ریاست کا اصول یا پالیسی نہیں ہے بلکہ صحابہ کرامؓ نے اسے اپنے دور میں بین الاقوامی حالات کے تناظر میں اجتہاد کے ذریعے اختیار کیا تھا۔ موجودہ دور میں نئے حالات اور تقاضوں کے تحت تبدیل کیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

## شراب اور خنزیر کی اباحت

اسلامی ریاست کے عمومی قانون کے تحت اہل ذمہ کے لیے شراب اور خنزیر مباح ہیں کیوں کہ یہ دونوں چیزیں ان کے دینی معاملے سے تعلق رکھتی ہیں۔ وہ ان دونوں چیزوں کا آپس میں باہمی طور پر کاروبار کر سکتے ہیں۔ ریاست ان کے اس مال اور کاروبار کو جائز قرار دے گی اور ان کے اس طرح کے مال کو مال متقوم تصور کرے گی۔

السرخسی اس ضمن میں لکھتے ہیں:

**" الخمر و الخنزير فی حقهم مال متقوم كالبعير والشاة فی حق المسلمين"** (۴۵)

(شراب اور خنزیر ان کے حق میں ایسے ہی مال متقوم ہیں۔ جیسے مسلمانوں کے حق میں اونٹ اور بکری ہیں)۔

اس بنا پر کوئی مسلمان ذمی کے کسی خنزیر کو نقصان پہنچائے تو اسے بطور تاوان اس کی قیمت ادا کرنی پڑے گی جیسے کسی مسلمان کے گدھے کو نقصان پہنچانے پر ادا کی جاتی ہے (۴۶)۔ غیر مسلم شہری ان چیزوں کو مرتہن کے پاس بطور رہن بھی رکھوا سکتا ہے کیوں کہ یہ دونوں چیزیں اس کے لیے مال کی حیثیت رکھتی ہیں (۴۷)۔

## سود، مردار اور خون کی حرمت

اسلامی ریاست میں سود، مردار اور خون کی حرمت غیر مسلم شہری کے لیے ایسے ہی ہے جیسے کہ کسی عام مسلمان

کے لیے ہوتی ہے۔کیوں کہ یہ چیزیں تمام ادیان میں حرام قرار دی گئیں ہیں۔حرمت سود سے متعلق قرآن مجید میں ہے:

﴿فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْراً وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عنه﴾(۴۸)

(سو یہود کے گناہوں کی وجہ سے ہم نے حرام کیں ان پر بہت سی پاک چیزیں جو ان پر حلال تھیں اور اس وجہ سے کہ روکتے تھے اللہ کی راہ سے بہت اور اس وجہ سے کہ سود لیتے تھے اور ان کو اس کی ممانعت ہو چکی تھی)۔

اہل کتاب میں سے یہود کی مذہبی کتاب میں ہے:

''تو اپنے بھائی کو سود پر قرض نہ دینا خواہ وہ روپے کا سود ہو یا اناج کا سود یا کسی اور چیز کا سود ہو جو بیاج پر دی جایا کرتی ہو''(۴۹)۔

رسول اللہ ﷺ نے اپنے زمانے میں جب نصاریٰ نجران اور مجوس ہجر سے معاہدات کیے تو ان پر واضح کر دیا تھا کہ جو کوئی شخص ان میں سے سودی معاملہ کرے گا تو اس کے اور ہمارے درمیان عقد ذمہ باقی نہ رہے گا(۵۰)۔

الکاسانی رقمطراز ہیں:

''المیتة و الدم لیسا بمال فی الادیان کلھا''(۵۱)

(تمام ادیان میں مردار اور خون مال نہیں ہیں)۔

لہٰذا غیر مسلم شہری سود، مردار اور خون کے معاملے میں اسلامی ریاست کے عمومی قانون کے پابند ہوں گے۔

### ریاست سے بغاوت

اسلامی قانون کے مطابق ریاست پر اہل ذمہ کی حفاظت کرنے کی ذمہ داری اسی وقت تک باقی رہتی ہے جب تک کہ وہ ریاست کے ساتھ کیے ہوئے معاہدات اور قانون کی خلاف ورزی نہ کریں۔اگر وہ معاہدات اور قانون کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ریاست کے خلاف بغاوت کے لیے اٹھ کھڑے ہوں تو پھر ریاست کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ وہ بھی ان سے کیے ہوئے معاہدات سے برأت کا اعلان کر دے اور ان کے خلاف تادیبی کاروائی کرے۔

اس حوالے سے قرآنِ مجید میں واضح طور پر حکم ہے کہ:

﴿اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ○ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْبِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ○ اِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ﴾(۵۲)(جن سے تو نے معاہدہ کیا ہے ان میں سے پھر وہ توڑتے ہیں اپنا عہد ہر بار اور وہ ڈر نہیں رکھتے سو اگر کبھی تو پائے ان کو لڑائی میں تو ان کو ایسی سزا دے کہ دیکھ کر بھاگ جائیں ان کے پیچھے تا کہ ان کو عبرت ہو اور اگر تجھ کو

ڈر ہو کسی قوم سے دغا کا تو پھینک دے ان کا عہد ان کی طرف اسی طرح پر کہ ہو جاؤ تم اور وہ برابر، بے شک اللہ کو خوش نہیں آتے دغا باز)۔

رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ میں جب اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی تو یہاں آباد عرب قبائل (بنو اوس و خزرج) کے علاوہ یہودیوں سے دفاع ریاست کے حوالے سے جو "میثاق" کیا تھا وہ کچھ ہی عرصے بعد تار تار کر دیا تھا۔ جس کے جواب میں رسول اللہ ﷺ نے معاہدہ ختم کر کے ان کے خلاف تادیبی کارروائی کی اور انھیں جلاوطن کر دیا۔ ان ہی دلائل کی بنیاد پر علماء اہل ذمہ کے نقض عہد پر ان کے خلاف مقدمہ چلانے اور تادیبی اقدام کرنے کو ضروری خیال کرتے ہیں مثلاً

مسلم بن حجاج القشیریؒ نے "الجامع الصحیح" میں اس عنوان سے ایک مستقل باب باندھا ہے:

**" باب جواز قتال من نقض العهد و جواز انزال اهل الحصن على حكم حاكم عدل اهل للحكم"** (۵۳).

السرخسیؒ لکھتے ہیں:

**"اذانقض قوم من اهل الذمة العهد و غلبوا على مدينة فالحكم فيها كالحكم فى المرتدين"** (۵۴).

(اہل ذمہ میں سے جب کوئی قوم معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کسی شہر پر غلبہ حاصل کر لے تو اس کا حکم مرتدین کی مانند ہوگا)۔

الکاسانیؒ رقمطراز ہیں:

**"الذمى الذى نقض العهد ولحق بدار الحرب بمنزلة المرتد فى سائر الاحكام من الارث"** (۵۵).

(جو ذمی معاہدہ توڑ کر دار الحرب چلا جائے تو وہ وراثت کے تمام احکام میں مرتد کی مانند ہوتا ہے)۔

امام نوویؒ کے مطابق:

**"الذمى اذانقض العهد صار حربى جرت عليه احكام اهل الحرب"** (۵۶).

(ذمی نقض معاہدہ کا مرتکب ہو تو وہ حربی بن جاتا ہے اور اس پر اہل حرب کے احکام جاری ہوتے ہیں)۔

مختصراً یہ کہ اسلامی ریاست میں قانون سے بغاوت ایک ایسا بڑا جرم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ اگر کوئی مسلمان ایسی بغاوت کرے تو اسے مرتد کہا جاتا ہے جس کی سزا موت ہے اور اگر غیر مسلم شہری ایسی حرکت کرتا تو وہ بھی اسی کی مانند سزا کا مستحق ٹھہرایا جاتا تھا۔

**قاعدہ کلیہ۴: الخراج و الجزیة بمنزلة الضریبة(۵۷)**

(خراج اور جزیہ بمنزلہ محصول کے ہیں)۔

## خراج وجزیہ اوران کی حیثیت

مذکوہ بالا قاعدے میں خراج اور جزیے کی حیثیت بتائی گئی ہے کہ ماضی میں اسلامی ریاست کی جانب سے غیر مسلموں پر لگائے جانے والے دوطرح کے محصولوں (خراج اور جزیے) کی حیثیت عصر حاضر میں رائج ٹیکس کی مانند ہوا کرتی تھی۔ ریاست کی طرف سے غیر مسلم شہریوں کی زمین کی پیداوار پر جو ٹیکس مقرر کیا جاتا تھا اسے خراج جب کہ ان کی ذات پر نافذ ہونے والے ٹیکس کو جزیہ کہتے تھے۔ البتہ جزیے کے معاملے میں یہ بات پیش نظر رہے کہ یہ ٹیکس چند مخصوص افراد پر جو عموماً کمائی کرنے کے لائق ہوتے تھے صرف ان پر ہی لگایا جاتا تھا ان میں سے ایک کثیر تعداد ایسے طبقات پر بھی مشتمل ہوتی تھی جو اس طرح کے ٹیکس سے مستثنیٰ تھی۔

**خراج کی اقسام**

کتب فقہ میں خراج کی دو قسمیں بیان ہوئی ہیں (۵۸)۔

(I) خراج مقاسمہ

خراج مقاسمہ سے مراد وہ ٹیکس ہے جو زمین کی پیداوار کی نسبت سے مقرر کیا جاتا تھا۔ یعنی ربع خمس یا نصف وغیرہ۔

(ii) خراج مؤظف:

خراج مؤظف سے مراد وہ ٹیکس ہے جو زمین کے رقبے کی نسبت سے مقرر کیا جاتا تھا۔ یعنی کنال اور ایکڑ کے اعتبار سے۔

خراج اگر چہ غیر مسلم شہریوں پر ایک زرعی ٹیکس تھا جس کا ادا کرنا ضروری ہوتا تھا لیکن یہ ادائیگی اسی وقت ہوتی تھی جب زمین پیداوار دیتی اگر زمین سے پیداوار ہی نہ ہوتی تو خراج بھی نہ ہوتا تھا(۵۹)۔ مثلاً اگر زمین پر پانی چڑھ آتا یا پانی کا سلسلہ منقطع ہوجاتا یا کسی اور آفت کی وجہ سے پیداوار ضائع ہوجاتی تو ان تمام صورتوں میں خراج وصول نہ کیا جاتا تھا۔ البتہ اگر فصل کو جزوی نقصان پہنچتا تو ٹیکس میں بھی اسی قدر کمی کی جاتی تھی کیوں کہ فقہاء کے نزدیک " **الخراج بقدر الطاقة**" (۶۰)(خراج بقدر پیداواری استطاعت ہوتا ہے)۔ یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ زرعی ٹیکس میں چھوٹ صرف ایسی صورت میں ممکن ہوتی تھی جب فصل کے نقصان میں ٹیکس ادا کرنے والے شخص کا ذاتی عمل دخل کار فرما نہ ہوتا تھا۔ اگر اس کے ذاتی عمل دخل کی وجہ سے فصل کو نقصان پہنچتا یا پیداوار کم ہوتی تو پھر ایسی چھوٹ ہرگز نہ دی جاتی تھی نیز ایسے شخص کو جو

ٹیکس ادا کرنے میں ٹال مٹول سے کام لیتا یا بروقت ادائیگی نہ کرتا تو اسے قید کیا جاتا اور درے بھی لگائے جاتے تھے(٦١)۔

**قاعدہ کلیہ ۵: الجزیة واجبة علی جمیع اھل الذمة(٦٢)**

(جزیہ ٹیکس تمام اہل ذمہ پر واجب ہے)۔

## جزیہ ٹیکس کی ادائیگی کا وجوب اور شرائط

عصر حاضر میں دنیا بھر کے ممالک میں غریب عوام پر ٹیکسوں کی بھرمار کی وجہ سے قدیم زمانے میں اسلام کے سادہ نظام ٹیکس اور اس کے جواز کو سمجھنا اتنا مشکل امر نہیں ہے۔رسول اللہ ﷺ نے جب مدینہ منورہ میں اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی تو اس وقت عرب سے باہر ایران اور روم جو دنیا کی دو بڑی سلطنتیں تھیں ان میں قدیم زمانے سے عوام پر جزیہ وخراج کے نام سے یہ دونوں ٹیکس نافذ تھے۔عرب کے جن علاقوں پر ان کا حکم چلتا تھا اور عوام ان کی ماتحتی قبول کر لیتی تھی وہ انھیں یہ دونوں ٹیکس ادا کرتے تھے۔ چنانچہ جب نجران کے عیسائیوں کا وفد مدینہ منورہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تو انہوں نے عرض کیا کہ ہم مسلمان تو نہیں ہوتے البتہ ہم آپ ﷺ کی ماتحتی قبول کرتے ہیں اور شہریت اور حفاظت کے عوض جو جزیہ ہم پر عائد کیا جائے گا وہ ہم بخوشی ادا کرتے رہیں گے(٦٣)۔اس بنا پر قرآن مجید میں جیسے مسلمانوں سے صدقہ لینے کا حکم تھا اسی طرح غیر مسلموں سے جزیہ لینے کا حکم آیا ہے(٦٤)۔اسی فرمان الٰہی کے تحت رسول اللہ ﷺ نے نجرانیوں اور مجوسیوں سے جزیہ لیا۔آپ ﷺ کے بعد خلفائے راشدینؓ نے صابیوں سے،اور خلفائے بنوامیہ و بنوعباس نے سندھ کے ہندوؤں اور پیروان بدھ سے جزیہ لینا ثابت ہے(٦٥)۔فقہاء کے نزدیک ریاست کا غیر مسلموں پر جزیہ کا نفاد درست اور جائز اقدام ہے(٦٦)۔

## شرائط جزیہ

اسلامی ریاست کا غیر مسلم شہریوں سے جزیہ وصول کرنا چوں کہ دیگر احکام شرعیہ کی طرح ایک شرعی حکم تھا اس لیے اس حکم کے نفاذ کے وقت مکلّف میں اہلیت اور استطاعت کے پائے جانے کو ضرور دیکھا جاتا تھا۔اگر کسی غیر مسلم میں شریعت اسلامیہ کی متعین کردہ شرائط نہ پائی جاتیں تو ریاستی کارندے کسی غیر مسلم سے بالجبر جزیہ لینے کے مجاز نہ ہوتے تھے۔جزیہ کس پر اور کب لازم ہوتا ہے اس کے لیے فقہاء کرامؒ نے درج ذیل شرائط کا ذکر کرتے ہیں۔

**ا۔مرد ہو**

جزیہ واجب ہونے کی پہلی شرط یہ ہوتی تھی کہ غیر مسلم شہری مرد ہو عورت نہ ہو۔کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے جزیہ صرف اس غیر مسلم شہری پر واجب فرمایا ہے جو اہل قتال میں سے ہو۔چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ...﴾(٦٧) ''یہاں لفظ﴿قَاتِلُوا﴾ باب مفاعلہ میں سے ہے اور باب مفاعلہ کی ایک خاصیت مشارکت

ہوتی ہے یعنی دو شخصوں کا اس طرح مل کر کام کرنا کہ ایک کا فعل دوسرے پر واقع ہو لہذا یہاں دونوں فریقوں کی طرف سے لڑائی ضروری ہے۔ جنگوں میں چوں کہ مرد کام آتے ہیں اس لیے جزیہ بھی صرف مردوں پر ہی واجب ہوگا عورتوں پر نہیں (۶۸)۔

**۲۔ بالغ ہو**

جزیہ کے وجوب کے لیے دوسری شرط غیر مسلم شہری کا بالغ ہونا ہوتا تھا۔ شریعت اسلامیہ نے چوں کہ بچوں کو شرعی احکام کا مخاطب نہیں بنایا اور نہ ہی انہیں کسی حکم کا مکلّف ٹھہرایا ہے اس لیے کسی غیر مسلم کے بچے پر جزیہ عائد نہ ہوتا تھا۔ بلکہ یہ ٹیکس صرف غیر مسلموں کے بالغ افراد پر عائد ہوتا تھا (۶۹)۔

**۳۔ عقل و شعور ہو**

جزیہ کے وجوب کی ایک شرط غیر مسلم شہری کا صاحب عقل و شعور ہونا بھی ہوتا تھا۔ اس لیے کہ شریعت کے احکام پاگل اور مجنون شخص پر لاگو نہیں ہوتے۔ نیز ایسا شخص چوں کہ جنگ میں مقابلے پر بھی نہیں آ سکتا اس لیے یہ جزیے کے حکم کا مخاطب نہ بنتا تھا (۷۰)۔

## جزیے سے مستثنیٰ چند طبقات

اسلامی ریاست میں جزیے کی ادائیگی سے چند طبقات کو استثناء حاصل تھا جن میں سے چند ایک یہ ہیں:

**۱۔ بچے، عورتیں اور فاترالعقل**

فقہ اسلامی کے مطابق بچوں، عورتیں اور فاترالعقل چوں کہ عام طور پر جنگوں میں شریک نہیں ہوتے تھے اور نہ ہی یہ کاروبار کر سکتے تھے اس لیے اسلامی ریاست میں ہمیشہ بچے اور عورتیں جزیہ ٹیکس سے مستثنیٰ رہے ہیں۔

ابن قدامہ رقم طراز ہیں:

”ولاجزیۃ علی صبی ولازائل العقل ولاامرأۃ“(۷۱).

(اور جزیہ بچے پر ہے اور نہ ہی فاترالعقل اور عورت پر)۔

اس مسلک میں فقہ اسلامی کے تمام فقہائے کرامؒ بالعموم اور فقہائے اربعہؒ کے مابین بالخصوص کسی کا اختلاف نہیں ہے (۷۲)۔

**۲۔ فقراء اور مساکین**

فقہاء کے نزدیک جزیے کے حکم سے وہ افراد بھی مستثنیٰ ہوتے تھے جن کی آمدن اخراجات کی نسبت کم ہو یا بالکل ہی نہ ہوتی تھی (۷۳)۔

قاضی ابو یوسف لکھتے ہیں:

" ولا توخذ الجزیة من المسکین الذی یتصدق علیه"(۷۴).

(جزیہ اس مسکین سے بھی نہ لیا جائے جس پر صدقہ کیا جاسکتا ہو)۔

ابن قیم لکھتے ہیں:

" ولاجزیة علی فقیر عاجز عن ادا ئها: هذا قول الجمهور"(۷۵).

(ایسے فقیر پر جزیہ نہیں ہوتا جو اسے ادا کرنے سے قاصر ہو اور یہ جمہور کا قول ہے)۔

خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروقؓ کا معروف واقعہ ہے کہ آپ نے مدینے میں ایک بوڑھے یہودی کو بھیک مانگتے دیکھا تو پوچھا کہ تم بھیک کیوں مانگ رہے ہو؟ جواب میں اس نے عرض کیا کہ میرے پاس جزیے کے لیے پیسے نہیں ہیں اس لیے بھیک مانگ رہا ہوں۔ آپؓ نے اسی وقت اس کا جزیہ معاف کر کے بیت المال سے وظیفہ مقرر کر دیا تھا(۷۶)۔

الغرض ماضی اسلامی ریاست ایسے فقرا و مساکین سے جزیہ لینے کی بجائے ان کی مالی معاونت کرنے کی پابند ہوا کرتی تھی۔

**۳۔نابینا افراد، دائمی مریض، اپاہج اور بوڑھے**

اسلامی قانون کے مطابق جزیے سے مستثنیٰ وہ افراد بھی شامل ہوتے تھے جو مادر زاد اندھے ہوتے یا کسی بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے ان کی نظر چلی جاتی تھی اور ان کی مستقل آمدن کا کوئی ذریعہ بھی نہ ہوتا تھا۔اسی طرح دائمی مریض، اپاہج اور بوڑھے شخص کا معاملہ تھا۔ چوں کہ یہ افراد کا بھی معذورین میں شمار ہوتے تھے اس لیے ان پر بھی جزیہ واجب نہ ہوتا تھا، البتہ اگر یہ خوش حال ہوتے اور آسانی سے جزیہ دے سکتے تو پھر دوسری صورت تھی(۷۷)۔

**۴۔مذہبی پیشوا اور راہب**

جزیے سے مستثنیٰ افراد میں وہ لوگ بھی شامل ہوتے تھے جو عام طور پر لوگوں سے میل ملاقات رکھنے کی بجائے ان سے دور عبادت گاہوں میں تنہا بیٹھے دن رات عبادت میں مصروف رہتے تھے یا انہوں نے اپنے آپ کو مذہبی کاموں کے لیے وقف کر رکھا ہوتا تھا۔ چوں کہ یہ لوگ کام کاج وغیرہ نہیں کرتے تھے اس لیے انہیں بھی جزیے ایسی تکلیف سے مستثنیٰ رکھا گیا۔ ان میں پادری، راہب، پنڈت، پروہت ایسے لوگ شامل تھے۔ البتہ ان میں کچھ لوگ مالی لحاظ سے خوش حال ہوتے اور لوگوں سے میل ملاقات بھی رکھتے تو ان سے بھی جزیہ لیا جاتا تھا(۷۸)۔

**۵۔اسلام قبول کرنے والے**

مسلمانوں پر چوں کہ زکواۃ و عشر کے علاوہ اور بہت سے صدقات لازم ہوتے تھے اس لیے ان پر جزیہ ٹیکس عائد نہ ہوتا

تھا۔اس بنا پر اگر کوئی غیر مسلم شہری اپنے ذوق وشوق اور مرضی سے اسلام قبول کر لیتا تو اس سے جزیہ معاف کر دیا جاتا خواہ وہ کتنے ہی سالوں کا بقایا ہوتا(۷۹)۔

**۶۔حقوق کے تحفظ میں ناکامی**

جزیہ چوں کہ غیر مسلموں کے جان ومال اور عزت وآبرو کے تحفظ کے عوض لیا جاتا تھا اس لیے اگر کسی موقعے پر ریاست ان کے حقوق کی تحفظ کرنے میں ناکام ہو جاتی تو وہ ٹیکس بھی لینے کی مجاز نہ رہتی تھی اور ان کا یہ ٹیکس معاف کر دیا جاتا تھا۔خالد بن ولیدؓ نے اہل حیرۃ سے معاہدہ کرتے وقت انہیں لکھ کر دیا تھا کہ اگر ہم تمہارا دفاع کر سکے تو جزیہ لینا ہمارا حق ہوگا اگر نہیں تو نہیں، تاوقتیکہ ہم تمہارے تحفظ اور دفاع کے قابل ہو جائیں(۸۰)۔ابوعبیدہؓ کی گورنری کے زمانے میں شام کے بعض مفتوحہ علاقوں کو چھوڑنا پڑا تو آپ نے اپنے امراء کو لکھا کہ جو کچھ تم نے اہل ذمہ سے جزیہ وخراج لیا تھا وہ انہیں واپس کردو اور ان سے کہو کہ:

**"انما رددناکم علیکم أموالکم لأنه قد بلغنا ما جمع لنامن الجموع وأنکم قد اشترطتم علینا ان نمنعکم و إنّا لا نقدر علی ذلک، وقد رددنا علیکم ماأخذنامنکم"(۸۱).**

(ہم تمہارے اموال(جزیہ وخراج)واپس کر رہے ہیں کیوں کہ ہمیں خبریں موصول ہو رہی ہیں کہ (رومیوں نے)ہمارے خلاف افواج اکٹھی کر رکھی ہیں اور تم نے ہمارے ساتھ اس بنیاد پر صلح کی تھی کہ ہم تمہارا دفاع کریں گے،اس وقت ہم دفاع سے قاصر ہیں۔اس لیے جو کچھ ہم نے تم سے لیا تھا واپس کر رہے ہیں)(۸۲)۔

یہ وہی چیز ہے جسے بعد کے ادوار میں اسلامی ریاست کے بنیادی اصول وضوابط میں شمار کیا گیا اور فقہائے کرامؒ نے اس طرز عمل سے قاعدہ کلیہ اخذ کیا جسے حسب ذیل الفاظ میں روایت کیا جاتا ہے:

"الجبایة بازاء الحمایة"(۸۳).

(ٹیکس کی وصولی تحفظ دینے کے مقابلے میں ہوتی ہے)۔

**خلاصہ بحث**

مذکورہ بالا بحث اور تحقیق کا خلاصہ یہ ہے کہ اسلامی ریاست میں مسلم اور غیر مسلم حقوق کے حوالے سے دونوں برابر ہوتے ہیں۔جس طرح مسلمان کی جان ومال اور عزت وآبرو کی حفاظت ریاست کی ذمے دار ہوتی ہے اسی طرح غیر مسلم شہری بھی یہ حق رکھتا ہے کہ اس کی جان ومال اور عزت وآبرو کی حفاظت ہو۔ریاست اسے اس کے اپنے عقیدے اور مذہب کے مطابق عبادات کرنے، شادی و بیاہ اور وفات وغیرہ کی تمام رسومات ادا کرنے کی نہ صرف اجازت دیتی ہے بلکہ ان کی حفاظت بھی کرتی ہے۔غیر مسلم ریاست کے کسی بھی حصے میں رہنے اور کاروبار کرنے کا قانونی

حق رکھتے ہیں۔اگرکوئی شخص ان کے جان ومال اورعزت وآبروکونقصان پہنچائے تو ریاست اس کی تلافی کی ذمے دار ہوتی ہے۔ریاست غیر مسلموں پر جزیہ اورخراج کے نام سے دوطرح کے ٹیکس عائد کرتی ہے۔ان میں بھی اگرکوئی غیر مسلم غریب ومسکین ہو یا وہ کسی قسم کی کمائی کرنے کے قابل نہ ہوان پر ان ٹیکسوں کا اطلاق نہ ہوگا۔اگرکوئی فرد مسلح افواج مین ملازمت اختیار کرلے یا کوئی اورکوئی ایسا کردارادا کرے جو دفاع ریاست سے متعلقہ ہوتو پھر بھی ٹیکس معاف ہو جاتا ہے۔اس کے علاوہ بوڑھوں،معذوروں،بچوں،مذہبی رہنماوں اورعورتوں پرکسی قسم کا ٹیکس نہیں ہے۔اگرکوئی غیر مسلم اسلامی ریاست کی شہریت چھوڑ دے یا اس کا انتقال ہوجائے تو اس کے ذمے واجب الاداء بقایا ٹیکس معاف کردیا جاتا ہے اوراس لے ورثاء کے ذمے کسی قسم کا ٹیکس نہیں ڈالا جاتا۔

# حواشی وحوالہ جات

۱۔ سرخسی، محمد بن احمد بن ابی سھل، ابوبکر (م۴۸۰ھ/۱۰۹۷ء) شرح السیر الکبیر، دارالکتب العلمیۃ، بیروت لبنان، ۱۴۱۷ھ/۱۹۹۷ء، ۲۳۹/۱۔

۲۔ قلعہ جی، محمد رواس وحامد صادق قنیبی، معجم لغۃ الفقھاء، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ، کراچی (س۔ن) ص:۲۱۴۔

۳۔ ان میں سے ایک شرط یہ تھی کہ ان سے جزیہ نہ لیا جائے جس کے بدلے میں وہ زکواۃ سے دوگنا ٹیکس ادا کریں گے۔
(دیکھئے: السرخسی، "المبسوط"، دارالمعرفۃ، لبنان، ۱۴۰۶ھ، ۱۱۹/۱۰)۔

۴۔ سورۃ المآئدۃ ۳۲:۵۔

۵۔ سورۃ المآئدۃ ۴۵:۵۔

۶۔ القرطبی، الجامع لأحکام القرآن، ۲۴۶/۲۔

۷۔ سورۃ البقرۃ ۱۷۸:۲۔

۸۔ نسائی، احمد بن شعیب، ابوعبدالرحمٰن (م۳۰۳ھ/۹۱۵ء)، السنن، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان، ۱۴۱۱ھ/۱۹۹۱ء کتاب القسامۃ، باب تعظیم قتل المعاہد (ح ۴۷۴۲/۸) ۲۲۵/۵۔

۹۔ شافعی، محمد بن ادریس، ابوعبداللہ، المسند، دارالکتاب العلمیۃ، بیروت (س۔ن)، کتاب الدیات والقصاص ص:۳۴۳۔

۱۰۔ سرخسی، المبسوط، ۱۳۲/۲۔

۱۱۔ شافعی، کتاب مذکور، ص:۳۴۴۔

۱۲۔ ابو یوسف، قاضی، یعقوب بن ابراہیم الانصاری (م۱۸۲ھ/۷۹۸ھ)، کتاب الخراج، تحقیق محمد ابراہیم البنا، مکتبہ فاورقیہ، پشاور، ۱۹۸۱ء ص:۲۵۸۔

۱۳۔ ابن قدامۃ، احمد بن المقدسی (م۶۲۰ھ/۱۲۲۳ء)، المغنی فی الفقہ، ۳۲۳/۱۰۔

۱۴۔ سرخسی، المبسوط، ص۱۳۲/۲۶؛ بھوتی، کشاف القناع، ۱۴۲/۶؛ مرداوی، الانصاف، ۱۸۱/۱۰؛
ابن نجیم، البحر الرائق، ۳۳۷/۸۔

۱۵۔ حصکفی، محمد علی بن محمد، الدر المختار، داالمعرفۃ، بیروت، لبنان، ۱۳۹۳ھ، ۱۷۰/۴۔

۱۶۔ شافعی، محمد بن ادریس، ابوعبداللہ، الأم، داالمعرفۃ، بیروت، لبنان، 1393ھ، ۱۳۹/۶؛ الشیبانی محمد بن حسن (م۱۸۹ھ/۸۰۵ء)، الجامع الصغیر، عالم الکتب، بیروت، لبنان (۱۴۰۶ھ) ص:۲۸۱؛ المرغینانی، الھدایۃ، ۱۰۳/۲؛ ابن نجیم، البحر الرائق، ۱۴/۱۹۔

۱۷۔ سرخسی، المبسوط، ۱۱۰/۱۰۔

۱۸۔ سورۃ البقرۃ، ۲۵۶:۲۔

۱۹۔ سورۃ یونس، ۹۹:۱۰۔

۲۰۔ سورۃ الرعد، ۴۰:۱۳۔

۲۱۔ سورۃ یٰسین، ۱۶:۳۔۱۷۔

۲۲۔ سورۃ الکہف، ۲۹:۱۸۔

۲۳۔ سورۃ الدھر، ۳:۷۶۔

۲۴۔ جصاص، أحكام القرآن، ۱۸۷/۲۔

۲۵۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳۱۱/۱۔

۲۶۔ سرخسی، شرح السیر الکبیر، ص ۸۹/۵؛ مصنف مذکور، المبسوط، ۸۴/۱۰، ۸۵/۱۰، ۸۹/۱۰۔

۲۷۔ شیبانی، السیر الکبیر، ۳۲۸/۵۔

۲۸۔ جصاص، أحکام القرآن، ۲۹۴/۴؛ کاسانی، بدائع الصنائع، ص ۱۱/۷؛ رازی، محمد بن ابی بکر بن عبدالقادر (م ۶۶۶ھ/۱۲۶۷ء)، تحفۃ الملوک، دار البشائر الاسلامیۃ، بیروت (۱۴۱۷ھ) ص: ۱۸۹۔

۲۹۔ کاسانی، بدائع الصنائع، ۱۱۲/۷۔

۳۰۔ ابویوسف، کتاب الخراج، ص: ۳۴۸۔

۳۱۔ ابویوسف، کتاب مذکور، ص: ۳۴۹۔

۳۲۔ ایضاً۔

۳۳۔ شیبانی، السیر الکبیر، ۲۱۵/۱۔

۳۴۔ سرخسی، شرح السیر الکبیر، ۲۴۰/۱۔

۳۵۔ سرخسی، کتاب مذکور، ۲۴۱/۱۔

۳۶۔ سرخسی، کتاب مذکور، ۳۳۸/۵ و مابعد

۳۷۔ ہیثمی، علی بن ابی بکر (م ۸۰۷ھ/۱۴۰۴ء) مجمع الزوائد، دار الکتاب العربی، بیروت (۱۴۰۷ھ) باب احیاء الموات، ۱۵۷/۴۔

۳۸۔ ابویوسف، کتاب الخراج، ص: ۱۳۸۔

۳۹۔ ابویوسف، کتاب مذکور، ص: ۱۴۰۔۱۴۱۔

۴۰۔ ابن قیم، محمد بن ابی بکر (م ۷۵۱ھ/۱۳۵۰ء) أحكام اهل الذمة، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان (س۔ن)، ۱۴۶/۱۔

۴۱۔ ابویوسف، کتاب مذکور، ص: ۱۵۱۔

۴۲۔ ایضاً۔

۴۳۔ حضرت عمرؓ کے زمانے میں یہ حد ۲۰۰ درھم مقرر کی گئی تھی اور اس سے کم پر ٹیکس نہیں تھا۔" وليس فيما وون المائتين شی" (کتاب الخراج، ص: ۲۷۶)۔

۴۴۔ ابویوسف، کتاب مذکور، ص: ۲۷۶۔

۴۵۔ سرخسی، المبسوط، ۱۴۸/۱۴۔

۴۶۔ سرخسی، کتاب مذکور، ۴۵/۵؛ ابن نجیم، البحر الرائق، ۱۴۰/۸۔

۴۷۔ الکاسانی، بدائع الصنائع، ۱۳۵/۵۔

۴۸۔ سورۃ النسآء، ۴:۱۶۰۔۱۶۱۔

۴۹۔ تورات، استثنا، باب۲۳ آیت ۱۹، ص:۱۸۸

۵۰۔ سرخسی نے اس معاہدے کے جو الفاظ نقل کیے ہیں وہ اس طرح ہیں:" من اربی فلیس بیننا و بینه عهد" (دیکھیے: المبسوط، ۵۸/۱۴)۔

۵۱۔ کاسانی، بدائع الصنائع، ۱۴۷/۷۔

۵۲۔ سورۃ الانفال، ۸:۵۶۔۵۷۔

۵۳۔ مسلم، الصحیح، ۱۳۸۸/۳۔

۵۴۔ سرخسی، المبسوط، ۱۱۶/۱۰۔

۵۵۔ کاسانی، بدائع الصنائع، ۱۴۰/۷۔

۵۶۔ نووی، یحییٰ بن شرف، ابوزکریا (م ۶۷۶ھ/۱۲۷۷ء) شرح النووی علی صحیح مسلم، داراحیاء التراث العربی (۱۳۹۲ء) الثانیۃ، ۹۱/۱۲۔

۵۷۔ سرخسی، أصول السرخسی، ۶۹/۱۔

۵۸۔ قلعہ جی، محمد رواس و حامد صادق قنیبی، کتاب مذکور ص:۱۹۴۔

۵۹۔ دیکھیے: سرخسی، المبسوط، ۸۳/۱۰؛ المرغینانی، الهدایة، ۱۵۸/۲؛ ابن الہمام، شرح فتح القدیر ۳۸/۶؛ ابن نجیم، البحر الرائق، ۱۱۷/۵؛ ابن قیم، م۔ن، ۱۰۷/۱۔

۶۰۔ سرخسی، کتاب مذکور، ۸۲/۱۰۔

۶۱۔ دیکھیے: ابن قیم، کتاب مذکور، ۱۰۶/۱۔

۶۲۔ ابو یوسف، کتاب الخراج، ص:۲۵۳۔

۶۳۔ دیکھیے: ابو یوسف، کتاب مذکور، ص:۱۵۷ و مابعد؛ ابن قیم، کتاب مذکور، ۳۹/۱۔

۶۴۔ سورۃ التوبۃ، ۹:۲۹۔

۶۵۔ آزاد، احمد بن خیر الدین (م ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۸ء) ابوالکلام، ترجمان القرآن، اسلامی اکادمی اردو بازار، لاہور، (س۔ن) ۱۲۲/۲۔

۶۶۔ الجصاص، أحکام القرآن، ۱۸۹/۳۔

۶۷۔ سورۃ التوبۃ، ۹: ۲۹۔

۶۸۔ ابو یوسف، کتاب مذکور، ص:۲۵۳؛ الکاسانی، کتاب مذکور، ۱۱۱/۷۔

۶۹۔ ایضاً۔

۷۰۔ اس سلسلے میں قاضی ابو یوسف کے الفاظ ہیں:" وَ کَذٰلِکَ الْمَغْلُوْبُ عَلَى عَقْلِهٖ لَاتُؤْخَذُ مِنْهُ"، ص:۲۵۴۔

۷۱۔ ابن قدامہ، المغنی، ص:۲۷۰/۹۔

۷۲۔ ایضاً۔

۷۳۔ مسکین اس شخص کو کہتے ہیں جس کے پاس ضروریات زندگی کے لیے کچھ بھی نہ ہو (اَلْمِسْكِيْنُ الَّذِي لاَشَيْئَ لَهُ) (دیکھیے: القرطبی، الجامع لأحکام القرآن، ۱۶۹/۸)۔

۷۴۔ ابو یوسف، کتاب مذکور، ص: ۲۵۳۔

۷۵۔ ابن قیم، احکام اهل الذمة، ۵۲/۱۔

۷۶۔ دیکھیے: القرطبی، الجامع لأحکام القرآن، ۱۶۹/۸۔

۷۷۔ دیکھیے: ابو یوسف، م۔ن، ص: ۲۵۳؛ ابن قدامہ، م۔ن، ۲۷۲/۹؛ ابن قیم، کتاب مذکور، ۵۳/۱ وما بعد۔

۷۸۔ دیکھیے: ابو یوسف، م۔ن، ص: ۲۵۴؛ ابن قیم، کتاب مذکور، ۵۴/۱۔۵۵۔

۷۹۔ ابن قیم، احکام اهل الذمة، ۱۶۲/۱۔

۸۰۔ الطبری، محمد بن جریر، ابو جعفر (م ۳۱۰ھ/۹۲۳ء)، تاریخ الأمم والملوک، مطبعۃ الحسینیۃ المصریۃ، القاہرہ (۱۳۳۶ء)، ۲۷۰/۲۔

۸۱۔ ابو یوسف، کتاب الخراج، ص: ۲۸۲۔۲۸۳۔

۸۲۔ بلاذری نے فتوح البلدان میں واضح طور پر لکھا ہے کہ ابو عبیدہؓ نے یہ جزیہ اہل حمص کو اس وقت واپس کیا تھا جب ان کے خلاف ہرقل کی فوجیں جنگ یرموک کی تیاری کر رہی تھیں۔ (دیکھیے کتاب مذکور، ص: ۲۰۶)۔

۸۳۔ السرخسی، شرح السیر الکبیر، ۲۶۲/۵۔

# تفسیر ''احسن التفاسیر'' کا منہج اور ممیّزات وخصائص (تحقیق وتجزیہ)

# Tafsir "Ahsan ut Tafasir", Its Methodology & Characteristics (Research & Analysis)

ڈاکٹر میمونہ تبسم ☆


## *Abstract*

The Tafsiri literature of subcontinent varies in respect of its quality and quantity. It has a wide deep range. Many scholars have contributed to this field. In this literature, three trends are dominant; these tafsiri trends demonstrate specific impressions of the individual a Mutassir. As such we have mystical interpretation, jurisprudential and scientific interpretation and theological interpretation. All reflecting the mind of their mufassirun.

In the mystical writings, the writers narrate the hidden meanings of the Qur'an which are difficult for a common man to understand. In jurisprudential Tafsir, the Islamic laws and the related affairs are discussed and explained. Moreover, different sects in Islam are interpret Qura'an according to their school of thought.

In theological interpretations, the words of Qur'an are explained in the context of the Qur'an itself or the sayings of The Holy Prophet(PBUH). This type of interpretation is called "Tafsir Bilmasur".

Maulana Sayyed Ahmad Hasan Mahaddis Dehlavi,s Tafseer-e-Qur'an "Ahsan-ul-Tafaseer" is representative of Tafseer Bilmasur.

His Tafseer enjoys very prominent place among the Tafseeri literature of sub-continent. To explain and interpret the "aspects" of the Holy Qur'an, Maulana has heavily relied upon and benifitted greatly from The Qur'an, saying of The Holy Prophet, his companions (Sahaba kiram) and Tabeen and ancient Arabic language.

In this research article, the salient features of "Ahsan-ul-Tafaseer" are discussed.


پاک وہند کا تفسیری ادب اپنی کمیت وکیفیت کے اعتبار سے بہت متنوع اور وسیع ہے۔ جس میں مختلف جہات میں یہاں کے علماء کرام کی عرق ریزی کا نتیجہ سامنے آتا ہے کہ کس طرح انہوں نے قرآنی علوم کے بحرِ زخار سے علمی در نایاب کو چن کر اس کتاب عظیم کی خدمت کی ہے۔ برصغیر کے تراجم وتفاسیر مختلف رجحان اپنے اندر سموئے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان میں سے تین طرح کے رجحانات غالب ہیں۔

---

☆ اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج برائے خواتین یونیورسٹی لاہور، لاہور، پاکستان۔

## متصوفانہ رجحان

یہ تفسیر اشاری یا فیضی یا رمزی رجحان سے ملقب ہے۔اس کے حاملین کے بعض اہل علم کا شمار اہل بصیرت میں ہوتا ہے اور یہ ایسے مخفی اشارات اور مدلولات کو اپنے دامن میں لئے ہوتی ہے جو صرف ان حضرات کے اذہان میں جلوہ گر ہوتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن عظیم کے اسرار کا ادراک دیا۔بعض علماء اسے کمال معرفت وعرفان کہتے ہیں۔یعنی ایسے مخفی اشارات،جن کے عارف صرف اہل تصوف وسلوک ہی ہوتے ہیں۔اس بنیاد پر قرآن مجید کی تفسیر بیان کرنا جو اس کے ظاہری مفہوم کے خلاف ہو مگر ظاہری و باطنی مفہوم میں تطبیق یعنی موافقت ممکن ہو(۱)۔اگر اس قسم کی تاویلات میں خواہشات نفس کو دخل نہ ہو تو بعض شرائط کے تحت علماء اس کے جواز کے قائل ہیں:

۱۔ یہ تاویل معنی ظاہری کے جو اسلوب قرآن کے مطابق ہیں معارض ومنافی نہ ہوں

۲۔ یہ دعویٰ نہ کیا جائے کہ صرف یہی معنی صحیح ہیں ظاہری معنی کی حیثیت واعتبار نہیں۔

۳۔ تاویل ایسی سخت نہ ہو جس کے الفاظ قرآنی متحمل نہ ہوں۔

۴۔ شرعی یا عقلی تعارض نہ ہو(۲)۔

لیکن اس رجحان کا ایک منفی پہلو یہ ہے کہ چونکہ ارباب تصوف اس بات کے قائل رہے ہیں کہ ان کے نظریات ومعتقدات عوام میں مقبول ہوں۔اس لئے وہ مقدور بھر اس بات کے لیے کوشاں رہے کہ قرآن سے ان کے افکار طریقت کا اثبات ہو جو بظاہر شریعت سے مطابقت نہیں رکھتے۔چنانچہ وہ قرآنی آیات کو بتکلف وہ معنی پہنانے کی سعی کرتے ہیں جو خلاف ظاہر اور عربی لغت کے منافی ہو۔اس تفسیری رجحان کا مؤسس و بانی شیخ اکبر محی الدین ابن عربی (م ۶۳۸ھ) کو گردانا جاتا ہے(۳)۔

تصوفانہ رجحان کی حامل پاک وہند کی نمائندہ تفاسیر درج ذیل ہیں:

۱۔ کاشف الحقائق وقاموس الدقائق۔۔۔از شیخ محمد بن احمد تھانیسری (م ۶۸۴ھ)۔

۲۔ تفسیر ملتقط۔۔۔از سید محمد حسین گیسودراز (م ۸۲۸ھ)۔

۳۔ منبع عیون المعانی ومطلع شموس المثانی۔۔۔از شیخ مبارک بن خضر ناگوری (م ۱۰۰۱ھ)۔

## فقیہانہ رجحان

وہ تفسیری رجحان جس میں قرآن مجید کی ان آیات کی تفسیر کی گئی ہے جو فقہی احکام ومسائل پر مشتمل ہوں۔جس میں اہمیت استنباط احکام کو دی گئی ہوتی ہے تاکہ قرآن کا ضابطہ قانون پوری تفصیل سے سامنے آجائے۔اس کو تفسیر کا فقہی رجحان کہا جاتا ہے۔فقہی مذاہب کے باقاعدہ ظہور سے قبل فقہی تفسیر سادہ نوعیت کی تھی اور اس میں شخصی رجحان کا عمل دخل

نہیں تھا۔ڈاکٹر محمد حسین ذہبی لکھتے ہیں:

''فقہی تفسیر کے تاریخی مراحل کا جائزہ لینے سے واضح ہوجاتا ہے کہ نزول قرآن کی ابتداء سے لے کر فقہی مذاہب کے قیام تک یہ تفسیر ذاتی اغراض وخواہشات سے بعید رہی۔ پھر اس کے بعد فقہی مذاہب کے زیر اثر اس میں تنوع پیدا ہوگیا۔اور یہ مختلف انواع میں تقسیم ہوگئی۔ چنانچہ اہل سنت کی متنوع تفسیر ابتداً تعصب سے پاک تھی۔ بعد میں وہ بھی اس تعصب میں ملوث ہوتی چلی گئی۔اسی طرح ظاہر کی فقہی تفسیر صرف اس بات پر قائم ہے کہ قرآن مجید کے صرف ظاہری مفہوم پر اکتفاء کیا جائے اور کسی بھی صورت میں عدول نہ کیا جائے،خوارج اور شیعہ کی فقہی تفسیر خاص نوعیت کی ہے۔ان مذاہب وفرق میں سے ہرایک اس بات کی کوشش کرتا ہے کہ قرآنی آیات کی تاویل اس انداز میں کی جائے کہ وہ ان کے مخصوص نظریات کی مؤید نظر آئے یا کم ازکم ان کے نظریات کے خلاف نہ ہوں۔اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بعض لوگ آیات کی تاویل میں اس طرح کھینچا تانی سے کام لینے لگے جس سے قرآنی الفاظ اپنے معنی ومدلول سے دور نکل گئے (۴)۔

فقیہانہ رجحان کی نمائندہ تفاسیر درج ذیل ہیں:

۱۔ تفسیر احمدیہ۔۔۔ازملا جیون،ان کا نام احمد (م ۱۱۳۰ھ)

۲۔ تفسیر مظہری۔۔۔ازقاضی ثناءاللہ پانی پتی (م ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء)۔

۳۔ **نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام** ازنواب صدیق حسن (م ۱۳۰۷ھ/۱۸۹۰ء)۔

## محدثانہ رجحان

تفسیر کے اس رجحان سے مسلمانوں کو شروع سے خصوصی شغف تھا،کیونکہ رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک ہی درحقیقت قرآن کی شارح ہے قرآن کا جومفہوم آپ ﷺ سے منقول ہے اس کو بیان کرنا یا دوسرے لفظوں میں قرآن کی تفسیر احادیث مبارکہ کے ذریعے کرنا عرف عام میں تفسیر بالمأ ثور کہا جاتا ہے اور اس کو محدثانہ تفسیری رجحان کہا جائے گا۔

تفسیر بالمأ ثور کے رجحانات کی چند نمائندہ تفاسیر درج ذیل ہیں:

۱۔ فتح البیان ازنواب صدیق حسن خانؒ (م ۱۳۰۷ھ/۱۸۹۰ء)۔(عربی)

۲۔ ترجمان القرآن ازنواب صدیق حسن خان (م ۱۳۰۷ھ/۱۸۹۰ء)۔(اردو)

۳۔ مواہب الرحمٰن ازسید امیر علی ملیح آبادی (م ۱۳۳۷ھ/۱۹۱۹ء)۔

۴۔ احسن التفاسیر ازمولانا سید احمد حسن محدث دہلویؒ (۱۲۵۸ھ/۱۸۳۹ء)۔

زیر تحقیق تفسیر ''احسن التفاسیر'' برصغیر پاک وہند کے مذکورہ بالا تفسیری رجحانات میں سے محدثانہ رجحان کی ترجمان تفسیر ہے۔موجودہ مقالہ میں اسی تفسیر کے تفسیری منہج کے حوالہ سے ایک جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

## الف۔ تفسیر القرآن بالقرآن

تفسیر احسن التفاسیر میں مولانا سید احمد حسن محدثؒ نے جس رجحان کو اپنایا ہے اس کے مدنظر ان کی یہ تفسیر ''تفسیر بالماثور'' کے زمرے میں آتی ہے۔ ایسی تفاسیر کا پہلا ماخذ قرآن ہی ہوتا ہے۔ کیونکہ تفسیر القرآن بالقرآن تمام طرق سے بہتر اور علمیت کے اعلیٰ درجے پر فائز ہے۔ اس لیے یہ طریقہ کلام ربانی کی تفسیر کے لیے نہایت عمدہ اسلوب ہے۔ امام ابن تیمیہؒ عمدہ اور صحیح ترین تفسیر کے مختلف طریق کا ذکر کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

''**ان اصح الطرق فی ذلک ان یفسر القرآن بالقرآن فما اجمل فی مکان فانه قد فسر فی موضع آخر وما اختصر فی مکان فقد بسط فی موضع آخر** ''(۵)۔(تفسیر قرآن کا سب سے صحیح ترین طریقہ یہ ہے کہ قرآن کریم کی تفسیر، خود قرآن سے کی جائے کیونکہ قرآن کریم میں جس بات کا ایک جگہ اجمالاً تذکرہ ہے تو دوسری جگہ اس کی تفصیل بیان کردی گئی، اسی طرح اگر ایک بات کو کسی جگہ اختصار سے بیان کیا گیا ہے تو دوسری جگہ اس کی وضاحت کردی گئی ہے)۔

اسی نسبت سے الشیخ مناع القطان جہاں قرآن کی تفسیر کے طریقے بیان کرتے ہیں وہاں قرآن کریم کی تفسیر کا صحیح ترین طریقہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''صحیح طریقہ قرآن کی تفسیر کا یوں ہے کہ اول تو قرآن کی تفسیر خود قرآن سے کی جائے پھر حدیث صحیح سے اور پھر آثار صحابہؓ سے''(۶)۔

مولانا سید احمد حسن، تفسیر قرآن بالقرآن کے سلسلے میں جو اسلوب اپنایا ہے وہ کچھ یوں ہے:

### ا۔ مجمل کی وضاحت

مولانا سید احمد حسن نے اپنی تفسیر میں متعدد مواقع پر، سلف صالحین کی پیروی کرتے ہوئے مجمل آیات کی تفسیر کے لیے تفسیر القرآن بالقرآن کے طریقہ کو اختیار کیا ہے اور قرآن کے مجمل مقامات کی وضاحت کے لیے مفصل مقامات کا استعمال کیا ہے چند مقامات کا بطور مثال تذکرہ کیا جاتا ہے۔

فرمان الٰہی ﴿**وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِيْ إِسْرَائِيلَ لاَ تَعْبُدُونَ إِلاَّ اللّهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً وَذِيْ الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِيْنِ وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسْناً وَأَقِيْمُواْ الصَّلاَةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلاَّ قَلِيْلاً مِّنكُمْ وَأَنتُم مِّعْرِضُونَ**﴾(۷)۔

مولانا سید احمد حسن محدثؒ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر میں بنی اسرائیل سے جن باتوں کا جو عہد لیا تھا، ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ان میں سے ایک توحید کا مسئلہ تھا۔ اس مسئلہ کی وضاحت کے لیے سورۃ النحل کی آیت کو وضاحت کے لیے بطور دلیل پیش کیا ہے۔ لکھتے ہیں: ''ان مسئلوں میں پہلا مسئلہ توحید کا ہے کہ اللہ کو وحدہ لا شریک له جاننا اور اس کی

عبادت میں کسی کو شریک نہ کرنا، یہ حکم اللہ تعالیٰ نے ہر ایک رسول کی امت کو دیا ہے۔

چنانچہ سورہ النحل میں فرمایا ہے ﴿وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِیْ کُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولاً أَنِ اعْبُدُواْ اللّهَ وَاجْتَنِبُواْ الطَّاغُوتَ﴾(۸)۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ دنیا بھر کی تمام امتوں میں جو رسول اللہ تعالیٰ نے بھیجے ہیں ان کی امتوں کو یہی بات سمجھانے کو بھیجے ہیں کہ اللہ ہی کی خالص عبادت کریں اور شرک سے دور رہیں۔ سوا اللہ کے جس چیز کی پوجا کی جاوے اس کو عربی میں طاغوت کہتے ہیں''(۹)۔

## ۲۔ الفاظ کے متعدد معانی

قرآن کی بعض آیتوں کے کسی ایک لفظ کی کئی مرادیں ہوں تو اس لفظ کی تفسیر قرآن ہی کی دوسری آیتوں سے کی ہے:

ارشاد باری تعالیٰ ﴿وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُواْ لَوْلاَ أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ○ الَّذِينَ آمَنُواْ وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللّهِ أَلاَ بِذِكْرِ اللّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ﴾(۱۰)۔

اس آیت کی تفسیر میں لفظ ''ذکر'' کے مطالب یوں بیان کیے گئے ہیں:

''مفسروں نے ذکر اللہ سے قرآن مجید مراد لیا ہے کیونکہ اکثر جگہ خدا نے اپنے کلام میں ذکر کا لفظ ارشاد کیا ہے اور وہاں قرآن مجید سمجھا جاتا ہے جیسے: ﴿هٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ أَنْزَلْنَاهُ﴾(۱۱)۔

تو مطلب یہ ہوا کہ جو لوگ ایمان دار قرآن کو پڑھتے ہیں یا دوسروں کو پڑھتے ہوئے سنتے ہیں تو ان کے دل کو نہایت اطمینان ہوتا ہے کیونکہ جن باتوں پر آدمی کو پورا یقین ہوجاتا ہے تو ان باتوں سے اس کا اطمینان ہوجاتا ہے اس لیے جن لوگوں کو قرآن کے کلام الٰہی ہونے کا یقین نہیں قرآن کی باتوں سے ان کا اطمینان نہیں ہوسکتا۔

یہاں ایک یہ شبہ ہوتا ہے کہ سورۃ انفال کی آیت: ﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ﴾(۱۲) میں ہے کہ خدا کے ذکر کے وقت مومنوں کے دل بھر آتے ہیں اور ڈر جاتے ہیں یہ اس آیت کے خلاف ہے کیونکہ اس آیت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے وقت ایمانداروں کے دل میں اطمینان پیدا ہوجاتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ان دونوں آیتوں میں فرق معلوم کرلیا جائے۔ سورۃ انفال کی آیت میں خدا کے عذاب کی یاد اور ذکر مراد ہے اور یہاں اس کی رحمت اور جنت و انعام کے وعدے مراد ہیں اس لئے اس آیت میں خوف کا ذکر کیا گیا اور اس آیت میں نرمی اور اطمینان کا بیان کیا گیا''(۱۳)۔

## ۳۔ موضوع کے متعلق متعدد آیات کا ذکر

اگر کسی آیت کی تفسیر میں اسی موضوع کے متعلق متعدد آیات ہوں تو ان آیات کو جمع کر کے اس کی روشنی میں تفسیر

کرتے ہیں جیسے:

۱۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿ وَإِذْ نَادَى رَبُّكَ مُوسَى أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ o قَوْمَ فِرْعَوْنَ أَلَا يَتَّقُونَ o قَالَ رَبِّ إِنِّيْ أَخَافُ أَن يُكَذِّبُونِ o وَيَضِيقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنطَلِقُ لِسَانِيْ فَأَرْسِلْ إِلَى هَارُونَ ﴾(۱۴)۔اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں حضرت موسیٰ کا فرعون کے پاس جانے کے بارے میں جو عذر پیش کیا تھا اس واقعہ کی تفصیل بیان کرنے کے لئے مولانا سید احمد حسن محدثؒ نے کئی آیات بیان کی ہیں۔

لکھتے ہیں ''اللہ تعالیٰ آگاہ فرماتا ہے کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو فرعون اور اس کی قوم کی طرف جانے کا حکم دیا اور پکارا اس کو کوہ طور کے داہنے طرف سے اور کلام کیا اور اس کے ساتھ اور رسول بنایا اس کو اور چن لیا اس کو، اس کے حکم کی تعمیل کے لیے موسیٰ علیہ السلام نے جو عذر کیا وہ یہ تھا کہ میں ڈرتا ہوں اس سے کہ فرعونی لوگ مجھ کو جھٹلاویں اور مجھ کو غصہ آجاوے اور میں طاقت لسانی بھی نہیں رکھتا کیونکہ بوجہ لکنت کہ صاف بول نہیں سکتا اس لیے میرے ساتھ ہارون علیہ السلام کو بھی رسول بنایا جاوے علاوہ اس کے فرعون والوں کا مجھ پر یہ الزام ہے کہ میں نے ان کا ایک آدمی مارڈالا تھا اس واسطے مجھ کو ڈر ہے کہ کہیں وہ مجھے قتل کرڈالیں''۔

یہ عذر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پیش کیے اور ان عذروں کے دور کرنے کی اللہ تعالیٰ سے التجا کی جس کا ذکر سورۃ طٰہٰ میں ہے: ﴿قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِي o وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِي o وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِيْ o يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴾(۱۵) مطلب یہ ہے کہ یا اللہ میرے دل میں سخت باتوں کی برداشت پیدا کردی جاوے تاکہ میں نبوت کی خدمت کو بردباری سے ادا کرسکوں اور میری زبان میں جو تتلا پن ہے جاتا رہے تاکہ پیغام نبوت پورا ادا ہو۔

اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يَا مُوسَى ﴾(۱۶) جس کا مطلب یہ ہے کہ اے موسیٰ علیہ السلام تمہاری التجا قبول ہوگئی حضرت موسیٰؑ نے سینے کی کشادگی کا سوال اس واسطے کیا کہ غصہ نہ آئے اور زبان سے گرہ کا کھلنا اس واسطے چاہا کہ بچپن میں زبان جل گئی تھی اچھی طرح بات نہ کرسکتے تھے'(۱۷)۔

## ۴۔ ظاہری تعارض کی تطبیق

مولانا سید احمد حسن محدث نے آیات کے درمیان ظاہری تعارض ہو تو اسے قرآن کے ذریعے دور کرنے کی کوشش کی ہے جیسے ارشاد باری تعالیٰ ﴿لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّونَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴾(۱۸) کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''اس آیت کے دوسرے ٹکڑے میں اللہ تعالیٰ نے یہ جو فرمایا ہے کہ جو لوگ اوروں کے دل بہکاتے ہیں ان پر قیامت میں دوگنا عذاب ہوگا ان کے گناہوں کا جدا ہوگا اور بہکانے کا جدا ہوگا اس کی صراحت اس حدیث میں بھی ہے جو حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے آگے آتی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جس

شخص نے کوئی ہدایت کا کام لوگوں میں پھیلایا اس کی نیکی کا اجر خدا دیوے گا اور اس کی ہدایت کے سبب سے جتنے لوگ نیک راہ لگیں گے اور اگر اجر پاویں گے اسی قدر اجر اس کو خدا بھی اپنے پاس سے دیوے گا نیک راہ پر آنے والوں کا ثواب کچھ نہیں گھٹنے کا، یہی حال بدی کے پھیلانے والے شخص کی سزا کا ہے غرض اس حدیث میں صاحب وحی ﷺ نے جب آیت کے معنے کی صراحت فرمادی ہے تو اب یہ شبہ باقی نہ رہا کہ یہ آیت ''وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى'' (۱۹) کے مطلب کے ساتھ کیوں کر موافق ہے کس لئے کہ بدی پھیلانے والے نے دو کام کئے تھے ایک خود بدی کی دوسرے اوروں کو بدی کی راہ سے لگایا اس لئے اس کو دونوں طرح کے عملوں کی سزا ملی کسی دوسرے کا بوجھ اس پر نہیں ڈالا گیا اس لئے یہ آیت سورة والنجم کی آیت ﴿أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى﴾ (۲۰) کے مخالف نہیں ہے کیوں کہ اوپر کی حدیث میں صاف یہ آچکا ہے: کہ گناہوں پر بہکانے والوں کے گناہ جوں کے توں رہویں گے'' (۲۱)۔

## ۵۔ مختلف مثالیں

قرآن مجید میں مثالوں کے ذریعے لوگوں کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے تا کہ راہ راست پر آجائیں۔ صاحب تفسیر نے ان مثالوں کی تفسیر دوسرے مقامات سے کی ہے مثلاً:

۱۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْهُدَى وَأَوْرَثْنَا بَنِيْ إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ ٥ هُدًى وَذِكْرَى لِأُولِي الْأَلْبَابِ﴾ (۲۲)۔

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر میں حضرت موسیٰ اور ان کی قوم کی مثال بیان ہوئی ہے۔ اس کا مطلب واضح کرنے کے لیے قرآن مجید کی دوسری آیات کو پیش کیا ہے۔

''اس آیت میں رسولوں اور ایمان والوں کی مدد کرنے کا ذکر اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا اس مدد کی ایک مثال حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کی بیان فرمائی اور فرمایا کہ بیشک دی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ہدایت'' ھدیٰ'' سے مراد توریت اور نبوت ہے جس طرح اس آیت میں فرمایا: ﴿إِنَّا أَنزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَنُورٌ﴾ (۲۳) اس کا مطلب یہ ہے کہ بے شک اتارا ہم نے توراۃ کو اس میں ہدایت اور نور ہے اور وارث کیا ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب کا بعد اس ذلت اور خواری کے کہ جس میں وہ مبتلا تھے فرعون کے تمام شہروں اور مال و زمین کا ان کو وارث بنایا اس سبب سے کہ انہوں نے اللہ کی اور اس کی کتاب و رسول علیہ السلام کی تابعداری پر صبر کیا اور جس کتاب کے وہ وارث کیے گئے تھے۔ اس میں ان کے لیے ہدایت اور نصیحت تھی کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے عقل کامل عطا فرمائی ہے'' (۲۴)۔

## ۶۔ محذوفات

مولانا سید احمد حسنؒ نے ''احسن التفاسیر'' میں بعض جگہ پر محذوفات کا ذکر بھی کیا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے

فرمان: ﴿كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ وَأَنزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُواْ فِيهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُواْ لِمَا اخْتَلَفُواْ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ وَاللّٰهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ﴾ (۲۵) کی تفسیر میں رقمطراز ہیں:

''اس آیت میں اتنی بات محذوف ہے کہ جب سے لوگوں نے توحید چھوڑ کر بت پرستی اور آپس کا اختلاف شروع کیا ہے اس وقت سے اللہ تعالیٰ نے صاحب شریعت انبیاء کو بھیجنا شروع کیا چنانچہ سورہ یونس کی آیت ﴿وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُواْ وَلَوْلاَ كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ﴾ (۲۶) میں اللہ تعالیٰ نے اس محذوف کو ذکر کیا اس لئے حاکم نے اپنی مستدرک میں اسی مضمون کی حدیث کی روایت کی ہے اور صحیح کہا ہے اور عبداللہ بن مسعود کی قرأت بھی یہ ہے ﴿كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيِّينَ﴾ (۲۷)۔

کل نبی ایک لاکھ چوبیس ہزار ہیں جن میں تین سو تیرہ رسول ہیں۔ پانچ رسول حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ، محمد رسول اللہ ﷺ اولوا العزم کہلاتے ہیں اور صحائف کو ملا کر ایک سو چار کتابیں آسمان سے اتری ہیں'' (۲۸)۔

## ۷۔ مختلف قراءتیں

مولانا سید احمد حسن محدثؒ بعض آیات کی تفسیر میں مختلف قرأتوں کا ذکر کرتے ہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان:

﴿فَلَمَّا جَاءهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا لَوْلَا أُوتِيَ مِثْلَ مَا أُوتِيَ مُوسَى أَوَلَمْ يَكْفُرُوا بِمَا أُوتِيَ مُوسَى مِن قَبْلُ قَالُوا سِحْرَانِ تَظَاهَرَا وَقَالُوا إِنَّا بِكُلٍّ كَافِرُونَ﴾ (۲۹)۔

لکھتے ہیں: اس تفسیر کی صورت میں ﴿قَالُوا سِحْرَانِ تَظَاهَرَا﴾ کی قرأت پڑھی جاوے گی اور معنی آیت کے یہ ہوں گے کہ فرعون اور اس کی قوم نے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون کو کہا کہ دونوں جادوگر ایک دل ہو گئے ہیں اور ہم اون کے منکر ہیں اور دوسری قرأت سحران کی ہے جس کی روایت حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بھی ہے اس صورت میں آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ قریش نے توریت اور قرآن شریف دونوں کا جادو بتلایا آگے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اے رسول اللہ ﷺ ان مشرکوں سے کہو کہ تم لوگوں کو توریت اور قرآن شریف سے بہتر کوئی کتاب معلوم ہو تو پیش کرو آخری قرأت قرآن کے مضمون سے بہت مطابقت رکھتی ہے'' (۳۰)۔

یہ تھا مولانا سید احمد حسنؒ کا منہج تفسیر القرآن بالقرآن جس کو مع امثلہ بیان کر دیا گیا۔ آئندہ صفحات میں مولانا

سید احمد حسن محدثؒ کا منہج تفسیر القرآن بالحدیث پیش کیا جائے گا۔

## ب۔ تفسیر القرآن بالسنہ

قرآن کریم کے بعد تفسیر بالمأثور کا اہم ترین مصدر و ماخذ احادیث نبویہ ﷺ ہیں جیسا کہ امام ابن تیمیہؒ اس کے متعلق لکھتے ہیں: ''اگر اس میں تم کامیاب نہ ہو سکو (یعنی قرآن کریم کی تفسیر تمہیں قرآن میں نہ مل سکے) تو سنت رسول اللہ ﷺ کی طرف رجوع کرو جو قرآن کی شرح و تفسیر کرتی ہے'' (۳۱)۔

گویا قرآن کریم کی جو تفسیر خود اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے اس کے بعد تفسیر رسول کا درجہ ہے ارشاد ربانی ہے ﴿وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ﴾ (۳۲) (اور ہم نے یہ قرآن آپ ﷺ کی طرف نازل کیا ہے تا کہ لوگوں کے لیے آپ ﷺ ان مضامین کی وضاحت کریں جو آپ ﷺ کی طرف اتارے گئے ہیں)۔

اسی طرح دوسرے مقام پر ارشاد ہوتا ہے: ﴿وَمَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ﴾ (۳۳) (اور ہم نے یہ کتاب اسی لیے نازل کی ہے تا کہ آپ ﷺ ان کو وہ باتیں کھول کر بتا دیں جن میں وہ اختلاف کرتے تھے)۔

مذکورہ بالا آیات واضح طور پر دلالت کرتی ہیں کہ قرآن مجید کی تفسیر و تشریح کرنا آنحضور ﷺ کا اہم کام تھا۔ آپ جو کچھ بھی تفسیر فرماتے وہ من جانب اللہ ہوتی تھی اس پر وحی غیر متلوا (احادیث و سنن) کا اطلاق ہوتا ہے اسی لیے آپ ﷺ نے فرمایا: '' **الا انی اوتیت القرآن و مثله معه** '' (۳۴) (خبردار! بے شک مجھے قرآن دیا گیا ہے اور اس کی مثل اس کے ساتھ)۔

یہاں ''مثلہ معہ'' سے مراد ''حدیث و سنت'' ہے اور یہ بھی آپ ﷺ پر قرآن مجید کی طرح بذریعہ وحی نازل ہوتی تھی۔ ان دونوں وحی کے نزول میں فرق صرف اتنا تھا کہ ''قرآن کی تنزیل الفاظ کے ساتھ تھی اور سنت میں مطالب و مفاہیم اور معانی کی آپ ﷺ پر وحی ہوتی۔ جسے آپ ﷺ اپنے الفاظ یا اعمال سے ظاہر فرماتے (۳۵)۔

احادیث اور سنن رسول ﷺ میں جن کاموں کے کرنے اور جن کاموں کے نہ کرنے کا جو حکم ہے اس کی اصل کسی نہ کسی صورت میں قرآن مجید میں موجود ہے۔ چنانچہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں: '' **کل ما قال به رسول الله صلی الله علیه وسلم فهو مما فهمه من القرآن** '' (۳۶) (رسول اللہ ﷺ نے جو حکم بھی دیا ہے وہ قرآن ہی سے ماخوذ ہے)۔

مذکورہ بالا دلائل سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ حدیث حجت ہے اور قرآن کی تفسیر کا بنیادی ماخذ بھی ہے، مولانا

سید احمد حسن محدثؒ چونکہ حدیث میں درک رکھتے تھے اور نصوص سے واقف بھی تھے، اسی لیے انہوں نے قرآنی آیات کی تفسیر میں جابجا احادیث کا تذکرہ کیا ہے، لہذا تفسیر القرآن بالحدیث کے سلسلہ میں ان کے منہج کو پیش کیا جاتا ہے۔

### ۱۔ متعدد احادیث

مولانا سید احمد حسن محدث قرآن کی آیت کی تفسیر کے لیے مختلف احادیث پیش فرماتے ہیں تاکہ قرآن کے فرمان کا معنی ومفہوم بالکل واضح ہو جائے ایسے ہی اسلوب پر مبنی چند مقام تحریر کیے جاتے ہیں:

۱۔ آیت: ﴿لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ لاَ يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَإِذَا أَرَادَ اللّهُ بِقَوْمٍ سُوءاً فَلاَ مَرَدَّ لَهُ وَمَا لَهُم مِّن دُونِهِ مِن وَالٍ﴾ (۳۷) کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''صحیحین میں ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہر شخص کی حفاظت کے لئے رات اور دن کے الگ الگ فرشتے ہر انسان پر خدا کی طرف سے مقرر ہیں صبح کی نماز کے وقت دن کے فرشتے اور عصر کے وقت رات کے فرشتے آن کر چوکی بدلوا دیتے ہیں۔ معتبر سند سے تفسیر ابن ابی حاتم میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ حفاظت کے فرشتے ان سب صدموں اور آفتوں سے آدمی کی حفاظت کرتے ہیں جن صدموں اور آفتوں سے اس کی قسمت میں بچنا لکھا ہے اور جب تقدیری آفت آنے والی ہوتی ہے جس سے حفاظت کرنے کا کوئی حکم اللہ کا نہیں ہوتا تو ایسی حالت میں فرشتے حفاظت چھوڑ دیتے ہیں'' (۳۸)۔

### ۲۔ احادیث کے درمیان تطبیق

مولانا سید احمد حسنؒ محدث تفسیر القرآن بالحدیث، کے سلسلہ میں، قرآن کے حکم کی تفسیر کے لیے مختلف احادیث پیش فرماتے ہیں اگر ان احادیث کے درمیان تعارض ہو تو تطبیق بھی فرماتے ہیں:

آیت: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاةِ فاغْسِلُواْ وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُواْ بِرُؤُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَينِ﴾ (۳۹) کے ضمن میں کئی احادیث پیش کی ہیں۔ ان میں سے ایک حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے اس کے متعلق لکھتے ہیں: ''چنانچہ ابو ہریرہؓ کی اسی حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے مونڈھوں تک ہاتھ دھو کر یہ فرمایا کہ قیامت کے دن وضوء کے اعضاء میں اللہ تعالی کی قدرت سے ایک چمک پیدا ہو جائے گی اس لئے جس سے ہو سکے وہ اپنی اس چمک کو بڑھائے۔ بعض علماء نے ابو ہریرہ ہب کے اس فعل پر اعتراض کیا ہے کہ ابو ہریرہؓ کا یہ فعل عمرو بن شعیبؒ کی اس حدیث کے مخالف ہے جو مسند امام احمد، نسائی، ابوداؤد وغیرہ میں ہے۔ جس میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص وضوء کی حد سے بڑھا اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا۔ اس کا جواب اور علماء نے یہ دیا ہے کہ عمرو بن شعیبؒ کی

اس حدیث میں وضوء کو تین دفعہ دھونے کی حد کا ذکر ہے اس لئے اس حدیث کے معنی یہ ہیں کہ جو شخص اس تین دفعہ کی حد سے بڑھا اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا کہ وہ اسراف میں پکڑا جائے گا۔ غرض ابو ہریرہ کی حدیث میں اور عمرو بن شعیبؒ کی حدیث میں کچھ مخالفت نہیں ہے۔ ابو ہریرہؓ کی حدیث پر ایک یہ اعتراض تب ہے کہ ابو ہریرہؓ اپنے اس فعل میں تن تنہا ہیں کسی اور صحابی سے یہ فعل پایا نہیں جاتا۔ یہ اعتراض بھی صحیح نہیں ہے کیونکہ مصنف ابن ابی شیبہ وغیرہ کی صحیح روایتوں میں یہ فعل حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا بھی موجود ہے (۴۰)''۔

## ۳۔ احادیث پر صحت و ضعف کا حکم

مولانا سید احمد حسن محدثؒ، تفسیر القرآن بالحدیث کے سلسلے میں، موضوع سے متعلقہ مختلف روایات کی صحت و ضعف کا حکم بھی واضح کر دیتے ہیں، بعض اوقات کسی حدیث کی قسم کی تعریف بھی کرتے ہیں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿إِنَّ اللَّهَ لاَ يَسْتَحْيِى أَن يَضْرِبَ مَثَلاً مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُواْ فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ وَأَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُواْ فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَذَا مَثَلاً يُضِلُّ بِهِ كَثِيْراً وَيَهْدِى بِهِ كَثِيْراً وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلاَّ الْفَاسِقِيْنَ﴾ (۴۱) کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''اس مدنی سورت میں منافقین اور ان کے ساتھی یہود کے ذکر کے بعد پھر اللہ تعالیٰ نے دو مثالیں بیان فرمائیں تھیں۔ ایک جنگل اور اندھیرے میں آگ سلگانے کی دوسری کڑک اور بجلی کی۔ اور اس سورت سے پہلے مکہ میں جو قرآن کا حصہ نازل ہوا تھا اس میں مکھی مکڑی اور مکڑی کے گھر کی مثالیں تھیں۔ قرآن شریف کے منکر لوگ اس پر طعن کرتے تھے کہ جس کلام میں ایسی حقیر چیزوں کا ذکر ہو وہ کلام الٰہی کیونکہ ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ان کا جواب دیا ہے کہ مخلوق ہونے میں حقیر اور صاحب شان چیزیں سب برابر ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوقات میں سے جس چیز کی چاہے مثال بیان کرے اس پر طعن ناسمجھی ہے۔

ترمذی میں سہل بن سعدؓ سے روایت ہے جس کا اصل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ساری دنیا کی قدر اللہ کے نزدیک اگر ایک مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی کا دنیا میں نہ ملتا۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح غریب کہا ہے اس غریب طریق کو بھی قوت ہو جاتی ہے۔ محدثین کے نزدیک غریب حدیث وہ ہے جس کو کسی ثقہ سے ایک منفرد شخص روایت کرے'' (۴۲)۔

## ج۔ تفسیر القرآن بالرائے

مولانا سید احمد حسنؒ نے احسن التفاسیر میں اپنی رائے سے کوئی تفسیر نہیں کی ہے البتہ بعض مواقع پر حوالہ کے بغیر آیت کی تفسیر کی ہے، جو کہ مختلف آیات اور مستند روایات کا خلاصہ ہے۔ مثلاً:

۱) اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿بِئْسَمَا اشْتَرَوْاْ بِهِ أَنفُسَهُمْ أَن يَكْفُرُواْ بِمَا أنَزَلَ اللّهُ بَغْياً أَن يُنَزِّلُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ عَلَى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ فَبَآؤُواْ بِغَضَبٍ عَلَى غَضَبٍ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ﴾ (۴۳)۔

اس آیت میں ﴿فَبَآؤُواْ بِغَضَبٍ عَلَى غَضَبٍ﴾ کی تفسیر میں لکھا ہے:

''اللہ تعالیٰ کا غصہ پر غصہ اس لیے ہوا کہ ایک تو ان یہود لوگوں نے اللہ کی کتاب تورات کی آیتوں کو بدل ڈالا۔ دوسرے انجیل کے کتاب الٰہی اور حضرت عیسیٰ کے نبی ہونے کا انکار کیا۔ تیسرے نبی آخر الزمان کو نبی برحق اور قرآن کو کتاب الٰہی جان کر محض اس حسد سے ان کے منکر ہوئے کہ ہماری قوم میں مدت سے نبوت چلی آتی تھی، غیر قوم بنی اسمٰعیل میں یہ نبوت کیوں گئی؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان باتوں سے انہوں نے اور کسی کا کچھ نہیں بگاڑا۔ خود آپ ہی ذلت کے عذاب میں گرفتار ہوئے۔ ذلت کا عذاب اس لیے فرمایا کہ یہود نے اس تکبر، نخوت اور خود پسندی کے سبب سے نبی آخر الزمان کی نبوت کا انکار کیا کہ وہ نخوت کی راہ سے اپنے آپ کو اپنی قوم کو بنی اسمٰعیل سے عالی درجہ سمجھتے تھے۔ ان کے اس تکبر نے اجازت نہیں دی کہ وہ غیر قوم کے نبی کی فرمانبرداری کریں اور یہ بات علم الٰہی میں قرار پا چکی ہے کہ قیامت کے دن ہر صاحب نخوت آدمی کو اس طرح کا عذاب ہوگا جس میں اس کی ذلت ہو۔

چنانچہ مسند امام احمد نسائی اور ترمذی میں معتبر سند سے جو روایتیں ہیں ان کا حاصل یہ ہے کہ قیامت کے دن متکبر لوگ چیونٹیوں کے جسم کے برابر آدمی کی صورت میں اٹھیں گے اور تمام مخلوقات کی روندن میں آئیں گے تاکہ سب مخلوقات میں ان کی ذلت ہو'' (۴۴)۔

## د۔ تفسیر القرآن باقوال صحابہ وتابعین

### ا۔ اقوال صحابہؓ کے اخذ وترجیح کا معیار

اس سے قبل کہ ہم مولانا سید احمد حسنؒ محدث کے اس منہج تفسیر کو بیان کریں، تفسیر صحابہ کی اہمیت کا مختصر تذکرہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔

### تفسیر صحابہؓ کی اہمیت

تفسیر صحابہؓ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جو صحابی نزول وحی کے وقت موجود ہو اس کی تفسیر حدیث مرفوع کی حیثیت کا درجہ رکھتی ہے۔ امام بخاری اور امام مسلم کا نقطہ نظر بھی یہی ہے۔ امام حاکم لکھتے ہیں:

''حدیث کا طالب علم آگاہ رہے کہ جو صحابی نزول وحی کے وقت موجود ہو اس کی تفسیر شیخین (امام بخاری و مسلم)

کے نزدیک حدیث مرفوع کا درجہ رکھتی ہے''(۴۵)۔

مزید برآں صحابہ کرامؓ کی اس جماعت نے پہلے اپنی زندگیوں کو پیغمبر خدا کے مطابق ڈھالا ان سے قرآن سیکھا۔ یہ لوگ اسباب نزول کے ماہر، ناسخ ومنسوخ کے عالم اور منشائے الٰہی کے رمز شناس تھے۔ گو عرب ہونے کے ناطے صحابہؓ کو قرآن پاک عمومی معنی متعین کرنے میں دقت پیش نہیں آتی تھی۔ لیکن قرآن کی ایک خاص اصطلاحی زبان بھی تو ہے جس میں صوم، زکوٰۃ، حج، جہاد، اخلاق، بروتقویٰ، اثم وعدوان، معروف ومنکر، نکاح وطلاق کی اصطلاحات بھی ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے ان اصطلاحات اور رموز کی تفہیم بالمشافہ حضور اکرم ﷺ سے حاصل کی اور آگے امت کو منتقل کیا(۴۶)۔

صحابہ کرامؓ قرآن کی وہی تفسیر بیان کرتے، جو بالواسطہ یا بلا واسطہ رسول اکرم ﷺ سے سنتے یا جس آیت کا سبب نزول انہوں نے خود ملاحظہ کیا ہوتا، یا جو چیز بطریق اجتہاد واستنباط ان پر منکشف ہوتی۔

الغرض صحابہ کرام کی تفسیر، نبی کریم ﷺ کی تفسیر سے انتہائی زیادہ قریب اور انتہائی قابل اعتماد ہے، کیونکہ انہوں نے براہ راست نبی کریم ﷺ سے قرآن سیکھا اور وہ تمام قرائن واحوال بھی ان کے سامنے تھے جن میں قرآن نازل ہو رہا تھا، چند صحابہ تو تفسیر القرآن میں خاص مہارت کے حامل تھے جن میں خلفائے اربعہ، ابن عباس، ابن مسعود اور ابی بن کعب رضوان اللہ علیہم اجمعین وغیرہ شامل ہیں(۴۷)۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان: ﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُواْ رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ○الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الأَرْضَ فِرَاشاً وَالسَّمَاء بِنَاء وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقاً لَّكُمْ فَلاَ تَجْعَلُواْ لِلّهِ أَندَاداً وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ﴾ (۴۸) کی تفسیر میں صحابہؓ کے ساتھ سلف کا بھی ذکر کیا ہے:

''حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ اور سلف نے فرمایا ہے کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مکہ کے بت پرستوں منافقوں اور اہل کتاب سب کو ملا کر خالص عبادت الٰہی کی اور جس خالص توحید الٰہی کی ترغیب نبی آخر الزمان دلاتے تھے اس کے اتباع کی تاکید ان سب کو فرمائی ہے ﴿وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ﴾ سے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ یہ لوگ ذرا غور کریں تو ان کو خود معلوم ہو جاوے گا کہ انسان اور اس کی راحت کا سامان سب کچھ جب خدا تعالیٰ کا پیدا کیا ہوا ہے تو خالص اس کی بندگی انسان کو لازم ہے''(۴۹)۔

### اختلاف صحابہؓ

اگر کسی آیت کی تفسیر میں صحابہ کا اختلاف ہو تو راجح بات ذکر کرتے ہیں:

مولانا سید احمد حسن محدثؒ تفسیر احسن التفاسیر میں صحابہ اور تابعی کے اختلاف کو بیان کرنے کے بعد راجح قول اور اس کی تائید کے لیے حدیث پیش کرتے ہیں: جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمان: ﴿الذین آمنوا ... وحسن

مــآب ﴾(۵۰) کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''طوبیٰ کی تفسیر میں مفسروں کا اختلاف ہے۔حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ رحمت اور آنکھوں میں ٹھنڈک۔قتادہؒ کے نزدیک یہ معنی ہیں کہ آخرت میں ان کو بہتری ہوگی۔مگر راجح قول ''طوبیٰ'' کی تفسیر یہ ہے کہ طوبیٰ جنت میں ایک درخت ہے، معتبر سند سے مسند امام احمد تفسیر ابن ابی حاتم بیہقی وغیرہ میں عتبہ بن عبد سے ایک حدیث ہے کہ ایک اعرابی نے حضرت محمد ﷺ سے آکر پوچھا کہ کیا جنت میں میوے ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں جنت میں ایک درخت ہے جس کا نام طوبیٰ ہے اس کے انگور کے گوشے بڑے بڑے ہیں''(۵۱)۔

## ۲۔ اقوال تابعین سے استشہاد

مولانا سید احمد حسنؒ نے تفسیر القرآن میں اقوال تابعین کا اہتمام کیا ہے اور ان سے استشہاد کا اسلوب اختیار کیا ہے، قرآنی آیات کی تشریح وتوضیح میں مولانا سید احمد حسنؒ تابعین کے اقوال پر اعتماد کرتے ہیں۔

''احسن التفاسیر'' کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

''چوتھا درجہ تفسیر کا یہ ہے کہ تابعین کے قول سے قرآن کی تفسیر کی جائے کیونکہ تفسیر کے باب میں یہ جو کچھ کہتے ہیں صحابہ سے سن کر کہتے ہیں۔اگر چہ ایک روایت میں امام احمدؒ نے اور اس طرح بعض اور علماء نے تابعیوں کے قول کو تفسیر ٹھہرانے میں اختلاف کیا ہے۔

لیکن جمہور تبع تابعیوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تفسیر کے باب میں مفسر تابعی جو کچھ کہتے ہیں وہ صحابہ سے سن کر کہتے ہیں کیونکہ جس طرح صحابہ کو یہ بات معلوم ہوتی تھی کہ قرآن شریف کی تفسیر میں اپنی طرف سے عقلی طور پر کچھ کہنا دوزخ میں اپنا ٹھکانا بنانا ہے، اس طرح یہ بات تابعیوں کو بھی معلوم تھی پھر تابعیوں کی نسبت بھی یہ گمان جائز نہیں ہے کہ بغیر صحابہ سے سننے کے وہ کسی آیات کا مطلب اپنی طرف سے عقلی طور پر بیان کریں گے(۵۲)۔

مولانا سید احمد حسنؒ نے اقوال تابعین سے استشہاد کے سلسلہ میں جو اسلوب اختیار کیا ہے اس کی مثالیں یہ ہیں:

ارشاد باری تعالیٰ: ﴿عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ ۝ عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ﴾ (۵۳) کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''اگر چہ مجاہد کا قول یہ ہے کہ بڑی خبر سے مراد قرآن شریف ہے لیکن قتادہ اور اکثر سلف کا قول یہ ہے کہ بڑی خبر سے مراد حشر اور قیامت ہے۔آگے کی آیتوں میں خود اللہ تعالیٰ نے بھی قیامت کا ہی ذکر فرمایا ہے۔اس لیے یہی قول قرآن شریف کے مطلب کے موافق معلوم ہوتا ہے''(۵۴)۔

## ۳۔ لغوی مسائل پر نظر

قرآن پاک چونکہ عربی زبان میں نازل ہوا اس لئے، اس کا صحیح فہم حاصل کرنے کے لیے عربی لغت کا علم بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔مولانا سید احمد حسنؒ نے احسن التفاسیر میں زیادہ تفسیر قرآن وحدیث اقوال صحابہ وتابعین سے کی

ہے۔آپ نے نحوی مسائل اور ان کے اختلافات سے گریز کیا ہے کیونکہ آپ کا تفسیر میں منہج تفسیر بالماثور تھا۔لغت عرب سے حسب ضرورت تعریف اور صحیح معنی ومفہوم کی حد استفادہ کیا ہے۔ چند مثالیں یہ ہیں:

اللہ تعالیٰ کا فرمان: ﴿الَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُونَ الصَّلاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ٥ والَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْکَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِکَ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُون﴾ (۵۵) کی تفسیر میں ایمان اور غیب کے معانی اور مطالب بیان کیے ہیں:

**ایمان:** ''ایمان کا لفظ قرآن شریف میں جہاں اعمال کے لفظ کے ساتھ آیا ہے وہاں اس کے معنی دلی یقین کے ہیں اور جہاں بغیر لفظ اعمال کے آیا ہے وہاں اکثر سلف کے نزدیک اس سے اعتقاد قلبی اور قول زبانی اور عمل مراد ہے۔

**غیب:** عذاب قبر، حشر، پل صراط، جنت ودوزخ یہ سب غیب کے معنوں میں ہیں (۵۶)۔

**کفر:** اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿خَتَمَ اللّهُ عَلَى قُلُوبِهمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ عظِيْمٌ ٥ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللّهِ وَبِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِيْنَ﴾ (۵۷) کی تفسیر میں کفر کی اقسام بیان کی ہیں:

''علماء نے کفر کی چار قسمیں بیان کی ہیں'':

ایک کفر جیسا فرعون کا کفر تھا کہ وہ اللہ کی ذات کا ہی دل وزبان دونوں سے منکر تھا۔

دوسرا کفر اللہ تعالیٰ کو دل سے ماننا زبان سے اقرار نہ کرنا جیسے ابلیس کا کفر۔

تیسرا دل وزبان دونوں سے خدا کو ماننا لیکن اس کا حکم نہ ماننا جیسے ابوطالب اور اہل کتاب کا کفر۔

چوتھا کفر منافقوں کا کہ زبان سے سب کچھ کہنا اور دل میں کچھ نہ ہونا (۵۸)۔

**نفاق:** اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللّهِ وَبِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِيْنَ﴾ (۵۹) کی تفسیر میں نفاق کی اقسام بیان کی ہیں:

نفاق دو طرح کا ہے: ایک تو اعتقادی جیسے اسلام کے زور کے وقت ان لوگوں میں تھا۔

دوسرا عملی، صحیح حدیثوں میں اس کی نشانیاں جھوٹ بولنا، خیانت، وعدہ خلافی، گالیاں بکنا، عہد شکنی آئی ہیں (۶۰)۔

**منافق:** منافق وہ ہے جو زبان سے اچھی بات کہے اور دل میں اس کے بدی ہو (۶۱)۔

## ص۔ تفسیر کا ادبی پہلو

مولانا سید احمد حسنؒ محدث نے تفسیر میں حسب ضرورت ادب کا بھی خیال رکھا ہے۔ان میں سے ربط آیات اور عربی محاورے نمایاں ہیں۔

### ا۔ ربط آیات

ربط آیات کے بارے میں مولانا سید احمد حسن محدثؒ تفسیر کے مقدمہ میں خود رقم طراز ہیں کہ کا موقف انہوں نے خود مقدمہ میں بیان کیا ہے لکھتے ہیں''ایک مضمون کی چند آیتیں ہیں وہاں تو اگلی،پچھلی آیتوں میں بلا تکلف ربط پیدا ہوسکتا ہے اور جہاں اوپر کی آیتوں کا مضمون جدا ہے اور نیچے کی آیتوں کا جدا،ایسے موقع پر حافظ ابوجعفر ابن جریر اور حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیروں میں اوپر نیچے کے عقلی ربط کا ذکر چھوڑ دیا ہے۔اس اردو تفسیر کی بنیاد ان ہی نقلی معتبر تفسیروں پر رکھی گئی ہے۔اس لیے اس میں بھی آیتوں کے عقلی ربط کے پیدا کرنے کا طریقہ اختیار نہیں کیا گیا بلکہ قرآن شریف کے اوپر نیچے کے مضمون کی مدد سے جو ربط دو آیتوں کا ان معتبر تفسیروں میں تھا۔وہی بیان کر دیا گیا ہے۔تا کہ عقلی ربط کے بیان کرنے سے تفسیر کی بنیاد ضعیف نہ ہو جائے (۶۲)۔

ا۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان:﴿ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللّهِ وَبِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ○يُخَادِعُونَ اللّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَمَا يَخْدَعُونَ إِلاَّ أَنفُسَهُم وَمَا يَشْعُرُونَ ○فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّهُ مَرَضاً وَلَهُم عَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ﴾(۶۳)۔

تفسیر میں صاحب تفسیر نے سورہ کے آغاز سے یہاں تک کے قرآنی مضامین کو مربوط انداز میں بیان کیا ہے:
لکھتے ہیں:''شروع سورہ سے یہاں تک چار آیتوں میں خالص مومنوں کا ذکر تھا۔اور پھر دو آیتوں میں خالص کافروں کا اب ان تیرہ آیتوں میں منافقوں کا ذکر ہے۔منافق وہ ہے جو زبان سے اچھی بات کہے اور دل میں اس کے بدی ہو۔منافقوں کا ذکر قرآن شریف میں رسول اللہ ﷺ کے مدینہ منورہ میں آنے کے بعد شروع ہوا ہے۔ہجرت سے پہلے جس قدر حصہ قرآن شریف کا مکہ میں اترا ہے اس میں منافقوں کا ذکر اس واسطے نہیں ہے کہ مکہ میں یا کھلم کھلا مسلمان تھے یا کافر منافق لوگ وہاں نہیں تھے کیونکہ مکہ میں کفار کا غلبہ تھا جس کے سبب سے رسول اللہ ﷺ کو مکہ سے ہجرت کا حکم ہوا''(۶۴)۔

### ۲۔ عربی محاورہ

مولانا سید احمد حسن محدثؒ نے آیات کی تفسیر میں موقع کی مناسبت سے عربی محاورہ بھی بیان کیا ہے۔مثلاً سورہ

ھود کی آیت ۶۵ کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ﴿أخَذَ بِنَا صِيَتِهَا﴾: عرب کا ایک محاورہ ہے جو فرمانبرداری کے معنی میں بولا جاتا ہے۔

## نتائج

☆ یہ تفسیر ''تفسیر بالماثور'' کی نمائندہ تفسیر ہے

☆ اس تفسیر کے مطالعے سے قرآن مجید کے فہم میں بہت مدد ملتی ہے۔

☆ اس تفسیر کے مطالعہ سے فہم حدیث میں مدد ملتی ہے۔

☆ بہت سے مشکل مقامات کی وضاحت ہو جاتی ہے۔

☆ کئی موضوعات سے متعلق قرآن مجید کے مختلف مقامات کی آیات کو اکٹھا کر دیا جاتا ہے۔ان کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

☆ بعض آیات کے ظاہری تعارض کو دور کیا گیا ہے۔اس سے مبہم مقامات کی تشریح ہو جاتی ہے۔

☆ محذوفات کے متعلق مولانا صاحب نے نہایت خوبصورت انداز اختیار فرمایا ہے۔

☆ تفسیر بالرائے سے اجتناب کیا گیا ہے۔

☆ اس تفسیر کے مطالعہ سے بہت سے لغت کے مسائل کی معلومات بھی حاصل ہوتی ہے

☆ مختصر طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس تفسیر کا مطالعہ ہر لحاظ سے مفید ہے۔

## حواشی وحوالہ جات

۱۔ ذہبی، ڈاکٹر محمد حسین، التفسیر والمفسر ون (قاہرہ، دارالکتب الحدیثہ )۱/۳۳۶۔

۲۔ مناع القطان، مباحث فی علوم القرآن (المکہ المکرّمہ، مکتبہ المعارف للنشر والتوزیع) ص:۳۴۰۔۳۴۳۔

۳۔ حریری، غلام احمد، پروفیسر، تاریخ تفسیر ومفسرون (فیصل آباد، ملک سنز ناشران وتاجران کتب ۲۰۰۴ء) ص:۵۲۹۔

۴۔ ذہبی، التفسیر والمفسر ون، (القاہرہ، دارالکتب الحدیثہ )۱/۴۱۷۔

۵۔ ابن تیمیہ، امام، مقدمہ فی اصول التفسیر (دمشق) ۴۲۔

۶۔ مناع القطان، مباحث فی علوم القرآن (الریاض، مکتبہ المعارف للنشر والتوزیع) ص:۳۴۰۔

۷۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۸۳۔

۸۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۳۶۔

۹۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر (لاہور، المکتبہ السّلفیہ)۱/۱۰۰۔

۱۰۔ سورۃ الرعد، ۱۳: ۲۷،۲۸۔

۱۱۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۳/۲۳۔

۱۲۔ سورۃ الانفال، ۸: ۲۔

۱۳۔ دہلوی، سید احمد حسن، احسن التفاسیر، ۲/۳۴۹۔

۱۴۔ سورۃ الشعراء، ۲۶: ۱۰۔۱۳۔

۱۵۔ سورۃ طٰہٰ، ۲۰ : ۲۵۔۲۸۔

۱۶۔ سورۃ الشعراء، ۲۰: ۳۶۔

۱۷۔ دہلوی، سید احمد حسن، احسن التفاسیر، ۴/۱۶۷۔۱۶۸۔

۱۸۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۲۵۔

۱۹۔ سورۃ الانعام، ۶: ۱۶۴۔

۲۰۔ سورۃ النجم، ۵۳: ۳۸۔

۲۱۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۳/۳۲۱۔

۲۲۔ سورۃ غافر، ۴۰: ۵۳۔۵۴۔

۲۳۔ سورۃ المائدۃ، ۵: ۴۴۔

۲۴۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۶/۱۱۰۔

۲۵۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۱۳۔

۲۶۔ سورۃ یونس، ۱۰: ۱۹۔

۲۷۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۱۳۔

۲۸۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۱۶۶۔
۲۹۔ قرآن مجید (۴۸): ۴۸۔
۳۰۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۵/۹۴۔
۳۱۔ ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ۴۲۔
۳۲۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۴۴۔
۳۳۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۶۴۔
۳۴۔ ابوداؤد، السنن (الریاض، دارالسلام ۱۹۹۹ء) ص: ۶۵۱، حدیث نمبر ۴۶۰۴۔
۳۵۔ عظیم آبادی، شمس الحق، عون المعبود (ملتان، نشر السنہ) ۳۲۸/۴۔
۳۶۔ شافعی، محمد بن ادریس، الرسالہ (مصر، مصطفیٰ البابی الحلبی واولادہ) ص: ۹۲۔
۳۷۔ سورۃ الرعد، ۱۳: ۱۱۔
۳۸۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۳/۲۱۸۔۲۱۹۔
۳۹۔ سورۃ المائدۃ، ۵: ۶۔
۴۰۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۲/۳۲۔۳۳۔
۴۱۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۶۔
۴۲۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۷۔
۴۳۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۹۰۔
۴۴۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۱۰۴۔۱۰۵۔
۴۵۔ حاکم، ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ، معرفہ علوم الحدیث، (بیروت، داراحیاء العلوم ۱۹۹۷ء) ص: ۶۱۔
۴۶۔ ابن الصلاح، المقدمہ (ملتان، فاروقی کتب خانہ) ص: ۱۴۶۔
۴۷۔ سیوطی، جلال الدین، تدریب الراوی، (المدینۃ المنورۃ، المکتبہ العلمیہ، ۱۹۵۹ء) ص: ۴۰۴۔۴۰۵۔
۴۸۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۱۔۲۲۔
۴۹۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۵۔
۵۰۔ سورۃ العنکبوت، ۲۹: ۲۔۱۳۔
۵۱۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۳/۲۳۲۔
۵۲۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۳۲۔
۵۳۔ سورۃ النبأ، ۷۸: ۱۔۲۔
۵۴۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۷/۲۵۱۔
۵۵۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۳۔۴۔
۵۶۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۱۔

۵۷۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۷،۸۔

۵۸۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۱۔

۵۹۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۸۔

۶۰۔ دہلوی، احمد حسن، احسن التفاسیر، ۱/۷۴۔

۶۱۔ ایضاً، ۱/۷۲۔

۶۲۔ ایضاً، ۱/مقدمہ۔

۶۳۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۸۔۱۰۔

۶۴۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۲۔۷۳۔

۶۵۔ ایضاً، ۳/۱۰۸۔

# تفسیر ''احسن التفاسیر'' کا منہج اور ممیّزات وخصائص (تحقیق وتجزیہ)

# Tafsir "Ahsan ut Tafasir", Its Methodology & Characteristics (Research & Analysis)

ڈاکٹر میمونہ تبسم☆

## *Abstract*

The Tafsiri literature of subcontinent varies in respect of its quality and quantity. It has a wide deep range. Many scholars have contributed to this field. In this literature, three trends are dominant; these tafsiri trends demonstrate specific impressions of the individual a Mutassir. As such we have mystical interpretation, jurisprudential and scientific interpretation and theological interpretation. All reflecting the mind of their mufassirun.

In the mystical writings, the writers narrate the hidden meanings of the Qur'an which are difficult for a common man to understand. In jurisprudential Tafsir, the Islamic laws and the related affairs are discussed and explained. Moreover, different sects in Islam are interpret Qura'an according to their school of thought.

In theological interpretations, the words of Qur'an are explained in the context of the Qur'an itself or the sayings of The Holy Prophet(PBUH). This type of interpretation is called "Tafsir Bilmasur".

Maulana Sayyed Ahmad Hasan Mahaddis Dehlavi,s Tafseer-e-Qur'an "Ahsan-ul-Tafaseer" is representative of Tafseer Bilmasur.

His Tafseer enjoys very prominent place among the Tafseeri literature of sub-continent. To explain and interpret the "aspects" of the Holy Qur'an, Maulana has heavily relied upon and benifitted greatly from The Qur'an, saying of The Holy Prophet, his companions (Sahaba kiram) and Tabeen and ancient Arabic language.

In this research article, the salient features of "Ahsan-ul-Tafaseer" are discussed.

پاک و ہند کا تفسیری ادب اپنی کمیت و کیفیت کے اعتبار سے بہت متنوع اور وسیع ہے۔ جس میں مختلف جہات میں یہاں کے علماء کرام کی عرق ریزی کا نتیجہ سامنے آتا ہے کہ کس طرح انہوں نے قرآنی علوم کے بحر زخار سے علمی در نایاب کو چن کر اس کتاب عظیم کی خدمت کی ہے۔ برصغیر کے تراجم وتفاسیر مختلف رجحان اپنے اندر سموئے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان میں سے تین طرح کے رجحانات غالب ہیں۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج برائے خواتین یونیورسٹی لاہور، لاہور، پاکستان۔

## متصوفانہ رجحان

یہ تفسیر اشاری یا فیضی یا رمزی رجحان سے ملقب ہے۔اس کے حاملین کے بعض اہل علم کا شمار اہل بصیرت میں ہوتا ہے اور یہ ایسے مخفی اشارات اور مدلولات کو اپنے دامن میں لئے ہوتی ہے جو صرف ان حضرات کے اذہان میں جلوہ گر ہوتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن عظیم کے اسرار کا ادراک دیا۔بعض علماء اسے کمال معرفت وعرفان کہتے ہیں۔یعنی ایسے مخفی اشارات،جن کے عارف صرف اہل تصوف وسلوک ہی ہوتے ہیں۔اس بنیاد پر قرآن مجید کی تفسیر بیان کرنا جو اس کے ظاہری مفہوم کے خلاف ہو مگر ظاہری و باطنی مفہوم میں تطبیق یعنی موافقت ممکن ہو(۱)۔اگر اس قسم کی تاویلات میں خواہشات نفس کو دخل نہ ہو تو بعض شرائط کے تحت علماء اس کے جواز کے قائل ہیں:

۱۔ یہ تاویل معنی ظاہری کے جو اسلوب قرآن کے مطابق ہیں معارض ومنافی نہ ہوں

۲۔ یہ دعویٰ نہ کیا جائے کہ صرف یہی معنی صحیح ہیں ظاہری معنی کی حیثیت واعتبار نہیں۔

۳۔ تاویل ایسی سخت نہ ہو جس کے الفاظ قرآنی متحمل نہ ہوں۔

۴۔ شرعی یا عقلی تعارض نہ ہو(۲)۔

لیکن اس رجحان کا ایک منفی پہلو یہ ہے کہ چونکہ ارباب تصوف اس بات کے قائل رہے ہیں کہ ان کے نظریات ومعتقدات عوام میں مقبول ہوں۔اس لئے وہ مقدور بھر اس بات کے لیے کوشاں رہے کہ قرآن سے ان کے افکار طریقت کا اثبات ہو جو بظاہر شریعت سے مطابقت نہیں رکھتے۔چنانچہ وہ قرآنی آیات کو بتکلف وہ معنی پہنانے کی سعی کرتے ہیں جو خلاف ظاہر اور عربی لغت کے منافی ہو۔اس تفسیری رجحان کا مؤسس وبانی شیخ اکبر محی الدین ابن عربی (م ۶۳۸ھ) کو گردانا جاتا ہے(۳)۔

تصوفانہ رجحان کی حامل پاک وہند کی نمائندہ تفاسیر درج ذیل ہیں:

۱۔ کاشف الحقائق وقاموس الدقائق۔۔۔از شیخ محمد بن احمد تھانیسری (م ۶۸۴ھ)۔

۲۔ تفسیر ملتقط۔۔۔از سید محمد حسین گیسودراز (م ۸۲۸ھ)۔

۳۔ منبع عیون المعانی ومطلع شموس المثانی۔۔۔از شیخ مبارک بن خضر ناگوری (م ۱۰۰۱ھ)۔

## فقیہانہ رجحان

وہ تفسیری رجحان جس میں قرآن مجید کی ان آیات کی تفسیر کی گئی ہے جو فقہی احکام ومسائل پر مشتمل ہوں۔جس میں اہمیت استنباط احکام کو دی گئی ہوتی ہے تاکہ قرآن کا ضابطہ قانون پوری تفصیل سے سامنے آجائے۔اس کو تفسیر کا فقہی رجحان کہا جاتا ہے۔فقہی مذاہب کے باقاعدہ ظہور سے قبل فقہی تفسیر سادہ نوعیت کی تھی اور اس میں شخصی رجحان کا عمل دخل

نہیں تھا۔ ڈاکٹر محمد حسین ذہبی لکھتے ہیں:

''فقہی تفسیر کے تاریخی مراحل کا جائزہ لینے سے واضح ہوجاتا ہے کہ نزول قرآن کی ابتداء سے لے کر فقہی مذاہب کے قیام تک یہ تفسیر ذاتی اغراض وخواہشات سے بعید رہی۔ پھر اس کے بعد فقہی مذاہب کے زیر اثر اس میں تنوع پیدا ہوگیا۔ اور یہ مختلف انواع میں تقسیم ہوگئی۔ چنانچہ اہل سنت کی متنوع تفسیر ابتداً تعصب سے پاک تھی۔ بعد میں وہ بھی اس تعصب میں ملوث ہوتی چلی گئی۔ اسی طرح ظاہر کی فقہی تفسیر صرف اس بات پر قائم ہے کہ قرآن مجید کے صرف ظاہری مفہوم پر اکتفاء کیا جائے اور کسی بھی صورت میں عدول نہ کیا جائے، خوارج اور شیعہ کی فقہی تفسیر خاص نوعیت کی ہے۔ ان مذاہب وفرق میں سے ہر ایک اس بات کی کوشش کرتا ہے کہ قرآنی آیات کی تاویل اس انداز میں کی جائے کہ وہ ان کے مخصوص نظریات کی مؤید نظر آئے یا کم از کم ان کے نظریات کے خلاف نہ ہوں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بعض لوگ آیات کی تاویل میں اس طرح کھینچا تانی سے کام لینے لگے جس سے قرآنی الفاظ اپنے معنی ومدلول سے دور نکل گئے (۴)۔

فقیہانہ رجحان کی نمائندہ تفاسیر درج ذیل ہیں:

۱۔ تفسیر احمدیہ۔۔۔ از ملا جیون، ان کا نام احمد (م ۱۱۳۰ھ)

۲۔ تفسیر مظہری۔۔۔ از قاضی ثناء اللہ پانی پتی (م ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء)۔

۳۔ **نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام** از نواب صدیق حسن (م ۱۳۰۷ھ/۱۸۹۰ء)۔

## محدثانہ رجحان

تفسیر کے اس رجحان سے مسلمانوں کو شروع سے خصوصی شغف تھا، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک ہی درحقیقت قرآن کی شارح ہے قرآن کا جو مفہوم آپ ﷺ سے منقول ہے اس کو بیان کرنا یا دوسرے لفظوں میں قرآن کی تفسیر احادیث مبارکہ کے ذریعے کرنا عرف عام میں تفسیر بالمأثور کہا جاتا ہے اور اس کو محدثانہ تفسیری رجحان کہا جائے گا۔

تفسیر بالمأثور کے رجحانات کی چند نمائندہ تفاسیر درج ذیل ہیں:

۱۔ فتح البیان از نواب صدیق حسن خانؒ (م ۱۳۰۷ھ/۱۸۹۰ء)۔ (عربی)

۲۔ ترجمان القرآن از نواب صدیق حسن خان (م ۱۳۰۷ھ/۱۸۹۰ء)۔ (اردو)

۳۔ مواہب الرحمٰن از سید امیر علی ملیح آبادی (م ۱۳۳۷ھ/۱۹۱۹ء)۔

۴۔ احسن التفاسیر از مولانا سید احمد حسن محدث دہلویؒ (۱۲۵۸ھ/۱۸۳۹ء)۔

زیر تحقیق تفسیر ''احسن التفاسیر'' برصغیر پاک وہند کے مذکورہ بالا تفسیری رجحانات میں سے محدثانہ رجحان کی ترجمان تفسیر ہے۔ موجودہ مقالہ میں اسی تفسیر کے تفسیری منہج کے حوالہ سے ایک جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

## الف۔ تفسیر القرآن بالقرآن

تفسیر احسن التفاسیر میں مولانا سید احمد حسن محدثؒ نے جس رجحان کو اپنایا ہے اس کے مدنظر ان کی یہ تفسیر ''تفسیر بالماثور'' کے زمرے میں آتی ہے۔ ایسی تفاسیر کا پہلا ماخذ قرآن ہی ہوتا ہے۔ کیونکہ تفسیر القرآن بالقرآن تمام طرق سے بہتر اور علمیت کے اعلیٰ درجے پر فائز ہے۔ اس لیے یہ طریقہ کلام ربانی کی تفسیر کے لیے نہایت عمدہ اسلوب ہے۔ امام ابن تیمیہؒ عمدہ اور صحیح ترین تفسیر کے مختلف طریق کا ذکر کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

**'' ان اصح الطرق فی ذٰلک ان یفسر القرآن بالقرآن فما اجمل فی مکان فانه قد فسر فی موضع آخر وما اختصر فی مکان فقد بسط فی موضع آخر ''**(۵)۔(تفسیر قرآن کا سب سے صحیح ترین طریقہ یہ ہے کہ قرآن کریم کی تفسیر، خود قرآن سے کی جائے کیونکہ قرآن کریم میں جس بات کا ایک جگہ اجمالاً تذکرہ ہے تو دوسری جگہ اس کی تفصیل بیان کردی گئی، اسی طرح اگر ایک بات کو کسی جگہ اختصار سے بیان کیا گیا ہے تو دوسری جگہ اس کی وضاحت کردی گئی ہے)۔

اسی نسبت سے الشیخ مناع القطان جہاں قرآن کی تفسیر کے طریقے بیان کرتے ہیں وہاں قرآن کریم کی تفسیر کا صحیح ترین طریقہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''صحیح طریقہ قرآن کی تفسیر کا یوں ہے کہ اول تو قرآن کی تفسیر خود قرآن سے کی جائے پھر حدیث صحیح سے اور پھر آثار صحابہؓ سے''(۶)۔

مولانا سید احمد حسن، تفسیر قرآن بالقرآن کے سلسلے میں جو اسلوب اپنایا ہے وہ کچھ یوں ہے:

### ا۔ مجمل کی وضاحت

مولانا سید احمد حسن نے اپنی تفسیر میں متعدد مواقع پر، سلف صالحین کی پیروی کرتے ہوئے مجمل آیات کی تفسیر کے لیے تفسیر القرآن بالقرآن کے طریقہ کو اختیار کیا ہے اور قرآن کے مجمل مقامات کی وضاحت کے لیے مفصل مقامات کا استعمال کیا ہے چند مقامات کا بطور مثال تذکرہ کیا جاتا ہے۔

فرمان الٰہی ﴿**وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِيۤ إِسْرَائِيلَ لاَ تَعْبُدُونَ إِلاَّ اللَّهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً وَذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسْناً وَأَقِيمُواْ الصَّلاَةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلاَّ قَلِيلاً مِّنكُمْ وَأَنتُم مِّعْرِضُونَ**﴾(۷)۔

مولانا سید احمد حسن محدثؒ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر میں بنی اسرائیل سے جن باتوں کا جو عہد لیا تھا، ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ان میں سے ایک توحید کا مسئلہ تھا۔ اس مسئلہ کی وضاحت کے لیے سورۃ النحل کی آیت کو وضاحت کے لیے بطور دلیل پیش کیا ہے۔ لکھتے ہیں: ''ان مسئلوں میں پہلا مسئلہ توحید کا ہے کہ اللہ کو وحدہ لا شریک له جاننا اور اس کی

عبادت میں کسی کو شریک نہ کرنا، یہ حکم اللہ تعالیٰ نے ہر ایک رسول کی امت کو دیا ہے۔

چنانچہ سورہ النحل میں فرمایا ہے﴿وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِی کُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولاً أَنِ اعْبُدُواْ اللّهَ وَاجْتَنِبُواْ الطَّاغُوتَ ﴾(۸)۔جس کا مطلب یہ ہے کہ دنیا بھر کی تمام امتوں میں جو رسول اللہ تعالیٰ نے بھیجے ہیں ان کی امتوں کو یہی بات سمجھانے کو بھیجے ہیں کہ اللہ ہی کی خالص عبادت کریں اور شرک سے دور رہیں۔سوا اللہ کے جس چیز کی پوجا کی جاوے اس کو عربی میں طاغوت کہتے ہیں''(۹)۔

## ۲۔ الفاظ کے متعدد معانی

قرآن کی بعض آیتوں کے کسی ایک لفظ کی کئی مرادیں ہوں تو اس لفظ کی تفسیر قرآن ہی کی دوسری آیتوں سے کی ہے:

ارشاد باری تعالیٰ﴿وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُواْ لَوْلاَ أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ ٥الَّذِينَ آمَنُواْ وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللّهِ أَلاَ بِذِكْرِ اللّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ﴾(۱۰)۔

اس آیت کی تفسیر میں لفظ''ذکر''کے مطالب یوں بیان کیے گئے ہیں:

''مفسروں نے ذکر اللہ سے قرآن مجید مراد لیا ہے کیونکہ اکثر جگہ خدا نے اپنے کلام میں ذکر کا لفظ ارشاد کیا ہے اور وہاں قرآن مجید سمجھا جاتا ہے جیسے:﴿هٰذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ أَنزَلْنَاهُ﴾(۱۱)۔

تو مطلب یہ ہوا کہ جو لوگ ایمان دار قرآن کو پڑھتے ہیں یا دوسروں کو پڑھتے ہوئے سنتے ہیں تو ان کے دل کو نہایت اطمینان ہوتا ہے کیونکہ جن باتوں پر آدمی کو پورا یقین ہوجاتا ہے تو ان باتوں سے اس کا اطمینان ہوجاتا ہے اس لیے جن لوگوں کو قرآن کے کلام الٰہی ہونے کا یقین نہیں قرآن کی باتوں سے ان کا اطمینان نہیں ہوسکتا۔

یہاں ایک یہ شبہ ہوتا ہے کہ سورۃ انفال کی آیت:﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ﴾(۱۲) میں ہے کہ خدا کے ذکر کے وقت مومنوں کے دل بھر آتے ہیں اور ڈر جاتے ہیں یہ اس آیت کے خلاف ہے کیونکہ اس آیت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے وقت ایمانداروں کے دل میں اطمینان پیدا ہوجاتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ان دونوں آیتوں میں فرق معلوم کرلیا جائے۔سورۃ انفال کی آیت میں خدا کے عذاب کی یاد اور ذکر مراد ہے اور یہاں اس کی رحمت اور جنت وانعام کے وعدے مراد ہیں اس لئے اس آیت میں خوف کا ذکر کیا گیا اور اس آیت میں نرمی اور اطمینان کا بیان کیا گیا''(۱۳)۔

## ۳۔ موضوع کے متعلق متعدد آیات کا ذکر

اگر کسی آیت کی تفسیر میں اسی موضوع کے متعلق متعدد آیات ہوں تو ان آیات کو جمع کرکے اس کی روشنی میں تفسیر

کرتے ہیں جیسے:

ا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿ وَإِذْ نَادَى رَبُّكَ مُوسَى أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ٥قَوْمَ فِرْعَوْنَ أَلَا يَتَّقُونَ٥قَالَ رَبِّ إِنِّيٓ أَخَافُ أَن يُكَذِّبُونِ ٥وَيَضِيقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنطَلِقُ لِسَانِيْ فَأَرْسِلْ إِلَى هَارُونَ ﴾(۱۴)۔اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں حضرت موسیٰ کا فرعون کے پاس جانے کے بارے میں جو عذر پیش کیا تھا اس واقعہ کی تفصیل بیان کرنے کے لئے مولانا سید احمد حسن محدثؒ نے کئی آیات بیان کی ہیں۔

لکھتے ہیں ''اللہ تعالیٰ آگاہ فرماتا ہے کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو فرعون اور اس کی قوم کی طرف جانے کا حکم دیا اور پکارا اس کو کوہ طور کے داہنے طرف سے اور کلام کیا اور اس کے ساتھ اور رسول بنایا اس کو اور چن لیا اس کو، اس کے حکم کی تعمیل کے لیے موسیٰ علیہ السلام نے جو عذر کیا وہ یہ تھا کہ میں ڈرتا ہوں اس سے کہ فرعونی لوگ مجھ کو جھٹلاویں اور مجھ کو غصہ آجاوے اور میں طاقت لسانی بھی نہیں رکھتا کیونکہ بوجہ لکنت کہ صاف بول نہیں سکتا اس لیے میرے ساتھ ہارون علیہ السلام کو بھی رسول بنایا جاوے علاوہ اس کے فرعون والوں کا مجھ پر یہ الزام ہے کہ میں نے ان کا ایک آدمی مارڈالا تھا اس واسطے مجھ کو ڈر ہے کہ کہیں وہ مجھے قتل کر ڈالیں''۔

یہ عذر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پیش کیے اور ان عذروں کے دور کرنے کی اللہ تعالیٰ سے التجا کی جس کا ذکر سورۃ طٰہٰ میں ہے: ﴿قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِي ٥وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِي ٥وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِيْ ٥يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴾(۱۵) مطلب یہ ہے کہ یا اللہ میرے دل میں سخت باتوں کی برداشت پیدا کر دی جاوے تاکہ میں نبوت کی خدمت کو بردباری سے ادا کر سکوں اور میری زبان میں جو توتلا پن ہے جاتا رہے تاکہ پیغام نبوت پورا ادا ہو۔

اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يَا مُوسَى ﴾(۱۶) جس کا مطلب یہ ہے کہ اے موسیٰ علیہ السلام تمہاری التجا قبول ہوگئی حضرت موسیٰؑ نے سینے کی کشادگی کا سوال اس واسطے کیا کہ غصہ نہ آئے اور زبان سے گرہ کا کھلنا اس واسطے چاہا کہ بچپن میں زبان جل گئی تھی اچھی طرح بات نہ کر سکتے تھے'(۱۷)۔

## ۴۔ ظاہری تعارض کی تطبیق

مولانا سید احمد حسن محدث نے آیات کے درمیان ظاہری تعارض ہو تو اسے قرآن کے ذریعے دور کرنے کی کوشش کی ہے جیسے ارشاد باری تعالیٰ ﴿لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّونَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴾(۱۸) کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''اس آیت کے دوسرے ٹکڑے میں اللہ تعالیٰ نے یہ جو فرمایا ہے کہ جو لوگ اوروں کے دل بہکاتے ہیں ان پر قیامت میں دوگنا عذاب ہوگا ان کے گناہوں کا جدا ہوگا اور بہکانے کا جدا ہوگا اس کی صراحت اس حدیث میں بھی ہے جو حضرت ابو ہریرۃؓ کی روایت سے آگے آتی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جس

شخص نے کوئی ہدایت کا کام لوگوں میں پھیلایا اس کی نیکی کا اجر خدا دیوے گا اور اس کی ہدایت کے سبب سے جتنے لوگ نیک راہ لگیں گے اور اگر اجر پاویں گے اسی قدر اجر اس کو خدا بھی اپنے پاس سے دیوے گا نیک راہ پر آنے والوں کا ثواب کچھ نہیں گھٹنے کا، یہی حال بدی کے پھیلانے والے شخص کی سزا کا ہے غرض اس حدیث میں صاحب وحی ﷺ نے جب آیت کے معنے کی صراحت فرما دی ہے تو اب یہ شبہ باقی نہ رہا کہ یہ آیت ''وَلاَ تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى ''(۱۹) کے مطلب کے ساتھ کیوں کر موافق ہے کس لئے کہ بدی پھیلانے والے نے دو کام کئے تھے ایک خود بدی کی دوسرے اوروں کو بدی کی راہ سے لگایا اس لئے اس کو دونوں طرح کے عملوں کی سزا ملی کسی دوسرے کا بوجھ اس پر نہیں ڈالا گیا اس لئے یہ آیت سورۃ اوالنجم کی آیت ﴿أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى﴾ (۲۰) کے مخالف نہیں ہے کیوں کہ اوپر کی حدیث میں صاف یہ آ چکا ہے: کہ گناہوں پر بہکانے والوں کے گناہ جوں کے توں رہویں گے''(۲۱)۔

## ۵۔ مختلف مثالیں

قرآن مجید میں مثالوں کے ذریعے لوگوں کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ راہ راست پر آ جائیں۔ صاحب تفسیر نے ان مثالوں کی تفسیر دوسرے مقامات سے کی ہے مثلا:

۱۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْهُدَى وَأَوْرَثْنَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْكِتَابَ ٥ هُدًى وَذِكْرَى لِأُولِي الْأَلْبَابِ﴾ (۲۲)۔

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر میں حضرت موسیٰ اور ان کی قوم کی مثال بیان ہوئی ہے۔ اس کا مطلب واضح کرنے کے لیے قرآن مجید کی دوسری آیات کو پیش کیا ہے۔

''اس آیت میں رسولوں اور ایمان والوں کی مدد کرنے کا ذکر اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا اس مدد کی ایک مثال حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کی بیان فرمائی اور فرمایا کہ بیشک دی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ہدایت ''ھدیٰ'' سے مراد توریت اور نبوت ہے جس طرح اس آیت میں فرمایا: ﴿إِنَّا أَنزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيْهَا هُدًى وَنُورٌ﴾ (۲۳) اس کا مطلب یہ ہے کہ بے شک اتارا ہم نے توراۃ کو اس میں ہدایت اور نور ہے اور وارث کیا ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب کا بعد اس ذلت اور خواری کے کہ جس میں وہ مبتلا تھے فرعون کے تمام شہروں اور مال و زمین کا ان کو وارث بنایا اس سبب سے کہ انہوں نے اللہ کی اور اس کی کتاب و رسول علیہ السلام کی تابعداری پر صبر کیا اور جس کتاب کے وہ وارث کیے گئے تھے۔ اس میں ان کے لیے ہدایت اور نصیحت تھی کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے عقل کامل عطا فرمائی ہے''(۲۴)۔

## ۶۔ محذوفات

مولانا سید احمد حسنؒ نے ''احسن التفاسیر'' میں بعض جگہ پر محذوفات کا ذکر بھی کیا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے

فرمان:﴿كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللّهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ وَأَنزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُواْ فِيهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلاَّ الَّذِينَ أُوتُوهُ مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بَغْياً بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّهُ الَّذِينَ آمَنُواْ لِمَا اخْتَلَفُواْ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ وَاللّهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ﴾(۲۵) کی تفسیر میں رقمطراز ہیں:

''اس آیت میں اتنی بات محذوف ہے کہ جب سے لوگوں نے توحید چھوڑ کر بت پرستی اور آپس کا اختلاف شروع کیا ہے اس وقت سے اللہ تعالیٰ نے صاحب شریعت انبیاء کو بھیجنا شروع کیا چنانچہ سورہ یونس کی آیت ﴿وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلاَّ أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُواْ وَلَوْلاَ كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ﴾(۲۶) میں اللہ تعالیٰ نے اس محذوف کو ذکر کیا اس لئے حاکم نے اپنی مستدرک میں اسی مضمون کی حدیث کی روایت کی ہے اور صحیح کہا ہے اور عبداللہ بن مسعود کی قرأت بھی یہ ہے ﴿كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللّهُ النَّبِيِّينَ﴾(۲۷)۔

کل نبی ایک لاکھ چوبیس ہزار ہیں جن میں تین سو تیرہ رسول ہیں۔ پانچ رسول حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ، محمد رسول اللہ ﷺ اولوالعزم کہلاتے ہیں اور صحائف کو ملا کر ایک سو چار کتابیں آسمان سے اتری ہیں''(۲۸)۔

## ۷۔ مختلف قراءتیں

مولانا سید احمد حسن محدثؒ بعض آیات کی تفسیر میں مختلف قرأتوں کا ذکر کرتے ہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان:
﴿فَلَمَّا جَاءهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا لَوْلَا أُوتِيَ مِثْلَ مَا أُوتِيَ مُوسَى أَوَلَمْ يَكْفُرُوا بِمَا أُوتِيَ مُوسَى مِن قَبْلُ قَالُوا سِحْرَانِ تَظَاهَرَا وَقَالُوا إِنَّا بِكُلٍّ كَافِرُونَ﴾(۲۹)۔

لکھتے ہیں: اس تفسیر کی صورت میں ﴿قَالُوا سِحْرَانِ تَظَاهَرَا﴾ کی قرأت پڑھی جاوے گی اور معنی آیت کے یہ ہوں گے کہ فرعون اور اس کی قوم نے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون کو کہا کہ دونوں جادوگر ایک دل ہو گئے ہیں اور ہم اون کے منکر ہیں اور دوسری قرأت سحران کی ہے جس کی روایت حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بھی ہے اس صورت میں آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ قریش نے توریت اور قرآن شریف دونوں کا جادو بتلایا آگے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اے رسول اللہ ﷺ ان مشرکوں سے کہو کہ تم لوگوں کو توریت اور قرآن شریف سے بہتر کوئی کتاب معلوم ہو تو پیش کرو آخری قرأت قرآن کے مضمون سے بہت مطابقت رکھتی ہے''(۳۰)۔

یہ تھا مولانا سید احمد حسنؒ کا منہج تفسیر القرآن بالقرآن جس کو مع امثلہ بیان کر دیا گیا۔ آئندہ صفحات میں مولانا

سید احمد حسن محدثؒ کا منہج تفسیر القرآن بالحدیث پیش کیا جائے گا۔

## ب۔ تفسیر القرآن بالسنۃ

قرآن کریم کے بعد تفسیر بالمأ ثور کا اہم ترین مصدر و ماخذ احادیث نبویہ ﷺ ہیں جیسا کہ امام ابن تیمیہؒ اس کے متعلق لکھتے ہیں: ''اگر اس میں تم کامیاب نہ ہوسکو (یعنی قرآن کریم کی تفسیر تمہیں قرآن میں نہ مل سکے) تو سنت رسول اللہ ﷺ کی طرف رجوع کرو جو قرآن کی شرح و تفسیر کرتی ہے'' (۳۱)۔

گویا قرآن کریم کی جو تفسیر خود اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے اس کے بعد تفسیر رسول کا درجہ ہے ارشاد ربانی ہے ﴿وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ﴾ (۳۲) (اور ہم نے یہ قرآن آپ ﷺ کی طرف نازل کیا ہے تاکہ لوگوں کے لیے آپ ﷺ ان مضامین کی وضاحت کریں جو آپ ﷺ کی طرف اتارے گئے ہیں)۔

اسی طرح دوسرے مقام پر ارشاد ہوتا ہے: ﴿وَمَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ﴾ (۳۳) (اور ہم نے یہ کتاب اسی لیے نازل کی ہے تاکہ آپ ﷺ ان کو وہ باتیں کھول کر بتا دیں جن میں وہ اختلاف کرتے تھے)۔

مذکورہ بالا آیات واضح طور پر دلالت کرتی ہیں کہ قرآن مجید کی تفسیر و تشریح کرنا آنحضور ﷺ کا اہم کام تھا۔ آپ جو کچھ بھی تفسیر فرماتے وہ من جانب اللہ ہوتی تھی اس پر وحی غیر متلوا (احادیث و سنن) کا اطلاق ہوتا ہے اسی لیے آپ ﷺ نے فرمایا: '' الا انی اوتیت القرآن و مثله معه '' (۳۴) (خبردار! بے شک مجھے قرآن دیا گیا ہے اور اس کی مثل اس کے ساتھ)۔

یہاں ''مثلہ معہ'' سے مراد 'حدیث وسنت' ہے اور یہ بھی آپ ﷺ پر قرآن مجید کی طرح بذریعہ وحی نازل ہوتی تھی۔ ان دونوں وحی کے نزول میں فرق صرف اتنا تھا کہ ''قرآن کی تنزیل الفاظ کے ساتھ تھی اور سنت میں مطالب و مفاہیم اور معانی کی آپ ﷺ پر وحی ہوتی۔ جسے آپ ﷺ اپنے الفاظ یا اعمال سے ظاہر فرماتے (۳۵)۔

احادیث اور سنن رسول ﷺ میں جن کاموں کے کرنے اور جن کاموں کے نہ کرنے کا جو حکم ہے اس کی اصل کسی نہ کسی صورت میں قرآن مجید میں موجود ہے۔ چنانچہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں: '' **كل ما قال به رسول الله صلى الله عليه وسلم فهو مما فهمه من القرآن** '' (۳۶) (رسول اللہ ﷺ نے جو حکم بھی دیا ہے وہ قرآن ہی سے ماخوذ ہے)۔

مذکورہ بالا دلائل سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ حدیث حجت ہے اور قرآن کی تفسیر کا بنیادی ماخذ بھی ہے، مولانا

سید احمد حسن محدثؒ چونکہ حدیث میں درک رکھتے تھے اور نصوص سے واقف بھی تھے، اسی لیے انہوں نے قرآنی آیات کی تفسیر میں جابجا احادیث کا تذکرہ کیا ہے، لہذا تفسیر القرآن بالحدیث کے سلسلہ میں ان کے منہج کو پیش کیا جاتا ہے۔

### ۱۔ متعدد احادیث

مولانا سید احمد حسن محدث قرآن کی آیت کی تفسیر کے لیے مختلف احادیث پیش فرماتے ہیں تاکہ قرآن کے فرمان کا معنی ومفہوم بالکل واضح ہو جائے ایسے ہی اسلوب پر مبنی چند مقام تحریر کیے جاتے ہیں:

۱۔ آیت: ﴿لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ لاَ يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَإِذَا أَرَادَ اللّهُ بِقَوْمٍ سُوءاً فَلاَ مَرَدَّ لَهُ وَمَا لَهُم مِّن دُونِهِ مِن وَالٍ﴾ (۳۷) کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''صحیحین میں ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہر شخص کی حفاظت کے لئے رات اور دن کے الگ الگ فرشتے ہر انسان پر خدا کی طرف سے مقرر ہیں صبح کی نماز کے وقت دن کے فرشتے اور عصر کے وقت رات کے فرشتے آن کر چوکی بدلوا دیتے ہیں۔ معتبر سند سے تفسیر ابن ابی حاتم میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ حفاظت کے فرشتے ان سب صدموں اور آفتوں سے آدمی کی حفاظت کرتے ہیں جن صدموں اور آفتوں سے اس کی قسمت میں بچنا لکھا ہے اور جب تقدیری آفت آنے والی ہوتی ہے جس سے حفاظت کرنے کا کوئی حکم اللہ کا نہیں ہوتا تو ایسی حالت میں فرشتے حفاظت چھوڑ دیتے ہیں'' (۳۸)۔

### ۲۔ احادیث کے درمیان تطبیق

مولانا سید احمد حسنؒ محدث تفسیر القرآن بالحدیث، کے سلسلہ میں، قرآن کے حکم کی تفسیر کے لیے مختلف احادیث پیش فرماتے ہیں اگر ان احادیث کے درمیان تعارض ہو تو تطبیق بھی فرماتے ہیں:

آیت: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاةِ فاغْسِلُواْ وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُواْ بِرُؤُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَينِ﴾ (۳۹) کے ضمن میں کئی احادیث پیش کی ہیں۔ ان میں سے ایک حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے اس کے متعلق لکھتے ہیں: ''چنانچہ ابوہریرہؓ کی اسی حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے مونڈھوں تک ہاتھ دھو کر یہ فرمایا کہ قیامت کے دن وضوء کے اعضاء میں اللہ تعالی کی قدرت سے ایک چمک پیدا ہو جائے گی اس لئے جس سے ہو سکے وہ اپنی اس چمک کو بڑھائے۔ بعض علماء نے ابوہریرہؓ کے اس فعل پر اعتراض کیا ہے کہ ابوہریرہؓ کا یہ فعل عمرو بن شعیبؒ کی اس حدیث کے مخالف ہے جو مسند امام احمد، نسائی، ابوداؤد وغیرہ میں ہے۔ جس میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص وضوء کی حد سے بڑھا اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا۔ اس کا جواب اور علماء نے یہ دیا ہے کہ عمرو بن شعیبؒ کی

اس حدیث میں وضوء کو تین دفعہ دھونے کی حد کا ذکر ہے اس لئے اس حدیث کے معنی یہ ہیں کہ جو شخص اس تین دفعہ کی حد سے بڑھا اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا کہ وہ اسراف میں پکڑا جائے گا۔ غرض ابو ہریرہ کی حدیث میں اور عمرو بن شعیبؒ کی حدیث میں کچھ مخالفت نہیں ہے۔ ابو ہریرہؓ کی حدیث پر ایک یہ اعتراض تب ہے کہ ابو ہریرہؓ اپنے اس فعل میں تن تنہا ہیں کسی اور صحابی سے یہ فعل پایا نہیں جاتا۔ یہ اعتراض بھی صحیح نہیں ہے کیونکہ مصنف ابن ابی شیبہ وغیرہ کی صحیح روایتوں میں یہ فعل حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا بھی موجود ہے (۴۰)''۔

## ۳۔ احادیث پر صحف وضعف کا حکم

مولانا سید احمد حسن محدثؒ، تفسیر القرآن بالحدیث کے سلسلے میں، موضوع سے متعلقہ مختلف روایات کی صحف و ضعف کا حکم بھی واضح کر دیتے ہیں، بعض اوقات کسی حدیث کی قسم کی تعریف بھی کرتے ہیں۔

ا۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَسْتَحْيِي أَن يَضْرِبَ مَثَلاً مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُواْ فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ وَأَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُواْ فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِهَـٰذَا مَثَلاً يُضِلُّ بِهِ كَثِيراً وَيَهْدِي بِهِ كَثِيراً وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلاَّ الْفَاسِقِيْنَ﴾ (۴۱) کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''اس مدنی سورت میں منافقین اور ان کے ساتھی یہود کے ذکر کے بعد پھر اللہ تعالیٰ نے دو مثالیں بیان فرمائیں تھیں۔ ایک جنگل اور اندھیرے میں آگ سلگانے کی دوسری کڑک اور بجلی کی۔ اور اس سورت سے پہلے مکہ میں جو قرآن کا حصہ نازل ہوا تھا اس میں مکھی مکڑی اور مکڑی کے گھر کی مثالیں تھیں۔ قرآن شریف کے منکر لوگ اس پر طعن کرتے تھے کہ جس کلام میں ایسی حقیر چیزوں کا ذکر ہو وہ کلام الٰہی کیونکہ ہوسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ان کا جواب دیا ہے کہ مخلوق ہونے میں حقیر اور صاحب شان چیزیں سب برابر ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوقات میں سے جس چیز کی چاہے مثال بیان کرے اس پر طعن نافہمی ہے۔

ترمذی میں سہل بن سعدؓ سے روایت ہے جس کا اصل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ساری دنیا کی قدر اللہ کے نزدیک اگر ایک مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی کا دنیا میں نہ ملتا۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح غریب کہا ہے اس غریب طریق کو بھی قوت ہو جاتی ہے۔ محدثین کے نزدیک غریب حدیث وہ ہے جس کو کسی ثقہ سے ایک منفرد شخص روایت کرے'' (۴۲)۔

## ج۔ تفسیر القرآن بالرائے

مولانا سید احمد حسنؒ نے احسن التفاسیر میں اپنی رائے سے کوئی تفسیر نہیں کی ہے البتہ بعض مواقع پر حوالہ کے بغیر آیت کی تفسیر کی ہے، جو کہ مختلف آیات اور مستند روایات کا خلاصہ ہے۔ مثلاً:

۱) اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿بِئْسَمَا اشْتَرَوْاْ بِهِ أَنفُسَهُمْ أَن يَكْفُرُواْ بِمَا أنَزَلَ اللّهُ بَغْياً أَن يُنَزِّلُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ عَلَى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ فَبَآؤُواْ بِغَضَبٍ عَلَى غَضَبٍ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ﴾ (۴۳)۔

اس آیت میں ﴿فَبَآؤُواْ بِغَضَبٍ عَلَى غَضَبٍ﴾ کی تفسیر میں لکھا ہے:

''اللہ تعالیٰ کا غصہ پر غصہ اس لیے ہوا کہ ایک تو ان یہود لوگوں نے اللہ کی کتاب تورات کی آیتوں کو بدل ڈالا۔ دوسرے انجیل کے کتاب الٰہی اور حضرت عیسیٰ کے نبی ہونے کا انکار کیا۔ تیسرے نبی آخر الزمان کو نبی برحق اور قرآن کو کتاب الٰہی جان کر محض اس حسد سے ان کے منکر ہوئے کہ ہماری قوم میں مدت سے نبوت چلی آتی تھی، غیر قوم بنی اسمٰعیل میں یہ نبوت کیوں گئی؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان باتوں سے انہوں نے اور کسی کا کچھ نہیں بگاڑا۔ خود آپ ہی ذلت کے عذاب میں گرفتار ہوئے۔ ذلت کا عذاب اس لیے فرمایا کہ یہود نے اس تکبر، نخوت اور خود پسندی کے سبب سے نبی آخر الزمان کی نبوت کا انکار کیا کہ وہ نخوت کی راہ سے اپنے آپ کو اپنی قوم کو نبی اسمٰعیل سے عالی درجہ سمجھتے تھے۔ ان کے اس تکبر نے اجازت نہیں دی کہ وہ غیر قوم کے نبی کی فرمانبرداری کریں اور یہ بات علم الٰہی میں قرار پاچکی ہے کہ قیامت کے دن ہر صاحب نخوت آدمی کو اس طرح کا عذاب ہوگا جس میں اس کی ذلت ہو۔

چنانچہ مسند امام احمد نسائی اور ترمذی میں معتبر سند سے جو روایتیں ہیں ان کا حاصل یہ ہے کہ قیامت کے دن متکبر لوگ چیونٹیوں کے جسم کے برابر آدمی کی صورت میں اٹھیں گے اور تمام مخلوقات کی روندن میں آئیں گے تاکہ سب مخلوقات میں ان کی ذلت ہو'' (۴۴)۔

## د۔ تفسیر القرآن باقوال صحابہ وتابعین

### ا۔ اقوال صحابہؓ کے اخذ وترجیح کا معیار

اس سے قبل کہ ہم مولانا سید احمد حسنؒ محدث کے اس منہج تفسیر کو بیان کریں، تفسیر صحابہ کی اہمیت کا مختصر تذکرہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔

### تفسیر صحابہؓ کی اہمیت

تفسیر صحابہؓ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ جو صحابی نزول وحی کے وقت موجود ہو اس کی تفسیر حدیث مرفوع کی حیثیت کا درجہ رکھتی ہے۔ امام بخاری اور امام مسلم کا نقطہ نظر بھی یہی ہے۔ امام حاکم لکھتے ہیں:

''حدیث کا طالب علم آگاہ رہے کہ جو صحابی نزول وحی کے وقت موجود ہو اس کی تفسیر شیخین (امام بخاری و مسلم)

کے نزدیک حدیث مرفوع کا درجہ رکھتی ہے''(۴۵)۔

مزید برآں صحابہ کرامؓ کی اس جماعت نے پہلے اپنی زندگیوں کو پیغمبر خدا کے مطابق ڈھالا ان سے قرآن سیکھا۔ یہ لوگ اسباب نزول کے ماہر، ناسخ ومنسوخ کے عالم اور منشائے الٰہی کے رمز شناس تھے۔ گو عرب ہونے کے ناطے صحابہؓ کو قرآن پاک عمومی معنی متعین کرنے میں دقت پیش نہیں آتی تھی۔ لیکن قرآن کی ایک خاص اصطلاحی زبان بھی تو ہے جس میں صوم، زکوٰۃ، حج، جہاد، اخلاق، بروتقویٰ، اثم وعدوان، معروف ومنکر، نکاح وطلاق کی اصطلاحات بھی ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے ان اصطلاحات اور رموز کی تفہیم بالمشافہ حضور اکرم ﷺ سے حاصل کی اور آگے امت کو منتقل کیا(۴۶)۔

صحابہ کرامؓ قرآن کی وہی تفسیر بیان کرتے، جو بالواسطہ یا بلاواسطہ رسول اکرم ﷺ سے سنتے یا جس آیت کا سبب نزول انہوں نے خود ملاحظہ کیا ہوتا، یا جو چیز بطریق اجتہاد واستنباط ان پر منکشف ہوتی۔

الغرض صحابہ کرام کی تفسیر، نبی کریم ﷺ کی تفسیر سے انتہائی زیادہ قریب اور انتہائی قابلِ اعتماد ہے، کیونکہ انہوں نے براہ راست نبی کریم ﷺ سے قرآن سیکھا اور وہ تمام قرائن واحوال بھی ان کے سامنے تھے جن میں قرآن نازل ہورہا تھا، چند صحابہ تو تفسیر القرآن میں خاص مہارت کے حامل تھے جن میں خلفائے اربعہ، ابن عباس، ابن مسعود اور ابی بن کعب رضوان اللہ علیہم اجمعین وغیرہ شامل ہیں(۴۷)۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان: ﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُواْ رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ۝الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الأَرْضَ فِرَاشاً وَالسَّمَاء بِنَاء وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقاً لَّكُمْ فَلاَ تَجْعَلُواْ لِلّهِ أَندَاداً وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ﴾ (۴۸) کی تفسیر میں صحابہؓ کے ساتھ سلف کا بھی ذکر کیا ہے:

''حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ اور سلف نے فرمایا ہے کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مکہ کے بت پرستوں منافقوں اور اہل کتاب سب کو ملا کر خالص عبادت الٰہی کی اور جس خالص توحید الٰہی کی ترغیب نبی آخر الزمان دلاتے تھے اس کے اتباع کی تاکید ان سب کو فرمائی ہے ﴿وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ﴾ سے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ یہ لوگ ذرا غور کریں تو ان کو خود معلوم ہو جاوے گا کہ انسان اور اس کی راحت کا سامان سب کچھ جب خدا تعالیٰ کا پیدا کیا ہوا ہے تو خالص اس کی بندگی انسان کو لازم ہے''(۴۹)۔

## اختلاف صحابہؓ

اگر کسی آیت کی تفسیر میں صحابہ کا اختلاف ہو تو راجح بات ذکر کرتے ہیں:

مولانا سید احمد حسن محدثؒ تفسیر احسن التفاسیر میں صحابہ اور تابعی کے اختلاف کو بیان کرنے کے بعد راجح قول اور اس کی تائید کے لیے حدیث پیش کرتے ہیں: جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمان: ﴿الذین آمنوا ... وحسن

مــآب ﴾ (۵۰) کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''طوبیٰ کی تفسیر میں مفسروں کا اختلاف ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ رحمت اور آنکھوں میں ٹھنڈک۔ قتادہؒ کے نزدیک یہ معنی ہیں کہ آخرت میں ان کو بہتری ہوگی۔ مگر راجح قول ''طوبیٰ'' کی تفسیر یہ ہے کہ طوبیٰ جنت میں ایک درخت ہے، معتبر سند سے مسند امام احمد تفسیر ابن ابی حاتم بیہقی وغیرہ میں عتبہ بن عبد سے ایک حدیث ہے کہ ایک اعرابی نے حضرت محمد ﷺ سے آکر پوچھا کہ کیا جنت میں میوے ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں جنت میں ایک درخت ہے جس کا نام طوبیٰ ہے اس کے انگور کے گوشے بڑے بڑے ہیں'' (۵۱)۔

## ۲۔ اقوال تابعین سے استشہاد

مولانا سید احمد حسنؒ نے تفسیر القرآن میں اقوال تابعین کا اہتمام کیا ہے اور ان سے استشہاد کا اسلوب اختیار کیا ہے، قرآنی آیات کی تشریح وتوضیح میں مولانا سید احمد حسنؒ تابعین کے اقوال پر اعتماد کرتے ہیں۔

''احسن التفاسیر'' کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

''چوتھا درجہ تفسیر کا یہ ہے کہ تابعین کے قول سے قرآن کی تفسیر کی جائے کیونکہ تفسیر کے باب میں یہ جو کچھ کہتے ہیں صحابہ سے سن کر کہتے ہیں۔ اگرچہ ایک روایت میں امام احمدؒ نے اور اس طرح بعض اور علماء نے تابعیوں کے قول کو تفسیر ٹھہرانے میں اختلاف کیا ہے۔

لیکن جمہور تبع تابعیوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تفسیر کے باب میں مفسر تابعی جو کچھ کہتے ہیں وہ صحابہ سے سن کر کہتے ہیں کیونکہ جس طرح صحابہ کو یہ بات معلوم ہوتی تھی کہ قرآن شریف کی تفسیر میں اپنی طرف سے عقلی طور پر کچھ کہنا دوزخ میں اپنا ٹھکانا بنانا ہے، اس طرح یہ بات تابعیوں کو بھی معلوم تھی پھر تابعیوں کی نسبت بھی یہ گمان جائز نہیں ہے کہ بغیر صحابہ سے سننے کے وہ کسی آیات کا مطلب اپنی طرف سے عقلی طور پر بیان کریں گے (۵۲)۔

مولانا سید احمد حسنؒ نے اقوال تابعین سے استشہاد کے سلسلہ میں جو اسلوب اختیار کیا ہے اس کی مثالیں یہ ہیں:

ارشاد باری تعالیٰ: ﴿عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ ٥ عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ﴾ (۵۳) کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''اگرچہ مجاہد کا قول یہ ہے کہ بڑی خبر سے مراد قرآن شریف ہے لیکن قتادہ اور اکثر سلف کا قول یہ ہے کہ بڑی خبر سے مراد حشر اور قیامت ہے۔ آگے کی آیتوں میں خود اللہ تعالیٰ نے بھی قیامت کا ہی ذکر فرمایا ہے۔ اس لیے یہی قول قرآن شریف کے مطلب کے موافق معلوم ہوتا ہے'' (۵۴)۔

## ۳۔ لغوی مسائل پر نظر

قرآن پاک چونکہ عربی زبان میں نازل ہوا اس لئے، اس کا صحیح فہم حاصل کرنے کے لیے عربی لغت کا علم بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ مولانا سید احمد حسنؒ نے احسن التفاسیر میں زیادہ تفسیر قرآن وحدیث اقوال صحابہ وتابعین سے کی

ہے۔آپ نے نحوی مسائل اوران کے اختلافات سے گریز کیا ہے کیونکہ آپ کا تفسیر میں منہج تفسیر بالماثور تھا۔لغت عرب سے حسب ضرورت تعریف اورصحیح معنی ومفہوم کی حد استفادہ کیا ہے۔ چند مثالیں یہ ہیں:

اللہ تعالیٰ کا فرمان: ﴿الَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُونَ الصَّلاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ٥ والَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُون﴾ (۵۵) کی تفسیر میں ایمان اور غیب کے معانی اور مطالب بیان کیے ہیں:

**ایمان:** ''ایمان کا لفظ قرآن شریف میں جہاں اعمال کے لفظ کے ساتھ آیا ہے وہاں اس کے معنی دلی یقین کے ہیں اور جہاں بغیر لفظ اعمال کے آیا ہے وہاں اکثر سلف کے نزدیک اس سے اعتقاد قلبی اور قول زبانی اور عمل مراد ہے۔

**غیب:** عذاب قبر، حشر، پل صراط، جنت و دوزخ یہ سب غیب کے معنوں میں ہیں (۵۶)۔

**کفر:** اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿خَتَمَ اللّهُ عَلَى قُلُوبِهمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ عظِيْمٌ ٥ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللّهِ وَبِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِيْنَ﴾ (۵۷) کی تفسیر میں کفر کی اقسام بیان کی ہیں:

''علماء نے کفر کی چار قسمیں بیان کی ہیں'':

ایک کفر جیسا فرعون کا کفر تھا کہ وہ اللہ کی ذات کا ہی دل وزبان دونوں سے منکر تھا۔

دوسرا کفر اللہ تعالیٰ کو دل سے ماننا زبان سے اقرار نہ کرنا جیسے ابلیس کا کفر۔

تیسرا دل وزبان دونوں سے خدا کو ماننا لیکن اس کا حکم نہ ماننا جیسے ابوطالب اور اہل کتاب کا کفر۔

چوتھا کفر منافقوں کا کہ زبان سے سب کچھ کہنا اور دل میں کچھ نہ ہونا (۵۸)۔

**نفاق:** اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللّهِ وَبِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِيْنَ﴾ (۵۹) کی تفسیر میں نفاق کی اقسام بیان کی ہیں:

نفاق دو طرح کا ہے: ایک تو اعتقادی جیسے اسلام کے زور کے وقت ان لوگوں میں تھا۔

دوسرا عملی، صحیح حدیثوں میں اس کی نشانیاں جھوٹ بولنا، خیانت، وعدہ خلافی، گالیاں بکنا، عہد شکنی آئی ہیں (۶۰)۔

**منافق:** منافق وہ ہے جو زبان سے اچھی بات کہے اور دل میں اس کے بدی ہو (۶۱)۔

## ص۔ تفسیر کا ادبی پہلو

مولانا سید احمد حسنؒ محدث نے تفسیر میں حسب ضرورت ادب کا بھی خیال رکھا ہے۔ ان میں سے ربط آیات اور عربی محاورے نمایاں ہیں۔

### ا۔ ربط آیات

ربط آیات کے بارے میں مولانا سید احمد حسن محدثؒ تفسیر کے مقدمہ میں خود رقم طراز ہیں کہ کا موقف انہوں نے خود مقدمہ میں بیان کیا ہے لکھتے ہیں ''ایک مضمون کی چند آیتیں ہیں وہاں تو اگلی، پچھلی آیتوں میں بلا تکلف ربط پیدا ہوسکتا ہے اور جہاں اوپر کی آیتوں کا مضمون جدا ہے اور نیچے کی آیتوں کا جدا، ایسے موقع پر حافظ ابوجعفر ابن جریر اور حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیروں میں اوپر نیچے کے عقلی ربط کا ذکر چھوڑ دیا ہے۔ اس اردو تفسیر کی بنیاد ان ہی نقلی معتبر تفسیروں پر رکھی گئی ہے۔ اس لیے اس میں بھی آیتوں کے عقلی ربط کے پیدا کرنے کا طریقہ اختیار نہیں کیا گیا بلکہ قرآن شریف کے اوپر نیچے کے مضمون کی مدد سے جو ربط دو آیتوں کا ان معتبر تفسیروں میں تھا۔ وہی بیان کر دیا گیا ہے۔ تا کہ عقلی ربط کے بیان کرنے سے تفسیر کی بنیاد ضعیف نہ ہو جائے (۶۲)۔

ا۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللّهِ وَبِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ٥ يُخَادِعُونَ اللّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَمَا يَخْدَعُونَ إِلاَّ أَنفُسَهُم وَمَا يَشْعُرُونَ ٥ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّهُ مَرَضاً وَلَهُم عَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ﴾ (۶۳)۔

تفسیر میں صاحب تفسیر نے سورہ کے آغاز سے یہاں تک کے قرآنی مضامین کو مربوط انداز میں بیان کیا ہے:

لکھتے ہیں: ''شروع سورہ سے یہاں تک چار آیتوں میں خالص مومنوں کا ذکر تھا۔ اور پھر دو آیتوں میں خالص کافروں کا اب ان تیرہ آیتوں میں منافقوں کا ذکر ہے۔ منافق وہ ہے جو زبان سے اچھی بات کہے اور دل میں اس کے بدی ہو۔ منافقوں کا ذکر قرآن شریف میں رسول اللہ ﷺ کے مدینہ منورہ میں آنے کے بعد شروع ہوا ہے۔ ہجرت سے پہلے جس قدر حصہ قرآن شریف کا مکہ میں اترا ہے اس میں منافقوں کا ذکر اس واسطے نہیں ہے کہ مکہ میں یا کھلم کھلا مسلمان تھے یا کافر منافق لوگ وہاں نہیں تھے کیونکہ مکہ میں کفار کا غلبہ تھا جس کے سبب سے رسول اللہ ﷺ کو مکہ سے ہجرت کا حکم ہوا'' (۶۴)۔

### ۲۔ عربی محاورہ

مولانا سید احمد حسن محدثؒ نے آیات کی تفسیر میں موقع کی مناسبت سے عربی محاورہ بھی بیان کیا ہے۔ مثلاً سورہ

ھود کی آیت ٦٥ کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ﴿أَخَذَ بِنَا صِيتَهَا﴾: عرب کا ایک محاورہ ہے جو فرمانبرداری کے معنی میں بولا جاتا ہے۔

## نتائج

☆ یہ تفسیر ''تفسیر بالماثور'' کی نمائندہ تفسیر ہے

☆ اس تفسیر کے مطالعے سے قرآن مجید کے فہم میں بہت مدد ملتی ہے۔

☆ اس تفسیر کے مطالعہ سے فہم حدیث میں مدد ملتی ہے۔

☆ بہت سے مشکل مقامات کی وضاحت ہو جاتی ہے۔

☆ کئی موضوعات سے متعلق قرآن مجید کے مختلف مقامات کی آیات کو اکٹھا کر دیا جاتا ہے۔ان کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

☆ بعض آیات کے ظاہری تعارض کو دور کیا گیا ہے۔اس سے مبہم مقامات کی تشریح ہو جاتی ہے۔

☆ محذوفات کے متعلق مولانا صاحب نے نہایت خوبصورت انداز اختیار فرمایا ہے۔

☆ تفسیر بالرائے سے اجتناب کیا گیا ہے۔

☆ اس تفسیر کے مطالعہ سے بہت سے لغت کے مسائل کی معلومات بھی حاصل ہوتی ہے

☆ مختصر طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس تفسیر کا مطالعہ ہر لحاظ سے مفید ہے۔

## حواشی وحوالہ جات

۱۔ ذہبی، ڈاکٹر محمد حسین، التفسیر والمفسر ون (قاہرہ، دار الکتب الحدیثہ) ۱/ ۳۳۶۔

۲۔ مناع القطان، مباحث فی علوم القرآن (المکہ المکرّمہ، مکتبہ المعارف للنشر والتوزیع) ص: ۳۴۰۔۳۴۳۔

۳۔ حریری، غلام احمد، پروفیسر، تاریخ تفسیر ومفسرون (فیصل آباد، ملک سنز ناشران وتاجران کتب ۲۰۰۴ء) ص: ۵۲۹۔

۴۔ ذہبی، التفسیر والمفسر ون، (القاہرہ، دار الکتب الحدیثہ) ۱/ ۴۱۷۔

۵۔ ابن تیمیہ، امام، مقدمہ فی اصول التفسیر (دمشق) ۴۲۔

۶۔ مناع القطان، مباحث فی علوم القرآن (الریاض، مکتبہ المعارف للنشر والتوزیع) ص: ۳۴۰۔

۷۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۸۳۔

۸۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۳۶۔

۹۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر (لاہور، المکتبہ السّلفیہ) ۱/ ۱۰۰۔

۱۰۔ سورۃ الرعد، ۱۳: ۲۷، ۲۸۔

۱۱۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۳/ ۲۳۔

۱۲۔ سورۃ الانفال، ۸: ۲۔

۱۳۔ دہلوی، سید احمد حسن، احسن التفاسیر، ۲/ ۳۴۹۔

۱۴۔ سورۃ الشعراء، ۲۶: ۱۰۔۱۳۔

۱۵۔ سورۃ طٰہٰ، ۲۰ : ۲۵۔۲۸۔

۱۶۔ سورۃ الشعراء، ۲۰: ۳۶۔

۱۷۔ دہلوی، سید احمد حسن، احسن التفاسیر، ۴/ ۱۶۷۔۱۶۸۔

۱۸۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۲۵۔

۱۹۔ سورۃ الانعام، ۶: ۱۶۴۔

۲۰۔ سورۃ النجم، ۵۳: ۳۸۔

۲۱۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۳/ ۳۲۱۔

۲۲۔ سورۃ غافر، ۴۰: ۵۳۔۵۴۔

۲۳۔ سورۃ المائدۃ، ۵: ۴۴۔

۲۴۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۶/ ۱۱۰۔

۲۵۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۱۳۔

۲۶۔ سورۃ یونس، ۱۰: ۱۹۔

۲۷۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۱۳۔

۲۸۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۱۶۶۔

۲۹۔ قرآن مجید (۴۸): ۴۸۔

۳۰۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۵/۹۴۔

۳۱۔ ابن تیمیہ، مقدمہ فی اصول التفسیر، ۴۲۔

۳۲۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۴۴۔

۳۳۔ سورۃ النحل، ۱۶: ۶۴۔

۳۴۔ ابوداؤد، السنن (الریاض، دارالسلام ۱۹۹۹ء) ص: ۶۵۱، حدیث نمبر ۴۶۰۴۔

۳۵۔ عظیم آبادی، شمس الحق، عون المعبود (ملتان، نشر السنہ) ۴/۳۲۸۔

۳۶۔ شافعی، محمد بن ادریس، الرسالہ (مصر، مصطفیٰ البابی الحلبی واولادہ) ص: ۹۲۔

۳۷۔ سورۃ الرعد، ۱۳: ۱۱۔

۳۸۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۳/۲۱۸۔۲۱۹۔

۳۹۔ سورۃ المائدۃ، ۵: ۶۔

۴۰۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۲/۳۲۔۳۳۔

۴۱۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۶۔

۴۲۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۷۔

۴۳۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۹۰۔

۴۴۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۱۰۴۔۱۰۵۔

۴۵۔ حاکم، ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ، معرفہ علوم الحدیث، (بیروت، داراحیاء العلوم ۱۹۹۷ء) ص: ۶۱۔

۴۶۔ ابن الصلاح، المقدمہ (ملتان، فاروقی کتب خانہ) ص: ۱۴۶۔

۴۷۔ سیوطی، جلال الدین، تدریب الراوی، (المدینۃ المنورۃ، المکتبہ العلمیہ، ۱۹۵۹ء) ص: ۴۰۴۔۴۰۵۔

۴۸۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۲۱۔۲۲۔

۴۹۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۵۔

۵۰۔ سورۃ العنکبوت، ۲۹: ۲۔۱۳۔

۵۱۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۳/۲۳۲۔

۵۲۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۳۲۔

۵۳۔ سورۃ النبأ، ۷۸: ۱۔۲۔

۵۴۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۷/۲۵۱۔

۵۵۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۳۔۴۔

۵۶۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۱۔

۵۷۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۷،۸۔

۵۸۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۱۔

۵۹۔ سورۃ البقرۃ، ۲: ۸۔

۶۰۔ دہلوی، احمد حسن، احسن التفاسیر، ۱/۷۴۔

۶۱۔ ایضاً، ۱/۷۲۔

۶۲۔ ایضاً، ۱/مقدمہ۔

۶۳۔ سورۃ البقرۃ،۲:۸۔۱۰۔

۶۴۔ دہلوی، سید احمد حسن، محدث، احسن التفاسیر، ۱/۷۲۔۷۳۔

۶۵۔ ایضاً، ۳/۱۰۸۔

# أهداف الحوار النبوي ومدى استفادته في عمل الدعوة

# نماذج من الأحاديث المختارة في الصحيحين

# Objectives of Prophetic Dialogue and the Limit of Its Usage in the act of Da'wah

## (Examples from the Selected Ahadith of Sahihain[Sahih Bukhari & Sahih Muslim])

طاهر صديق بن محمد صديق*

***Abstract***

To reconcile the disputes and to understand or make other understand, dialogue has been one of the most important and convincing means throughout the human history. In connection with Da'wah Many verses of the Holy Qura'n and several Prophetic Traditions accentuate on the way of dialogue. Its significance and necessity have been increased in this recent time of Globalization.

The study aims at illuminate the issue and covers some important issue as follows:

Meaning of Dialogue, its Significance, different terms relating to it like Argumentation(الجدل),Debate (المناظرة)and how do they defer from each other as well as objectives of Prophetic Dialogue and how can we use it to call people to Islam in the light of Prophetic Tradition selected from the two most authentic Ahadith book (Sahih al Bukhari and Sahih Al Muslim).

**التمهيد**

إن الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على أشرف الأنبياء والمرسلين، نبينا محمد وعلى آله وصحبه أجمعين، أما بعد:

* الأستاذ المساعد بأكاديمية الدعوة، الجامعة الإسلامية العالمية، إسلام آباد، باكستان.

فإن الحوار ضرورة من ضرورات الإنسان خاصة من بداية البشرية؛ إذاً فكلُّ بشر يحتاج إلى الحوار؛ لتحقيق أهدافه وللحصول على متطلباته.

إن للدعوة الإسلامية وسائل مختلفة و أساليب متنوعة، ومنها أسلوب الحوار والمكالمة. وقد ازدادت أهمية هذا الأسلوب في هذا العصر . عصر العولمة . وانتشر أسلوب الحوار والمكالمة والتساؤلات والندوات والمجادلات والمفاوضات لأهميتها البالغة في التأثير على الأذهان والقلوب، وإثبات الحق بتبادل الأراء والأفكار.

هذا وإن الناظر في الحياة النبوية الشريفة ودعوته عليه الصلوات والتسليمات بعدل ليرى أنها حافلة بالحوار في أرفع درجاته، وأروع آدابه. ولاشك بأن النبي صلى الله عليه وسلم خير الناس على المعمورة، وأساليب دعوته الناس إلى التوحيد والسعادة متنوعة ومختلفة من أهمها الحوارو التساؤل والمحادثات والجدل بالتي هي أحسن.ولقد مرت به أدوار كثيرةٌ، وأحوالٌ متنوعة مِنْ سِلْمٍ وحرب، وعسر ويسر، وكان الرسول المجتبى، والقائد الناجح، والوالد الحبيب، والزوجَ الحاني، والمعلم القدوة، والصديق الحميم.

كما إنه كان يعامل الصغير والكبير، والبر والفاجر، والمؤمن والكافر، والمحارب والمسالم، والرجل والمرأة، والقريب والبعيد؛ فكان من المهم جداً أن يستخدم في جميع تلك الأحوال أسلوب الحوار والمكالمة، إن السنة النبوية تعتبر مجالا خصبا بالوقائع التي مارس فيها النبي صلى الله عليه وسلم واصحابه الحوار الاسلامي. إن معظم الأحاديث النبوية عبارة عن أسئلة و أجوبة خاطب فيها النبي صلى الله عليه وسلم الناس وأجابوه أو سئل عليه الصلوات والتسليمات فأجاب فيها، كما نجد كلمات" قال، يقول، قيل، قل، والقول" مترددة في الأحاديث النبوية والجدير بالذكر أن كلمة " الحديث " بنفسه توحي إلى بوجود حوار يقتضي الطرفين المحاورين مخاطِب ومخاطَب.

**معنى الحوار**

الحوارُ لغةً : ذكر أهل اللغة عدة معان لكلمة الحوار، يرى الفيروزآبادي في القاموس المحيط بأن الحور، نقصان [١]جاء في الحديث الشريف "الحور بعد الكور"[٢] ، أي النقص بعد الزيادة[٣] وهو الرجوع ، قال ابن منظورٍ: " ... وهم يَتَحاوَرُون أَي يتراجعون الكلام. والمحاوَرَةُ

مراجعة المنطق والكلام في المخاطبة وقد حاوره والمحُورَةُ من المحاوَرةِ مصدر كالمشُورَةِ من المشاوَرَة كالمحْوَرَةِ ... "[٤] وقال راغب الأصفهاني:"المحاورةُ والحِوَارُ: المرادّةُ في الكلام ، ومنه التحاورُ"[٥].

